بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حیّ یا قیّوم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِمَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

یا حیّ یا قیّوم

ذکر و طاعت و شانِ رسول

روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم

مؤلفہ

صاحبزادی انیس اختر سلمہا اللہ

بنت

حضرت محمد برکت علی لودھیانوی قدس سرہ العزیز

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین کیمپ دارالاحسان سمندری روڈ فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حیّ یا قیّوم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

ذکر و طاعت و شانِ رسول روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم

لِلتَّقْسِيْمِ وَالتَّوْزِيْعِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لانتفاع و النفع

لِجَمِيْعِ اُمَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

لمرضات اللہ تعالیٰ و رسولہ الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین

مؤلفہ: صاحبزادی انیس اختر سلمہا اللہ بنت حضرت محمد برکت علی لودھیانوی قدس سرہ العزیز

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین کیمپ دار الاحسان سمندری روڈ فیصل آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم دائما علیہ وعلیہ ما اولا وصحبہ ما حسنا
التوم الاتی وحالہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد حفلات ذکرہ بعدد انفاس کل ذاکر ذکرہ اللھم اغفر لی ولوالدی ولمشائخی ولجمیع المسلمین
الحی القیوم وانوب الیہ یا حی یا قیوم

ذکر و طاعت و شانِ رسول روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم

انتخاب از

مقالات حکمت جلد اول تا ۳۰/سی۔ام

ترتیب و تزئین

صاحبزادی انیس اختر سلمہا اللہ بنت حضرت محمد برکت علی لودھیانوی قدس سرہ العزیز

طبع ..... اول

مطبع ..... نثار آرٹ پریس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاہور

طابع ..... کیمپ دار الاحسان، فیصل آباد

تاریخ طباعت ... ۱۲ ربیع الاول ۱۴۲۰ھ ہجری المقدس

مقامِ اشاعت

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین

کیمپ دار الاحسان، سمندری روڈ، فیصل آباد، پاکستان۔ فون ۶۷۹۹۰۰

کتاب النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم و علی آلہ و اصحابہ و اتباعہ اجمعین

نفسہ و ذاتہ شیء و ما لیس کمثلہ شیء و ھو السمیع البصیر و ھو الحی القیوم و ھو الباقی الدائم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ○ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْعَلِیِّ الْعَدْنَانِیِّ الْهَاشِمِیِّ الْمُضَرِیِّ الْاَبْطَحِیِّ صَاحِبِ التَّهْمِیْمِ وَالتَّاجِ وَالْكَرَامَةِ وَالتَّلَاجِ صَاحِبِ شَهَادَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اِلٰى مَعْرُوْفِ الدَّارِ وَالدِّیَارِ وَالرُّوَاءِ وَالْغُدُرَاءِ وَالْعُشَرَاءِ اِلَّا طَارِقًا یَطْرُقُ بِخَیْرٍ ○

اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِی الْحَیِّ سَعَةً فَاِنْ یَّكُنْ طَارِقًا مُّوَالِیًا اَوْ مُؤْذِیًا اَنْ خَدَعَنَا حَقًّا اَوْ بَاطِلًا اَوْ مُؤْذِیًا اَوْ مُغْفِلًا فَانْزِلُوْا حَمَلَةَ الْقُرْاٰنِ وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبْدَةِ الْاَوْثَانِ یُرْسِلُ عَلَیْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا اَحَدَ مِثْلُ اللّٰهِ وَلَا شَیْءَ سِوَى اللّٰهِ وَبِسْمِ اللّٰهِ اَسْتَفْتِحُ وَعَلَى اللّٰهِ اَتَوَكَّلُ حَامِلُ كِتَابِیْ هٰذَا فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَفِیْ حِفْظِهٖ وَفِیْ كَنَفِهٖ وَفِیْ سِتْرِهٖ اَیْنَ مَا كَانَ وَحَیْثُ مَا تَوَجَّهَ لَا تَعْبَثُوْا وَلَا تَعْرِضُوْا وَلَا تَعْتَرِضُوْا وَلَا تُضَارُّوْا قَائِمًا وَّ قَاعِدًا وَّ نَائِمًا وَّ لَا فِی الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَلَا فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَلَا فِیْ یَوْمٍ وَّ لَا فِیْ نَهَارٍ وَّلَا فِیْ بَحْرٍ وَّ لَا فِیْ بَحْرٍ وَّ كُلَّمَا سَمِعْتُمْ صَوْتَ حَامِلِ كِتَابِیْ بِاَلِفٍ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاهْرُبُوْا عَنْهُ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ بِاللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ غَالِبٌ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ وَّ هُوَ اَعْلٰى مِنْ كُلِّ شَیْءٍ وَّ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ وَبِسُخْطِ رَسُوْلِ اللّٰهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَى الثَّقَلَیْنِ ○ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَامِلَ كِتَابِیْ هٰذَا ۔ بَلْ مَنْ عُلِّقَ عَلَیْهِ هٰذِهِ الْاَسْمَاءُ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَكْتُوْبٌ عَلٰى سُرَادِقَاتِ الْعَرْشِ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ هُوَ الْغَالِبُ الَّذِیْ لَا یَغْلِبُ شَیْءٌ وَّ لَا یَنْجُوْ مِنْهُ هَارِبٌ ۔ فَاَعِیْذُهٗ بِالْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَبِالْعَیْنِ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَالْعَرْشِ الَّذِیْ لَا یَتَحَرَّكُ وَالْكُرْسِیِّ الَّذِیْ لَا یَزُوْلُ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَكْتُوْبٌ فِی اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَكْتُوْبٌ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ حُمِلَ بِهٖ عَرْشُ اِبْلِیْسَ اِلٰى سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْهِ طَرْفُهٗ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَزَلَ بِهٖ جِبْرَائِیْلُ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَكْتُوْبٌ فِیْ قَلْبِ الشَّمْسِ وَاُعِیْذُهٗ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ سَمَاهُ بِهِ السَّحَابُ اِذَا ثَقَّلَ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ عَمِلَ بِهِ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ لِمُوْسَى ابْنِ عِمْرَانَ فَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ كُتِبَ بِهٖ عَلٰى وَرَقِ الزَّیْتُوْنِ وَاُلْقِیَ فِی النَّارِ فَلَمْ یَحْتَرِقْ ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ مَشٰى بِهِ الْخَضِرُ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَى الْمَاءِ فَلَمْ یَبْتَلَّ قَدَمَاهُ ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَطَقَ بِهٖ عِیْسٰى وَهُوَ ابْنُ مَرْیَمَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا وَّ اَبْرَصَ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاَحْیَى الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ عُمِّیَ بِهٖ یُوْسُفُ مِنَ الْجُبِّ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَّا بِهٖ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ نَّارِ نَمْرُوْدَ حِیْنَ اُلْقِیَ فِی النَّارِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَّا بِهٖ یُوْنُسَ مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ فَلَقَ بِهِ الْبَحْرَ لِمُوْسَى ابْنِ عِمْرَانَ وَجُنُوْدُ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ وَاُعِیْذُهٗ بِرَبِّ اٰیَاتِ الَّتِیْ نَزَلَتْ عَلٰى مُوْسَى ابْنِ عِمْرَانَ بِطُوْرِ سِیْنَاءَ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ كُلِّ عَیْنٍ نَّاظِرَةٍ وَّكُلِّ اُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّاللِّسَانِ نَاطِقَةٍ وَّاَیْدٍ بَاطِشَةٍ وَّقُلُوْبٍ وَّاعِیَةٍ فِیْ صُدُوْرٍ غَادِرَةٍ وَّاَنْفُسٍ كَافِرَةٍ وَّمِنْ كُلِّ مَنْ یَّعْمَلُ عَمَلَ السَّوْءِ وَمِنْ سُوْءِ شَرِّ التَّوَارِیْحِ وَالتَّحَرُّقِ وَمِنْ فِی الْجِبَالِ وَالْاَرْضِ وَالْخَرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَسَاكِنِ الْاَجَامِ وَسَاكِنِ الْاَمْصَارِ وَسَاكِنِ ضِیْقِ الْقُلُوْبِ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ وَجُنُوْدِهِمْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ عَوْلَقٍ وَّ غَوْلَقٍ وَّ سَاحِرَةٍ وَّ سَاكِنِ وَّ سَاكِنَةٍ وَّ تَابِعٍ وَّ تَابِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّهِمْ وَشَرِّ اٰبَائِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ وَاَبْنَائِهِمْ وَبَنَاتِهِمْ وَاَخَوَاتِهِمْ وَعَمَّاتِهِمْ وَخَالَاتِهِمْ وَمُرَبِّیْهِمْ وَمِنْ شَرِّ الْمَوَارِیْدِ وَالْمَحَرَّةِ وَالطَّیَّارَاتِ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْجِبَالِ وَالْخَرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَالْبَرَارِیِّ وَالْخَرَابِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَالْجِبَالِ وَمَنْ یَّسْكُنُ فِی الظُّلُمَاتِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّسْكُنُ فِی الْعُیُوْنِ وَمَنْ یَّمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ وَیَكُوْنُ مَعَ الدَّوَابِّ وَالْمَوَاشِیْ وَالْوُحُوْشِ وَیَسْرِقُ السَّمْعَ وَمَنْ اِذَا قِیْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَذُوْبُ كَمَا یَذُوْبُ الرَّصَاصُ وَالْحَدِیْدُ عَلَى النَّارِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَكُوْنُ فِی الْاَرْحَامِ وَالْاَجَامِ وَالْاَطْعَامِ وَمِنْ شَرِّ مَا یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُهٗ مِنَ الْخَطَرِ وَالنَّظَرِ وَالذِّكْرِ هَبَا شَرَاهِیَا مَهْلًا ۔ اَللّٰهُ اَجَلُّ وَاَعَزُّ وَاَقْدَرُ مِنَ الْمُنْكَرِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ كُلِّ عَیْنٍ بَاغِیَةٍ وَّاُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّ مِنْ شَرِّ الدَّاخِلِ وَالْخَارِجِ وَمِنْ شَرِّ حَفَّارِیْتِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ غَالٍ وَّرَابِحٍ وَّ مِنْ شَرِّ سَاكِنِ الرِّیَاحِ مِنْ عَجِیْجٍ وَّ صَیْحٍ وَّ نَائِحٍ وَّیَقْظَانَ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ مَنْ تَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاَبْصَارُ وَتَضُمُّ اِلَیْهِ الْقُلُوْبُ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْاَرْضِ وَسَاكِنِ الزَّوَایَا وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّصْنَعُ الْخَلِیْنَةَ وَیُوْلِعُ بِهَا وَمِنْ شَرِّ مَا تَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاَبْصَارُ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِهٖ وَمِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر سے دستیاب ہوا

پاکستان میں اسکی پہلی بار اشاعت کا شرف دارالاحسان کو نصیب ہوا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحم کرنیوالا اور مہربان ہے،

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا

(الاحزاب-۵۶)

بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی (اقدس) پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی آپ پر درود بھیجو اور خوب سلام۔

ھدیۂ عقیدت

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم

حسنِ مُطلق کی ادا

زینتِ ارض و سماء

مظہرِ ذاتِ ربّ العلا

خواجۂ دو سرا

بحرِ جود و سخا

ابرِ لطف و عطا

خوش خصال و ادا

حسنِ صبر و رضا

شاہدِ کبریا

سرورِ انبیاء

خاتم الانبیاء

قبلۂ انبیاء

کعبۂ اصفیاء

فقر کی انتہا

سرفرازِ رضا

تاجدارِ غناء

شاہِ والا نسب

بادشاہِ عجم

تاجدارِ عرب

سرورِ ذی حشم

بحرِ جود و کرم

پاسبانِ حرم

شاہِ مُلکِ اِرم

ساربانِ کرم

مہرِ لطف و کرم

کانِ گنجِ نعم

امامُ الاُمم

شفیعُ الاُمم

امیرِ حرم

فضلِ اَتَم

حسنِ اَتَم

بندہ نواز

نورِ حجاز

صاحبِ لولاک

سائرِ افلاک

ھادیٔ برحق

رہبرِ برحق

شافعِ محشر

ساقیٔ کوثر

مالکِ کوثر

خَلق کے سرور

نورِ مجسم

نورِ دوعالم

شمسُ الضّحیٰ

بدرُ الدُّجیٰ

صدرُ العُلیٰ

نورُ الھدیٰ

نجمُ الھدیٰ

منبع الھدیٰ

شفیع الوریٰ

خیرُ الوریٰ

نقشِ خرد

نازِ اَحَد

شانِ صَمد

مہرِ ازل

ماہِ ابد

رشکِ ملائک

نازِ بشر

مونسِ انس و جاں

حامیٔ یکساں

ہادیٔ گمرہاں

رحمتِ دو جہاں

سرِّ کون و مکاں

باعثِ کُن فکاں

حاصلِ کُن فکاں

دلبرِ قدسیاں

مرسلِ مرسلاں

ماورائے گماں

پرتوِ حسنِ حق

والیٔ بحر و بر

رحمتِ کردگار

فضلِ پروردگار

شاھدِ ذُوالمنن

رونقِ انجمن

ساقیٔ بزمِ حق

زینتِ میکدہ

حسنِ جام و سبو

پیکرِ رنگ و بو

رہبرِ بے مثل

مظہرِ عزوجل

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم

رونق افزائے بزمِ رسالت

مایوسوں میں حرفِ بشارت

ضمیرِ انساں کی بصیرت و بصارت

قائدِ مسلکِ وحدت

دو جہاں کے لیے آیۂ رحمت

فراز و شوکتِ بندگی

یقین و علم کی تازگی

کمالِ حق کی دلیل

ہدایت کا مہرِ منیر

حبیبِ ربِّ کبیر

جلال و جمال کا مظہر

جلالِ خسرواں

جمالِ دلبراں

بدرِ منیر

عدیم النظیر

سیّدُ الانام

خیرُ الانام

نورِ ازل

سرتاجِ رُسُل

فصیح البیاں

وحیدُ الزماں

حقیقت کی زباں

بے نشاں کا بیّن نشاں

وجۂ تخلیقِ کون و مکاں

سکوں کا ساحلِ بیکراں

چارہ سازِ غمِ نہاں

محبوبِ ربِّ دو جہاں

قائدِ علم و عرفاں

عشق کا سرمایۂ حیات

محبوبِ ربِّ کائنات

قاسمُ الخیراتُ الحسنات

صاحبِ جمیع صفات

حسن کا معیار

خیر کا گلزار

انیس الغریبین

شفیع المذنبین

شمس العارفین

سراج السّالکین

رحمتہ للعالمین

سیّد الثقلین

امام القبلتین

سرورِ کونین

محورِ کونین

زینتِ کونین

نورِ عَین

رحمتِ دارین

سیّد الحرمین

انوارِ یزداں

روحِ ایماں

جانِ ایماں

سرِّ ایماں

حیاتِ ایماں

پناہِ عاصیاں

وسیلۂ مجرماں

مہرِ درخشاں

نیّرِ تاباں

ماہِ ضوفشاں

تزئینِ گلستاں

روحِ صباء

جانِ بہاراں

سیّدِ ذیشاں

سرِّ پنہاں

حاملِ قرآں

مشعلِ ایماں

مُصحفِ یزداں

فخرِ زمیں

فخرِ زماں

مہرِ ہدایت

ماہِ رسالت

زیبِ رسالت

فخرِ رسالت

شمعِ رسالت

فخرِ نبوت

پیکرِ رحمت

صاحبِ عظمت

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم

خَلق کی ابتدا

خُلق کی انتہا

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہر ابتدا سے اول

ہر انتہا سے آخر

○ حضرت عبدالرزاقؒ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عبداللہ انصاریؓ سے روایت کیا ہے کہ میں نے عرض کیا: 'میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہ فدا ہوں،

مجھ کو خبر دیجیے کہ سب اشیاء سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کون سی چیز پیدا کی ؟'

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے جابرؓ ! اللہ تعالی نے سب اشیاء سے پہلے تیرے نبیؐ کا نور اپنے نور سے پیدا کیا۔ پھر وہ نور قدرتِ الٰہیہ سے جہاں اللہ تعالی کو منظور ہوا، سیر کرتا رہا اور اس وقت نہ لوح تھی نہ قلم تھا نہ بہشت تھی نہ دوزخ تھی نہ فرشتہ تھا نہ آسمان تھا نہ زمین تھی نہ سورج تھا نہ چاند تھا نہ جنّ تھے اور نہ انسان۔

پھر اللہ تعالی نے مخلوق کو پیدا کرنا چاہا تو اس نور کے چار حصے کیے۔

ایک حصے سے قلم پیدا کیا

دوسرے حصے سے لوح

اور تیسرے سے عرش

پھر چوتھے حصے کو چار جزوں میں تقسیم کیا۔

پہلے حصے سے عرش اٹھانے والے فرشتوں کو پیدا کیا۔

دوسرے سے کرسی کو

تیسرے سے باقی تمام ملائکہ کو

پھر چوتھے جز کو چار حصوں میں تقسیم کیا، پس

پہلے حصے سے آسمانوں کو پیدا کیا

دوسرے سے زمینوں کو

تیسرے سے جنت اور دوزخ کو

پھر چوتھے حصے کو چار حصوں میں تقسیم کیا، پس

پہلے حصے سے مومنوں کی آنکھوں کے نور کو پیدا کیا

دوسرے سے ان کے دل کے نور کو جس سے مراد اللہ تعالیٰ کی
معرفت ہے
تیسرے حصے سے ان کا نور، اُنس پیدا کیا، اور وہ توحید ہے۔

لا اله الا الله محمد رسول الله (ﷺ)

(الانوار المحمدیہ من مواھب اللدنیہ مصری ص ۹، از امام قسطلانیؒ)

مرحبا مکرما مشرفا

حضورِ اقدس رحمتہ للعالمین ﷺ کا نور کائناتِ عالم کی ہر شے میں جلوہ گر ہے۔
عالم کی تخلیق میں اندھیرا چھایا ہوا تھا،
نورِ محمدیؐ ہی کے جلوہ سے اجالا ہوا۔
سورج کی ہیئت میں نورِ محمدیؐ ہر وقت جلوہ گر رہتا ہے،
کوئی بھی شے اوجھل نہیں رہتی۔
سورج کبھی غروب نہیں ہوتا، کسی نہ کسی عالم میں روشن رہتا ہے۔
قدرت کے تمام معجزات رسول اللہ ﷺ کے نوری وجود کے حکم کے تابع ہوتے ہیں اور اُن کا نور اِس دنیا میں سورج کی اتھاہ گہرائیوں میں دیکھا جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ نظر اللہ تبارک و تعالیٰ کی مقبولیت حاصل کیے ہوئے ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی بَدْرِ التَّمَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الظَّلَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مِفْتَاحِ دَارِالسَّلَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الشَّفِیْعِ فِیْ جَمِیْعِ الْاَنَامِ

چاند کی چاندنی سے پھلوں میں رس پیدا ہوتے ہیں اور بدر التمام کی روشنی سے مٹھاس۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی بَدْرِ التَّمَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الظَّلَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مِفْتَاحِ دَارِالسَّلَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الشَّفِیْعِ فِیْ جَمِیْعِ الْاَنَامِ

○ حضرت ابو ہریرہؓ سے ایک حدیث مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ایک مرتبہ حضرت جبریل علیہ السلام سے دریافت فرمایا کہ اے جبریلؑ! تمہاری عمر کتنی ہے؟ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا کہ حضور مجھے کچھ خبر نہیں۔ میں اتنا جانتا ہوں: چوتھے حجاب میں ایک ستارہ ستّر ہزار برس کے بعد چمکا کرتا تھا، میں نے اسے بہتّر ہزار دفعہ چمکتے دیکھا ہے۔

حضور اقدس ﷺ نے سن کر فرمایا:

'مجھے اپنے رب کی عزت کی قسم، میں ہی وہ تارا ہوں'

(تفسیر روح البیان جلد اول)

ف: ستّر ہزار ضرب بہتّر ہزار برابر ہے پانچ ارب اور چار کروڑ سال کے اور واضح ہو کہ حضرت آدم علیہ السلام کو دنیا میں تشریف لائے کوئی نوے پچانوے صدیاں گزری ہیں۔

اللہ رب العالمین نے یہ دنیا اپنے حبیب اقدس ﷺ کے لیے اور انہیں اپنے لیے پیدا فرمایا۔ اُن کے گھر کے ایک صاحب ابھی آنا باقی ہیں، اُن ہی کے انتظار میں

یہ دنیا باقی ہے۔

بلبل نے جسے جا کے گلستان میں دیکھا
ہم نے اسے ہر خارِ بیابان میں دیکھا
روشن ہے وہ ہر ایک ستارے میں زلیخا
جس نور کو تو نے مہِ کنعان میں دیکھا
برھم کرے جمعیتِ کونین جو پل میں
لٹکا وہ تری زلفِ پریشان میں دیکھا

میرے آقا روحی فداہ ﷺ! تیری ایک مسکراہٹ ہی نے بزمِ کونین کو رونق بخشی ہوئی ہے۔

اگر وہ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا، نہ یہ دنیا ہوتی نہ اس کے رنگ و بو۔

انہی کی بدولت تو یہ کائنات سجائی ہوئی ہے۔

تیری شان کے شایاں الفاظ نہیں ملتے.... چپ ہیں۔

اے اور نورِ مکمل (ﷺ)! کائنات کی تخلیق کا مدعا تو ہی تو ہے!

جب بھی کسی نے پکارا
جب بھی کسی دل میں اترا
محال کر گیا، مالا مال کر گیا
بوستان بن گیا، داستان بن گیا

تمنا تھی کر نہ سکے۔ آخری یہ کہ سر کے بل چلتا ہوا جان کا ہدیہ پیش کروں۔

و یروی انه لما خلق الله تعالے ادم علیه السلام الهمه ان قال یا رب لم کنیتنی ابا محمد؟ قال الله یا ادم ارفع راسک فرفع راسه فرای نور محمد ﷺ فی سرادق العرش فقال یا رب ما هذا النور؟ قال هذا نور نبی من ذریتک اسمه فی السماء احمد و فی الارض محمد لو لا ه ما خلقتک و لا خلقت سماء و لا ارضا۔

حضرت امام قسطلانی علیہ الرحمتہ مواہب لدُنّیہ میں فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو ان کے دل میں ڈالا کہ اے رب! تو نے میری کنیت ابو محمد (ﷺ) کیوں رکھی ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے آدمؑ! اپنا سر اٹھا۔ حضرت آدمؑ نے اپنا سر اٹھایا تو عرش کے پردوں میں ایک نور دیکھا عرض کیا اے رب یہ نور کیسا ہے؟ فرمایا یہ نور ایک نبی کا ہے جو تیری اولاد میں سے ہوں گے۔ ان کا نام آسمان میں احمد (ﷺ) اور زمین میں محمد (ﷺ) ہے۔ اگر وہ نہ ہوتے تو میں نہ تمہیں پیدا کرتا نہ آسمان کو اور نہ زمین کو۔

(مواہب اللدنیہ جلد اول ص۸)

سَنت بنے، مہنت بنے اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے نور کی چمک پا کر سورج کے مصداق بنے۔

تیری آمد ہی نے آدمیت کو انسانیت و بشریت کا شرف بخشا۔

کائنات کی ہر شے کا وجود حضور اقدس حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے ظہور کی بدولت ہے۔

اگر وہ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا۔ نہ آسمان ہوتا نہ زمین، نہ حیوانات نہ نباتات، نہ معدنیات نہ جمادات۔

○ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت جبرائیلؑ سے پوچھا کہ تمہاری عمر کتنی ہے؟ حضرت جبریلؑ نے عرض کی حضور مجھے کچھ خبر نہیں۔ ہاں اتنا جانتا ہوں کہ

ترجمہ: 'چوتھے حجاب میں ایک ستارہ ستر ہزار برس کے بعد چمکتا تھا۔ میں نے اسے بہتّر ہزار مرتبہ چمکتے دیکھا ہے۔'

حضور اقدس ﷺ نے یہ سن کر فرمایا:

و عزة ربی انا ذلك الكوكب

ترجمہ: 'مجھے میرے رب کی قسم ہے میں ہی وہ ستارہ ہوں'۔

(تفسیر روح البیان جلد اول)

جو نور اس دنیا کے پیدا ہونے سے بھی پہلے کروڑوں برس چمکتا رہا، کیا اب نہیں چمکتا؟ اس فکر پہ دنیا بھر کے مفکرین سب مل کر جتنا بھی فکر کریں، کم ہے۔ ماشاء اللہ!

حضور اقدس و اکمل و اجمل و اطیب و اطہر طہٰ یٰس مزمل مدثر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وبارک وسلم کی شانِ اقدس غیر مسلم مفکروں کے نزدیک:

نام لیو جس اِچھر کا کریو چوگُنا
دو ملائیو پنج گن کریو بیس سے دیو اڑا
جو بچے سو نو گن کریو اس میں دو دیو ملا
یہ معنی لولاک لما کے نانک دیے بتلا
ہے ذاتِ محمد ﷺ حاضر ناظر ہر شے میں ہر جا

کائناتِ عالم کی کسی بھی شے کا نام لیں پھر ابجد کے حساب سے اِس ترکیب سے ہر شے

کے عدد ۹۲ ہوں گے اور حضرت "محمد" ﷺ کے ۹۲ اعداد ہیں۔

سیدنا محمد ﷺ

۹۲

نام لیو جس اِچھر کا کریو چوَ گنتا
دوَ ملائیو پنج گُن کریو بیس سے دیو اڑا
جو بچے سو نو گن کریو اس میں دو دیو ملا
یہ معنی لولاک لما کے نانک دیے بتلا
ہے ذاتِ محمد ﷺ حاضر ناظر ہر شے میں ہر جا

بابا گورو نانک کے اس اشلوک میں لولاك لما خلقت الافلاك کی تشریح ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی ذات عالمِ کائنات کی ہستی کا سبب ہے اور ہر شے اور ہر جگہ آپ ہی جلوہ فرما ہیں۔ کون و مکاں کی کوئی بھی شے ایسی نہیں جس میں حضور اقدس ﷺ کا نور نہ ہو۔

حدیث قدسی ہے:

كنت كنزا مخفيا فاردت ان اظهر فخلقت الخلق

یعنی 'میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا جب میں نے ظاہر ہونے کا ارادہ کیا تو خلقت کو پیدا کیا۔'

مخلوق سے فردِ کامل مراد ہے اور وہ حضور اقدس ﷺ کی ذات پاک ہے کیونکہ سب سے پہلے آنحضرت ﷺ کا نور پیدا کیا گیا تھا۔

○ حضرت جابرؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! سب سے پہلے مولائے کریم نے کسے پیدا فرمایا؟ تو فرمایا:

یا جابر ان اللہ تعالی خلق قبل کل الاشیاء نور نبیک من نورہ و لم یکن فی ذلک الوقت لوح و لا قلم و لا جنۃ و لا نار و لا ملک و لا سماء و لا ارض و لا شمس و لا قمر و لا جن و لا انس۔	اے جابرؓ! اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر شے سے پہلے تمہارے نبی ﷺ کے نور کو پیدا کیا اپنے نور سے اور اُس وقت نہ لوح تھی، نہ قلم، نہ جنت، نہ دوزخ، نہ آسمان، نہ فرشتہ، نہ زمین، نہ سورج، نہ چاند، نہ جنّ، نہ انسان۔

(حجۃ اللہ علی العالمین ص۳۸)

میں نے اس لیے دنیا کو پیدا کیا کہ پہچانا جاؤں کون مجھے یاد کرتا ہے اور پیار کرتا ہے۔ میرے لیے جان کا نذرانہ پیش کرتا ہے۔

اللہ رب العالمین نے ارادتِ ازلی کے تحت کُل عالم کو پیدا کیا۔ عالم میں انبیاء علیہم السلام، صدیقین، شہداء، صالحین، مومنین و مسلمین، مشرکین و منافقین و کفار سبھی شامل ہیں۔

پھر اپنی مخلوق کی طرف متوجہ ہوا اور فرمایا:

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ

کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟

حضور اقدس ﷺ نے ارواح کی رہبری فرمائی اور بلیٰ کہنے کی تعلیم دی۔ سب نے یک زبان ہو کر اپنے رب کی ربوبیت کا اقرار کیا اور کہا بلیٰ یعنی یا اللہ بے شک تو ہی ہمارا رب ہے۔ پھر دنیا اور جو کچھ بھی اس دنیا میں ہے، پیدا فرما کر مخلوق کے سامنے پیش کیا۔ انبیاء علیہم السلام کے بعد ایک فَقَرْ اپنے قول پہ ثابت قدم رہا، باقی جس نے

بھی دنیا کی جس بھی چیز کو دیکھا، اس پہ فریفتہ ہو گیا۔ اپنا وعدہ بھول گیا۔ کوئی اقرار یاد نہ رہا۔ فقر کو عشق کی رہبری حاصل تھی، اپنی جگہ ڈٹا رہا۔ بالکل نہ ڈگمگایا۔

عشق نے فقر کو رب کا تعارف کرایا۔ یہ تیرا رب ہے۔ یہی تیرا مالک اور یہی تیرا معبود ہے۔ کون و مکاں کی ہر شے اسی کے قبضۂ قدرت میں محکوم و مقدور ہے۔ تو اپنا رشتہ اپنے رب سے جوڑ، اس کے سوا ہر کسی سے توڑ اور یہ اس راہ کا وہ موڑ ہے جہاں پہنچ کر بندے کا گمراہ ہو جانا ایک معمولی بات ہے اور امکانی ہے۔ بڑے بڑے مسافر اس موڑ پہ اپنی منزلیں کھو بیٹھے۔ اللہ تجھے سیدھی راہ پہ رکھے۔ سیدھی راہ سُنّت کی راہ ہے۔

یہ سن کر فقر ہمہ تن و من اپنے معبود کی طرف متوجہ ہوا۔ دل و جان سے متوجہ ہوا۔ کسی اور طرف کبھی رخ نہ کیا۔ نہ ہی کسی سے کوئی دلچسپی لی۔ ایک مدت استغراق میں رہا حتیٰ کہ اسے کائنات کی ہر شے میں اپنے معبود ہی کا جلوہ نظر آنے لگا۔

پھر عشق نے عروسِ مملکت، عینُ النعیم، دائمُ النعیم حضور اقدس ﷺ کا تعارف کرایا کہ یہ ہیں تیرے محسنِ اعظم، کُل کائنات کے رسول اور تیرے رب کے حبیب، حبیبِ اقدس و اکمل اطیّب و اطہر ﷺ۔ یہ سن کر فقر نے اپنے رب کے حضور میں دعا کی: اے میرے رب! اے میرے مالک! اے میرے معبود! مجھ کو تیرے حبیب ﷺ کی محبت عنایت ہو۔ یا حی یا قیوم آمین! طیّب و مبارک محبت آمین! میرا یہ کاسہ تیرے حبیب ﷺ کی محبت سے سدا لبریز رہے۔ آمین!

عہدِ الست کے بعد جب فقر کو رخصت کیا گیا، عشق ساتھ رخصت ہوا۔ عشق فقر کا امام ہے ہر جگہ ہر وقت ہر معاملے میں پوری رہنمائی کرتا ہے۔

یومِ الست کے عہد کی یاد دلاتا رہتا ہے۔ یہ تیرا رب ہے، یہی تیرا مالک ہے اور یہی تیرا معبود ہے۔ اپنے رب کے حضور سجدہ کر۔

یہ تیرے رب کے حبیب ہیں ﷺ حبیبِ اقدس و اکمل احسن و اجمل، اطیّب و اطہر، خاتم النبیین، شفیع المذنبین، رحمۃٌ للعالمین، نورٌ مّن نور اللہ، عین النعیم۔

اگر یہ نہ ہوتے کچھ بھی نہ ہوتا۔ نہ یہ آسمان ہوتے نہ زمین، نہ چاند نہ سورج اور نہ ہی کچھ اور۔ ان کے حضور میں صلوۃ و سلام پیش کر۔ کل کائنات اِن کے لیے ہے اور اِن ہی کے نور سے بنی ۔ فقر نے اللہ سے اللہ کے حبیب اقدس ﷺ کی محبت طلب کی اور یوں کی یا اللہ! مجھ کو تیرے حبیب اقدس ﷺ کی محبت عنایت ہو۔

محبت و فقر میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔

محبت جب بھی آئی، اپنے ہمراہ فقر ہی کو لے کر آئی

محبت فقر کے بغیر کبھی نہ سجی

محبت..... فقر کی روح اور

فقر ..... محبت کی آبرو

فقر کے جملہ مدارج میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت ہی پہ موقوف ہوتے ہیں اور محبت.... الٰہی عنایت کے تابع۔ اور آپ ﷺ کی ہی محبت کی بدولت یہ کائنات معرضِ وجود میں آئی۔

کیا تجھے مطمئن کرنے کے لیے یہ کافی نہیں کہ اللہ کی خبر محمد ﷺ ہی نے دی؟

خدائے ذوالجلال نے اپنے مبارک نام 'اللہ' سے اپنی مخلوق کو اپنے آخری نبی

اور پیارے حبیب اقدس ﷺ کی وساطت سے روشناس کروایا۔ یہ نام اللہ تبارک و تعالیٰ کے دیگر تمام اسماء الحسنیٰ کو محیط ہے۔

کوئی بھی دوسرا نام جتنی دیگر الہامی کتب میں آیا ہے یا کسی بھی دیگر زبان میں خدائے تعالیٰ کی کسی بھی صفت میں یا اُلوہیت کے کسی بھی معنی میں استعمال ہوا ہے، اس اسمِ مبارک یعنی 'اللہ' کی جامعیت، وسعت اور ہمہ گیریت کو نہیں پا سکتا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا سب سے بڑا احسان حضور اقدس ﷺ اور حضور اقدس ﷺ کا سب سے بڑا احسان توحید کا تعارف ہے۔ یعنی اللہ رب العالمین نے اپنے حبیب اقدس ﷺ کو کل کائنات کا قیامت تک کے لیے خاتم النبیین بنا کر بھیجا اور حضور اقدس ﷺ نے مخلوق کو خالق کی ذات و صفات سے متعارف فرمایا۔

کائنات کے محسنِ اعظم میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی نے کائنات کو متعارف کرایا:

لا الہ الا اللہ

لہ الملک

و لہ الحمد

لا شریک لہ

انت الحی القیوم

جناب رسول اللہ ﷺ نے ہی مخلوق کو توحید سے متعارف فرمایا۔ اس سے افضل اور کیا مقام ہو سکتا ہے!

حضور اقدس ﷺ نے ہی فرمایا کہ یہ کلام قرآن کریم اللہ کی کلام ہے۔

و ما علینا الا البلاغ

جناب حضور اقدس ﷺ نے دو باتوں کی تعلیم دی :

توحید و عملِ صالح

تیسری، حجتہ الوداع کے دن فرمایا :

'میں آخری نبی ہوں تم آخری امت۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں اور تمہارے بعد کوئی امت نہیں۔'

گویا میں آخری نبی ہوں اور تم آخری امت۔ اور یہ شرف کسی اور امت کو نصیب نہیں ہوا۔

حضرت محمد ﷺ کل کائنات کے رسول ہیں۔

ہمارے رسول... ہمارے آقا روحی فداہ ﷺ

اور یہ شرف کسی محبت ہی کی بنا پہ عنایت ہوتا ہے۔

اور یہ کلام اس مضمون پہ ختم الکلام ہے۔ ماشاء اللہ!

مبارکاً مکرماً مشرفاً

جس ذکر میں میرے آقا روحی فداہ ﷺ کا ذکر نہیں ہوتا، فیض کا نام تک نہیں ہوتا۔ آپ ﷺ کے ذکر ہی کی بدولت بزمِ کونین پُر کیف ہوئی۔

'جس نے تیرا ذکر کیا، گویا میرا ذکر کیا۔

جو مجھ سے محبت کرنا چاہتا ہے، میرے حبیب ﷺ سے کرے۔'

سب سے پیارا نام کسی کے کسی کا پیارا نام ہوتا ہے۔

اپنے نام سے پیارا، پیارے کا نام ہوتا ہے۔

اپنی تعریف سے زیادہ دوست کی تعریف پسند تر ہوتی ہے۔

اپنی گستاخی کو کسی بھی خاطر میں نہیں لاتا البتہ اپنے دوست کی توہین کو کبھی معاف نہیں کرتا۔

مانگنے والی چیز تو میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت ہے۔ مانگنا ہی ہے تو اللہ سے حبیب ﷺ کی محبت مانگ۔

کسی بندے کا تجھ سے اور تیرے حبیب اقدس ﷺ سے محبت کرنا تیری اور تیرے حبیب اقدس ﷺ ہی کی محبت کی بدولت ہے ورنہ کہاں تو اور کہاں تیرے حبیبِ اقدس عروسِ مملکت ﷺ اور کہاں ہم گنہگار و خطاکار بندے!

جس بندے کو وہ اپنی محبت کے لیے مقبول فرما لیتے ہیں، ساری دنیا سے بالاخت ہوتا ہے۔ جس دل میں وہ اپنی محبت بھر دیتے ہیں، پھر کسی کی بھی محبت اس دل میں سما نہیں سکتی۔ آپ کی محبت کا خمار دونوں عالم سے بے نیاز و بے گانہ کر دیتا ہے۔ اور یہ بندگی کا بلند ترین مقام ہے۔

اللہ واحد ہے، وحدہ لاشریک کا کسی کو شریک مت بنا۔

اللہ کے محبوب ﷺ سے محبت کرنا اگر کسی کے نزدیک شرک ہے تو بندگی کسے کہتے ہیں؟

اللہ کے محبوب ہی نے تو مخلوق کو اللہ کی راہ بتائی!

و ما علینا الا البلاغ

بندوں کو شعورِ بندگی میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے در سے ملا۔ جس نے جو پایا، آپ ﷺ ہی کے فیض و کرم سے پایا۔

حضور اقدس و اکمل، اطیب و اطہر روحی فداہ ﷺ ہی بندے کو اللہ کے حضور میں حاضر ہونے اور شرفِ قبولیت پانے کے آداب و احکام سکھلا سکتے ہیں اور یہ بندوں پہ اللہ کا سب سے بڑا احسان ہے کہ اس نے اپنے حبیب اقدس ﷺ کو اپنی بارگاہ تک پہنچنے کی راہ کا رہنما بنایا ورنہ نہ معلوم ہم کہاں کہاں بھٹکتے پھرتے۔ گویا ہر کوئی ہر وقت اور ہر حال میں حضور اقدس ﷺ کی تعلیمات کا محتاج ہے اور کوئی ان ﷺ کی تعلیمات سے مستغنی نہیں اور نہ ہی کوئی ان ﷺ سے بے نیاز ہو کر بے نیاز (اللہ) کے حضور میں نیاز مند ہو سکتا ہے۔

ان ﷺ کی محبت کے بغیر زندگی کسی بھی کام کی نہیں۔ ان ﷺ کو پا کر ہی اللہ کو پایا۔ جس نے ان ﷺ کو نہیں پایا، اللہ کو بھی نہیں پایا۔

محبت ایک فطری جذبہ ہے۔ ہر انسان میں کسی نہ کسی شکل میں ضرور پایا جاتا ہے۔ کسی کو مال و دولت سے محبت ہوتی ہے کسی کو قدرتی مناظر سے، کسی کو خوبصورت جانوروں سے، کسی کو اولاد سے، کسی کو والدین سے.... ماں کو بچے سے سب سے زیادہ محبت ہوتی ہے اور بچہ جب بھی کسی تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے تو اسے ماں کی محبت و شفقت غیر شعوری طور پہ ضرور یاد آتی ہے اور وہ 'ہائے ماں' کہہ دیتا ہے اگرچہ اس کی ماں فوت ہو چکی ہو۔

سرکارِ دو جہاں حضرت محمد ﷺ کی محبت تو ورثی الورثیٰ ہے۔

محبت کوئی عقلی چیز نہیں، اللہ کا پیدا کیا ہوا ایک لطیفہ ہے جو انسان کے دل پہ اترتا ہے اور اللہ کی سب سے بڑی نعمت ہے۔ محبت دلوں کو ملا دینے والی ایک کشش ہے۔

محبت کا مقام اطاعت سے بھی زیادہ ہے۔ اگر محبت حقیقی معنوں میں ہو تو اطاعت خود بخود ہو جاتی ہے مگر اطاعت بغیر محبت کے بھی ہو سکتی ہے مثلاً کسی کا کوئی نوکر ہے وہ اپنے آقا کے ہر حکم کی تعمیل کرتا ہے لیکن یہ نہیں کہہ سکتے کہ اسے اپنے آقا سے محبت ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے آقا کے حکم پہ عمل تو کرتا ہو لیکن کسی دوسرے کے پاس جا کر اس کی بے ادبی کرتا ہو۔

اللہ نے ایک جگہ قرآن کریم میں حکم دیا:

اللہ کی اطاعت کرو۔ (النساء: ۵۹)

دوسری جگہ فرمایا:

مومن اللہ سے شدید محبت کرنے والے ہیں۔ (البقرۃ: ۱۶۵)

معلوم ہوا کہ اطاعت اور محبت علیحدہ علیحدہ دو مقام ہیں۔ محبت تو دلائل کی بھی محتاج نہیں۔ پھر جب اللہ کے محبوب محمد مصطفےٰ حضور اقدس ﷺ کی ہو..... جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا (اللہ کا نور) ہو گیا دو کمانوں کی طرح اور (اللہ اور حضور اقدس ﷺ کے) درمیان کوئی فاصلہ باقی نہ رہا۔

نیز حدیث قدسی میں فرمایا:

○ لو لاک لما خلقت الا فلاک

کیا اب بھی کوئی کمی باقی ہے؟ ہرگز نہیں۔ ان پہ ایمان لانے والوں کو ایسا گمان بھی نہ کرنا چاہیے۔ مولائے کریم رؤف الرحیم ﷺ کی بدولت ہی تو یہ ساری کائنات بنی!

وہ ﷺ نہ ہوتے، کچھ بھی نہ ہوتا۔ نہ یہ زمین ہوتی نہ آسمان، نہ میں ہوتا نہ آپ۔ اللہ آپ کو فہم عنایت فرمائے اس مٹی میں انہی ﷺ کا نور جلوہ گر ہے، ہر جگہ

حاضر و ناظر۔ کوئی بھی جگہ ان کے نور سے خالی نہیں۔ ان ﷺ کی محبت ہی ہر نیکی کی جڑ اور ہر بدی کی بیخ کنی ہے پس ہمیں حضور اقدس ﷺ کی ذات سے محبت کرنی چاہیے۔ ذات کے ساتھ ہی سب کچھ وابستہ ہوتا ہے۔ اسم بھی ذات کا ہوتا ہے، صفات بھی ذات ہوتی ہیں اور عمل بھی ذات کا ہوتا ہے۔

جب ہم اسم کو یاد کرتے ہیں تو اسم کے ذریعے ذات کو یاد کرتے ہیں۔ جب صفات کو یاد کرتے ہیں تو صفات کے ذریعے ذات کو یاد کرتے ہیں اور جب عمل کرتے ہیں تو عمل کے ذریعے ذات کو یاد کرتے ہیں۔ ذات کی یاد ان سب سے آگے ہے۔ یہ تینوں چیزیں ذات کی یاد کے ماتحت ہیں۔

حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کی یاد میں کئی سال روتے رہے۔ وہ ان کی ذات سے محبت تھی نہ کہ اعمال سے۔ اگر یہ شرک ہوتا تو حضرت یعقوب علیہ السلام نبی تھے کبھی نہ کرتے، اللہ تعالیٰ انہیں منع فرما دیتے۔ نبی کریم ﷺ سے قریب ہونے کا ذریعہ ان کی ذاتِ اقدس سے محبت ہے۔ کوئی جتنا رسول کریم ﷺ کے قریب ہوا اسے اتنا ہی زیادہ اللہ کا قرب حاصل ہوا۔ جو نبی کریم ﷺ سے دور ہے وہ اللہ سے دور ہے۔ چاہے کچھ بھی کرتا رہے، اسے اللہ کا کوئی پتہ نہ چلا۔

محبّ اپنے محبوب پہ کسی بھی قسم کی نکتہ چینی نہیں کر سکتا۔ محبّ کو تو محبوب کے عیوب بھی محاسن نظر آیا کرتے ہیں چہ جائیکہ جو ہے ہی بے عیب پھر اس پہ نکتہ چینی؟ توبہ توبہ....

میرا دین میرے مولائے کریم رؤف الرحیم روحی فداہ ﷺ کی غلامی اور

محبت ہی کا دوسرا نام ہے۔ دنیا میں جب بھی اللہ کا عذاب نازل ہوا، اللہ کے رسولوں کی توہین کے سبب ہوا۔

اللہ اپنے پیاروں کی توہین کبھی برداشت نہیں کرتا۔

اللہ کے پیاروں کی تعظیم خیر و برکت کا موجب ہے۔

جب بھی بندوں نے اللہ کے بھیجے ہوئے کسی رسول کی نافرمانی، توہین، بے ادبی، ہتک، گستاخی یا کسی بھی قسم کی کوئی نازیبا حرکت کی، اللہ رب العالمین نے برداشت نہ کیا۔ اللہ غفور، حلیم، جواد، کریم، رؤف، رحیم ہے۔ پھر بھی اپنے کسی رسولؑ کی شان میں ذرا سی بے ادبی کو معاف کرنا پسند نہیں فرماتا۔ قوم نے جب سیدنا صالح علیہ السلام کی اونٹنی کے پاؤں کاٹ ڈالے تو اس حرکت سے درگزر نہ فرمایا اور ایک رسول کی اونٹنی کی بے حرمتی اور اذیت کے سبب ساری قوم پہ عذاب نازل ہوا حالانکہ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم اللہ کو نہ مانتی تھی لیکن اس انکار کے سبب ان پہ عذاب نازل نہ ہوا، عذاب رسولؑ کی توہین اور بے ادبی کے سبب ہوا۔

رسول اللہ کے دین کا امین ہوتا ہے۔

رسولؑ کی توہین اور بے ادبی دین کی توہین اور

رسول کی تعظیم دین کی تعظیم اور دین کی تعظیم اللہ کی تعظیم ہے۔

انبیائے کرامؑ اور اولیائے عظامؒ کے نام لے کر بار بار یہ تکرار کرنا کہ 'وہ کچھ بھی نہیں کر سکتے، انہیں کسی بھی شے کی کوئی خبر نہیں' ادب و تعظیم کے منافی ہے۔ جیسے بادشاہ کے حضور میں کھڑا ہو کر یہ کہے کہ وزیر کوئی چیز نہیں، اسے کوئی اختیار نہیں، جملہ امور بادشاہ ہی کے قبضۂ قدرت میں ہیں اور فلاں فلاں کچھ نہیں کر سکتے'۔

بھرے دربار میں ایسے کہنا وزیر کی توہین ہے جسے بادشاہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا۔ بادشاہ کے حضور میں کسی بھی درباری کو کوئی اختیار حاصل نہیں ہوتا۔ بادشاہ کے حضور ہر کوئی سرنگوں ہوتا ہے۔ اس کے باوجود نام لے لے کر کسی کی نفی کرنا مخاطب کی توہین ہوتی ہے۔

بادشاہ ہی نے تو اپنے اختیارات وزیر کو بخشے ہوتے ہیں، ان کی نفی کیونکر کی جا سکتی ہے؟ امراء و وزراء اگرچہ بادشاہ نہیں ہوتے، بادشاہ کی رونق ہوتے ہیں۔ بادشاہ کی رونق انہی سے تو ہوتی ہے! اگر وہ نہ ہوں تو پھر بادشاہ کی کیا شان و شوکت ہو! اگرچہ بادشاہ کو سارے ملک کی حکومت حاصل ہوتی ہے پھر بھی بادشاہ اپنے اختیارات جسے چاہے بخش دے۔

○ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

واللہ المعطی و انا القاسم (صحیح بخاری جلد اول ص ۴۳۹)

اور اللہ عطا کرنے والا ہے اور میں تقسیم کرنے والا ہوں۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی کتنی بڑی شان ہے۔ دینے والے کے ساتھ تقسیم کرنے والا ہر وقت ضروری ہوتا ہے۔ جونہی اس نے دیا اسی وقت اس نے تقسیم کیا۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو ہر لحہ ہر شے دیتے رہتے ہیں اور آپ ﷺ تقسیم فرماتے رہتے ہیں اور یہ سلسلہ شب و روز جاری رہتا ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ حبیب اللہ ہیں اور حبیب غیر نہیں ہوتا۔ حبیب محبوب ہوتے ہیں اور شریک مغضوب۔

بادشاہو! یہ تیرے شریک نہیں، محبوب ہیں۔ تیرا جو ناز تیرے محبوب میں ہے، کمال ہے۔ محبوب شریک نہیں ہوتے، محبت کی آبرو ہوتے ہیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا O (الاحزاب: ۵۶)

اس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کے فرشتے (ہر وقت) نبی (کریم ﷺ) پہ درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی آپ (ﷺ) پہ درود بھیجو اور خوب سلام۔

حضور اقدس و اکمل، اکرم و اجمل، اطیب و اطہر روحی فداہ ﷺ کی شان اقدس میں ہم گنہگاروں کی ہر مدحیہ کلام شرک سے مبرّا اور محبت پہ مبنی ہے۔

خاک کے اِس ناچیز بُت نے خالق و مالک کے حبیب کی کیا تعریف کرنی ہے،
اِس بچارے کے پاس کون سے الفاظ ہیں جو استعمال کرے!

شریعت کا احترام
طریقت کا اکرام
حقیقت کی تلاش

اور معرفت کی تمنا ہر طالب کی اصل منزل ہے اور حضور اقدس ﷺ کی سفارش، شفاعت، شفقت اور وسیلے کے بغیر کوئی بھی اِس منزل کو کبھی عبور نہیں کر سکتا۔

جب تک تُو میرے آقا روحی فداہ ﷺ سے محبت نہیں کرتا، اللہ کو کبھی نہیں پا سکتا۔

اللہ کے ذکر سے اللہ کے حبیب ﷺ کی محبت پیدا ہوتی ہے اور اللہ کے حبیب ﷺ کی محبت سے اللہ کا ذکر جاری ہوتا ہے، دونوں لازم و ملزوم۔

تیرے ذکر کے سوا، کوئی اور ذکر، قابلِ ذکر نہیں اسی طرح فکر۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کے جود و کرم سے تیرا ذکر و فکر جاری ہوتا ہے اور محبت ہی کی بدولت ہوتا ہے۔

ان ﷺ سے محبت ہی اللہ سے محبت ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ سے محبت

میرے آقا روحی فداہ ﷺ سے محبت کا انسب معمول۔

ایک ہی محبت کے دو نام ہیں :

اللہ سے محبت... میرے آقا روحی فداہ ﷺ سے محبت۔

اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ سے محبت ہی اللہ تبارک و تعالیٰ کی محبت ہے۔

محبت ....ایک نام....دو

جسے اللہ سے محبت نہیں اللہ کے حبیب (ﷺ) سے بھی نہیں۔

اللہ کی محبت کی بدولت اللہ کے حبیب ﷺ کی محبت عنایت ہوتی ہے۔

اے ہمنشیں!

اچھی طرح ذہن نشین کر!

حضور اقدس ﷺ کی محبت ایمان کی اصل ہے۔

نیز فاعلم!

محبت کے قرب کے مدارج ایک سے نہیں ہوتے۔ نو بہ نو ہوتے ہیں اور نوع بہ نوع ہوتے ہیں۔ جامیؒ دعامی میں مشرق و مغرب سا فرق ہوتا ہے، انیس بیس کا نہیں.... مشرق و مغرب کا۔

محبت کیف و مستی کی اصل اور روح ہے۔ کیف و مستی آپ ﷺ کی محبت پہ موقوف ہے۔ محبت کے بغیر دنیا میں کوئی کیف و مستی نہیں۔

حضور اقدس ﷺ کی محبت ہی انسانی زندگی کا حاصل ہے۔ محبت کے بغیر بھی کوئی عمل، عمل ہے؟

خشک، بے ذوق اور بے سرُور

اور آپ ﷺ کی محبت سے؟

مسرُور و مخمور ماشاءاللہ!

یہ قول قلم پہ نہیں قلب پہ وارد وجود کر:

جس مجلس میں رونقِ بزمِ کونین ﷺ کی محفل نہیں ہوتی... نامکمل ہوتی ہے۔ بے کیف بھی کہیں تو بے جا نہیں۔

تیری محبت کا باب ..... ہر باب سے اَولیٰ

تیرے حبیب ﷺ کی محبت کا تذکرہ:

سراسر رحمت

کیف و سرُور

زندۂ جاوید

سرُورِ سرمدی میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کی محبت کے نشے کا بھرا ہوا جام ہوتا ہے۔

سرُورِ سرمدی کا کوئی نعم البدل نہیں ہوتا.... ہفت اقلیم کی شاہی بھی نہیں۔ بکتا ہو تو ہر شے بیچ کر لے لیں۔ تاج و تخت تو ہوتے ہی کیا ہیں، جان تک دے کر لے لیں۔

تیری محبت کے فراق میں گھُلنا اور
تیری محبت کے مزاج میں رہنا
نہ کچھ سننا، نہ کچھ کہنا، اے خسروِ خوباں جانم فداہ ﷺ
دنیائے محبت کی مایہ ناز زندگی ہے۔

قیامت میں انسان اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا اور ہم بھی ماشاء اللہ انہی کے ساتھ ہوں گے۔

روح و جان و مال قربان کر دینا، پھر بھی یہ کہنا 'محبت کا حق ادا نہیں ہوا' جانِ جاناں کی محبت ہی کی ایک تشریح ہے۔

تیرے حبیب ﷺ کی محبت پر تن من دھن قربان کرنا
کسی بھی شے کو بچا کر نہ رکھنا
سب کچھ انہی پہ وار دینا،
ان کے لیے ہر شے ہار دینا،
ان کی یاد میں دن رات گھلنا،
لوٹ پوٹ ہوتے ہی رہنا،

در پہ نظریں جمائے رکھنا

محبت والے اسے عشق ہی کی تاثیر کہتے ہیں۔

اور جنت کسے کہتے ہیں ؟

ان ﷺ کے بغیر جنت کیا جنت ہو گی !

ان کی جستجو میں رہنا

فراق میں جلنا، جنت سے بہتر

بن پائے چین نہ آئے۔

اس قسم کا شرک تو ہم ہر روز کرتے ہیں

باز نہیں رہتے

بتا تو سہی ! ان کے بغیر بھی جنت، کیا جنت ہو گی !

اے ہمنشیں ! ہر ایسے سوال کے جواب میں یہ کہہ

'اگر میرے اللہ نے مجھے میرے مولائے کریم رؤف الرحیم روحی فداہ ﷺ کی محبت کے جرم میں، تیرے خیال کے مطابق، دوزخ میں ڈالنے کا حکم دیا تو یہ کمینہ اپنے محبوب کی محبت کو سینے میں چھپا کر لادھڑک دوزخ میں کود پڑے گا'۔

نیز یہ کہا کرو کہ

حضور اقدس واکمل، اکرم واجمل، اطیب واطہر روحی فداہ ﷺ کی محبت کے نور پہ کوئی نار کبھی غالب نہیں آسکتی۔ میرے مولائے کریم عین النعیم ﷺ کی محبت دوزخ کی آگ کو سرد کر دے گی۔ یہ خیال میرے ایمان کا وہ جزو ہے جسے کوئی دلیل بھی بدل نہیں سکتی کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے حبیب اقدس ﷺ کے محبّ کو، اگرچہ رذیل و کمین ہو، دوزخ نہیں جلا سکتا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے حبیب اقدس ﷺ کی سچی و سچی محبت عنایت فرمائے۔
آمین! طیّب و پاک محبت۔

جو عمل تیرے نزدیک جہنم رسا ہے، میرے نزدیک جنت کی کلید۔

ہو سکتا ہے کہ قیامت کے دن اللہ نمازی کو نہ بخشے مگر محمد ﷺ کے غازی کو ضرور بخشے گا۔ ماشاء اللہ!

عاشق کو جلانے کے لیے عشق کی تپش کافی ہوتی ہے۔ دوزخ میں جلانے کی ضرورت نہیں۔

عاشقوں پہ دوزخ کی آگ حرام ہوتی ہے۔

اللہ رب العالمین کے حبیب اقدس ﷺ کے محبان کو دوزخ کی آگ نہیں جلا سکتی اور نہ ہی ان ﷺ سے ان کا دوزخ میں جلنا دیکھا جائے گا

اور دانشمندوں کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔

دلیل سے کوئی مطمئن ہو نہ ہو،
محبت کبھی باز نہیں رہا کرتی
کچھ بھی کرنا پڑے، کر کے رہتی ہے

و ما علینا الا البلاغ

جب وہ کسی بھی دلیل پہ مطمئن نہ ہوئے اس نے یہ کہہ کر بات کو مات کر دیا کہ اگر وہ اس کو ان کی محبت کے جرم کا مجرم قرار دے کر دوزخ میں ڈالنے کا حکم دیں گے تو وہ لاد ھڑک دوزخ میں کود جائے گا۔ بیشک ان کی محبت کے جرم میں دوزخ میں جانا ان کے بغیر جنت میں جانے سے کہیں بہتر ہے۔

تیری ایک نظر میری ساری زندگی کے لیے کافی ہے۔

محبت، قبولیت پہ موقوف نہیں ہوتی، ہر حال میں ہوتی ہے۔

محبت بولی.... مجھے کسی سے بھی کوئی محبت نہیں مگر تیرے لیے اور ان کے لیے۔و ماعلینا الا البلاغ

محبت کی قید اگر کسی خوش نصیب کو راس آجائے، اس سے فزوں تر کوئی فیض نہیں اور اس زندگی سے اعلیٰ کوئی زندگی نہیں۔ زندگی نے پیدا ہونے کا حق ادا کر دیا۔

محبت کی قید.... بن باس

اسکے پاس محبت تھی، اور کچھ بھی نہ تھا، گویا سب کچھ تھا۔

تیرے پاس سب کچھ ہے، ایک محبت نہیں، گویا کچھ بھی نہیں۔

محبّ کو حبیب کا ذکر محبوب ہوتا ہے۔

محبّ کا اپنے حبیب کے ذکر کو اپنے ذکر پہ ترجیح دینا محبت کا بنیادی اصول ہے۔

محبوب کی ہر ادا، حسین ہو یا قبیح، محبّ کو حسن ہی کی ایک قسم معلوم ہوا کرتی ہے۔

آج تک کسی بھی محبّ نے اپنے محبوب کی کسی بھی ادا پہ کبھی نکتہ چینی نہیں کی۔

حال و افعال کا نکتہ چین سب کچھ ہو سکتا ہے، محبّ کا محبوب یا محبوب کا محبّ کبھی نہیں ہو سکتا اور محبت اسے کبھی قبول نہیں کرتی۔

نکتہ چینی اتفاق کی ضد ہے اور نکتہ چین کسی نکتہ پہ کبھی متفق نہیں ہوتا۔

بحث کی کوئی منزل نہیں ہوتی اور کسی نتیجہ پہ نہیں پہنچا کرتی۔ اللہ کے بندے بھی بھلا امحاث میں الجھا کرتے ہیں!

بحث کر کے دیکھ لو، کوئی بھی معاملہ کبھی حل نہ ہوگا۔ معاملات محبت سے حل ہوتے ہیں، بحث سے نہیں۔

دین اسلام میں فتوحات و اصلاحات و اشاعت میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کی محبت کی بدولت ہوئیں، ہو رہی ہیں اور ہوتی رہیں گی۔

بحث جب بھی کہیں داخل ہوئی، رحمت رخصت ہوئی۔

معترض کو کبھی کوئی مطمئن نہیں کر سکتا۔

بات بات پہ اعتراض ہی معترض کی منزل ہوتی ہے۔

چودہ سو سال گزر چکے، قیامت قریب آ چلی، لیکن ابھی تک ہم اپنے آقا و مولا روحی فداہ ﷺ کی شان پہ متفق نہیں، اور کس پہ ہو سکتے ہیں؟

ہمارا اپنے محسنِ اعظم ﷺ کی شان میں بحث کرنا ہماری بہت بڑی کمی اور بہت کم نصیبی ہے۔ اللہ رب العالمین کے حبیب ﷺ کی کیا شان ہوگی اور کون بیان کر سکتا ہے؟

نبوت و رسالت کے مدارج ہمارے فہم و ادراک میں پوری طرح نہیں آ سکتے۔ ہمارے قیاس و گمان سے کہیں اَولیٰ و بالا ہیں، پھر ہم نبوت و رسالت کی شان میں کیا کہہ سکتے ہیں!

ہر محبّ اپنے حبیب کی تعریف پہ خوش اور نکتہ چینی پہ ناخوش ہوا کرتا ہے اگرچہ سگا ہو۔

اللہ رب العالمین کے حبیب رحمۃ للعالمین ﷺ کی شان کے تو کیا کہنے!

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حی یا قیوم یا ذا الجلال والاکرام! ہمیں اپنے حبیب اقدس ﷺ کی شان و سیرت بیان کرنے کی توفیق مرحمت فرما، آمین!

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی شان و سیرت کا تذکرہ کسی بھی انداز میں محبت کے منافی نہیں۔

'عید میلاد النبی ﷺ' شان و سیرت ہی کا تذکرہ ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کا تذکرہ، اگر روز بھی ہو اور ہر لحہ ہو، نور علی نور ہے۔

جب بھی دنیا کسی ابتلا میں مبتلا ہوئی حضور اقدس ﷺ کی شان و سیرت کے تذکرے ہی کی بدولت اس نے نجات پائی۔ بیشک شان و سیرت کا تذکرہ آفات و بلیات کے دفعیہ کے لیے انسب معمول ہے۔ اللہ رب العالمین بھلا کبھی اپنے حبیب اقدس ﷺ کی شان و سیرت کے تذکرے کو نظر انداز فرما سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ جس مطلب کے لیے بھی کیا جائے، پورا ہوتا ہے!

شان و سیرت کا تذکرہ اللہ کی رحمت و برکت کے نزول کا موجب ہوتا ہے اور اکرم الاکرمین کا یہ اصول ازلی و ابدی ہے جو کبھی نہیں بدلتا۔ یا حی یا قیوم

ساٹھ سال گزرے، ہندوستان پلیگ کی لپیٹ میں آگیا۔ لوگ گھروں کو چھوڑ کر کھیتوں میں جا بسے۔ چیت بیساکھ کا موسم تھا۔ رات کو پھوڑا نکلتا اور مریض صبح کو چل بستا۔ ابھی اس کو دفن کر ہی رہے ہوتے کہ دوسرے کی سناؤنی آجاتی۔ گویا گھروں کے گھر خالی ہو گئے۔ کوئی جنازہ پڑھانے والا بھی نہ ملتا۔ ہر کسی کو اپنی جان کی پڑی ہوئی تھی۔ انگریز حکماء نے ہر تدارک کیا مگر ناکام رہے۔

جب کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی، ایک بندہ اللہ کے ایک بندے کی خدمت میں حاضر ہوا۔ عرض کی اس وباء کا تدارک فرمائیں۔ پوچھا... کس وباء کا تدارک کریں؟.... کہا پلیگ کا! فرمایا وباء کون نازل کرتا ہے؟ عرض کیا اللہ! .... فرمایا اللہ تو اپنی مخلوق پر ماں سے سو گنا زیادہ مہربان ہے پھر یہ نزول کیوں؟

جب دنیا میں دنیا کے خالق و مالک کی مرضی کے خلاف ایسے کام ہوتے ہیں جنہیں کہ رحمت نظر انداز نہیں کر سکتی اور اگر ان کا تدارک نہ کیا جائے اور نظام کائنات درہم برہم ہونے کا خطرہ ہو، اس وقت عبرت کے لیے وباء کا نزول حکمتِ الٰہی پہ مبنی ہوتا ہے اور وہ وباء اپنی آغوش میں رحمتیں لیے ہوتی ہے۔

اس لیے اس کے نزدیک اس کا اگر کوئی حل ہے تو اللہ کے حبیب اقدس حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی شان و سیرت کا تذکرہ کیا جائے۔ جہاں کہیں اللہ کے حبیب اقدس ﷺ کا ذکر ہو، رحمت نازل ہوتی ہے۔ رحمت وباء کی ضد ہے۔

اللہ رب العالمین نے اپنے ایک بندے کو اپنے حبیبِ اقدس ﷺ کی شان و سیرت کے بیان کی توفیق عنایت فرما کر وباء کو رد فرما دیا۔

بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ کو اپنے حبیب اقدس ﷺ کی شان و سیرت کا تذکرہ بے حد مقبول و محبوب ہے۔

میرے آقا میرے مولا، میرے دلبر، میرے جانی حضور اقدس و اکمل اطیب و اطہر روحی فداہ ﷺ کی شان و سیرت کا کوئی جزو، اگرچہ ایک سطر ہو، جس کسی کو لکھنے کی سعادت ملی خوش نصیبی کی حد ہے۔

دنیائے دُوں کی فرہنگ ختم ہو تو ہو.... میرے مولائے کریم رؤف رحیم طٰہٰ، یٰس، طس، خم ﷺ کی شان و سیرت کسی کے بھی احاطۂ تحریر میں کماحقہٗ نہیں آسکتی۔

نبوت کی شان و سیرت تو کجا میرے آقا، میرے مولا، میرے دلبر، میرے جانی ﷺ کے ایک مُوئے مبارک کی برکات کی تشریح محال ہے۔

فصاحت حضور اقدس ﷺ کے پسینہ مبارک کے فضائل پہ پہنچ کر دم توڑ دیتی ہے۔

○ حضرت ابو حفص عمر بن الحسین سمرقندیؒ اپنی کتاب رونق المجالس میں روایت کرتے ہیں کہ بلخ شہر میں ایک تاجر تھا جو بہت مالدار تھا۔ اس کا انتقال ہوا اس کے دو بیٹے تھے میراث میں اس کا مال آدھا آدھا تقسیم ہو گیا لیکن ترکہ میں حضور اقدس ﷺ کے تین بال مبارک بھی موجود تھے ایک ایک دونوں نے لے لیا۔ تیسرے بال پر بڑے بھائی نے کہا کہ اس کو آدھا آدھا کر لیں چھوٹے بھائی نے کہا ہرگز نہیں۔ اللہ کی قسم! حضور اقدس ﷺ کے موئے مبارک کو کاٹا نہیں جا سکتا۔ بڑے بھائی نے کہا کہ کیا تو اس بات پر راضی ہے کہ تینوں بال تو لے لے اور سارا مال میرے حصے میں لگا دے؟

چھوٹا بھائی خوشی سے راضی ہو گیا۔ بڑے بھائی نے سارا مال لے لیا اور چھوٹے بھائی نے تینوں موئے مبارک لے لیے۔ وہ ان کو ہر وقت اپنی جیب میں رکھتا، بار بار نکالتا اور ان کی زیارت کیا کرتا اور درود شریف پڑھتا۔

تھوڑا ہی زمانہ گزرا تھا کہ بڑے بھائی کا سارا مال ختم ہو گیا اور چھوٹا بھائی بہت زیادہ مالدار ہو گیا۔ جب اس چھوٹے بھائی کی وفات ہوئی تو صلحاء میں سے

بعض نے اسے خواب میں دیکھا اور حضور اقدس ﷺ کی بھی خواب میں زیارت کی۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے جب کسی کو کوئی حاجت پیش آئے تو اس قبر کے پاس بیٹھ جائے اور اللہ تبارک و تعالیٰ سے اپنی حاجت کی دعا مانگے۔ پھر لوگ اس کی قبر کا قصد کرتے تھے حتی کہ بات یہاں تک پہنچ گئی کہ ہر وہ سوار جو اس کی قبر کے پاس سے گزرتا تھا وہ (احتراماً) اپنی سواری سے اتر پڑتا تھا اور پیدل چلتا تھا۔

(القول البدیع ص ۹۶۔۹۷)

حضرت بابا صاحب فرید الدین گنج شکرؒ نے درویشی کے ستّر ہزار مقامات بیان فرمائے اور عرشِ عظیم پہ حاضری کو پہلا مقام فرمایا۔ یقیناً ہم ایسا نہیں کر سکتے، ہرگز نہیں کر سکتے، پھر بھی درویشی میں پہلا نمبر رکھتے ہیں!

حاصل یہ کہ ہم درویشی کے مقامات سے بے خبر ہیں، نبوت کے مقامات و مدارج کو کیونکر ادراک میں لا سکتے ہیں!

مدارجِ نبوت ہماری سمجھ سے کہیں بالاتر ہیں اور ہم اس عقل سے ان درجات و مقامات کو کبھی سمجھ نہیں سکتے۔

جتنے کمالات انبیاء علیہم السلام میں تھے، وہ تمام اور ان کے علاوہ بے شمار کمالات ہمارے حضور اقدس ﷺ کی ذاتِ بابرکات میں ہیں اور حضور اقدس ﷺ کے کمالات کی پوری جھلک آپ ﷺ کی ساری امت میں موجود ہے۔

ایک نے کہا کہ وہ کسی بھی منصب پہ فائز نہیں، اللہ کے لطف و کرم سے وہ زمین کے جس بھی خطہ میں چاہے جا سکتا ہے اور جہاں بھی وہ چاہے ذکرِ الٰہی کر سکتا ہے اگرچہ ایک جگہ سے دوسری اور دوسری سے تیسری جگہ دم بھر میں منتقل ہو۔

ف: کوئی کس کس بات کی تصدیق کرے گا۔ مخفی امور مرفوع القلم ہوتے ہیں۔

ایک ایمان افروز واقعہ

ایک بندے نے بتایا کہ ایک دن شوق نے اسے گدگدایا، ہمہ تن اشتیاق بن کر ایک بندے کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ادھر ادھر دیکھا تو اس کی بود و باش و مشروبات دیکھ کر پچھتایا کہ وہ کیوں یہاں آیا اور خیالات کی رو میں بہہ نکلا۔ جب اس نے اپنا خیال مکمل کر لیا، میزبان اس کی طرف دیکھ کر مسکرایا، اٹھا اور اپنی گھاس پھونس کی کلی کی مشرقی جانب ایک شگاف کر دیا اور اپنے مہمان کو بازو سے پکڑا اور اس کا سر شگاف کے اندر کر دیا۔ اس نے بتایا کہ جونہی اس نے شگاف کے اندر سے باہر جھانکا، اپنے تئیں روضۂ اطہر کی جالی کے سامنے پایا۔ کپکپی طاری ہوئی، وجد آنے لگا مگر میزبان نے اسے پکڑ کر واپس نیچے بٹھا دیا۔ راقم نے جیسے سنا، سنا دیا واللہ اعلم بالصواب۔

راوی کو جنت البقیع میں مقام نصیب ہوا۔

معلوم ہوا اکتسابیت محدود اور فیضانِ نبوت لامحدود ہیں۔ ادراک میں آسکتے ہیں نہ احاطۂ تحریر میں۔

ایک خاتون ڈاکٹر مدینہ منورہ میں تعینات ہوئیں۔ چند دن بعد ان کی وہاں سے تبدیلی کے احکام جاری ہوئے۔ وہ حضور اقدس ﷺ کی جالی مبارک پہ حاضر ہوئیں۔ آبدیدہ ہو کر عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! حضور نے احقرہ کو پسند نہیں فرمایا جو آتے ہی تبدیل کر دی گئی۔ محترمہ خاتون نے بتایا کہ ابھی وہ جالی مبارک سے ہٹی نہ تھی کہ ایک قاصد ایک حکمنامہ لے کر حاضر ہوا کہ آپ کی بدلی روک دی گئی۔ ماشاء اللہ!

اس نے مزید کہا کہ ایک پہرے دار اسے جالی مبارک کے سامنے کھڑا ہونے

سے روکا کرتا تھا۔ اس کے دل میں خیال آیا کہ یارسول اللہ ﷺ! یہ پہرے دار اگر بیمار ہو کر میرے ہسپتال میں آئے تو میں اس پہ تیمارداری کا احسان کروں۔ اسی دن وہ بیچارہ بیمار ہو کر انہی کے زیر علاج آیا۔ اسے ہدایت کی گئی ایسی دعائیں وہاں مت مانگا کر۔ ان کے در سے مانگنے کی اگر کوئی چیز ہے تو ان کی محبت ہے۔ طیب و مبارک محبت۔

یہ کہہ:

حضور اقدس اکمل واجمل، اطیب واطہر ﷺ سے

عشق میرا مذہب

محبت میری ملت اور

اتباع میری منزل ہے۔

عشق ایک جہان ہے جہاں کوئی دوسرا نہیں سما سکتا۔

عشق ایک حال ہے جو کبھی بدل نہیں سکتا

عشق ایک نشہ ہے جو کبھی اتر نہیں سکتا

عشق جب فراق کی آگ میں جل جاتا ہے، جمال و وصال سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور جمال و وصال سے بے نیازی عشق کا وہ بلند مقام ہے جس پر جبرئیل علیہ السلام کو بھی گزر نہیں۔

عشق صورِ اسرافیلؑ سے بے پرواہ اور حیات و ممات کی قید سے کلیتاً آزاد ہے۔

عشق ابدی حیات کا امین ہے۔

بے رخی عشق کی ادا اور بے قراری عطا ہے

عشق ہستی کی وہ مستی ہے جس کے بغیر دل کی بستی کبھی نہیں بستی۔

اگر عشق نہ ہوتا بزمِ کونین میں کوئی کیف نہ ہوتا۔ عشق کی تپش کونین کی روحِ رواں ہے۔

عشق ایک مذہب ہے اور کوئی اس کی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکتا!

اے ہمنشین!

قُلْ عِشْقُ مُحَمَّدٍ مَذْهَبِیْ
وَ حُبُّهٗ مِلَّتِیْ
وَ طَاعَتُهٗ مَنْزِلِیْ

یعنی یہ کہہ.... حضور اقدس ﷺ سے عشق میرا مذہب، محبت میری ملت اور اتباع میری منزل ہے۔

مذہب کوئی معمولی چیز ہوتا ہے!

پھر اُن کا!

حضور اقدس واکمل، اطیب واطہر
اکرم واجمل، جناب سرورِ کائنات
فخرِ موجودات، سید الکونین، سید المرسلین
خاتم النبیین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین
شفیع الامم، شفیع الامتہ، صاحب الجود والکرم،
عاصم المطہرہ، نبی الخاتم، رسول الآخر،
صاحب تیجان المقربین، راحت قلوب المؤمنین
حبیب رب العالمین، مصباح المقربین، محبّ العاشقین

محبوب الطالبین العارفین، سراج السالکین، ماوانا و ملجانا

سیدنا و سندنا، نبینا و رسولنا،

مولانا و حبیبنا و محبوبنا محمد ن المصطفی احمد ن المجتبی

محمد ن النبی الامی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ

کی بے حد عقدہ کشائی کی دلربائی اور دل آویز پذیرائی کا شکریہ۔

شکریہ، لاتعداد بار شکریہ۔

باربار شکریہ۔ لگاتار شکریہ تادوامِ قیام۔

حضور اقدس ﷺ کے اِن اسمائے طیّبہ پر غور فرما،

ماشاء اللہ عُقدہ حل:

سیدنا اَوَّلٌ ﷺ

سیدنا اٰخِرٌ ﷺ

سیدنا ظَاھِرٌ ﷺ

سیدنا بَاطِنٌ ﷺ

سیدنا قَرِیْبٌ ﷺ

سیدنا رَحْمَۃٌ ﷺ

سیدنا رَءُوْفٌ ﷺ

سیدنا رَحِیْمٌ ﷺ

سیدنا جَوَادٌ ﷺ

سیدنا کَرِیْمٌ ﷺ

سیدنا مُخْتَارٌ ﷺ

سیدنا قَاسِمٌ ﷺ

O

حاضر تو کبھی غیر حاضر بھی ہو سکتا ہے،

حضور اقدس ﷺ شاھد و مشھود ہیں۔

سیدنا قریب ﷺ کا یہ مطلب ہے کہ عرش اعلیٰ سے لے کر تحت الثریٰ کی ہر شے میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے سامنے حاضر و ناظر، شاہد و مشہود ہے۔

کوئی بھی شے او جھل نہیں۔ ماشاء اللہ۔

حضور اقدس رحمتہ للعالمین ﷺ فخرِ موجودات (کا نور) ہر موجود میں موجود اور ہر موجود کے شاہد ہیں۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کل کائنات کے شاہد و مشہود ہیں۔

شہادت کے تمام مراتب شاہد و مشہود میں موجود ہوتے ہیں۔

تیرے اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے امر بالمعروف کی شہادت کائنات کی شہادت ہوتی ہے۔

قرآنِ کریم اور حدیثِ مطہرہ بار بار پڑھنے سے کوئی نہیں اکتاتا۔ گویا اپنا کلام آپ ہی پڑھوا رہے ہیں اور سکھا رہے ہیں۔ کوئی شک نہیں۔

اپنا کلام اپنے ہی ہاتھوں سے لکھوا رہے ہیں۔ اور شاہد کسے کہتے ہیں؟

حضور اقدس واکمل، اکرم واجمل، اطیب واطہر ﷺ شاہد و شہید ہیں اور نظامِ

قدرت و کائنات دونوں میں حضور اقدس ﷺ کا حاضر ہونا ضروری بات ہے۔ جو چیز حاضر نہ ہو وہ شاہد و شہید کیسے ہو سکتی ہے؟ شاہد و شہید وہی کہلا سکتا ہے جو وقوعہ کے موقع پہ حاضر ہو۔

حضور اقدس و اکمل و اجمل و اطیب و اطہر ﷺ وکیل ہیں۔ کل کائنات کے وکیل۔ اور وکیل کو اپنے مقدموں کی روئیداد کا پورا علم ہوتا ہے۔

سیدنا مُطِیعٌ ﷺ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ

اللہ کے مطیع ہیں اور کل کائنات ان ﷺ کی

سیدنا مُطَہِّرٌ ﷺ

مطاہر پاک کیا کرتی ہے

عصا مطاہر میں شامل ہے

سیدنا کَلِیمٌ ﷺ

کسی روح کا ہمکلامی سے مشرف ہونا

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کی ہمکلامی کی بدولت ہوتا ہے

جب حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کی باری آئی تو فرمایا یہ آواز تو میں نے طور پر سنی تھی .... صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام سے کہا

لَنْ تَرَانِیْ

حضور اقدس ﷺ سے فرمایا

قَابَ قَوْسَیْن

غزوۂ بدر دنیائے اسلام کی پہلی جنگ تھی جو اللہ کے لیے اللہ کی راہ میں لڑی گئی اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ اسلامی لشکر کے پہلے جرنیل تھے۔

سیدنا حسیب ﷺ

ہم حساب میں صفر

کرم کے منتظر

حسیب صلی اللہ علیہ وسلم

میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

ہم خاک نشینوں کا کسی نے کیا حساب لینا ہے۔ کوئی بھی عمل میزان کے اعتبار سے معیاری نہیں۔ ناقص، بودا .... کسی بھی کام کا نہیں، فضل و کرم ہی کا محتاج ہے۔

حضور اقدس واکمل واکرم واجمل واطیب واطہر ﷺ کریم ہیں۔

کریم وہ ہے جس سے جو مانگا جائے، دے۔

جب مانگا جائے، دے۔

جتنا مانگا جائے، دے۔

ضرورت سے زیادہ دے۔

ہر وقت دے، ہر کسی کو دے۔

کریم کے کرم کا دروازہ ہر کسی کے لیے اور ہر وقت کھلا رہے۔
کبھی بند نہ ہو اور نہ ہی کبھی تنگ ہو۔
میرے اللہ کریم ہیں
اللہ کے حبیبِ اقدس بھی کریم ہیں
اللہ کی کتاب قرآنِ عظیم بھی کریم ہے
ایک بندہ اور تین کریم الحمد للہ۔ کیا بندے کے لیے یہ کافی نہیں؟
تیرے کرم کی وسعت انسانی فہم و ادراک سے وریٰ الوریٰ ہے۔
کریم تین ہیں:
اللہ کریم
رسول کریم ﷺ
قرآن کریم
مجالسِ ذکرِ الٰہی میں یہ عمل رائج کرو:

سَیِّدنَا کَرِیْمٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ
مبارکاً مکرماً مشرفاً

'سیدنا کریم ﷺ' کے اوراد میں اضافہ پہ شیطان ضرور رویا ہو گا کہ بندہ نے تمام امور کرم کی طرف منسوب کر دیے! بڑا جھنجھلایا ہو گا۔ بے شمار تاویلات پیش کرنے کی حتی الامکان ہر کوشش کی ہو گی۔ تھک ہار کر بیٹھ گیا ہو گا اب کیا کرے؟ قاری نے ساری راہیں بند کر دیں۔

لُغت کرم کی تشریح سے عاجز۔

کریم کا کرم ہر وقت ہر حال میں جاری۔

جب کوئی بھی کامیاب ہوتے نہ دیکھا، غیرت جوش میں آئی۔ ایک معمولی سے طالب علم کو میرے آقا روحی فداہ ﷺ نے یومیہ دلائل الخیرات کا دان دے کر درس کا کفارہ کیا۔ یہ بھی ان ہی کا فیض تھا گویا سب دھونے دُھل گئے!

کرم سے فیض اور فیض کرم ہے

یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ اَکْرِمْنِیْ بِجَاہِ سَیِّدِ الْاَکْرَمِیْن (ﷺ) آمین!

کرم جس بھی کسی مقام پہ نازل ہوا، مکرّم ہنا۔

جس بھی من میں وارد ہوا، مہک اٹھا۔

اور جس بھی تن میں وارد ہوا، چمک اٹھا۔

کرم نے جب بھی کریم کو پکارا، آنکھ تک جھپکنے نہ دی۔

کریم سے مانگ کر ماسوا سے مستغنی و بے نیاز ہوا۔

تجدید مایہ ناز اوراد:

سَیِّدنا کَرِیْمٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْم

کثرت کی تعداد قوت و توفیق پہ موقوف

درجہ بدرجہ سوسے سوا لاکھ مرتبہ

ماشاء اللّٰہ مبارکًا مکرمًا مشرفًا

کریم

اللہ ..... کریم

رسول ﷺ ..... کریم

قرآن ..... کریم

عرش ..... کریم

کرم ہر چہار میں جاری، ساری اور طاری

سائل..... کرم کو کرم پہ مائل کر دیتا ہے۔

منگتے کو خیر پانا کرم ہے اور کرم اکرم الاکرمین ہی کے کرم کا ایک کرم ہوتا ہے۔

ہر اسم میں کوئی نہ کوئی دعا پائی جاتی ہے۔

کریم ..... ہر دعا سے اعلیٰ

مردانگی کی انتہا مولائے کریم

کرم اور کرم نوازی کے بیان کے لیے الفاظ نہیں ملتے۔

قریب دور نہیں ہوتا اور

کریم .... بخیل نہیں ہوتا

قریب حاضر ہوتا ہے

کسی حاضر کو کیونکر کوئی غیر حاضر تسلیم کر سکتا ہے؟

قریب کی تشریح قریب ہے اور

قریب وہ ہوتا ہے جو دور نہ ہو، دیکھ سکتا ہو،

سن سکتا ہو اور بول.....

سیدنا قَرِیبٌ ﷺ

قربت کا کوئی بھی متحمل نہیں ہو سکتا۔

صاحب زمان زندہ ہوتا ہے ،

اگر زندہ نہیں تو صاحب زمان کیسا؟

زمانہ کا صاحب زندہ ہوتا ہے۔

میرے آقا وحی فداہ ﷺ سے میرے اللہ فرماتے ہیں :

'تو میرا مختار ہے'

سیدنا مُخْتَارٌ ﷺ

ہر مالک کا مختار ہوتا ہے اور مختار مالک کی آن۔ ماشاء اللہ!

مختار کا وجود ..... مالک کے وجود کی دلیل

مالک، مالک ہوتا ہے لیکن مختار کے بنا سجتا نہیں

مختار کا فعل مالک کی رضا سے مؤیّد

مختار کا حلقۂ اختیار مالک کے حلقۂ مِلک تک وسیع

مختار اور بے اختیار ؟ بعید از فہم ..... ناممکن!

مالک ہی نے تو مختار کو اختیار بخشا ہے۔

کون کہتا ہے .... کہ مختار کچھ نہیں۔

تو کیا جانے اور کوئی کیا جانے کہ مختار کون ہوتا ہے ؟

مالک کی ہر شے کے مالک کو مختار کہتے ہیں۔

مختار کو عام اختیار ہوتا ہے

جب چاہے، جو چاہے، جتنا چاہے

جسے چاہے، .... دے۔

عام اجازت ہوتی ہے۔

مالک کا مختار پر لے درجے کا ذمہ دار، کفایت شعار، حد درجہ کا محتاط۔

راکھ تک بھی ضائع ہونے نہیں دیتا۔

سیدنا مختار ﷺ کا یہ مطلب ہے کہ اللہ رب العالمین کی مملکت میں میرے آقا روحی فداہ ﷺ مختار ہیں۔ و ما علینا الا البلاغ

سیدنا مُختارٌ ﷺ

مختار وہ ہے جو دین، دنیا اور آخرت میں مختار ہے۔

تن و من کی مملکت میں مالک کا راج ہوتا ہے اور مختار کا دستور۔

و ما علینا الا البلاغ

اول و آخر

ظاہر و باطن

دو جگ کے سردار کالی کملی والے سیدنا محمد ﷺ

جنت و دوزخ تو بندوں کے اعمال ہوتے ہیں۔

اللہ اور اللہ کے حبیب ﷺ تو تیرے ساتھ رہتے ہیں

اور پاس ..... اور کافی ہوتے ہیں۔

جب تک تو نے اپنے رب کو اور رب کے حبیب (ﷺ) کو اول آخر، ظاہر باطن، آگے پیچھے، دائیں بائیں، نیچے اوپر نہیں پہچانا، گویا کچھ بھی نہیں مانا۔

اللہ اول و آخر و ظاہر و باطن

میرے آقا روحی فداہ ﷺ بھی

اول و آخر و ظاہر و باطن ہیں۔

تیری قسم!

تو ہی اول، تو ہی آخر

تو ہی ظاہر، تو ہی باطن ہے!

ارض و سماء کے مابین کے خزائن کے مفتاح

حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔

اللہ معطی اور اللہ کے حبیب اقدس ﷺ قاسم ہیں،

قَاسِمُ الْخَیْرَاتُ الْحَسَنَۃ

○ اِنَّمَآ اَنَا قَاسِمٌ وَ اللّٰہُ یُعْطِیْ

میں تو تقسیم کرتا ہوں اور عطا کرنے والا اللہ ہی ہے۔

(معاویہؓ، بخاریؒ و مسلمؒ)

اللہ عطا کرتے ہیں حضور اقدس ﷺ تقسیم کرتے ہیں۔

قَاسِمُ الْخَیْرَاتُ الْحَسَنَہ ﷺ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ

منبعِ سرِّ نبوت

ہر نعمت کے قاسم اور

ہر ولایت کا سرچشمہ

مبارکاً مکرماً مشرفاً

سیدنا قَاسِمٌ ﷺ

میرے اللہ جو بھی چیز کسی کو عنایت فرماتے ہیں میرے آقا روحی فداہ ﷺ اس عنایت کو تقسیم فرماتے ہیں۔

اللہ ہر کسی کو ہر وقت ہر چیز عنایت فرماتے رہتے ہیں اور یہ عنایت ازل سے شروع ہے اور لبد تک رہے گی۔

اللہ معطی ہے اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ قاسم الخیرات الحسنہ

قاسم کا معطی کے ہمراہ رہنا لازم و ملزوم

قاسم کا معطی کے پاس حاضر رہنا ہر وقت ضروری ہے۔ جب بھی معطی کسی کو کوئی شے عطا کرے، قاسم کا تقسیم کے لیے حاضر ہونا ضروری ہے۔ اللہ ہر وقت اپنی مخلوق کو لاتعداد عطیات عنایت کرتے رہتے ہیں اور حضور اقدس ﷺ انہیں تقسیم فرماتے رہتے ہیں کوئی بھی دَم خالی نہیں گزرتا۔

رزق اللہ دیتا ہے،

میرے آقا روحی فداہ ﷺ تقسیم فرماتے ہیں۔

قاسم الخیرات الحسنہ ﷺ کی خیرات لوگوں کو کھلاتے ہیں
بچی کھچی ہم بھی کھاتے ہیں
کوئی بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔
میرے آقا روحی فداہ ﷺ!
آپ کے جُود و کرم ہی سے ہر عنایت تقسیم ہوتی ہے
یا قاسم الخیرات الحسنہ!

سیدنا اُمّیؐ ﷺ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ نے کسی سے بھی کوئی علم نہیں پڑھا لیکن کل کائنات کو پڑھایا۔

وَ مَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّ لَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ○

(العنکبوت:۴۸)

ترجمہ: اور (اے محمد ﷺ) آپ اس سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اسے اپنے ہاتھ سے لکھ ہی سکتے تھے۔ ایسا ہوتا تو اہلِ باطل ضرور شک کرتے۔

کل کائنات کے رسول اکرم ﷺ ..... اُمّی
کمال کی حد نہیں تو کیا ہے؟
بے مثل نہیں تو کیوں نہیں؟

سیدنا اُمّیؐ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ وھبی علوم کی انتہا۔
جسے جو بھی وھبی علم عنایت ہوا،
تیرے ہی در سے ہوا۔ سیدنا اُمّیؐ ﷺ
غیر مسلم مفکرین کے لیے 'اُمّی' نبوت کی سب سے بڑی دلیل ہے۔
ایک اُمّی نے اہتمام و انصرام کی بدولت فنکاروں کو مات کر دیا۔
ہر راہب نے، ہندو ہو یا غیر، من و عَن تصدیق کی
میرے آقا روحی فداہ ﷺ جگت گرو ہیں۔

کشفُ الاحیا:

بابا گورو نانک دیو جی نے اپنی کتاب 'گرنتھ صاحب' کی اس طرح ابتدا کی۔

پہلا نام خدا دا — دوجا نام رسول ﷺ
کلمہ پڑھ توں نانکا — جو درگاہ ہووے قبول

نیز یہ بھی کہا

باہجوں محمد ﷺ بھگت (کی بھگتی) اضائیں جائے۔
'گرنتھ صاحب' مغلیہ خاندان کے ابتدائی دورِ حکومت میں لکھا گیا۔

سیدنا کَلِیمؐ

روح سے روحی کی ہمکلامی میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کے فیضانِ فیض کی عنایت ہوتی ہے۔

سیدنا کلیم ﷺ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہر وقت طالبانِ طریقت کو ظاہر و باطن میں کلام سے مستفیض فرماتے رہتے ہیں۔

سیدنا حَبِیبٌ ﷺ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ اپنے محبان کو محبت سے سرشار فرماتے رہتے ہیں۔

سیدنا رَحْمَةٌ ﷺ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی رحمت کل کائنات پہ حاوی۔ منکرین بھی رحمت سے محروم نہیں۔ ہر حال میں ہر وقت رحمت نچھاور فرماتے رہتے ہیں۔ اگر ان ﷺ کی رحمت نہ ہوتی، کسی کو بھی کسی کا کوئی آسرا نہ ہوتا، دربدر پھرتے، بھٹکتے مگر کوئی امان نہ پاتے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

تیری رحمت یا رحمتہ للعالمین! کل کائنات پہ محیط اور کوئی بھی مخلوق اس سے مستغنی نہیں، منکر بھی نہیں۔

منکر کو نوازش ہی نے نوازا، یا رحمتہ للعالمین ﷺ!

منکر کے انکار نے جب حقیقت کو پہچانا،

صدیقیت میں تبدیل ہوا۔

یا رحمتہ للعالمین ﷺ!

تیری رحمت کو پکارنا کوئی معمولی بات ہے!

ہر اعلیٰ سے اعلیٰ، ہر افضل سے افضل۔

تیری رحمت کی آغوش میں ہر کسی نے اماں پائی

خمرے حَقْ سِرُّہٗ کا راگ الاپنے لگے۔

مور ویرانوں سے نکل کر بستیوں میں رقص کرنے لگے۔ جو کبھی نہیں مسکرائے، مسکرانے لگے۔ مدہوش، ہوش میں آنے لگے۔ جذب و سلوک کی موافقت پھر سے قائم ہونے لگی۔ جس سمندر میں تلاطم برپا تھا، پُرسکون ہونے لگا۔ ساحل پہ طیور خوش آمدید کا پیغام سنانے لگے۔

یا رب حق یا رحمۃ للعالمین ﷺ

انشر علی من رحمتک آمین

رحمت میں زحمت کا باب نہیں ہوتا

رحمت تیری طرف سے، زحمت نفس کی طرف سے۔

تیری رحمت کا تذکرہ اَن گنت صفحات پر مشتمل

تلخیص قصد السبیل

تیری رحمت ہی نے راہزن کو رہنما بنانے کی سبیل بتائی۔

رحمت ہی نے بتایا وہ دنیا فانی تھی، یہ باقی

اس میں جو بھی الجھا، الجھ گیا۔

تیری ذات قدس اور تیرے حبیب اقدس ﷺ کے کرم کا شکریہ،

ہمیں مرنے جینے کا ڈھنگ بتادیا اور سکھلادیا۔

بے حد شکریہ۔ لاتعداد بار شکریہ۔ تادوام قیام شکریہ

کشمکشِ دہر سے نجات ..... مرنے جینے کا راز

جو مرا نہیں ..... جیا بھی نہیں

جو رویا نہیں ..... ہنسا بھی نہیں

رونے والے ہی نے ہنسنا سکھایا۔

ہستی دہر پہ جی بھر کے رو، پھر جی بھر کے ہنس

اور یہی رونے ہنسنے کا راز ہے۔

بات بات ہنسنے والے! کبھی روئے بھی ہو؟

رونا ہی اصل ہنسنا ہے۔

○ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ حضور ابو القاسم ﷺ نے فرمایا:

'قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم اس چیز کو معلوم کر لو جس کو میں جانتا ہوں تو تم زیادہ روؤ اور بہت کم ہنسو۔' (بخاریؒ)

کس بات پہ کیا ہنستے ہو؟

یہ دنیا ہنسنے کا مقام نہیں

آخرت میں رونا ہی رونا ہے مگر جسے وہ ہنسائیں۔

یہ دنیا ہنسنے کا مقام نہیں توبہ کا ہے،

مت ہنسا کرو۔

بات بات پہ توبہ کیا کرو۔

یہ دنیا رونے کا مقام نہیں، ہنسنے کا بھی نہیں،

فکر کا ہے اور عبرت کا۔

اللہ ھادی ہے،
میرے آقا روحی فداہ ﷺ مھدی۔
ہدایت دیا کرو۔

اگرچہ بندوں کو ایمان و یقین کی تلقین کی گئی ہے، تیری ارادت کے بغیر کوئی بھی بندہ ہدایت پہ قدرت نہیں رکھتا۔ ہدایت معطی کی عنایت ہوتی ہے۔

○ حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ان حدیثوں کے سلسلہ میں جو آپ ﷺ اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر سے روایت کرتے تھے، فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے بندو! میں نے اپنے نفس پر ظلم کو حرام قرار دیا ہے اور تمہارے درمیان بھی ظلم کو حرام قرار دیا ہے۔ پس تم آپس میں ظلم نہ کرو۔

اے میرے بندو! تم سب کے سب گمراہ ہو مگر وہ شخص راہِ راست پر ہے جس کو میں نے ہدایت دی۔ پس تم مجھ سے ہدایت مانگو، میں تمہیں ہدایت دوں گا۔

اے میرے بندو! تم سب کے سب بھوکے ہو مگر وہ شخص جس کو میں کھلاؤں پس تم مجھ سے روزی مانگو، میں تمہیں روزی دوں گا۔

اے میرے بندو! تم سب کے سب ننگے ہو مگر وہ جس کو میں نے پہننے کے لیے دیا۔ پس تم مجھ سے لباس مانگو، میں تمہیں پہناؤں گا۔

اے میرے بندو! اگر تم دن میں اور رات میں اکثر خطائیں کرتے رہتے ہو تو میں تمہارے سارے گناہ بخشتا ہوں پس تم مجھ سے بخشش مانگو، میں تمہیں بخش دوں گا۔

اے میرے بندو! اگر تم گناہ کر کے مجھ کو ضرر پہنچانا چاہو گے تو ہرگز ضرر نہ پہنچا سکو گے اور اگر نیک کام کر کے مجھے فائدہ پہنچانا چاہو گے تو ہرگز نفع نہ پہنچا سکو گے

یعنی تمہارے گناہ کرنے اور اطاعت گزار بننے سے مجھے کوئی فائدہ یا ضرر نہ پہنچے گا۔

اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے اور تمہارے پچھلے اور تمہارے انسان اور جنّ (یعنی سب مخلوق) ایک نہایت ہی پرہیزگار شخص کی مانند ہو جائیں (جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام) تو میری ملکیت میں اس سے کچھ بھی اضافہ نہ ہوگا۔

اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے انسان اور تمہارے جنّ (یعنی ساری مخلوق) ایک بدتر اور فاجر شخص کی مانند ہو جائیں (جیسے شیطان) تو اس سے میری ملکیت میں کچھ کمی نہ ہوگی۔

اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے انسان اور تمہارے جنّ سب کے سب ایک جگہ کھڑے ہو جائیں اور پھر مجھ سے مانگیں اور میں ہر کسی کو اس کے مانگنے کے موافق دوں تو میرا یہ دینا اس چیز میں سے جو میرے پاس ہے اتنا بھی کم نہیں کرے گا جتنا کہ سوئی دریا میں گر کر اس کے پانی کو کم کرتی ہے۔

○ اے میرے بندو! میں تمہارے اعمال کو یاد رکھتا ہوں اور لکھتا ہوں اور تمہیں ان کا پورا پورا بدلہ دوں گا۔ پس جو شخص بھلائی پائے اسے چاہیے کہ وہ اللہ کی تعریف کرے۔ پس جو شخص بھلائی کے برعکس کوئی دوسری چیز پائے (یعنی ایذا و نقصان وغیرہ) پس وہ اپنے نفس کو ملامت کرے کہ یہ اسی کا فعل ہے۔ (صحیح مسلم جلد ۲، ص ۳۱۹)

○ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک جہاد میں ہم لوگ حضور اقدس ﷺ کے ہمراہ تھے۔ آپ ﷺ کا گزر کچھ لوگوں کے قریب سے ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ کون لوگ ہیں؟ ہم نے عرض کیا یہ مسلمان ہیں۔ ان میں ایک عورت تھی جو تنور میں آگ سلگا رہی تھی اور اس کے پاس اس کا ایک بچہ بھی تھا۔ جب تنور آگ سے روشن ہو

گیا تو اس نے اپنا چہ اس سے دور کر دیا۔ پھر وہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا

آپ اللہ کے رسول ﷺ ہیں؟

آپ ﷺ نے فرمایا، ہاں۔

اس نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں کیا اللہ تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا نہیں ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔

اس نے عرض کیا جتنا ماں اپنے بچے پہ رحم کرتی ہے اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ اپنے بندوں پر رحم نہیں کرے گا؟

آپ ﷺ نے فرمایا ہاں کرے گا۔

اس نے عرض کیا کہ ماں تو اپنے بچے کو آگ میں نہیں ڈالتی۔

(اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دوزخ میں کیسے ڈال دے گا؟)

حضور اقدس ﷺ نے (یہ سن کر) سر مبارک جھکا لیا اور رونے لگے۔ پھر سر مبارک اٹھایا، اس کی طرف دیکھا اور فرمایا:

'اللہ تعالیٰ اپنے انہی بندوں کو عذاب دے گا جنہوں نے
اس کی نافرمانی کی ہو گی اور سرکشی پر کمر باندھی ہو گی
اور جنہوں نے لا الہ الا اللہ کہنے سے انکار کیا ہو گا۔

(سنن ابن ماجہ ص ۳۱۸)

ھادی رہنمائی فرماتے ہیں اور

مھدی ..... پیشوائی۔

نہ ہدایت کی انتہا نہ پیشوائی کی،

ہمہ وقت جاری۔

ھادی ساتھ ہے اور مھدی،

پھر کوئی ڈر نہیں۔

ھادی کی ہدایت اور

مھدی کی عاطفت کافی اور وافی۔

اللہ ھادی ہے اور

مہدی رسول اللہ ﷺ۔

اور مہدی ہی نے دنیا کو بتایا کہ اللہ ھادی ہے،

اور قرآن کریم کتابُ الھدی۔

مہدی کی اقتدا ھادی ہی کی اقتدا ہے۔

جہاں بھی رہا، ھادی ساتھ رہا،

ھادی نے ہدایت کی حد مکادی!

دینِ اسلام کا ھادی ..... اللہ

اور کتاب ..... قرآنِ عظیم

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سنّتِ مطہرہ قرآنِ عظیم کی عملی تفسیر۔ و ما علینا الا البلاغ

قرآن ..... کریم ہے
ہدایت کا منبع
ہر معمے کا حل
ہر منزل کا ھادی
ھادی .... زندگی کا رہنما
اگر مگر .... انکار
رہنمائی کا انکار مت کر

O حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا :
'قوی مومن بہتر اور افضل ہے اور اللہ عزوجل کو محبوب ہے ضعیف مومن سے۔ اور ہر نفع دینے والی بھلائی کو حرص سے حاصل کر اور اپنے نفس سے عاجز نہ ہو پھر اگر تجھ پر کوئی بات غلبہ پالے تو پڑھ :

قدر اللہ و ماشاء صنع O

(مقدر فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے اور اس نے جو چاہا، کیا)

تم شیطان کے وسوسوں سے بچے رہو گے۔

اور 'اگر مگر' سے بچ اس لیے کہ اگر مگر کرنا شیطان کے کام کے لیے راہ کھولنا ہے۔

(عمل الیوم واللیلۃ لابن سنیؒ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۲۰۵)

اِس طریقت میں 'اگر مگر' کی گنجائش نہیں ہوتی
انحراف مت کر۔ من و عن تسلیم کر۔
و ما علینا الا البلاغ۔

منازلِ سائرہ

جملہ مذاہب وادیان کا خلاصہ

- میرے آقا روحی فداہ ﷺ
- قرآنِ عظیم

ھادی کی ہدایات ہی پہ کاربند رہنا
کسی بھی قسم کا انحراف نہ کرنا، کامیابی کی اصل ہے۔
حرف حرف پڑھ لکھو کھ ہا صفحات کی گردانی کر
جس نے بھی کسی منزل کو طے کیا، ھادی ہی کی محبت سے طے کیا۔
اور ہر تذکرہ مھدی ہی کی محبت کا تذکرہ ہے۔
میرے مھدی روحی فداہ ﷺ کی راہ میں چلنے والوں کی گردو غبار میری آنکھوں کا سرمہ ہے۔ماشاء اللہ۔
قرآن کریم کا ہر حکم عین حکمت پہ مبنی اور سب بندوں کی بھلائی کے لیے ہوتا ہے۔ سُنّت نے حکم کی تائید کی، ضمیر نے تصدیق کی، تبا پھر کیا شک باقی رہا؟
کیا لینے آئے تھے اور کیا لے چلے؟ کیا کرنے آئے تھے اور کیا کر چلے؟ کیا چھوڑنے آئے تھے اور کیا چھوڑ چلے؟ کیا بننے آئے تھے اور کیا بن چلے؟

کسی کا یہ عذر کہ اسے اچھے برے کی خبر نہ تھی، کیسے قبول ہوگا؟

جب کہ تمہیں سمجھانے کے لیے سہل ترین زبان میں قرآن کریم نازل کیا گیا، امر و نہی اور حلال و حرام کی مؤثر ترین انداز میں وضاحت کی گئی، حضور اقدس ﷺ کی سیرتِ طیبہ کا مثالی نمونہ پیش کیا گیا اور ان سب کے ساتھ ساتھ 'ضمیر' کی میزان ہر کسی کے اندر رکھی گئی جو خیر و شر کی نشاندہی کرتی ہے .... تو کسی کا یہ کہنا کہ مجھے اس برائی کا علم ہی نہ تھا، ایسا عذر گناہ ہے جو ارتکابِ گناہ سے بدتر ہے۔

لا حول و لا قوۃ الا باللہ کو دل سے تسلیم کر اور توبہ کر

بیشک اللہ رحیم ودود اور تواب الغفور ہے۔

کسی کو پوچھنے کی ضرورت نہیں... اللہ رب العالمین نے اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ نے ہر نیکی اور ہر بدی کی ہر بات پوری وضاحت سے بیان فرمادی۔ بندہ نیکی اور بدی کی ہر بات جانتا ہے اور ضمیر اسے بتاتا ہے، کرنا نہ کرنا اس کے یا اللہ کے بس میں ہے۔ تلقین جاری رہتی ہے، جاری رہے گی۔

طریقت کے اسباق ہر وقت جاری رہتے ہیں،

اِسی طرح خناس کی مخالفت۔

خناس کبھی اس کی موافقت نہیں کرتا، مخالفت کرتا رہتا ہے۔

اوڑک مجبور ہو کر چپ ہو جاتا ہے۔

خناس کے منہ میں خاک .... اور

طریقت میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے فیضانِ فیض کی روح۔

میرے اللہ کی ذات

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی صفات

قرآنِ کریم اور سُنّتِ مطہرہ میں تو ہے

ہم میں سے کسی میں بھی نہیں پائی جاتی

جانتے سب ہیں مانتا کوئی نہیں۔ سو میں سے ایک بھی نہیں۔

بتا پھر ہمارا کیا حال ہے؟

جو باتیں قطعی منع ہیں کوئی ان سے باز نہیں رہتا۔

قابلِ فکر یہ بات ہے اور ایسی باتیں ہیں۔ اس پہ ہم میں سے کوئی جتنا بھی فکر کرے، کم ہے۔

فکر تنہا نہیں ہوتا، ذکر ساتھ ہوتا ہے۔

فکر ..... ہر سوال کا حل

ذکر ..... ہر قصد کی سبیل

میرے اللہ عزوجل ذوالجلال والاکرام بدیع السموت والارض

رَبُّ الْعَالَمِیْن

میرے آقا روحی فداہ ﷺ

رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِیْن

اللہ کی کتاب قرآنِ حکیم و کریم و عظیم و مجید

ذِکْرٌ لِّلْعَالَمِیْن

ہمارے رسول ﷺ اقدس واکمل، اکرم واجمل، اطیب واطہر، سرورِ کائنات فخرِ موجودات، سید المرسلین، رحمتہ للعالمین، شفیع المذنبین، خاتم النبیین، حبیبِ کردگار، مولائے غمگسار، طہ، یس، مزمل، مدثر، حم، طسم، روحی فداہ ﷺ کی رحمت کل عالمین پہ محیط ہے اور کل عالمین حضور اقدس ﷺ کے دامنِ رحمت میں سما سکتے ہیں اور حضور اقدس ﷺ کے دامنِ رحمت کی وسعت کی کوئی انتہا نہیں اور اللہ کے سوا کسی کے بھی فہم وادراک میں نہیں آسکتی۔ حضور اقدس ﷺ کی وکالت و کفالت سے بندہ جب اپنے گناہوں کی بخشش کے لیے اللہ کے حضور میں سجدہ ریز ہوتا ہے، بخش دیا جاتا ہے اگرچہ اس کے گناہ ریت کے ذروں سے بھی زیادہ ہوں۔ حضور اقدس ﷺ کی شفاعت نجات کا واحد موجب ہے۔

و ما علینا الا البلاغ!

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا بِحُرْمَۃِ حَبِیْبِکَ ﷺ، آمین۔

تیرے حبیب اقدس ﷺ کی رحمت کو جب بھی کسی مکروب نے پکارا، آغوش میں لے لیا۔ یاوری کی، دستگیری فرمائی اور کرم کی حد کردی۔ سائل کبھی مایوس نہ ہوا۔ نامراد نہ لوٹا، خالی ہاتھ نہ پلٹا، محروم نہ رہا۔ سائل کو محروم رکھنا تیری شان کے شایاں ہی نہیں۔

بدی جب زمین و آسمان میں چھا جاتی ہے، تل دھرنے کو بھی جگہ باقی نہیں رہتی، گناہوں کے انبار نظر آنے لگتے ہیں، ڈوب جانے کے تمام آثار نظر آنے لگتے ہیں.... میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی رحمت و جود و کرم کے انوار نظر آنے لگتے ہیں اور کالی کملی میں چھپا لیتے ہیں۔

بحرِ ظلمت میں ڈوبا ہوا انسان جب قطعی ناامید ہو جاتا ہے، زندگی کے کوئی آثار باقی نہیں رہتے، اللہ رب العالمین کی رحمت اور میرے آقا و حی فداہ ﷺ کی شفقت کی غیرت (گوارا نہیں کرتی.... کر سکتی ہی نہیں کہ وہ ڈوب جائے) کبھی ڈوبنے نہیں دیتی۔

"اے خدا اور اے خدا کے پیارے رسول ﷺ!

بیشک مجھ سے غلطیاں سرزد ہوئیں۔ میں نے اپنی غلطیوں کو تسلیم کیا اور تیرے اور تیرے رسول ﷺ کی پاس چلی آئی اور میں نے باغی بن کر تجھ سے اور تیرے رسول ﷺ سے منہ نہیں موڑا کیونکہ تو اور تیرا رسول ﷺ مجھے دنیا کی ہر چیز سے پیارا ہے۔ میرا ایمان ہے کہ تو معاف کرنے والوں میں بہتر معاف کرنے والا ہے۔

اے خدا! تو خیر الوارثین ہونے کا دعویدار ہے۔ پس ہمارا وارث بن۔"

○

اللہ ..... رب العالمین

میرے آقا و حی فداہ ﷺ .....رحمتہ للعالمین

جہاں رب ہے، وہاں رحمت ہے

○

"بندے بنتے رہیں گے اور مرتے رہیں گے۔ تیری رحمت کا یہ فیض سدا جاری رہے گا حتی کہ اسرافیل صور پھونکے"۔

○

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کا 'آپریشن آرڈر' سراسر رحمت پہ موقوف۔

○ کسی بیمار کو کچھ نہیں کہنا

○ کسی اپاہج کو کچھ نہیں کہنا

○ کسی اندھے کو کچھ نہیں کہنا

○ جو دوڑ کر اپنا دروازہ بند کر لے اسے کچھ نہیں کہنا

○ جو ابو سفیان کے گھر میں آجائے اسے کچھ نہیں کہنا

○ جو ایمان لے آئے اسے کچھ نہیں کہنا

کوئی بدبخت ہو تو ہو

عالمِ رحمت ہر وقت ہر کسی پہ لاگو!

یا رحمتہً لّلعالمین ﷺ!

اٹھارہ (۱۸) ہزار عالم تیری رحمت کے آغوش میں پل اور چل رہا ہے۔

تیرا دربار، یا رحمتہ للعالمین ﷺ، بلا تمیز مخلوق عام کے لیے کھلا رہتا ہے۔

کبھی بند نہیں ہوتا۔ تیرا در کائنات کے لیے رحمت کی کنجی۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ! تیرے در سے کبھی کوئی خالی نہ لوٹا ..... منکر بھی نہیں۔

ایک نے اپنا حال بیان کرتے ہوئے بتایا کہ جب اس کی مرمت ہونے لگی، کوئی حیلہ یاد نہ آیا۔ تھرا کر بولا:

اَغِثْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللہ ﷺ

یہ کہنے ہی کی دیر تھی کہ حال بدل گیا۔ ماشاء اللہ!

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سفارش و شفاعت ہی پہ ہر کام سرانجام پایا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ط

روتے تھے، ہنسنے لگے۔

یَا رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْن ﷺ

جب بھی کسی مکروب نے تیری رحمت کو پکارا،

ہر درد کی دوا بن گئی اور شفا بن گئی

قضا کے لیے ایک دعا بن گئی اور

مُژدۂ جانفزا بن گئی۔

سیدنا کَرِیْم ﷺ

بیماری نے کہا کہ وہ جانے کی نہیں، شرمندہ و کر لوٹ گئی

ناداری نے کہا کہ وہ ہٹنے کی نہیں، خجل ہو کر بھاگ گئی

قضا نے کہا کہ وہ ٹلنے کی نہیں، ٹل گئی

تیری بارگاہِ عالیہ میں تیرے حبیب اقدس و اکمل اطیب و اطہر ﷺ کے لطف و احسان کے فیض و کرم سے ارض و سماء کی ہر بلا نادم ہو کر، دم گھٹ کر مٹ جاتی ہے۔ ماشاء اللہ!

قضا کا ٹلنا اگرچہ حکمت و قدرت ہی پہ موقوف ہوتا ہے پھر بھی میرے آقا قاسم الخیرات الحسنہ روحی فداہ ﷺ ہی کی کمال سفارش و شفاعت کی عنایت سے رحمت، قضا کو لپیٹ کر اجل کی پیٹی میں بند کر دیتی ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سفارش و شفاعت سے قدر بدل دی جاتی ہے۔

بگڑی ہوئی بات کو بنانا

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کی رحمت کی شفاعت پہ موقوف ہوتا ہے۔

کسی قدر کو بلند کرنا، بلند تر کرنا، قادر المقتدر کی عین رضا کے مطابق عنایت ہوتا ہے اور حضور اقدس ﷺ کی سفارش و شفاعت پر منحصر۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

تیرے ہی بنانے سے کوئی گل بنتی ہے، اپنے آپ نہیں۔

نیکی و بدی کے مابین روز ازل سے کشمکش جاری ہے اور لبد تک جاری رہے گی۔

کبھی نیکی کا پلڑا بھاری ہو جاتا ہے کبھی بدی کا۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہر نیکی کا منبع اور ہر برائی کی روک ہیں۔

سیدنا اَلْمُنْتَهِرُ ﷺ

ہمارے سردار (برائی پر) سختی سے ڈانٹنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ ﷺ پر۔

○ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ ابو جہل آیا اور اس نے کہا (اے محمد ﷺ!) کیا میں نے تجھے روکا نہیں تھا؟ (کعبۃ اللہ میں نماز پڑھنے سے) آپ ﷺ نے اس کو ڈانٹ دیا۔

ابو جہل بولا: اے محمد ﷺ! تو مجھے ڈانٹ رہا ہے۔ اللہ کی قسم! تو جانتا ہے کہ مکہ میں جتنے میرے ساتھی ہیں، اتنے کسی اور کے نہیں۔ اس وقت

جبریل علیہ السلام یہ آیت لے کر آئے :

فلیدع ناديه ....(العلق:۱۷)

(وہ اپنے ساتھیوں کو بلالے)

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں اللہ کی قسم !اگر وہ اپنے ساتھیوں کو بلاتا تو اللہ کے عذاب کرنے والے فرشتے اس کو جھپٹ لیتے۔

(مسند احمد /اسماء النبی الکریم ﷺ ج ۵، ص ۱۹۱۲)

O

اَحَد کو اَحَد مان

اُحِید ﷺ کو پہچان

ے لوگوں کو دوزخ سے دور رکھنے والے

مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ط

جزا کا دن بھی تیرا بڑا دن ہو گا اور دیکھنے کی چیز ہو گا! ذرے ذرے کا حساب ہوتا ہو گا۔ ساری دنیا کانپتی ہو گی۔ پانی کو ترستی ہو گی۔ کہیں کوئی سایہ نہ ہو گا۔ اس پل صراط سے گزرنا بڑا ہی مشکل ہو گا۔ جو بھی کیا، سامنے آئے گا۔ کوئی بھی شے پوشیدہ نہ ہو گی۔ اعضا بول بول کر شاہد بن کر آئیں گے۔ خَلق بیچاری دھڑا دھڑ گرتی پڑتی لڑکھڑاتی، بلوں پر بل کھاتی، نہ معلوم کہاں جاتی ہو گی! کسی کا بھی کوئی پرسانِ حال نہ ہو گا!

ہر کوئی زبانِ حال سے یہ ضرور اقرار کرتا ہو گا کیا ہم دنیا میں آئے اور

کیا کام کیے! کیا خوب ہوتا اللہ کے لیے جیتے اور اللہ ہی کے لیے مرتے! اور آج کے دن ندامت کا سامنا نہ ہوتا!"

کسی پُرسانِ حال کا انتظار ضرور ہوگا
جن کے لیے بنائی تھی وہی پُرسانِ حال ہوں گے

شافعِ محشر ﷺ دوزخ سے نکال نکال کر جنت میں داخل کرتے ہوں گے اور ساقیٔ کوثر ﷺ پیاسوں کے لیے کوثر کے دریا بہاتے ہوں گے۔

حوضِ کوثر: جو ایک بار پی لیتا ہے اسے کبھی پیاس نہیں لگتی۔ اس پہ عرش ہے اور اس کے ساقی میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

کسی کو سرکار مت کہا کرو۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کائنات کی سرکار ہیں۔

'میری سرکار' کہنا میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کے شایانِ شان ہے۔ وہی ہم سب کی سرکار ہیں۔ کسی اور کو 'سرکار' کہنا زیب نہیں دیتا۔

مجھے سرکار مت کہا کرو۔

اَنَا عَبْدٌ مُذْنِبٌ ذَلِیْلٌ ط

مجھے آقا مت کہا کرو

میں کسی کا بھی آقا نہیں

وہ اور وہی میرے آقا (روحی فداہ ﷺ) ہیں۔

غلام جو تیری نظروں میں کوئی وقعت نہیں رکھتا، اہم ترین، قریب ترین اور نازک ترین منصب پہ فائز ہوتا ہے۔

قرب کا جو شرف غلام کو حاصل ہوتا ہے، کسی دوسرے کو نہیں۔

غلام کیسا بھی ہو، مالک کی نسبت سے ذی وقار ہوتا ہے۔ اگر وفادار ہو تو مالک کے ملک میں مختار ہوتا ہے۔

غلام کی عزت مالک ہی کی عزت متصوّر ہوتی ہے۔ غلام کی زندگی مالک کی داستان کا ایک باب ہوتی ہے۔

ایسے غلام کا ملنا نایاب نہیں تو آسان بھی نہیں۔

کوئی بھی کسی کا غلام نہیں، ہر کوئی اپنے ہی نفس کا غلام ہے۔

'آپ کا غلام' کہنے اور لکھنے کو ہم نے ایک شیوہ بنا لیا ہوا ہے۔ ہر کوئی ہر کسی کو اپنے تئیں غلام قرار دے کر مطمئن ہو جاتا ہے حالانکہ کہیں کوئی کبھی کسی کا غلام ہوتا ہے۔ البتہ ہر کوئی اپنے نفس کا ضرور غلام ہوتا ہے۔

غلام وہی ہوتے ہیں جو لبدی ہوتے ہیں، کبھی ناکام نہیں رہتے۔

لبدی غلام ..... فائز المرام

کوئی آقا اپنے کسی غلام کی تذلیل کبھی برداشت نہیں کرتا۔

میں اُن کا غلام ہوں،

میرا کوئی غلام نہیں.... ہو سکتا ہی نہیں!

یا اللہ! حضور اقدس و اکمل و اجمل و اکرم و اطیب و اطہر، طہٰ، یٰس، مزمل، مدثر روحی فداہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تیرے حبیب ﷺ اور تو اپنے حبیب ﷺ کا محبّ ہے۔ باقی کل کائنات تیرے در کی فقیر اور تیرے حبیب ﷺ کی غلام ہے۔ اِس سے زیادہ کسی کا بھی کوئی دعویٰ معتبر نہیں، گستاخی ہے!

اے بادشاہوں کے بادشاہ! تیرے حبیب ﷺ، تیرے ہی حبیب ہیں۔ ہمارا ان ﷺ کی محبت کا دعویٰ ہماری گستاخی نہیں تو کیا ہے؟ ہم کسی بھی حال میں ان ﷺ کی محبت کے معیار پہ کبھی پورا نہیں اتر سکتے البتہ ہم ان ﷺ کے غلاموں کے غلام ہو سکتے ہیں۔

غلام اگر وفادار ہو، محبوبیت کے مقام کا امین ہوتا ہے۔ بادشاہ اپنے جس بھی غلام سے چاہے محبت کر سکتا ہے لیکن غلام کا بادشاہ سے محبت کرنا، غلام کا اپنی جان جوکھوں میں ڈالنا ہے اور اس مضمون پہ یہ ختم الکلام ہے!

کسی غلام کا بادشاہ کی شہزادی سے محبت کرنا مشکل سے بھی مشکل ہے۔ جان جوکھوں کا کام نہیں تو کیا ہے؟

پتہ چل جائے ..... سولی پہ لٹکا دے

بادشاہ کی غیرت بھلا یہ گوارا کر سکتی ہے کہ شہزادی کی محبت کی بازی ایک غلام لے جائے۔

بادشاہ تو دور کی بات ہے خاکروب تک کو بھی گوارا نہیں۔

غلام بادشاہ کی شہزادی کے حضور میں شب و روز خدمت کے لیے حاضر و موجود رہتا ہے۔ چلمن سرکانے کی گستاخی کیونکر کر سکتا ہے؟ البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ انتہائی ادب کے باوجود نقش پا دیکھ پائے۔

"اوئے مٹی دیا بادیا! بتلا تو سہی کہ غلام بیچارہ کیسے جرأت کر سکتا ہے کہ مختار کے گھُنڈ کو اتارے؟ توبہ توبہ! مختار مختار ہوتا ہے۔"

یہ سن کر میرے آقا روحی فداہ ﷺ ضرور خوش ہوئے ہوں گے کہ اِس غلام لاچارے و بیچارے نے سچ کہا۔

آنکھ دیکھ سکتی ہے لیکن دیکھتی نہیں کہ یہ محبت کے آداب کے منافی ہے۔ وہ اسی طرح کرتے تھے۔

کیوں دیکھا؟ سراسر بے ادبی نہیں تو کیا ہے،
اگرچہ چلمن سرکا کر دیکھا!

حضور اقدس ﷺ کے حضور میں حاضر رہنا

محبت کی سب سے بڑی گستاخی

مبادا کسی نہ کسی انداز میں کوئی گستاخی سرزد ہو۔

نام سنتے ہی لوٹ پوٹ ہو جانا دیکھنے سے کہیں بہتر ہوتا ہے۔ دیکھنے کے لائق تو ہم ہیں ہی نہیں، سامنا کرنے کی جسارت نہیں رکھتے۔ کون سامنہ لے کر جائیں! جایا نہیں جاتا، یہ بھی ایک بہترین ادب ہے۔ ماشاء اللہ!

ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالنے کا کوئی متحمل نہیں۔ جس نے بھی دیکھا ردائے نبوت کی چلمن سرکا کر دیکھا۔

ادب نے جب بھی دیکھا، نعلینِ مبارک کے نقوشِ پاک کو دیکھا۔ دیکھ دیکھ کر دیکھنے کی حد کر دی!

محبّ (اپنے محبوب کی) محبت کا دعویدار ہوتا ہے اور محبت کی قبولیت و نامقبولیت سے کُلیتاً بے نیاز ہوتا ہے۔ محبّ پہ محبوب کی محبت کا غلبہ ہوتا ہے اور وہ اپنے محبوب کے سوا کسی اور شے سے کوئی دلچسپی نہیں رکھا کرتا اور نہ ہی دل کی دنیا میں کسی اور کو داخل ہونے دیا کرتا ہے۔

اللہ رب العالمین کے حبیب اقدس و اکمل و اکرم و اجمل و اطیب و اطہر، طہ یس، مزمل، مدثر ﷺ سے محبت کا دعویٰ بندے کی بے حد گستاخی ہے۔ بندہ اگر اپنے حال پہ غور کرے تو زیادہ سے زیادہ اپنے محبوب کے در کی خاکروبی کا دعویدار ہو سکتا ہے، محبوبیت کا نہیں۔ بندہ ان کی محبت کے کیا ناز اٹھا سکتا ہے؟ یہ کہہ:

'یہ رذیل و کمین اُن کے در کا خاکروب ہے اور یہ رتبہ بندے کے لیے دونوں جہانوں سے افضل ہے۔'

حضور اقدس ﷺ کی محبت کا مقام اہم ہے، نازک ہے، نہایت ہی نازک۔

طیب و مبارک محبت کا تذکرہ نگار خانۂ دہر میں قیامت تک زندہ و قائم رہتا ہے۔

حضرت مولانا جامیؒ فارسی کے مشہور شاعر اور سرکارِ دو عالم ﷺ کی محبت کے دعویدار ہو گزرے ہیں اپنے اشعار میں اپنے تئیں حضور اقدس ﷺ کا غلام لکھتے۔ ایک رات خواب میں حضور اقدس ﷺ نے فرمایا 'میرا غلام تو بلالؓ ہے'۔

اس کے بعد آپ نے اپنے تئیں کبھی غلام نہ لکھا۔

'غلامِ از غلامانِ محمد ﷺ' لکھتے۔

تو کہتا ہے: میں تیرا ہوں ..... کوئی معتبر نہیں

اُن کا یہ کہنا: کہ وہ میرا ہے ..... معتبر ہے۔

وفادار غلام وہ ہوتا ہے جسے خود مالک کہے کہ وہ اس کا غلام ہے۔

غلام اگر وفادار ہو، مالک کا قائم مقام ہوتا ہے۔

سعدؓ مولائے علی کرم اللہ وجہہ کا جانثار غلام تھا۔ شہزادہ کونین سیدنا امام حسینؓ کی حمایت میں شہید ہوا۔ مرحباً مکرماً مشرفاً

سعدؓ شہادت کی سعادت سے مسعود ہو کر اہلِ بیت میں شمار ہوا اور اس سے بڑھ کر کوئی اور درجہ نہیں۔

اسی طرح فیروزؓ شہزادۂ کونین سیدنا امام حسینؓ کا وفادار تھا حضور کے ہمراہ شہید ہوا۔ مرحباً مکرماً مشرفاً

فیروزؓ کا شمار اہلِ بیت میں ہوا اور یہ عطا کی حد ہے۔

محبت کے تو ہم لائق ہی نہیں، غلامی کے بھی نہیں۔ در کا غبار بننے کے بھی نہیں البتہ کوچے کی گرد بننے کے امیدوار ہیں۔

بندگی اور غلامی بندوں کے دو مایہ ناز مقامات ہیں، پر کسی ایک پہ بھی پورا نہیں اترتا۔

اللہ کا بندہ کہلاتا ہے، بندگی نہیں کرتا۔

حضور اقدس ﷺ کا غلام بنتا ہے، غلامی نہیں کرتا

حالانکہ بندگی اور غلامی کی بدولت ہی بندہ اشرف المخلوقات ہے۔

بندگی اور غلامی میں خواہش اور آزادی کا نام تک نہیں ہوتا۔ مالک کی ارادت کا پابند ہوتا ہے اور کبھی مخالفت نہیں کرتا۔ غلام بیچارے کی اپنی کوئی زندگی نہیں، مالک ہی کے بل پہ اِتراتا پھرتا ہے۔ کبھی ہنسا دیتے ہیں کبھی رُلا....

دونوں عارضی ہوتے ہیں، کسی خاطر میں نہیں لائے جاتے۔ ہنسانا اور رُلانا غلامی کے مقبول معمولات ہیں۔ غلام کی زندگی مالک ہی کے لیے وقف و مخصوص اور مالک کی زندگی کی عزت ہوتی ہے۔ معیاری ہو نہ ہو، نام کی لاج ضرور ہوتی ہے اور نام

کی لاج کو کبھی گرنے نہیں دیتے۔ کماحقہٗ کسی کی بھی معیاری نہیں ہوتی، نام ہی کی لج پالی جاتی ہے۔

تیرے نام کی لاج ہی زندگی کا آسرا ہوتی ہے۔ اسی لاج کی بدولت خاک نشین، شہ نشین کہلاتے ہیں ورنہ حقیقتاً خاکی خاک کا پُتلا اور خاک نشین ہوتا ہے۔

'خاک نشین' عبدیت کا موروثی مقام ہے۔

اگر کوئی غور کرے تو تاریخِ عالم کی ساری داستانیں مالک و غلام ہی کی داستانیں ہیں۔

کسی مالک کے پاس وفادار خادم سے بہتر کوئی سرمایہ نہیں ہوتا اور وفادار خادم کے دل میں اپنے مولا کی خوشنودی و رضا کے سوا اور کوئی طلب و تمنا نہیں ہوتی۔

اے اویکتائے زماں!

تیری نسبت ہم خاک نشینوں کے بڑے ہی کام آئی۔ ہر کسی کے کام آئی۔

دیکھنے میں تو کچھ بھی نہیں، تیرے بنائے ہوئے بہت کچھ ہیں۔

تیری نسبت بڑے ہی کام کی چیز ہے۔

تیری نسبت کے بغیر کوئی کسی کو پوچھتا تک نہیں

'کون میاں؟ تم کہاں سے ہو؟'

تیری پریت کے گیت ہم گاتے ہی رہیں گے۔

اے او یکتائے زماں!

تیری نظیر نہیں ملتی

نہ ہوا، نہ ہوگا۔

کیا یہ ناز کافی نہیں؟

صحرائی نسبت بڑے ہی کام کی چیز ہوتی ہے۔

من آنم کہ من دانم

(میں وہ ہوں کہ میں ہی جانتا ہوں)

نہ میری ذات نہ صفات،

تیرے نام ہی کی بستی بسائی ہوئی ہے،

اور اس نام ہی کی بین جائی ہوئی ہے۔

تیرے نام کا جام کبھی غافل ہونے نہیں دیتا،

ماسوا سے دور رکھتا ہے۔

مخفی اسماء کی تلاش میں لوگوں کی عمریں گزریں۔

ایک رندبولا: ہو نہ ہو یہ اللہ کے حبیب اقدس ﷺ کا نام ہوگا۔

واللہ اعلم بالصواب۔

ان ﷺ ہی کی بدولت یہ دنیا معرض وجود میں آئی

اور ان ہی کے نام کی برکت سے رواں دواں۔

تیرے نام کا واسطہ کبھی رد نہ ہوا

جسے بھی اماں ملی، تیرے نام ہی کی برکت سے ملی۔

میری یاد میں تو

میری پکار میں تو

میری فریاد میں تو

اور تو ہی میرا ملجا و ماوی ہے۔

ہر حال میں تو ہر قال میں تو
ہر دھیان میں تو ہر گمان میں تو
اور تو ہی تو

کُلیتاً بے نیازرہ کر اُن ہی کے گُن گاتے رہنا

اسے گوہرِ تاباں کہتے ہیں۔ یہ گوہر اس کی پیشانی پہ متمکن رہتا ہے۔
تیری نظروں میں کسی کی بھی شان کبھی نہ جچی۔
اللہ اللہ، ماشاء اللہ! بڑے بڑوں کو متحیر کر گئی۔
جب بھی مارا، تیری ہی اداؤں نے مارا
یارحمتہ للعالمین ﷺ!
تیری ناز بھری اداؤں اور قباؤں کا شکریہ، من کو لے دے گئیں۔
مطلوب سے طالب کو طلب اور محبوب سے محبّ کو محبت عنایت ہوا کرتی ہے۔

مطلوب اللہ اور محبوب رسول اللہ ﷺ ہیں۔
اللہ تعالیٰ جن مسلمانوں کو اپنے حبیب و خلیل ﷺ کی محبت کا عشق عطا کیا کرتا ہے، وہ فنا کے مقام سے گزر کر بقا کا مقام حاصل کر جاتے ہیں۔ اسی لیے فنا و بقا یہ دو مقام ایسے ہیں جہاں پر پہنچ کر انسان کی زندگی راحت ابدی محسوس کیا کرتی ہے اور یہی دو مقامات اہم کہلاتے ہیں۔

ایک نے کہا کہ اس کا حال بڑی ہی تیزی سے گزر رہا ہے۔ وہ یہ کہنا چاہتا ہے کہ عشق کی لذت انہی اشخاص کو نصیب ہو سکتی ہے جو سچے دل سے اپنی اس محبوب چیز کو حاصل کرنے کی تمنا رکھتے ہوں اور وہ حضور اقدس و اکمل ﷺ سے سچّی سُچّی اور اُچّی محبت ہے۔

پھر اللہ تبارک و تعالیٰ اپنی رقامت کے سلسلے میں اس مقبول امتی کا دل آئینہ نما کر دیا کرتے ہیں جس سے عرشِ عظیم کی کل کیفیتیں اس کے دل پہ منعکس (ظاہر) ہو سکیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکر و احسان ہے کہ حضور نبی کریم رؤف الرحیم ﷺ بھی اپنے اِس امتی کے حال کو ہمہ اوقات اپنی توجہ میں رکھتے ہیں۔

جس عاشق پہ اس کے محبوب (حضرت محمد رسول اللہ ﷺ) کی نظر ظاہر نہ ہو سکے وہ محبّ العاشق محبت کا عروجی مقام حاصل نہیں کر سکتا جس سے اس کی انسانیت اور بشریت دونوں خوشی کے پیغامات سنا سکیں۔

جو عاشق نبی کریم رؤوف الرحیم ﷺ کی زبان مبارک سے ارشادات نہ سن سکے، وہ مقبول امتی اُن کا مقرب و مصاحب و محبوب نہیں کہلا سکتا۔ و ما علینا الا البلاغ

النعمائے ربانیہ جب تک اپنی احسنیت سے ویسی صفات ظاہر نہ کریں وہ بقاء الحیات نہیں رہ سکتیں اور جو نعمتیں فنا کے مقام میں داخل ہو کر معدوم ہو جائیں وہ نعمتیں انعامِ الٰہی نہیں کہلا سکتیں۔

انعامِ الٰہی کی سب نعمتیں بقاء الحیات ہوتی ہیں اور فنا کے مقام میں داخل ہو کر بھی ہمیشہ اپنی اصلیت کی حقیقتیں ظاہر کرتی رہتی ہیں۔

یارانِ طریقت کا یہ عقیدہ حق الیقین پہ مبنی اور کسی بھی طرح کبھی جھٹلایا نہیں جا سکتا کہ ہمارے حضور اقدس ﷺ اپنی حیاتِ طیبہ کے ساتھ ویسی حقیقتیں اب بھی ظاہر کر سکتے ہیں جیسی کہ حضور اقدس ﷺ کی بشریت نے اس وقت ظاہر کی تھیں جس وقت کہ حضور اقدس ﷺ اس دنیا میں تمام لوگوں کو اپنے وجودِ مسعودِ انسانی کے ساتھ ظاہر آیا کرتے تھے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ اپنے محبان عاشقین اور محبوبانِ ملت کو ویسی اصلیت کے ساتھ اب بھی اپنی کلامِ بشریہ سے مستفیض فرمایا کرتے ہیں اور یہ مقام عنایتِ الٰہی ہے۔ کسبی نہیں، وھبی ہے۔ اپنی کوشش سے کوئی اس مقام پہ نہیں پہنچ سکتا اگرچہ سر کے بل کنویں میں لٹکے۔ اور میرے اللہ کی ہر عنایت غیر مشروط ہوتی ہے۔

اگر عنایت کسی بھی شرط کی مشروط ہوتی، عنایت کیسے کہلاتی؟

میرے اللہ جسے بھی جو چاہیں عنایت کریں۔ انہیں کوئی روکنے والا نہیں اور یہ عنایت ..... اللہ اللہ ماشاء اللہ! سب سے افضل سب سے بالا اور سب کی سردار ہے۔

میرے آقا! روحی فداہ، جانم فداہ ﷺ

آپ ﷺ کی محبت کے بعض ساز ایسے دلکش ہوتے ہیں جو وصل و فراق سے بے نیاز ہو کر زندگی بھر بجتے اور لبد لآباد قائم رہتے ہیں۔

مرحباً مکرماً مشرفاً

محبت کے آداب اور اسرار و رموز

بلالؓ سے پوچھ

اور

قرنیؓ سے پوچھ۔

محبت نے محبت کو بارہا آزمایا،

سرِ فہرست .... اویس قرنیؓ۔

ملنے آیا تھا ملاقات نہ ہو سکی مایوس لوٹا

اور قیامت تک تذکرۂ محبت کو جلا بخش گیا۔

مرحباً مکرماً مشرفاً

بن دیکھے مر مٹنے والے متوالوں کا مقام دیکھنے والوں سے کہیں بلند و بالا اور ارفع ہوتا ہے۔

○ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

'خوشخبری ہے اس کو جس نے مجھ کو دیکھا اور مجھ پہ ایمان لایا اور سات بار خوشخبری ہے اس کو جس نے مجھ کو نہیں دیکھا اور مجھ پہ ایمان لایا'۔

غیب پہ ایمان بہترین ایمان ہوتا ہے۔

دیکھ کر ایمان لانے والوں کو دیکھ کر ہی قبول کیا جاتا ہے۔

اپنے رب سے جو چاہے کہہ،
میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے حضور چپ رہ۔
محبوب کے حضور میں صرف محبت ہوتی ہے، معاملات نہیں۔
محبت کی تاریخ میں معاملات کا کوئی دخل نہیں ہوتا، محبت ہی کا رونا ہوتا ہے۔ جی بھر کر رونا مگر کچھ نہ کہنا بھی عین محبت کے انداز ہوتے ہیں۔
محبت کے بھی انداز بدل گئے اور ساز۔
محبت کا دعویٰ محبّ کا ہوتا ہے، محبوب کا نہیں۔ محبّ اپنے محبوب پہ اپنی جان وار دیتا ہے۔ محبوب مختار ہوتا ہے اپنے محبّ سے محبت کرے نہ کرے البتہ محبّ محبت سے کبھی باز نہیں رہتا اگرچہ آرے سے بھی چیر دیا جائے.... محبّ محبوب کی بے رخی پہ کبھی شکوہ نہیں کرتا، محبت ہی کی ادا سمجھتا ہے۔
محبّ کا محبوب بچپن سے بڑھاپے تک کبھی نہ ملے لیکن محبّ کی محبت میں رتی بھر فرق نہ آئے، وفا کی انتہا ہے۔
درِ جاناں کی محبت کا خمار کبھی کافور نہیں ہوتا، ہو سکتا ہی نہیں۔ وارد ہو کر رہتا ہے۔ اہلِ محبت اسے محبت ہی کی تاثیر کہتے ہیں۔
محبت، محبّ کے انگ انگ میں رچی ہوتی ہے۔ محبوب ہی محبت میں کارفرما۔
محبت کے پھول آنکھوں کے گملوں میں پرورش پاتے ہیں جو پلکوں کی حفاظت میں سینچے جاتے ہیں۔
محبت بڑوں بڑوں کو سر کر لیتی ہے۔ جو کسی سے سر نہیں ہوتے، محبت ان سب کو سر کر لیتی ہے۔ محبت کے آگے کوئی نہ ڈٹا نہ رکا۔ کسی نے اف تک نہ کی۔ جس

دل میں محبوب کا تصور آجاتا ہے، کایا پلٹ دیتا ہے۔ اپنے سوا پھر کسی اور کو کبھی اپنے دل میں رہنے نہیں دیتا۔

محبت کے انداز فتویٰ کے تابع نہیں ہوتے!

محبت جب آنے لگتی ہے، اللہ اللہ، تن کی دیواریں ہلا دیتی ہے۔ اینٹ سے اینٹ بجا دیتی ہے۔ کسی بھی شے کو قائم نہیں رہنے دیتی اور اپنی پسند کی ایک نئی بستی بسا کر ڈیرے جما لیتی ہے اور.... یہ ان کی محبت کا ازلی دستور ہے!

محبت کا دعویٰ آسان اور نبھانا مشکل ہے۔

جس پہ اُن کی نظر پڑ جاتی ہے دنیا بھر کی نظروں سے گر جاتا ہے۔ جتنا کوئی اُن کے قریب ہوتا ہے اتنا ہی مخلوق سے دور ہوتا ہے۔ اُن کی محبت کی رقابت یہ کبھی گوارا نہیں کرتی کہ ان کا محبّ و حبیب کسی دوسرے کا محبّ و حبیب ہو۔ مولائے کونین روحی فداہ ﷺ کی محبت کی کوئی داستان بتلا جو اِس اصول سے باہر ہو۔ محبت جب تام ہو جاتی ہے (جنّ و انس، چرند و پرند، درند و خزند میں) عام ہو جاتی ہے یہاں تک کہ حجر و شجر پہ بھی حاوی ہو جاتی ہے.... کسی محبت کا تام کے مقام کو حاصل کرنا عام کے اندازِ فکر سے کہیں بالا ہے! ماشاء اللہ!

اتباع اور محبت

کوئی اور کام کبھی کرنے نہیں دیتے

اپنے ہی کاموں میں محو و منہمک رکھتے ہیں۔

طاعت محبت کی شاھد اور معصیت کی موت ہے۔

طاعت میں قرب

قرب میں حال

محبت میں جذب اور جذب میں وصال ہے۔

طاعت اختیاری اور محبت غیر اختیاری ہے۔

حاکم کے حکم کی تعمیل اطاعت اور در جاناں پہ لٹ جانا محبت ہے۔

اعتماد و اتباع محبت پہ موقوف ہوتے ہیں، کسی اور چیز پہ نہیں۔

محبت کے بغیر اتباع ناممکن اور

اتباع کے بغیر محبت ایک غیر معتبر دعویٰ ہے۔

اللہ کے دین کا کوئی امر اور

اللہ کے حبیبِ اقدس ﷺ کی کوئی سُنّت قابلِ اعتراض نہیں،

تیرا کوئی کام قابلِ اعتراض نہ ہو۔

جس کار کا کاریگر حکم دے، اس کار کو کر۔ وہی کار آمد ہوتی ہے۔

جو کار کاری نہ ہو، اس سے بیکار رہنا بہتر ہے۔

سُنّت کے مطابق جینا عین عبادت ہے۔

حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

مَنْ اَحَبَّ سُنَّتِیْ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَ مَنْ اَحَبَّنِیْ فَکَانَ مَعِیَ فِی الْجَنَّۃِ ؕ

یعنی 'جس نے میری سنت سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جو مجھ سے محبت کرے گا وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔'

جو اطمینان و کیف مولائے کریم رؤف الرحیم ﷺ کی سنّتِ مطہرہ پہ عمل کرنے سے وارد ہوتا ہے کسی اور مجاہدے سے نہیں۔

ادب کی اصل فرمان کی تعمیل ہے۔

محبت کا ادب محبوب کے ارشاد کی تعمیل ہے۔

تیری مان کر پھر کسی اور کی کبھی نہ ماننا

تیرے ادب کا وہ دستور ہے جو کبھی نہیں بدلتا۔

جس نے بھی جو پایا آداب ہی کی بدولت پایا

زندگی کی ہر منزل .... ادب

اور اسی پہ استقامت .... انتہا ہے

اُن کے پاس کوئی بھی علم نہ تھا، اُمّی تھے۔ ادب ہی کی بدولت جملہ منازل طے کیں اور ہر مجلس میں سرِ فہرست رہے۔

الله لا اله الا هو الحی القیوم

جسم الوجود میں پڑھنا آسان

ادب .... مشکل ترین منزل۔

ادب ہی کی بدولت جملہ برکات کا نزول۔

ادب .... منہیات سے اجتناب

منہیات سے اجتناب .... اوامر کی تمہید

اوامر .... زندگی کا منشور

بندہ ہر شے کر سکتا ہے ہر قسم کے مجاہدہ کی تاب لا سکتا ہے، دن بھر روزہ رکھ سکتا ہے، شب بھر عبادت کر سکتا ہے، بھوک پیاس کی شدت برداشت کر سکتا ہے، بڑے سے بڑے واقعہ پہ صبر کر سکتا ہے، سرِبازار بِک سکتا ہے، قید و بند کی صعوبتیں جھیل سکتا ہے لیکن ادب کی میزان پہ کبھی پورا نہیں اتر سکتا۔

بے ادب کسی کا بھی ہو، نامراد ہوتا ہے۔

محبت کا ادب، ہر ادب سے مشکل۔ محال بھی کہیں تو بے جا نہیں۔

جب تک محبت کا ادب کماحقہٗ ادا نہیں ہوتا، محبت ناتمام رہتی ہے۔ جوں کی توں رہتی ہے۔ محبت کی تکمیل ناممکن تو نہیں، محال ضرور ہے اور تکمیل میں من و تو کی تمیز نہیں ہوتی۔ و ما علینا الا البلاغ

امر سے ادب فوقیت رکھتا ہے!

ادب کا دھاگہ اس قدر نازک ہوتا ہے کہ ذرا سے کھچاؤ سے ٹوٹ جاتا ہے۔ سلک مروارید ادب ہی کے دھاگے سے پرویا جاتا ہے۔ جب ٹوٹ جائے، منکے بکھر جاتے ہیں۔

ادب کی کڑی ٹوٹنے سے پہلے فیض کی کڑی ٹوٹا کرتی ہے۔

جو بھی کسی نے پایا، ادب ہی کی بدولت پایا۔

کبیر صاحب تانی تن رہے تھے، بولے:

'کمالیا! کُچ بھول آئے۔ جا کر لاؤ'

جانے لگا۔

کُچ سر پہ تھا۔ آجاؤ۔ آگیا

ہاں میں ہاں ملانا ایک ادب تھا۔

طریقت مایہ ناز ادب و آداب کی پابند۔
ذرا سی بے ادبی کی بھی متحمل نہیں۔
بے ادبی لکھو لکھ ہا عبادات و ریاضات پہ پانی پھیر دیتی ہے۔
جس نے بھی پایا، ادب ہی کی بدولت اور ادب ہی کی برکت سے پایا۔
ہزاروں سفینے دریائے طریقت میں اترے.... ڈوب گئے۔
صرف ادب ہی کا سفینہ پار لگا۔
ادب عشق کی شان، طلب کی جان، فقر کا ایمان اور کلیدِ قرآن ہے۔
محبوب کے ارشاد کی تعمیل محبت کا ادب ہے۔
محبوب نے محب سے کہا 'یہ کام مجھ کو پسند ہیں، کیا کر۔'
اُن کاموں کے نزدیک تک نہ پھٹکا۔
جن کاموں کے متعلق تنبیہ کی 'مت کر، میں ان سے بیزار ہوں'
ایک بھی نہیں چھوڑا۔
تیری محبت کے کیا کہنے! افسوس کا مقام نہیں تو کیا ہے!
تقویٰ کا داعی متقی نہیں۔
محبت کے دعویدار کے دل میں محبوب کی محبت نہیں
اگر تو متقی ہوتا، اقوامِ عالم کا پیشوا ہوتا .....اور .....اگر تیرے دل میں اُن کی محبت ہوتی، بزمِ کونین کا ممتاز رکن ہوتا۔ نوری، ناری، خاکی، آبی تیرے حضور میں حاضر ہوتے۔

دل ..... عرشِ عظیم

دلجوئی ..... صفتِ عظیم

دلربائی ..... خُلقِ عظیم

اور یہ دو ہی تو کان خلقہ القران کی شرحِ مبین ہیں۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

آپ کی مصطفائی میں کائنات کی دلجوئی

مرتضائی میں مشکل کشائی

اور مجتبائی میں دلبری ہے

محبت کا ہر راز انہی میں پوشیدہ ہے۔

محبت کے تین درجے ہیں:

رنچلا۔ مچلا۔ اُتلا یعنی نچّی، کچّی، اُچّی

اور محبت کا یہ مقام ہر کسی کو کبھی نہیں دیا جا سکتا۔

اللہ رب العالمین کے حبیب ﷺ ہی اللہ کی مخلوق کے حبیب ہو سکتے ہیں، ہر کوئی نہیں۔

اے کون و مکاں کے خالق و مالک! ہم گنہگار و خطاکار بندے کیونکر تیری محبت کی تاب لا سکتے ہیں اور تیرے حبیبِ اقدس ﷺ کی محبت کا معاملہ تو اس سے کہیں نازک ہے! ہمیں اپنا ذکر، اپنی اطاعت اور اپنے حبیب اقدس ﷺ کی اتباعِ تام نصیب فرما! بے شک اتباع سے محبت اور محبت سے عشق پیدا ہوتا ہے اور عشق زندگی کی منزل کا میرِ کارواں ہے!

محبت راحت ہے جب عشق کے مقام پر پہنچتی ہے، بلا بن جاتی ہے اور سکون و قرار کو کھا جاتی ہے۔

یہ تحریر تمہیدِ عشق ہے۔ تمہید سے مضمون ہوا کرتا ہے اور مضمون سے نفس مضمون کی روح اخذ کرنا قابلیت اور اس کا بیان فصاحت کہلاتا ہے۔

عشق کی محبت اور محبت کا عشق دونوں پر اظہارِ خیال طریقت الاسلام کے باب کی وہ تکمیل ہے جس سے دل کا سکون اور جگر کی راحت میسر آتی ہے اور عشق کے سوزِ دروں کو وہ اس بلند مقام پر لے جاتی ہے جہاں معرفتِ حق خود بخود ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہے۔

حبِّ رسول ﷺ عشقِ الٰہی کا پہلا زینہ ہے۔

عشق عطائے الٰہی اور

سوز و گداز عنایتِ مصطفائی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَ حُبَّ حَبِیْبِکَ ﷺ

خرد کا حاصل..... جنون

جنون کے سوا لاکھ فنون

اور عشق ایک فن ہے

اُمّ الفنون بھی کہیں تو بے جا نہیں۔

فقر نے عشق کے جھنڈے کو ہمیشہ سر فراز رکھا،

کبھی سرنگوں نہ ہونے دیا۔

کبھی کلیر کے جنگل میں ، کبھی اجمیر کی پہاڑی پر۔

فقر محی الدین بھی ہے اور معین الدین بھی
قطب الدین بھی ہے اور فریدالدین بھی
نظام الدین بھی ہے اور علاؤالدین بھی

عشق فقر کا امام اور فقر عشق کی جان ہے۔

خرد کا حاصل..... علم و حکمت۔ اور عشق کا ... سوز و گداز

خرد .... ہست و بود

عشق ..... محو نیاز

عشق طریقت کا امام اور کُل کائنات کی جان ہے۔

ہر عقل ناقص ہے، حضور اقدس ﷺ کے عشق میں ڈوب کر سلیم بنتی ہے۔ یا دوسرے لفظوں میں جب تک عقل پہ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کا عشق غالب نہیں آتا، سلیم نہیں ہو سکتی، ہر وقت نقص کا احتمال رہتا ہے۔

عقل کا گھوڑا میدان ہی میں دوڑ سکتا ہے، پہاڑ کی بلندی پہ نہیں چڑھ سکتا۔ عقاب، صرف عقاب ہی پہاڑ کی چوٹی پر پرواز کر سکتا ہے۔ محض عقل کی رہنمائی معتبر نہیں، عقل عشق کی راہنمائی میں سلیم بنتی ہے۔

عقل کی ساری داستان پڑھیں، عشق کے بغیر ناکام رہی۔ جہاں بھی عشق نے اس کا ساتھ چھوڑا، دم توڑ گئی۔ جس جدوجہد میں بھی عشق کارفرما نہیں ہوتا، بے جان رہتی ہے اور بے جان چیز کیونکر کسی مقام پہ پہنچ سکتی ہے!

اللہ عشق عنایت فرماتے ہیں اور حضور اقدس ﷺ سوز و گداز۔ اور سوز و گداز ہی اصل زندگی ہے۔

آب و دانہ ہر ذی روح کو مل ہی جاتا ہے،
علم و حکمت مومن کا رزق ہے، اِس رزق کی تلاش کر۔
عشق و رقت مخصوص رزق ہے اور رسالت مآب ﷺ ہی اس کے قاسم،
قاسم الخیرات الحسنہ ہیں۔
جو رزق عنایت کیا جاتا ہے، عین فیاضی سے دیا جاتا ہے۔ تاخیر میں حکمت ہوتی ہے، ملول مت ہو۔

سیدنا قَاسِمٌ ﷺ

اللہ ..... معطی
میرے آقا روحی فداہ ﷺ قاسم ..... قاسم الخیرات الحسنہ

میرے آقا لُٹاتے ہیں لنگر
لُوٹ لو جس نے لُوٹا نہیں ہے

لنگر میں سرِ فہرست علم و حکمت اور عشق و رقت کا باڑا بٹا کرتا ہے۔
علم و حکمت عام ہے اور عشق و رقت خاص۔ اور خاص وہبی ہوتی ہے۔
اپنے رازق کو پہچان اور قاسم کو بھی۔
میرے قاسم ..... قاسم الخیرات الحسنہ ﷺ
دھوون نہیں، مجھے موتی دان کرتے ہیں۔
علم و حکمت اور عشق و رقت وہبی عنایات ہیں،
میرے آقا روحی فداہ ﷺ قاسم الخیرات الحسنہ یہ عنایات تقسیم فرمایا کرتے ہیں۔ و ما علینا الا البلاغ

عشق کبھی فنا نہیں ہوتا، ابدی حیات کا امین ہوتا ہے۔

اللہ اپنی محبت کے محبّ کا تذکرہ اپنے مخلص بندوں کی زبانوں پہ ہمیشہ زندہ رکھتا ہے۔

اے ہمنیشن! سدا رہ بہ عشق اللہ

دنیا ہیچ و میکار است

جمال محمد ﷺ عشقِ الٰہی کی تمہید ہے۔

کائنات..... تیرے جمال کی مشتاق

تیرا جمال ہر جمال کا منبع

اَللّٰہُ جَمِیْلٌ وَّ یُحِبُّ الْجَمَال

ارض و سماء کے مابین کوئی بھی مخلوق جمال کی منکر نہیں۔ بلا عذر من و عن تسلیم کرنے پہ مجبور ہے۔ نہ منکر نہ مستغنی و بے نیاز۔

تیرے جمال ہی کی بدولت و باعث دل بے چین و بے قرار رہتے ہیں۔

تیرے جمال ہی نے خون کے آنسو رلائے۔

جمال کا کوئی نعم البدل نہیں۔

اے خسروِ خوباں! تیرا جمال ہی صحرا نوردوں کا حج ہوتا ہے۔

تیرا جمال..... بے قدر مسافر کی دلجوئی کی حد۔

جمال کی جستجو میں سر کے بل رقص کرتے ہوئے چلنا محبت کی دنیا میں ایک مقبول الحُب ادا اور مایہ ناز جنون ہے۔

محبت والے اسے جنون کی تعبیر کہتے ہیں۔

جنون ..... محبت کی ابتدائی منزل۔ کبھی رد نہیں ہوتی، پاکر رہتی ہے۔
بہترین عمر وہ ہے جو تیری جستجو میں گزری۔

زادِ راہ :

'تم انہیں جانتے ہو؟' 'کیوں نہیں؟'
یہی تو میری زندگی کا زادِ راہ ہے۔
میرے آقا روحی فداہ ﷺ۔
ان ہی کے جمال کی جستجو میری دنیا بھر کی منزل تھی،
انہیں پاکر گویا ہر شے کو پایا'۔

الصلوة و السلام عليك يا رسول الله
الصلوة و السلام عليك يا رسول الله
الصلوة و السلام عليك يا رسول الله
الصلوة و السلام عليك يا رسول الله

تیرے جمال کی جستجو نے کیسے کیسے رنگ بدلے!
کن کن مقامات پہ پرگٹ ہوا!
جو کسی نے بھی نہیں دیکھا.... دکھایا
جب رلایا خوب رلایا۔ اسی طرح جب ہنسایا خوب ہنسایا۔
اور حد یہ کہ جب نچایا خوب نچایا۔
جستجو زندگی کی جان ہوتی ہے، کبھی ختم نہیں ہوتی۔ تیرے حجاب پہ قربان جاؤں۔ یہ حجاب کبھی بے حجاب نہیں ہوتا۔ ہر شے موجود ہے لیکن محجوب۔

یہی حجاب زندگی کی جدوجہد اور روحِ رواں ہوتا ہے
مکشوف ہو جائے.... جستجو کا خاتمہ ہو جائے۔
لکھو کھ ہا صفحات کی تلخیص :
تیرا جمال ہی ایمان کی تصدیق۔
آنکھ.....جمال کی متمنی۔
پالے تو اسے شہود کہتے ہیں۔
ہر کسی نے کہا جس نے بھی دیکھا، جب بھی دیکھا،
اندر ہی کے جمیل مستور پردوں میں دیکھا۔
ناسُوت میں تو
ملکُوت میں تو
جبرُوت میں تو اور
لاہُوت میں بھی تجھ ہی کو دیکھا
و ما علینا الا البلاغ
بحر و بر میں تیرے ہی نام کا ڈنکا بج رہا ہے
پتہ پتہ، ذرہ ذرہ شاہد و مشہود!
جلال ردائے نبوت ﷺ سے گزر کر جمال ہوا۔
حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے چالیس دن رات کلام فرمائی۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام اِس سُرور میں مدہوش ہو کر یہ سمجھے کہ وہ دنیا میں نہیں، جنت میں ہیں اور اسی جذب کے تحت 'رَبِّ اَرِنِیْ' کہا۔ فرمایا 'لَنْ تَرَانِیْ' (میرے کلیمؑ! اِن آنکھوں سے) آپ مجھ کو نہیں دیکھ سکتے۔

نبوت کی فرمائش کے اکرام میں اللہ تبارک و تعالی نے اپنے نور کی تجلی سُوئی کے ناکے سے ستر ہزار اجمالی پردوں سے گزار کر فرمائی۔ طور عظمت و کبریائی کے نور کی تاب نہ لاتے ہوئے جل گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ تین ٹکڑے احد، ورقان اور رضوی مدینہ منورہ میں جا گرے باقی تین ثور شبیر اور حرا مکہ مکرمہ میں۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو کر گر پڑے۔

حضرت شاہ شرف الدین بو علی قلندرؒ پانی پتی جذب و مستی کے عالم میں فرماتے، 'ایسی سو تجلی روز میرے دل پہ وارد ہوتی ہے اور مجھے محسوس تک نہیں ہوتی'۔

وہ طلب تھی، یہ رضا۔

وہ اجمالی پردوں سے گزر کر وارد ہوئی اور یہ حضور اقدس ﷺ کی ردائے نبوت سے۔

تیرے نور کے جلال کی تجلی ستر ہزار اجمالی پردوں سے گزر کر جب طور پہ چمکی، تاب نہ لاتے ہوئے جل گیا۔

وہی تجلی جب رسالت مآب ﷺ کی ردائے نبوت کے نوری پردوں میں سے مستور ہو کر کلیر میں جلوہ نما ہوئی، بے ہوش نہیں مدہوش ہوئی اور اسی مدہوشی کے عالم میں ایک طویل مدت کھانے پینے سے مجتنب رہی۔

حال ماضی کا شاہد ہے۔

طور ماضی تھا، کلیر حال۔

طریقت کی حقیقت جب اکتسابیت میں محجوب ہونے لگی تو

حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر قدس سرہ العزیز کو ایک بے مثل اچھوتے اور انوکھے نمونے کے لیے منتخب فرمایا گیا۔ ابھی ایک گھونٹ ہی بھری تھی کہ غٹ ہو گئے۔

کون سی گھونٹ جی؟ ..... کہا جذب و سکر کی۔

بس پھر کیا تھا خاک میں نور کی تجلیاں مچلنے لگیں۔ ذات ذات میں محو ہوئی۔ بشری صفات کا خاتمہ ہوا اور آپ نے اس محویت کے عالم میں بارہ سال گلہر کی شاخ کو تھامے کلیر کی پاک سرزمین کو مرکزِ تجلیات بنائے رکھا۔ مرحباً مبارکاً مشرفاً

اور میری سرکار کے جمال و جلال کی انتہا یہ ہے کہ جب جذب و مستی میں ڈوب گئے، زبان ارادت و کیفیات کی ترجمان بن گئی.... اس سے بڑھ کر جذب و مستی کا اور کیا مقام ہو سکتا ہے کہ آپ فرماتے ہیں:

؎ امروز شاہِ شاہاں ﷺ مہماں شد است ما را
جبریلؑ بامَلائک درباں شد است ما را

کہ بادشاہوں کے بادشاہ میرے آقا و مولا حضور اقدس و اکمل ﷺ نے آج میرے جھونپڑے کو شرف میزبانی بخشا ہے، میرے گھر تشریف لائے ہیں اور اس مہمانِ ذی شان کی تشریف آوری کوئی معمولی بات نہیں، عنایات کی انتہا اور کمالات کی معراج ہے۔ آج مجھے مقصودِ کُل حاصل ہے۔ بادشاہوں کے بادشاہ میرے مہمان بنے ہوئے ہیں اور اب اِس سے آگے نہ کوئی منزل ہے نہ مقام، نہ خواہش نہ جستجو۔

فرماتے ہیں کہ آج میرے جھونپڑے کی، میرے گھر کی یہ شان ہے کہ جبریلِ امینؑ ملائکہ مقربین کی معیت میں اس چوکھٹ کی دربانی کے فرائض ادا کر رہے ہیں۔ ماشاء اللہ! سبحان اللہ! اور ... یہ عطا و بخشش اور کمال و جلال کی انتہا ہے۔

کمال کا مطلب کرامت نہیں۔ کرامت سے ہر کہ دمہ کو نوازا جاسکتا ہے لیکن کمال..... ہر کسی کو مقسوم نہیں۔ کمال یہ ہے کہ مقصودِ کُل ہاتھ آجائے۔ بلند ترین عطا اور اعلیٰ ترین عنایت یہ ہے کہ حضور اقدس و اکمل ﷺ کسی گھر کو اپنی مہمانی سے مشرف فرمائیں اور یہی کمال کا مقصود اور یہی انتہا ہے جو میری سرکار حضرت صابر صاحبؒ کو عطا ہوا۔

اسی کمال کی جستجو میں صحرا نوردی کر اور اپنے اس کھوئے ہوئے گھر کی تلاش کر جو ان کی مہمانی سے مشرف ہوا کہ اس سے بڑھ کر نہ کوئی عنایت ہے نہ مقام۔

کسی کا کسی کے گھر میں نزول فرمانا کوئی معمولی بات نہیں ہوتی۔ عرس المیلاد المبارک کی تمام ادائیں اس گھر پر چھا جاتی ہیں۔

حضور اقدس و اکرم و اجمل و اطیب و اطہر، طہ، یس، مزمل، مدثر روحی فداہ حضرت محمد ﷺ کا نور ہر جگہ ہر وقت موجود بھی ہے مشہود بھی اور کوئی بھی شے پوشیدہ نہیں۔

اپنے عشاق کو کبھی اپنے نوری وجود سے اور کبھی بشری وجود سے خیرات الحسنہ تقسیم فرماتے رہتے ہیں ..... کبھی عالم شہود میں جلوہ فرما ہو کر اور کبھی محجوب و مستور ہو کر!

غور فرماؤ! حضور اقدس ﷺ حبیب اللہ ہیں۔ محبّ اپنے حبیب سے اور حبیب اپنے محبّ سے کونسی شے پوشیدہ رکھا کرتا ہے؟ محبّ و محبوب میں کوئی اسرار پنہاں نہیں ہوتا۔

ایک نے یہ کہہ کر کہ بادشاہوں کے بادشاہ کا کسی کے ہاں آنا یا جانا اُن کی

مرضی پہ موقوف ہوتا ہے، دعوت پہ نہیں... مضمون کی تکمیل کر دی۔ اگر وہ ہم پہ پہلے ہی روز اپنا نظارۂ جمال پوری شرح و بسط سے ظاہر فرما دیں تو سوز و گداز کا..... جو عشق کی روحِ رواں ہے.... خاتمہ ہو جائے۔ نہ کوئی تڑپ باقی رہے، نہ کیف۔ اس حال میں جینا کوئی جینا نہیں۔ و ما علینا الا البلاغ

میخانۂ طریقت کا یہ جام بے کیف بھی ہے پُر کیف بھی۔ اسے پی کر کوئی کیسے جانبر ہو سکتا ہے؟ اُن کی عنایت ہی سے یہ عطا ہو سکتا ہے اور فضل ہی سے جانبر۔

میکدے کا یہ دستور انسانی عقل و شعور سے بالاتر ہے۔

علم و حکمت جذب و مستی کی نشاندہی تو کرتا ہے، رہبری نہیں۔

علم و حکمت دینِ مصطفائی ﷺ کی پیشوائی اور عشقِ مصطفیٰ ﷺ جذب و مستی کی رہنمائی کرتا ہے۔ و ما علینا الا البلاغ

تیرے حبیب ﷺ کی محبت کے جنون میں محو رہنا، دنیائے جنون کا مایہ ناز جنون ہے۔

دنیائے دوں کے کسی بھی دفتر میں اگر کوئی مرفوعُ القلم ہے، وہ جنون ہے اور یہی اس کا کمالِ کمال ہے۔

جنون مجنون کو میخانہ میں لایا۔ جنون ہی نے میکدہ سے صراحی حاصل کی اور جنون ہی کی دلسوز اداؤں نے ساقی کو عنایت پہ مائل کیا اور ساقی نے بلا تصدیق صراحی کو مے سے لبریز کیا۔ منہ تک بھر دی اور محو دباہر کھڑی اپنا منہ دیکھتی رہی۔ مبصر نے تائید میں کہا: جنوں خرد کے قانون سے مستثنیٰ ہے۔

ورنہ ایسے میکدے سے ..... اور ایسی مئے کوئی کیسے حاصل کر سکتا ہے؟

اور پھر اتنی جلدی؟ .... یہ مقام اللہ نے جنون ہی کو عطا ہوا ہے اور یہ اس مضمون پہ ختم الکلام ہے۔ ماشاء اللہ!

جنون خرد پر غالب
جنون نواز کو نوازش پہ
کریم کو کرم پہ اور
معطی کو عطا پہ مائل کر دیتا ہے۔
عشق جنون کا ایک عنصر ہے، صرف ایک عنصر۔

اے جانِ حسینانِ جہاں! تیری محبت نے تیرے ناچیز چاہنے والوں کو کیسے کیسے رنگ دکھلائے!

تیری محبت کے جلال نے، اللہ اللہ، کسی کی کھال کھنچوائی، کسی کو سولی پہ لٹکایا، کسی کو آرے سے چیر لیا، کسی کو سرِ بازار نچایا، لیکن واہ رے شوق! تو کبھی اپنے عزم سے باز نہ آیا اور نہ ہی تیری کسی بے بسی پہ تیرے محبوب کو ترس آیا اور نہ ہی کسی پہ اپنا گھُنڈ اٹھایا۔ کوئی بے رخی تیری دید کے شوق پہ کبھی غالب نہ آسکی۔ شوق اپنی ہٹ پہ ڈٹا ہی رہا۔ اس کے پائے ثبات کو کوئی بھی چیز متزلزل نہ کر سکی۔ بے رخی کی بھی آخر کوئی حد ہوتی ہے!

حضرت مخدوم صابر صاحب کا رنگ فقر کی تاریخ کو دنگ کر گیا۔ ماشاء اللہ۔ کسی بھی تاریخ نے آج تک اس قسم کا کوئی واقعہ پیش نہیں کیا کہ کوئی تیری محبت کے نشے میں چور ہو کر بغیر کچھ کھائے پیے بارہ سال کسی درخت کی شاخ کو تھامے کھڑا ہو۔ یہ اعلیٰ درجے کا نمونہ انہی کو عنایت ہوا۔ مبارکاً مکرماً مشرفاً

منبعِ سرِ نبوت ہم ولایتِ حیدریؓ آفتابِ چشتیاں مخدوم صابر کلیریؒ

محبت نے محبّ کی داد دی۔

محبّ محبوب میں محو ہوا، گویا خاک میں نور جلوہ گر ہوا اور بشری صفات کا خاتمہ ہوا، خاتمہ بالخیر۔ اسی طرح طیب و مبارک محبت ہر محبّ کی داد دیا کرتی ہے۔ اونگھ، نیند، بھوک، پیاس جاتی رہیں۔

سکون جنون کا ایک جز ہے۔ اولین بھی کہیں تو بے جا نہیں۔ جسے بھی سکون ملا، جنون ہی کی بدولت ملا اور عمدہ ترین جنون علم و حکمت اور عشق و رقت کا جنون ہے۔

جنون ایک فن ہے۔

تیری محبت کے جنون کے سوا لاکھ فنون۔

جہالت ..... جنون کا سرچشمہ

اس سے علم و حکمت اور عشق و رقت کے وہ چشمے پھوٹے جنہوں نے عقل کو دنگ کر دیا اور لبد الآباد پھوٹتے رہیں گے۔

خرد اس کے حضور کیا حیثیت رکھتی ہے!

جنون ..... محبت پہ نازاں

خرد ..... ششدر!

تیری محبت کے جنون کا خمار جب ایک بار چڑھ جاتا ہے، کبھی نہیں اترتا۔ حیات و ممات سے بے نیاز کر دیتا ہے۔ کوئی لاکھ جتن کرے، کسی کے بھی اتارے کبھی نہیں اترتا۔ لبد الآباد مخمور و مسرور رکھتا ہے۔

عقل ..... جنون کے تابع

عقل ..... تاویلات جنون ..... وادیِ رملی

جنون کی دس ہزار سالہ تاریخ میں جنون نے عقل کی کبھی نہ مانی.....

جو کرنا تھا، کر کے رہا۔

جذب کی ساری منزل جنون ہی کی اقتدا میں قائم، جاری اور تمام ہوتی ہے۔

سب سے پہلے بندے کے اندر جنون پیدا ہوتا ہے اور پھر جنون ہی جسم الوجود پہ چھا کر ہر فعل کا باعث بنا کرتا ہے۔

جنون کی تلاش میں بڑے بڑے مارے مارے پھرے، اوڑک تھک ہار کر لوٹے۔ تمنا رہی کہ کسی بھی قیمت پہ جنون حاصل ہو، نہ ملا۔

بڑے میاں! سچ پوچھو تو جنون ہی کار آمد کارندہ ہے۔

جنون ہی نے بندے کو اللہ سے ملایا اور جنون ہی نے میرے آقا روحی فداہ ﷺ کا راستہ دکھایا۔

جنون جب میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی آغوش میں سمایا، کوئی شے یاد نہ رہی۔ ان ہی کے در پہ دھونی رما دی۔

ہر شے مٹنے والی ہے، مٹ جائے گی۔

اے خسروِ خوباں ﷺ! تیری یاد کبھی نہیں مٹنی، مٹ سکتی ہی نہیں

لبد الآباد زندہ جاوید۔ یہی میرے جنون کا جنون

یہی جنون میرا اثاثہ۔ جنون کو فنا نہیں دائم البقاء ماشاء اللہ!

خرد تکتی ہی رہی، جنون بازی لے گیا۔

عقل کو پسِ پشت ڈال کر حُبّ کی تفسیر محبّ پہ چھا جاتی ہے اور جو کچھ بھی کرنے پہ آئے، کروا کر رہتی ہے۔ محبت کی تاریخ نے کہا: حق حق حق۔

محبّ، محبوب سے دَم بھر کے لیے بھی دور رہنا گوارا نہیں کرتا۔ جہاں محبوب ہوتا ہے، وہیں محبّ۔ اور یہ محبت کا ازلی دستور ہے۔

تیری محبت کے جنون کی داستانیں زندگی کو زندگی کا پیغام سنا سنا کر گرماتی، منصۂ شہود پہ لا کر عالمِ قدس میں ہلچل مچاتی اور حریمِ ذات میں شور برپا کر دیتی ہیں۔

محبت کی پیاس کو تشنہ لب رکھنا بھی جانِ جاناں کی اک ادا ہے۔ کمال بھی کہیں تو بے جا نہیں۔

اے خسروِ خوباں! تیری محبت کے پیاسے تشنہ لب مارے مارے پھرتے ہیں۔ بے چین رہتے ہیں۔ بے قرار رہتے ہیں۔ کبھی سیراب نہیں ہوتے۔ مے خانے کی ساری شراب بھی ان کی پیاس نہیں بجھا سکتی!

اے ساقیٔ دوراں!

اپنی آنکھوں سے اک جام پلا، ایسا پلا اور ایسا پلا کہ سیراب ہو کر .....

محبت کی اسی پیاس نے فرات جیسے دریا سے معصوم اصغرؓ کو پانی کی ایک گھونٹ تک نہ پینے دی ....

جب آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر یہ فرمایا:

'تشنہ لب مرتا ہوں اے ساقی کوثر ﷺ دیکھو'

اللہ اللہ ادا کی بے مثل ادا سے نوازا .....

تیری مخمور ادائیں جب کچھ کرنے پہ آتی ہیں، کبھی باز نہیں رہتیں۔ کسی کے بھی روکے کبھی نہیں رکتیں۔ کسی کے بھی ہٹائے کبھی نہیں ہٹتیں۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

تیرے اصغر کی پیاس نے رہتی دنیا تک محیر العقول داستان کی افتتاح کی جسے کوئی نظر انداز نہیں کر سکتا۔ کر سکتا ہی نہیں۔

پیاس سے جب دم گھٹنے لگا تو شاہؓ نے اصغرؓ سے فرمایا:

لہو پیتے ہیں، بیٹا
پانی کربلا والے نہیں پیتے

کسی حکیم کے پاس اِس جنون کا معجون نہ ملا۔ ہوتا ہی نہیں۔ دنیا بھر کی لغات کی سیر کی، کسی لغت میں اس باب کی کوئی تشریح نہ ملی۔ کسی بھی کتاب میں اس کے معنی نظر نہ آئے، نہ ہی کوئی مفتی اس مسئلے کو حل کر سکا۔

تیری محبت کے جنوں میں کیا کچھ نہیں ہوتا؟ ساری خدائی کی ساری ادائیں مضمر ہوتی ہیں۔

کہیں صدیقیت	کہیں زندیقیت
کہیں دیوانگی	کہیں فرزانگی
کہیں یگانگی	کہیں بیگانگی
کہیں مدہوشی	کہیں بیہوشی
کہیں خودی	کہیں بے خودی
کہیں گریز	کہیں گامزن

اِن تضادات کا حسین اجتماع

تیری محبت کے جنون سے باہر نہ کبھی ہوا، نہ ہوگا۔

اسی محبت کے جنون میں سلمان فارسیؓ صحرا نورد ہوئے

سیدی بلالؓ تپتے ہوئے انگاروں پہ لیٹے
حضرت خبیبؓ سرِ بازار سولی پہ لٹکائے گئے
ابو جندلؓ بیڑیوں میں وفا کی لاج نبھا گئے
ابوذر غفاریؓ ستم سہہ کر بھی اعلائے کلمتہُ الحق
سے باز نہ رہے
حرؓ حق کی حمایت میں سر کٹوا گئے

تیری محبت کے جنون میں سرشار دیوانوں نے کبھی زبانِ محبت سے پھول کھلائے، کبھی قلم سے سدا بہار باغ لگائے۔ کبھی نوکِ نیزہ پہ الفت کے گیت گائے، کبھی تہہِ خنجر محبت کے ترانے سنائے۔

محبّ نے محبوب کا جو بھی رستہ پایا، اس پہ گامزن ہوا۔ کبھی نہ رکا، کبھی نہ پلٹا۔

تیری محبت نے کسی کو بھی آرام سے رہنے، بسنے اور سکھ کا سانس لینے نہ دیا۔ اس دنیا کو کانٹوں کی سیج بنا کر پیش کیا۔

کائنات تیری محبت کے جنون کی اداؤں کو پا کر محوِ حیرت ہوئی۔ میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی امت کے باکمال مَردوں نے محبت کے وہ حیران کن نمونے پیش کیے جن کی کوئی بھی مثال تاریخِ عالم میں نہیں۔ چشمِ فلک نے اُن کی محویت کا وہ عالم دیکھا کہ قدسی ششدر رہ گئے۔

ایک گُلّر کی شاخ تھامے پکار اٹھے!

امروز شاہِ شاہاں مہماں شد است ما را
جبریلؑ با ملائک درباں شد است ما را

تیری محویت کی مثال نہیں ملتی .....

انسان چند گھنٹے تک محویت کے عالم میں کھڑا رہ سکتا ہے۔ اتنی طویل مدت ہوا پھانک کر محبت کی جوت جگاتے رہے، کبھی نہ ڈگمگائے۔ محبوب سامنے تھا، پھر کیونکر گھبراتے ؟ فریدیؒ قندیل بچا اٹھی، روشن ہوئی، ہر عالم کو جگمگانے لگی۔

یہی تو ایک تذکرہ ہے جو سرمدی صوت میں گونجتا رہتا ہے۔

ان کی محبت کا ایک قطرہ ہم خاک نشینوں کو بھی عنایت ہو!

اگر یہ شرابِ طہورا تھی، اور ہے، بھی کچی تلچھٹ ہمیں بھی نصیب فرما۔

یا حی یا قیوم!

تیری محبت کے جنون کی وہ داستان جو کلیر میں لکھی گئی، کائنات کو دنگ کر گئی۔ ہر داستان سے نرالی نکلی۔ کسی بھی ولایت کے ولی کو یہ شرف حاصل نہ ہوا کہ

مسجد نے کیا سجدہ صابرؒ تیری گلی میں

حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر کلیریؒ قدس سرہ العزیز عالمِ وجد و محبت میں فرمایا کرتے :

کعبہ خوانم یا پیمبر، مصحف است ایں یا خدا

اصطلاح شوق بسیار است و من دیوانہ ام

(میں آپ کو کعبہ کہوں یا پیغمبر، قرآن کہوں یا خدا... میرے شوق کے خیالات تو بہت ہیں، ویسے میں ان کی محبت کا دیوانہ ہوں)

دیوانگی ..... فتویٰ سے مستغنی!

تیری محبت کے جنون کے باعث فرزانوں نے انہیں دیوانے کہا اور یگانوں نے بیگانے۔

کبھی شمس تبریزؒ بن کر سوختہ جاں رومیؒ کو راکھ کر گیا
کبھی منصورؒ بن کر سرِبازار سولی پہ لٹک گیا
کبھی ذوالنونؒ 'زندیق' بن کر ہتھکڑی کو ہار بنا گیا
کبھی قلندرؒ بن کر جمنا کو جذب کی داستان سنا گیا

اور

کبھی صابرؒ بن کر میرے کلیر میں آگیا، کلیر کو رنگ لا گیا۔

اگر کلیر میں دیوانے نہ ہوتے اور مستانے نہ ہوتے پھر کیا ہوتا؟ نہ کیف ہوتا نہ سُرور۔ ایک جمود طاری ہوتا۔ نہ کوئی دُھونی ہوتی نہ کوئی اسے رماتا۔ سرمست کے مست آتے، دیکھ کر لوٹ جاتے۔ خون کے آنسو بہاتے۔ اور رندوں کی سسکیاں سہی نہ جاتیں۔

باب کوئی بھی ہو ساغر و مینا کے بغیر رنگ نہیں جمتا، پھیکا ہوتا ہے۔
کلام سجتا ہی نہیں جب تک ساغر و مینا سے لطف اندوز نہ ہو!
جذب کی تلچھٹ کا خمار کبھی نہیں اترتا۔
اور پھر اُن کی تلچھٹ کا!!!
اثر ایک ہے.... جام ہو یا تلچھٹ۔
جب تلچھٹ کا یہ حال ہے تو بھری ہوئی بوتل کا کیا حال ہوتا ہوگا!

فیضانِ فیض

پیر الفیض حضرت شاہ بو علی قلندرؒ پانی پتی قدس سرہ العزیز

O

جذب رحمت ہے عین رحمت۔

رحمت اگرچہ کسی بھی روپ میں ہو، رحمت ہے۔

بظاہر سخت گوئی حقیقتاً لجوئی

بظاہر بد دعا حقیقتاً عین دعا

جذب شراب کی ایک لبالب بوتل۔

اسے پی کر مدہوش رہنا جذب کی مستی۔ جو کبھی نہیں اترتی اور نہ ہی کسی طرح اتاری جاسکتی ہے۔

اور دوسری بوتل جیسے دودھ۔

دودھ کی آمیزش شراب کے خمار کو بھڑکنے نہیں دیتی، تیزی کو معتدل کر دیتی ہے۔ دونوں کا اثر ہمیشہ قائم۔

کبھی جذب ، کبھی سلوک۔

فقر میں جذب کی چار اقسام ہیں :

سالک مجذوب

مجذوب سالک

مجذوب غیر سالک

سالک غیر مجذوب و ما علینا الا البلاغ

کسی نہ کسی رنگ میں اور ہر رنگ میں جذب قائم رہتا ہے۔

جذب ..... من کی مستی

جذب جاذب مجذوب

محبت کی تصویر اور محبت ہی کی تنویر ہوتے ہیں۔

جذب و جاذب و مجذوب و مجنون

ایک ہی منزل کے مختلف مدارج ہیں۔

جوشِ عمل جب جذب کی صورت اختیار کر لیتا ہے، راہِ سلوک کی تمام منزلیں کٹ جاتی ہیں۔ سدرۃ المنتہیٰ پرواز کی زد میں آجاتا ہے۔ سالک کون و مکاں کی ہر شے سے مستغنی و بے نیاز ہو جاتا ہے۔ ہستیٔ موہوم کی تمام رنگینیاں اور دلچسپیاں مٹ جاتی ہیں۔ استغراق و محویت طاری ہو جاتی ہے اور تمام پردے اٹھ جاتے ہیں۔ میرے آقا و مولا مخدوم حضرت صابر صاحبؒ پر جب یہ کیفیت طاری ہوئی تو جوشِ جذب میں اپنے حال و مقام کا یوں اظہار فرمایا:

؎ امروز شاہِ شاہاں مہماں شد است ما را
جبریلؑ با ملائک درباں شد است ما را

(یعنی آج ہماری خوش نصیبی کے کیا کہنے! کہ بادشاہوں کے بادشاہ نے ہمیں شرف میزبانی بخشا ہے اور ہمارے ہاں قدم رنجہ فرمایا ہے اور اس وجہ سے جبریل امینؑ فرشتوں کی معیت میں ہماری چوکھٹ پہ دربانی کے لیے حاضر ہے) سبحان اللہ!

اور پھر اسی عالمِ محویت میں مسلسل بارہ سال تک گُلّر کی شاخ کو تھامے ساکت و صامت کھڑے رہے اور یہ محوالی اللہ ہونے کی حد ہے۔ ماشاء اللہ!

میرے پیر الفیض حضرت شاہ شرف الدین بو علی قلندرؒ اپنے وقت کے ایک

بلند پایہ عالم دین تھے اور درس و تدریس کا مشغلہ فرماتے تھے لیکن جب جذب سے آگہی ملی اور کیفیت طاری ہوئی، دنیا کی ہر شے سے تعلق ٹوٹ گیا۔ بارہ سال تک دریائے جمنا کے پانی میں کھڑے رہے۔ ماشاء اللہ!

ہر سالک پر جب سلوک کا غلبہ طاری ہوتا ہے، ایک دلنواز حکایت بن جاتی ہے..... اور ہم انہی حکایات پہ اکتفا کرتے ہیں۔

جذب و جنون سود و زیاں سے بے خبر ہو کر ہی الٰہی کاموں میں مشغول ہوتا ہے۔

دل مانگو تو دل حاضر
جان مانگو تو جان حاضر

اہلِ وفا اسے جذب کی تاثیر کہتے ہیں۔

جذب ..... جنون کی ماں

ازلی جذب اصلی ہوتا ہے، کسی بھی حال میں کبھی نہیں بدلتا۔ ایک ہی روپ میں رہتا ہے۔ ہر دور میں جذب نے جذب کا استقبال کیا۔ ایک سے ایک بڑھ کر۔ کبھی پہچانا نہ گیا۔

کبھی گنگ، کبھی مدہوش
کبھی جامۂ عریاں، کبھی ستر پوش
جذب کا اصلی حال
کپڑے پھاڑ کر جنگل کو نکل جانا
مگر سُنّتِ مطہرہ کا نور

کسی نہ کسی رنگ میں، شریعت کے پاک پردوں میں مستور رکھتا ہے، کبھی بے نقاب ہونے نہیں دیتا۔

جذب جنون کا ایک جزو ہے
سرِ فہرست ..... ذکرِ الٰہی

جنون کا بہترین خمار، اللہ اللہ اور اللہ ہی اللہ ہے۔ کسی کے بھی اتارے اتر نہیں سکتا۔ دم بہ دم بڑھتا رہتا ہے۔ ایک بار چڑھ کر کبھی نہیں اترتا۔ عقل کا معالج تھک تھک کر ہار گیا، کسی بھی علاج سے نہ اترا۔ اوڑک مایوس ہو کر لاعلاج قرار دے کر جنون ہی کا مجنون بن کر داد دینے لگا۔

یہ رقص و سرود ذکرِ الٰہی کی محفل کا غیر اختیاری حال ہے اور غیر اختیاری امور فتویٰ کے تابع نہیں، مرفوع القلم ہوتے ہیں۔

اے جانِ من! یہ سوز و گداز ہی تو تیری محفل کی متاع تھی جو رخصت ہوئی۔ بتا تیری محفل میں اب کیا کیف باقی رہا؟

اِس مقام پر حضرت خواجہ خواجگان معین الدین سید حسن سنجری اجمیریؒ عارف طریقت، عالم حقیقت، محبوب مصطفےٰ، کلیم الرسول، قطب المشائخ، ولی الہند و السندھ کے شیخ حضرت عثمان ہارونی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں :

شانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

بزبان حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہ العزیز

نمی دانم کہ آخر چوں دمِ دیدار می رقصم
مگر نازم بہ ایں ذوقے کہ پیشِ یار می رقصم

تو ہر دم می سرائی نغمہ و ہر بار می رقصم
بہ ہر طرزے کہ می رقصانیم اے یار می رقصم

بیا جاناں تماشا کن کہ در انبوہِ جانبازاں
بصد سامان رسوائی سرِ بازار می رقصم

خوش آں رندی کہ پامالش کند صد پارسائی را
زہے تقویٰ کہ من با جُبّہ و دستار می رقصم

اگرچہ قطرہ شبنم نہ پوید برسرِ خارے
منم آں قطرہ شبنم بہ نوکِ خار می رقصم

تو آں قاتل کہ ازبہرِ تماشا خونِ من ریزی
من آں بسمل کہ زیرِ خنجر خونخوار می رقصم

منم عثمان ہارونی کہ یارِ شیخ منصورم
ملامت می کند خلقے و من بر دار می رقصم

کلام حضرت بو علی قلندر قدس سرہ العزیز

منم محوِ خیالِ او نمی دانم کجا رفتم
شدم غرقِ وصالِ او نمی دانم کجا رفتم

غلامِ روئے او بودم اسیرِ زلفِ او بودم
غبارِ کوئے او بودم نمی دانم کجا رفتم

باآں مہ آشنا گشتم زجان و دل فدا گشتم
فنا گشتم فنا گشتم نمی دانم کجا رفتم

شدم چوں مبتلائے او نہادہ سر بہ پائے او
شدم محوِ لقائے او نمی دانم کجا رفتم

قلندر بُو علی ہستم بنامِ یار سرمستم
دل اندر عشقِ او بستم نمی دانم کجا رفتم

O

سلطان الہند و سندھؒ کے پیر حضرت عثمان ہارونی قدس سرہ العزیز نے فرمایا:

خوش آں رندی کہ پا مالش کند صد پارسائی را

رندی ..... طریقت کا حیران کن مذہب۔

رندی کا بھی کوئی مذہب ہوتا ہے،

کسی لگن ہی میں مگن ہوتے ہیں۔

دیکھ لینا دُھونی رما دیں گے

مَچ ہی میں دھوم مچا دیں گے

اور مَچ کو سچ بنا دیں گے

اور..... یہی رندی کا دستور۔

رولیاتِ کہنہ کی ایک بھی بات ہم میں نہیں!

کیا تھے اور کیا بن گئے! اِس مشق کو دہرا۔

اور رندوں ہی نے زندوں کو اِس مشق پہ مجبور کیا

یہ مشق اُن کی منزل تھی۔

ہم خیالی آدھی منزل ہوتی ہے۔

روایاتِ کہنہ تیری آبرو کی پاسبان تھی!

منصۂ شہود پہ لا! وہی آب وہی تاب۔ ماشاء اللہ!

O

تیری قدرت کی حکمت کے مناظر رندوں ہی نے دیکھے!

رند ہی تیرے میخانے کے پیمانے۔

تیری قدرت کی حکمت کو بندہ کیونکر جان سکتا ہے!

لبِ دریا نواسۂ رسول ﷺ کو پیاسا مارا۔

تاریخ نے ایسا منظر کبھی نہیں دیکھا

قسّامِ ازل بِلک بِلک کر رویا

ایسا دلسوز ..... ایسا دلگداز ..... جبریلؑ تک انگشت بدنداں۔

وہ حکمت ہی کیا جو بندوں کی سمجھ میں آجائے!

ابنِ آدم کی تاریخ کے سکالر نے ورق ورق الٹے۔ الٹ الٹ کر ڈھونڈے۔ ہر عجیب و غریب منظر کے جائزے لیے۔ محاسبے کیے۔ اوڑک ایک شیر خوار معصوم کی پیاس پر پہنچ کر اپنے قطعی قطعہ کو قلم بند کر گیا۔

اصغرؒ کی یہ پیاس اللہ کو اس قدر بھائی اور ایسی حوصلہ افزائی فرمائی کہ دنیائے دُوں کی تاریخ کو مات کر گئی اور پیاس کا انوکھا باب بن کر تاریخ پر چھا گئی ..... گویا آج ہی کی بات ہے۔

تاریخ نے کورو پانڈو کے معرکے کو دیکھا
لیکن اِس پیاس کے آگے ہاتھ جوڑ کر روئی۔
تاریخ نے بڑے بڑے جنگجوؤں کو میدانوں میں سر دھڑ کی بازی لگاتے دیکھا،
ایک معصوم شیر خوار کو اس طرح پیاسے بلکتے کبھی نہیں دیکھا۔
تیری بے نیازی کا باب تشنہ تھا،
شاہِ کونین ﷺ کے شیر خوار اصغرؓ نے سیراب فرما کر مکمل کر دیا۔
ایک بے نیاز باپ نے بے نیازی کی حد کر دی!
اصغرؓ کا پیاس سے دم گھٹنے لگا۔ پانی مانگا، ہنس کر فرمایا:
"لہو پیتے ہیں پانی کربلا والے نہیں پیتے"
یہ رِندیہ تیرے پُر اَسرار بندے تیرے میکدے کی رونق ہیں۔
اگر تیری دنیا میں یہ رند نہ ہوتے تو تیری دنیا میں کیا کیف ہوتا؟
کسی بھی تاریخ میں کوئی چاشنی نہ ہوتی۔ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کی
ساری داستان کو اِن رندوں ہی نے رنگین کیا ہوا ہے۔
نازِ محبت کا سب سے اونچا مقام ہوتا ہے۔
رندوں ہی نے ناز کے مقام کو زندہ رکھا
اور ہم نے کافر کہلوا کر اپنی زندگی گزاری۔
خوش آں رندی کہ کہ پامالش کند صد پارسائی را

لطافتِ رندانہ

تیرے ناز پہ بولی ہوئی بولی کبریائی کے عالم کو اسی طرح کرنی پڑتی ہے۔

اگر ناز نہ ہوتا

محبت پامال ہو جاتی

نہ کیف ہوتا نہ سرور۔

مے کدے کی حاضری رند کی زندگی اور اس راہ میں چلنا اسکی منزل۔

رند رقص کرتا ہوا مے کدے پہ حاضر ضرور ہوتا ہے،

پلانا نہ پلانا ساقی کی مرضی پہ موقوف۔

رند عطا و بلا سے کُلیتاً بے نیاز۔

عطا و ابتلاء ساقی کے انداز۔ مقبولِ طریقت انداز۔

اور یہ دونوں پہ دلشاد۔

پی کر کبھی آپے سے باہر نہیں ہوتا۔

رند بے ہوش نہیں، مدہوش ہوتا ہے۔

سُنّتِ مطہرہ کا نور کسی مدہوش کو بے ہوش نہیں ہونے دیا کرتا اور یہ اِس مضمون پہ ختم الکلام ہے۔

یہ رند ہی تو تیرے میکدے کی روحِ رواں ہیں اور یہ میکدہ رندوں ہی کے لیے ہے۔ اگر یہ نہ ہوتے.... نہ ساقی ہوتا نہ صبوحی اور نہ ہی میکدے میں رونق۔ تیرے میکدے پہ رندوں کا یہ جمگھٹ سدا بر قرار رہے۔ تیرا کاسہ لبریز رہے اور

صراحی اسی طرح بھری رہے اور تُو اے میرے ساقی! اے او لالہ فام ساقی! اسی طرح اور ہمیشہ ہمیں پلاتا رہے۔ تیری بھی خیر ہو، تیرے میکدے کی بھی اور رندوں کی یہ بھیڑ اسی طرح قائم و دائم رہے۔ یاحی یاقیوم آمین!

واضح ہو کہ میکدۂ توحید کے چار معروف رِند

صدیقؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ ہیں۔ وما علینا الا البلاغ

اس میکدے میں رنگارنگ کے جام ہیں۔ جب تک کوئی رند پہلے تین جام نہیں پیتا، چوتھا نہیں دیا جاتا اور ان کو پی کر جانبر ہونا جانبازوں کا کام ہے:

خوف، محبت، مخالفت

اللہ رب العالمین کا خوف

حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سے محبت

نفس کی مخالفت

اس میکدۂ توحید و رسالت کے یہ پہلے تین جام ہیں۔

خوفِ خدا اور عشقِ رسول ﷺ

کہنے کو یہ عام بات ہے لیکن اہم ترین .....

ساری دنیا اسی کی متلاشی لیکن کسی کو بھی اس پہ عبور نہیں۔

عشقِ الٰہی اور عشقِ محمد ﷺ کے حامل کو رندوزندیق کے القابات سے ملقب کیا جاتا ہے اور یہ کسی کو بھی معلوم نہیں کہ اللہ رب العالمین اور حضور رحمتہ للعالمین ﷺ کے عاشق صادق کو کیوں رندوزندیق کہا جاتا ہے۔ یہ القابات ازل سے چلے اور لبد تک جاری رہیں گے۔

محبوبیت اگر زندیقیت کے پردوں میں مستور نہ ہوتی بدنام ہو جاتی۔

زندیقیت محبوبیت کا پردہ ہے۔

کسی فہم وادراک میں آنے نہیں دیتا۔

محبوبیت جب زندیقیت کے پردوں میں مستور ہو کر جلوہ گر ہوتی ہے کُنْ فَیَکُوْن کا مقام رکھتی ہے۔اس مضمون پہ یہ ختم الکلام ہے۔

رند جو تیری نظروں میں زندیق ہے، طریقت میں محبوب صدیق ہے۔

شریعتِ مطہرہ نے جب بھی کسی زندیق پہ اپنی تعزیر نافذ کی، زندیق نے خندہ پیشانی سے تسلیم کر کے صدیقیت کی تصدیق کر دی۔اس حال میں میرے دلبر میرے جانی حضرت ذوالنون مصریؒ کا پہلا نمبر ہے۔اسی طرح منصورؒ حلاج۔

منصورؒ پہ جب ان کی محبت وارد ہوئی، تاب نہ لاتے ہوئے بھڑک اٹھے۔ سولی پہ چڑھائے گئے۔ شمسؒ کی کھال کھینچ دی گئی۔ میرے آقا میرے مولا، میرے صابرؒ بارہ سال محویت کے عالم میں صائم الدھر رہے۔

ان کی محبت کے تذکرے گوناگوں اور ایک سے ایک بڑھ کے ہیں۔

و ما علینا الا البلاغ۔

رند اپنا حال کبھی نہیں بدلا کرتا اور نہ ہی کوئی حال رندی پہ غالب آیا کرتا ہے۔

رندی افتخار انہ راز و نیاز کا بلند ترین مقام ہے۔

رندی جب پارسائی کے روپ میں جلوہ گر ہوتی ہے، ہر معیار کو مات کر دیتی ہے۔

یکے پرسید رندی چیست؟ گفت چہ گویم!

ایک نے پوچھا کہ رندی کیا ہے؟ کہا کہ کیا بتاؤں کہ کیا ہے؟

رندی کے احوال و مقامات گوناگوں ہیں۔

کبھی استغراق، کبھی اشتیاق، کبھی دیوانگی، کبھی فرزانگی، کبھی یگانگی، کبھی بیگانگی، کبھی قرب، کبھی بُعد۔

رندی ازل و ابد کی رازداں، بحرِ بیکراں، سرِّ کون و مکاں، سرُورِ جاوداں، مقصودِ عاشقاں، تفسیرِ موجودات، تنظیمِ کائنات، قیل و قال سے ماورا، فنا و بقا سے لاپروا، منتہائے جذب و حال، مظہرِ جلال و جمال اور لازوال کمال ہے۔ ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ۔

رندی دانش کا نکھار، اخلاص کا معیار

محبت کا خمار، مجسمۂ انکسار

اَحَد کی طلبگار، ماسوا سے بے نیاز

مسالک سے بے نیاز، احدیت کی ہمراز

معرفت کی پاسبان، حقیقت کی ترجمان

حاضرین میں سے ایک نے پوچھا کہ رند کو تو نے تنظیم کائنات کا مایہ ناز کارندہ قرار دے کر ہم سب کو حیرت میں ڈال دیا اور پھر خود ہی رند کو زندیقیت سے ملقب کر کے ہمیں اس جرأت پر آمادہ کر دیا کہ رند و زندیق کی وہ خصلت جس کی بدولت وہ رندی و زندیقیت کے اس قابلِ رشک مقام کا امین ہوتا ہے، عام فہم انداز میں بیان کیا جائے تاکہ یہ بیان صرف خطاب ہی تک محدود نہ رہے، فہم و ادراک میں آسکے۔

کہا:

جس خوش نصیب کو اللہ رب العالمین اپنی محبت کے لیے مقبول فرما لیتے ہیں، اسکے نفس و قلب و روح تینوں آپس میں اس طرح متحد و متصل و مربوط ہو جاتے ہیں کہ بال بھر کا بھی فرق نہیں رہتا۔ جب تینوں متحد و متصل و مربوط ہو جاتے ہیں پھر اپنے مقام کی طرف پرواز کرتے ہیں اور انتہائی بلندی پہ پہنچ کر، جہاں ان کا مقام مقدور ہوتا ہے، لٹ جاتے ہیں۔ کوئی اللہ رب العرش العظیم کے حضور میں حاضری کے اشتیاق میں لٹ جاتا ہے اور کوئی حضور اقدس ﷺ کے۔

دونوں مقامات پر لٹنے والے دونوں عالم سے کُلیتاً بیگانہ و بے خبر ہو جاتے ہیں۔ جمالِ جاناں میں محو ہو کر دنیا، دین و آخرت کے ہر معاملے سے مستغنی و بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ اپنے محبوب کے جمال کے مقابلے میں جنت کی مطلق طلب نہیں رکھتے اور نہ ہی دوزخ سے خوف کھاتے ہیں۔ محبوب کے فراق میں گھلنا ان کی زندگی کا مایہ ناز سرمایہ ہوتا ہے۔

رند و زندیق اپنے محبوب کے جلال و جمال میں، جو ہر وقت ان پر ان کے محبوب کی طرف سے طاری رہتا ہے، اس قدر محو و منہمک ہوتے ہیں کہ انہیں کسی بھی شے کی کوئی خبر نہیں رہتی۔ یہاں تک کہ فرائض و واجبات کی ادائیگی کی بھی ہوش نہیں رہتی۔ اسی وجہ سے فتویٰ میں ان عشق کے ماروں بے چاروں کو رند و زندیق کہتے ہیں حالانکہ وہ عشقِ الٰہی سے مزیّن عاشق صادق اور محبوب صدیق ہوتے ہیں۔ وہ کسی کا ہدفِ ملامت بننے کو خاطر میں نہیں لایا کرتے۔ محبوب کے جمال کے سوا کوئی اور طلب و تمنا باقی نہیں رہتی۔ نہ کھانے کی، نہ پہننے کی، نہ ملنے کی، نہ جلنے کی، نہ کہیں آنے کی نہ جانے کی۔ یہ اعلیٰ و ارفع مقام ہے اور قدرت کا انعامِ عظیم۔

حق کے مقام پر اللہ تعالیٰ کا جلال اپنے حسنِ جمال سے ویسی حقیقت اور ویسی اصلیت میں ہی اپنے ان مقبول اور محبوب انسانوں پر ظاہر ہوا کرتا ہے جو اس کے رسولِ مقبول حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے عاشقِ صادق اور محبوب صدیق ہوتے ہیں پھر وہ نبی کریم محمد رسول اللہ ﷺ کی اس سُنّت کے مقلد کہلاتے ہیں جو معراج نبوی ﷺ کو اپنا ورثہ کا انعامِ ربانی خیال کیا کرتے ہیں۔

عشق کا والہانہ جذب و افتراق عقل کی صلاحیتوں سے مُبرّا کر دیا جاتا ہے پھر عشق کا پجاری نہ خوف کیا کرتا ہے اور نہ ہی وہ جنت حاصل کرنے کی اپنی آرزو یا تمنا کیا کرتا ہے۔ رندِ زندیق تو اپنے عشق کا پجاری ہوتا ہے، اسے تو اپنے محبوب کا جمال دیکھنے کی ہوس اور لالچ ہوتا ہے، اس لیے رندِ زندیق اپنے کفر کا حامل ہوتا ہے۔ اس کا وہ کفر خواہ اس کو کسی دوزخ میں لے جائے یا کسی جنت میں، اس کے لیے وہ دونوں برابر درجہ کی چیزیں ہیں۔

محبت کو جب موت کا سامنا ہوا،
موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرائی۔
موت مَردوں کے لیے نہیں، مُردوں کے لیے ہوتی ہے۔
موت مَردوں کے لیے مقامِ بقا اور مُردوں کے لیے مقامِ فنا ہے۔
موت کا جب بھی مَردوں سے سامنا ہوا، مرد موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرائے۔ موت تھر تھرا اٹھی، پکارنے لگی:
یا اللہ! یہ وہی لوگ ہیں جن کو کسی قسم کا غم نہیں۔
نہ ان کو جنت کی خوشی نہ دوزخ کا ڈر۔
یہ تو تیری آرزوئے دید کی بے خودی کے نشے میں مست و الست ہیں۔

وہ بھی کیا دن تھے جب میکدے میں چہل پہل تھی۔ رونق تھی اور بہار۔ مے کی مہک چاروں طرف زندگی کا پیغام بکھیرتی۔ رندوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ لگ جاتے۔ تل دھرنے کو جگہ نہ ملتی۔ جام پہ جام لنڈھائے جاتے۔ ساقی کی مستی اور رندوں کا رنگ قابلِ دید و داد ہوتا۔ ان کے مستانہ نعروں سے مے کدے کے دیوار و در تو کجا فضائے عالم گونج اٹھتی۔ ان رندوں کی دنیا، کیا بتاؤں اے جانِ من! کیسی تھی؟

اپنی دُھن میں مست اپنی لگن میں مگن، نشے میں مخمور، شجاعت کا مجسمہ، غیرت کا پیکر۔ نہ کسی سے مرعوب نہ کسی کی طرف راغب۔

دنیا کی کوئی چیز اور کوئی بھی منصب ان کی نظروں میں کوئی وقعت نہ رکھتا۔ کسی کو کسی خاطر میں نہ لاتے۔ ذرا سی بات پہ بگڑ جاتے۔ مرنے مارنے پہ تل جاتے۔ جدھر جاتے، ہلچل مچا دیتے، جہاں اڑ جاتے، اڑ جاتے۔ کٹ جاتے مگر ہٹنے کا نام نہ لیتے۔ جب کسی کام کا ارادہ کر لیتے، کر کے ہی رہتے۔

جب کرنے پہ تل جاتے، کر ہی دیتے۔ کسی مخالفت کی پرواہ نہ کرتے۔ ایک اکیلا دنیا بھر پہ بھاری ہوتا۔ کوئی ان کی نگاہوں کے جلال کی تاب نہ لا سکتا۔

وہ تھے رند اور وہ تھا میکدہ!

مَیں نے اور تَیں نے اِس مَے کو بدل دیا ..... بدل کے رکھ دیا۔ بدلتے بدلتے شربت بنا دیا بلکہ پتلی لسّی۔ جس میں کوئی جوش نہیں، کوئی حِدّت نہیں، کوئی نشہ نہیں اور کوئی کیف نہیں۔ مشروب ہے مگر زندگی سے خالی۔ جسم ہے مگر روح سے خالی۔

اگر تیری دنیا میں ساغر و مینا کا جزو اور رند نہ ہوتے کیا کیف ہوتا! جمود طاری ہوتا۔

رند جب تیری مے کے نشے میں مخمور ہو کر نعرہ زن ہوتے :

مست مستی میں آئے ہوئے ہیں

میکدے کے در کھل جاتے اور دنیا دنگ رہ جاتی

یہ تھی تیری مے کی مہک ! دنیا مہک اٹھتی !

اور ہم ماشاء اللہ بارک اللہ جانتے ہی ہیں اور خوب جانتے ہیں کہ کیا کر رہے ہیں !

سیرت کی جو کلام بادہ و ساغر کی جزئیات سے مزیّن نہیں، تشنہ ہے۔

جب تک کسی بزم میں ساغر و مینا داخل نہیں ہوتا، بے کیف ہوتی ہے۔ کوئی رنگ نہیں جمتا۔ جمود طاری رہتا ہے۔

ساغر و مینا ..... مژدۂ بہار کا اولین باب

ایک نے پوچھا :

کہ اِن تحریرات میں اکثر و بیشتر مے کا تذکرہ ہوتا ہے، میخانے کا ذکر ہوتا ہے، رندوں کی مدح سرائی ہوتی ہے، ساقی کی نظرِ عنایت اور جود و سخا کی باتیں ہوتی ہیں یہ مے، میخانہ، رند اور ساقی سے کیا مراد ہے ؟ وضاحت کریں۔

اے جانِ من ! مے سے مراد وہ سیال نہیں جو چند بوٹیوں سے کشید کیا جاتا ہے اور جسے پی کر انسان بہکی بہکی باتیں کرنے لگتا ہے۔ دہن بدبودار اور دماغ ماؤف ہو جاتا ہے۔ وہ مے تو اُمّ الخبائث ہے اور ہم، اے جانِ من ! ایسی مے کی تعریف میں کیونکر رطب اللسان ہو سکتے ہیں ؟

ان مقالات میں "مے" عقل دشمن سیال کا نام نہیں، خلفائے راشدینؓ کے کردار کا استعارہ ہے اور اس میں اے جانِ من! سب کچھ ہے ..... مستی، مدہوشی، بے نیازی، عزت، عظمت، غیرت، جذبہ، رعب، جلال اور تمکنت ماشاء اللہ!

اس مے سے میری مراد وہ مے ہے جو میرے آقا میرے مولا میرے دلبر میرے جانی امامِ عالی مقام شہزادۂ کونین سیدنا حضرت امام حسینؓ نے نوش فرمائی جس کے نشے میں مخمور ہو کر وہ ہر خوف و خطر سے بے خطر ہو کر موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرائے۔ اس کے نشے میں مدہوش ہو کر اپنی ہر شے حق پہ قربان کر دی اور مبصّرِ عالم نے انا للہ و انا الیہ راجعون کے علاوہ کوئی کلمہ ان سے نہ سنا، مطلق نہ سنا۔

اے جانِ من! یہ مے کوئی معمولی چیز ہے؟ اللہ اللہ جو اس نشے میں سرشار ہوا، ہر شے سے متنفر و بیزار ہوا۔ کسی کی بھی مطلق پرواہ نہ رہی۔ جاہ و حشمت کو پاؤں تلے لتاڑ دیا۔ تاج و تخت اور امارت و ثروت کو ایک ہی ٹھوکر سے اڑا دیا۔ ہر مقام پہ اور ہر حال میں ساقی کی رضا کو مقدم سمجھا۔ سولی پہ چڑھنے سے بھی دریغ نہ کیا۔ کھال اتروائی مگر پائے ثبات میں لغزش نہ آئی۔ جسم آرے سے چیرا گیا مگر اف تک نہ کی۔ مقتل میں اِس شان سے آیا کہ دنیا عش عش کر اٹھی۔ زمین و آسمان کی طنابیں ٹوٹنے لگیں۔ عرشی عرش پہ اور فرشی فرش پہ انگشت بدنداں رہ گئے۔ تحسین و آفرین پہ مجبور ہو گئے۔

ہوش نے سمجھایا کہاں جاتے ہو؟ کیوں موت کے منہ میں اترتے ہو؟

سوچو! سنبھلو! باز آجاؤ مگر خمار نے کسی کی بھی ایک نہ چلنے دی اور جذب و مستی کے سامنے عقل و خرد کی چل ہی نہیں سکتی۔

اِس ئے کے پہلے ہی گھونٹ نے رند کو وہ ذوق و شوق بخشا کہ وہ طوفانوں اور چٹانوں سے ٹکرا گیا۔ پُر خطر میدان میں کود پڑا، ذرا نہ ہچکچایا، کوئی رکاوٹ اس کے آگے بند نہ باندھ سکی۔ کوئی مشکل اس کے عزم پہ غالب نہ آسکی۔ کوئی خوف اسے ڈگمگا نہ سکا۔ وہ کٹ گیا، جھک نہ سکا۔ سبحان اللہ! آگے ہی بڑھتا گیا۔ کسی کے بھی روکے سے رک نہ سکا۔ وفا رندوں کی رسم قدیم ہے۔ وہ اپنی رسم سے کبھی باز نہیں آتے۔ اور یہ مقام فرزانگی نہیں، دیوانگی ہے۔

اے جانِ من! ہوش مند مدہوشی کے کام بھلا کر سکتے ہیں؟ کبھی نہیں۔ یہ رتبہ اللہ نے اپنے رندوں کو ہی بخشا ہوا ہے، ہر کہ و مہ کو نہیں۔ اگر ہر کسی کو اس مقام پہ گزر ہوتا، اس کی کیا قدر و قیمت ہوتی؟ اگر یہ ہر کسی کے بس کی بات ہوتی، اس میں کیا کیف و سُرور ہوتا؟ ہر کوئی اسے پینے کی طاقت نہیں رکھتا اور پی کر برداشت کرنا بھی کسی کسی کا کام ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ

میرے آقا جب بھی تیرے دربار میں کوئی باڑہ بٹنے لگے، ہم خاک نشینوں کو، مدت سے پیاسوں کو جی بھر کے پلا دینا۔ قسمت میں ہو نہ ہو ضرور پلا دینا۔ تیرے در سے کبھی کوئی خالی کاسہ لے کر نہ لوٹا۔

کرم نے سائل کو خوددار بنا کر بے خود کیا ہوا ہے۔ تیری رحمت کا صدقہ ہم مانگتے ہی رہے، مانگتے ہی رہیں گے۔ کوئی کمی ہوتی، کبھی نہ مانگتے۔

سائل کی طرف متوجہ ہونا، تیری ذات کی وہ صفت ہے جس پہ کائنات نازاں۔

"محبت کی گدائی کا کاسہ لیے پھرتے ہو، پی بھی لو گے ؟ اسے پینے والا پھر کبھی ہوش میں نہیں آتا، مدہوش رہتا ہے۔"

سوال کرنا سائل کی عادت

عطا ..... تیری عنایت۔

پینے کے لیے آیا تھا، خالی کاسہ لے کر کیسے لوٹوں ؟

کاسۂ محمدی ﷺ کی گدائی.... فقیر کی معراج

اصطلاح میں اسے کشکول کہتے ہیں۔

اللہ کرے یہ کاسہ سدا لبریز رہے۔

کاسۂ محمدی ﷺ ہر نعمت سے لبالب، لبریز

مشروبات ..... آبِ حیات اور

شارب ..... پی کر مخمور

میرے آقا روحی فداہ ﷺ جسے چاہتے ہیں، مرسل فرما دیتے ہیں

عنایت کسی بھی شرط کی پابند نہیں ہوتی۔

تلچھٹ ایک شاعرانہ تخیل ہے۔

ورنہ جسے بھی کوئی جام پلایا جاتا ہے، رج کر پلایا جاتا ہے۔ ثقل کا نام تک نہیں ہوتا۔

یہ میرے ساقی، میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی قدیم سُنّت ہے۔

کاسۂ گدائی خود تو فاعل بن نہیں سکتا، اسکے فعل کو حرکت میں لانے کے لیے کسی فعیل الفرد کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ اس لیے اللہ تعالی کے سب فعلی کاموں کو اس کے رسول محمد رسول اللہ ﷺ فعیل النعیم ہو کر سرانجام دیا کرتے ہیں۔

اللہ ..... فعال لما یرید

حضور اقدس ﷺ ..... فعیل النعیم

مبارکاً مکرماً مشرفاً

نعیم و منعم دونوں حاضر ہو کر تقسیم فرمایا کرتے ہیں۔

اللہ منعم ہے اور

میرے آقا روحی فداہ ﷺ نعیم

بتا پھر تیری دنیا میں کس چیز کی کمی ہے ؟

آج معراج کی رات ہے،

مدت سے منتظر ہیں، ذرا سی چلمن سرکا!

جس نیک بخت کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی، بمنزلہ صحابی ہے۔

میرے دوستوں میں سے ایک دوست تھے ....

ایک دفعہ سوچا کہ میں گنہگار ہوں۔ اپنے آقا کے حضور میں خود حاضر ہو کر فریاد کروں۔ چنانچہ بارگاہ رحمتہ للعالمین ﷺ میں حاضر ہوئے اور رقت آمیز لہجے میں بلند آواز سے، انتہائی سوز و گداز سے عرض کرنے لگے :

تنم فرسودہ جاں پارا، زِ ہجراں یا رسول اللہ

دلم پژمردہ آوارہ زِ عصیاں یا رسول اللہ

شب و روز از شکیبائی زِحد گشتم تمنائی

خلوت سوئے من آئی خراماں، یا رسول اللہ

چو سُوئے من گزر آری، منِ مسکین زِ ناداری
فدائے نقشِ نعلینت، کنم جاں، یا رسول اللہ
زِکردۂ خویش حیرانم، سیاہ شد روزِ عصیانم
پشیمانم، پشیمانم، پشیماں یا رسول اللہ
چو اندر نزع درمانم، رود از تن بروں جانم
نگاہ داری توایمانم، زِ شیطاں، یا رسول اللہ
چو بازوئے شفاعت را کشائی بر گنہگاراں
مکن محروم جامیؔ را، دراں آں، یا رسول اللہ

"پشیمانم، پشیمانم، پشیماں یارسول اللہ" بار بار پڑھتے۔ نہ جانے ان کی آواز میں کتنا خلوص، دل میں کیسا درد اور فریاد میں کیا تڑپ تھی کہ جملہ حجابات اٹھ گئے۔ انہوں نے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ تخت پہ بہ نفس نفیس جلوہ فرما ہیں اور پوری شفقت سے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرما رہے ہیں "اور پڑھو ..... اور پڑھو" یہ واقعہ خواب کا نہیں، بیداری کا ہے۔ چاشت کا وقت تھا۔ وہ تقریباً نصف گھنٹہ تک یونہی پڑھتے رہے۔ کوئی سرکاری اہلکار یا کوئی دوسرا فرد ان کی محویت میں مخل نہیں ہوا۔

سبحان اللہ! زندگی کیسے حال میں گزری اور کیسے بہترین فیض سے مشرف ہوئے۔ مبارکاً مکرماً مشرفاً

حضور اقدس و اکمل، اطیب و اطہر روحی فداہ ﷺ کا کسی خوش نصیب کو بقیدِ حیات جمالِ جہاں آرا سے مشرف فرمانا حد درجہ کی عنایت ہے اور حضور اقدس ﷺ کی کوئی بھی عنایت، اگرچہ کسی پہ بھی ہو، کبھی گم نہیں ہوتی، لبد لآباد قائم اور زندہ رہتی ہے۔ یاحی یاقیوم۔

آپ کا کرم، میرے مولائے کریم روحی فداہ ﷺ جب نوازنے پہ آئے، تو ہر حد سے بالا ہو کر کرم کی حد کر دے۔

اللہ اللہ ماشاء اللہ..... طَیبہ سے ابرِ کرم کی گھنگھور گھٹائیں اٹھنے پہ مجبور ہو ہی جاتی ہیں۔ بطحا سے اٹھ کر ایک گمنام مقام کی طرف بڑھ کر ایک سائبان کی شکل میں سایہ فگن ہو کر رم جھم برسنے لگتی ہیں اور آن کی آن میں جل تھل کر دیتی ہیں۔ ہر طرف بہار آجاتی ہے۔ ہر شے پہ مسرت چھاجاتی ہے، امید کا غنچہ کھل جاتا ہے۔ ہر کسی کو سہارا مل جاتا ہے۔

میرے آقا ﷺ! آپ ﷺ جہاں کہیں جلوہ افروز ہوتے ہیں، دَم بھر میں اجڑی ہوئی کائنات بسا دیتے ہیں۔ پل بھر میں بگڑی کو بنا دیتے ہیں اور اسی طرح بنجر قدیم کو گل و گلزار اور خزاں رسیدہ کو رشکِ بہار! کوئی بھی اِس فیض گستری سے محروم نہیں رہتا۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

تیرے قدموں کی دھول .....اِس دل کے پھول

سدا کھلے رہیں،

مہکتے رہیں،

نہ ماند پڑیں نہ مرجھائیں۔

اللہ ھادی ہے،

میرے آقا روحی فداہ ﷺ مھدی۔

اھلا و سھلا

میرے ہادی، میرے مہدی کا نہری کھتانوں، گھاس پھوس کے ویرانوں، چڑیوں کے آشیانوں، مٹی کے ڈھیلوں، ٹاہلی، بیری، توت اور گولروں نے استقبال کیا۔ مبارکاً مکرماً مشرفاً

تیری آمد پہ اجسام نے کیا کیا شکر ادا نہ کیا!

الفاظ ہی نہیں ملتے! حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا۔

O

فرمایا: وَ اذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلاً O (المزمل: ۸)

بتل: کسی شے کو تلوار سے کاٹ کر کسی سے جدا کرنا

تبتل: دنیا سے کٹ کر اللہ کی طرف رجوع کرنا

ف: اور تلوار کا کاٹا ہوا کبھی جڑ نہیں سکتا۔

و اذکر اسم ربک و تبتل الیہ تبتیلا O (المزمل: ۸)

اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرتے رہو اور سب سے منقطع ہو کر اسی کی طرف متوجہ رہو!

و اذکر اسم ربک و تبتل الیہ تبتیلا O کی تشریح میں ایک نے کہا:

جب میں اللہ کے ذکر میں محو ہوا، مخلوق نے مجھ سے نفرت کی اور میں نے اِس انقطاع کو اللہ کی طرف سے ایک حکمت سمجھ کر شکر ادا کیا۔ اور یہ انقطاع ہی میرے اتصال کا موجب بنا۔ ماشاء اللہ!

اگر نہ آتے تو کیوں نہ آتے! وہی تو ملجا و ماوی ہیں!

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ (الاحزاب:٥٦)

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی معراج البرکات کا شکریہ!

میرا اکیس (۲۱) سالہ کمبل حضور اقدس ﷺ کی مجلسِ اقدس میں قبول ہوا۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کا فیضانِ فیض:

مبارکاً مکرماً مشرفاً

دنیا بھر کی نمائش ہوئی، ایک ایک چیز کو اعلیٰ سے اعلیٰ پا کر بڑا دل للچایا کہ وہ لیتے اور وہ.....

راس پاس نہ تھی، کیونکر کچھ لیتا؟

ادھر آ، غور سے سن!

لینے والی چیز تو لی ہی نہیں اور وہ میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے درِ اقدس کی خاک تھی۔ جسے وہ ملی، شفا ملی اور گویا ہر شے ملی۔ ماشاء اللہ!

اللہ رب العالمین نے یہ دنیا میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے لیے بنائی۔ ان ہی کے گھرانے کا ایک فرد آنا باقی ہے۔ اسی کی آمد کے انتظار میں یہ قائم ہے۔

برا نہ منانا، اتنی جلدی تو کسی منڈی سے بھینس بھی نہیں مل سکتی جتنی جلدی تو مولائے کل، شاہِ رُسُل ﷺ (کی محبت) کا طالب ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت بندہ پر اللہ کا فضل عظیم ہوتا ہے۔

کائنات عالم کی ہر شے اپنا بدل رکھتی ہے، محبت کا کوئی بدل نہیں۔ محبّ کو محبت کے سوا کوئی اور عطا، اگرچہ ہفت اقلیم کی شاہی ہو، کبھی مطمئن نہیں کر سکتی ..... اور محبت اگرچہ در در کی گدائی ور سوائی ہو، محبّ کے لیے کافی و وافی ہوتی ہے۔

محبوب کو اپنے محبّ کی محبت کو، اگرچہ ناقص و غیر معیاری ہو، تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ دنیا میں ہر شے ٹھکرائی جا سکتی ہے، ایک محبت کبھی نہیں ٹھکرائی جا سکتی۔

اگر محبّ نہ ہوتے، محبوب کی محبت کے بازار میں کیا رونق ہوتی؟ سناٹا چھایا ہوتا۔ محبّ ہی کی تپش نے محبت کے بازار کو بسایا ہوا ہے اور گرمایا ہوا ہے۔ ماشاء اللہ!

محبت کی دنیا میں محبوب کا راج ہوتا ہے۔ محبوب ملے نہ ملے، محبت میں کوئی فرق نہیں آتا۔ جوں کی توں قائم۔

محبت کی کوئی کتاب نہیں جو پڑھی جا سکے اور کوئی استاد نہیں جو پڑھا سکے۔ محبت محبوب کی طرف سے محبّ کو عطا ہوتی ہے اور اِس مضمون پہ یہ ختم الکلام ہے ..... ماشاء اللہ۔

دنیائے محبت میں محبّ و محبوب ایک ہوتے ہیں۔ وہی محبّ وہی محبوب۔ من و تو کی تمیز نہیں ہوتی۔ محبت نے محبّ کو دعوت دی تو محبوب آیا۔

محبت میں محو ہو کر ذات، ذات سے ملی۔ یکجا ہو کر ملی۔ یکجان ہو کر ملی۔

دوری دور ہوئی۔ من و تو کی تمیز اٹھی۔ طریقت کی اصطلاح میں اسے وصل کہتے ہیں۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ دنیائے محبت کی جان ہیں۔ محبت نے فرمایا اللہ اَحَد ہے۔ اللہ کا کوئی شریک نہیں۔ کسی بھی شریک کو اپنے پاس رہنے نہیں دیتا۔ اَحَد کو اَحَد مان کر ہی اَحَد کی بندگی کہلاتی ہے۔

بندگی کا یہ مطلب ہے کہ بندہ اپنے رب کے ذکر میں محو ہو اور رب ہی کے حکم کے ماتحت نقل و حرکت پہ گامزن۔ اور ضرورت سے زائد کوئی بھی شے نہ رکھتا ہو۔

اگر اِس تن میں اور من میں رہنا چاہے تو ایک بن کر رہ۔
اَحدیت جب بھی آئی، محبت کی آغوش میں آئی۔
محبوب نے جب بھی محبّ کو جلوہ نمائی فرمائی، محبت ہی میں فرمائی۔
محبّ و محبوب میں تیرا میرا نہیں ہوتا، ایک ہوتے ہیں۔
جب بھی وہ آئے، جہاں بھی آئے،
اکیلے نہیں آئے، ان کو ساتھ لے کر آئے۔
جمیل پردوں میں مستور ہو کر
ذرا سی نقاب سرکا کر اور چلمن اٹھا کر آئے۔
نازو انداز کی حد کر کے آئے۔
بہار بن کر آئے، گِل کو گلزار بنا کر آئے۔
وحدت کے نشہ میں مخمور ہو کر
فانی کو فنا کر کے آئے۔
باقی کو بقا کا پیغام سنا کر آئے۔
ہست و بود کے پیچیدہ مراحل، جو کبھی حل نہیں ہوتے، حل کر کے آئے۔
جب کوئی جامِ وحدت سے مخمور ہو کر مدہوش ہوتا ہے، میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت میں گم ہو کر ہست و بود سے بیگانہ ہو جاتا ہے۔

"ہست و بود سے بیگانہ" سے کیا مطلب ہے؟

اللہ اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی طاعت و اتباع میں ہمہ تن و من محو و منہمک رہنا، ہست و بود سے بیگانگی ہے۔

اَحَد و احمد اور محبّ و محبوب میں ایک ہی نشہ کار فرما ہوتا ہے۔

وحدت کا جام پی کر ہی محبت کا جام ملتا ہے۔

جو وحدت سے بے خبر ہے، محبت سے بھی بے خبر ہے۔

وحدت کا جام گرم اور محبت کا روح افزاء ہوتا ہے۔

حضور اقدس ﷺ کی سچی، سُچی اور اُچی محبت کی تپش سے مردہ دل زندہ ہو جاتا ہے، کسی اور عمل سے نہیں اور دل کی دنیا کا یہ ازلی و ابدی دستور ہے! ماشاء اللہ!

تیری محبت کی تپش، اللہ اللہ، ہر تپش پہ حاوی
اور دل تپش ہی کی بدولت روشن۔

دل کی دنیا میں، دل، کعبہ کا مقام رکھتا ہے
اور کعبہ میں بت نہیں ہوتے۔

ایک بت کی عبادت کفر ہے، اپنے دل کا جائزہ لیں
کیا یہ بتوں سے خالی ہے؟

ہر شے میں اللہ (کا نور جلوہ گر) ہے۔

جہاں رہنے لگتا ہے، کعبہ کہلاتا ہے۔

کعبہ دل جب ہر بت سے خالی ہوا، حریم ہوا اور اس کعبۂ دل کا مقیم یا حی یا قیوم ہے۔ مبارکاً مکرماً مشرفاً

دل کعبہ، غیریت سے پاک ہوتا ہے،

اللہ رہتا ہے اور اس کے حبیب ﷺ۔

دل کی طوفان خیز لہروں کا منبع بت ہیں، صفایا کر۔

بڑے میاں! دل میں بھی بت ہوتے ہیں بڑے، ایک نہیں ہزاروں۔

مثلاً .....

تیرا اپنے معبود (اللہ) اور محبوب (رسول اللہ ﷺ) کے سوا کسی اور طرف راغب ہونا یا کسی چیز کا تجھے اپنی طرف راغب کرنا بت ہے۔

لا الہ کی ضرب سے دل کے بت توڑ۔ ایک بھی باقی نہ رہے۔ الا اللہ کی چوٹ سے کچر کچر کر دے۔

تو کلمے کا اور کلمہ تیرا پاسبان ہے

تیرا دل اور بت کدہ؟ ..... حیرت ہے!

مان تان زندگی کے دو بت ہیں۔

کعبہ کے پاسبان کسی بت کو قریب پھٹکنے تک نہیں دیتے کہ جب تک ایک بھی بت باقی ہے، تکدہ ہے۔

بڑا بت باقی تھا، ٹوٹ گیا۔

دل میں جان ہوتی ہے،

جان میں لا الہ الا اللہ کا جلال ہوتا ہے۔

جلال میں روح ہوتی ہے،

روح میں محمد رسول اللہ ﷺ کا جمال ہوتا ہے۔

جمال میں پرواز ہوتی ہے اور پرواز لامحدود ہے،

پرندے کے پروں کی قوت پہ موقوف ہے۔

روح کی پرواز فرش و عرش ہی تک محدود نہیں ہوتی، ورئی الورئی ہوتی ہے اور قوت پہ موقوف ہوتی ہے۔ جبریل امین علیہ السلام کی پرواز سے بالا۔

سیدنا جبریل امین علیہ السلام کی پرواز بڑی پرواز ہے لیکن سدرۃ المنتہی پہ پہنچ کر دم توڑ دیتی ہے اور عشق کی پرواز سدرۃ المنتہی سے شروع ہوتی ہے۔

روح کو فنا نہیں۔ جب جسم الوجود میں مطہر ہو جاتی ہے، جس بھی روح سے چاہے، ملاقات کا شرف حاصل کر لیتی ہے۔

جب خباثت سے پاک ہوئی، پرواز سے ہمکنار ہوئی۔

میرے اللہ العلی الاعلی کے فضل اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے کرم ہی سے مطہر ہو کر شرف بار ہوتی ہے، کسی اور طرح نہیں۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

تیری شمع ہی پروانوں کی زندگی ہے اور بسمل کی طرح لوٹنا.... ان کی منزل۔

پروانوں میں حسد کا نام تک نہیں ہوتا حتی کہ یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ اس کے سوا کوئی اور بھی شمع کا دیوانہ ہے۔

شمع کے گرد منڈلانا، بسمل کی طرح لوٹنا، پروانوں کی زندگی ہوتی ہے۔

شمع بدستور مسکراتی رہتی ہے، پروانہ وار فنگی میں مٹتا رہتا ہے۔

پروانہ شمع کو دیکھ کر کبھی واپس نہیں آتا، لوٹنے کی امیدیں توڑ کر حاضر ہوتا ہے۔

شمع پروانوں سے بے نیاز ہوتی ہے اور پروانہ داد و تحسین سے بے نیاز۔

ہر دو میں بے نیازی ہی کار فرما ہوتی ہے۔

وہ جلال میں، وہ جمال میں۔

دنیا اندھیر تھی ..... گھپ اندھیر

جب روشنی کو دیکھا... پروانے اُمڈ آئے۔

آج تک اسی روشنی کی تلاش میں سرگرداں۔

دیوانہ وار فدا۔

اور یہی "شمع و پروانہ" کی ازلی حقیقت۔

شمع آئی، پروانہ ساتھ لائی۔

پروانہ وہ ہے جو مرنے کی پروا نہ کرے۔

پروانے نے رسمِ محبت نبھادی۔ اس کا فانی جسم اگرچہ آتشِ شوق میں جل کر راکھ ہو گیا لیکن اس کی روح حیاتِ ابدی پا گئی۔ اس کی جانثاری رنگ لائی کہ اہلِ درد ہمیشہ اس سے ایثار وفا کے آداب سیکھتے رہیں گے۔

بڑے میاں! مرنا تو اس نے تھا ہی، لیکن وہ ایک شان سے مرا۔ محبوب کے قدموں پہ قربان ہوا۔ کوئی شہادت اس کی ہمسر نہیں ہو سکتی۔ پروانے نے اپنا خون دے کر محبت کی داستان کو سدا رنگین رکھا جو کبھی پھیکا نہیں ہو گا۔

پروانہ نیاز مند ..... شمع بے نیاز

پروانہ شمع کی زینت دفترِ عشق کا سرگرم رکن، وفا کیش سودائی۔

جانتا ہے وہ جانبر نہیں لوٹ سکتا، پھر بھی باز نہیں رہتا۔ جان کی بازی لگا دیتا ہے۔ اور یہ پروانے کا ازلی اور ابدی دستور ہے!

شمع کے گرد منڈلانا پروانوں کی زندگی۔
شمع مسکراتی رہتی ہے اور پروانے بسمل کی طرح لوٹ پوٹ۔
پروانے نے شمع کے حضور میں صرف یہ پوچھا:
"یہ بے نیازی کیسی؟"
بولی: حسن بے نیاز ہوتا ہے۔ جو چاہتا ہے، کرواتا ہے۔
ڈرتے ڈرتے بولے:
اگر پروانے نہ ہوتے، تیرے حسن کی،
اے خسروِ خوبان! کیا قدر و اہمیت ہوتی؟"
ایک دوسرے کی سن کر دونوں مطمئن۔
بے نیازی محبت کی عین قدر ہوتی ہے تاکہ نظر نہ لگے۔
شمع کی جستجو میں پروانے کا جاں حق ہونا شمع کی آبرو
اور پروانے کی زندگی۔
شمع اسے کبھی نظر انداز نہیں کرتی، کر سکتی ہی نہیں اور
یہی شمع و پروانے کا ازلی دستور۔
بالآخر اگر پروانے نہ ہوتے تو شمع اور شمع نہ ہوتی تو
پروانے کس دھن کا طواف کرتے؟
مستانے ..... تیرے میکدے کے دیوانے!
یہ نہ ہوتے .... بزمِ کونین میں کیا رونق ہوتی؟
نہ کیف ہوتا نہ سُرور، جمود طاری ہوتا۔
حق حق حق ھو ھو ھو۔

مستانے کس دھن کا طواف کرتے ؟ مردنی چھائی رہتی
نہ کلیر ہوتا نہ پانی پت۔
روتے، سسکیاں لیتے، مگر روشنی کا کوئی سراغ نہ پاتے۔
تیرا جمال! اے جانِ حسینانِ جہاں! اگر جمیل پردوں میں مستور نہ ہوتا تو نظامِ کائنات درہم برہم ہو جاتا۔ مستانوں کی ایک دھوم مچ جاتی جو پروانوں کی طرح جلتے اور راکھ ہو ہو کر اکسیر بن جاتے۔

تیرے جمال کے نور کے ظہور کی تاب کون لا سکتا ہے ؟ بڑے بڑے کہنہ مشق شاہبازوں کے شاہپر ٹوٹ گئے۔ پروانوں کے پر جل گئے پھر بھی ذوقِ نظارہ نہیں مٹا۔ پروں کے بغیر ہی دیوانہ وار لپکتے رہے۔ رینگ رینگ کر ہمک ہمک کر آگے بڑھتے رہے۔ جستجو نے لبیک کہا۔ محبت بیتاب ہو کر خود آگے بڑھی اور اپنے آغوشِ لطف میں بھینچ لیا۔

تیری رحمت کا، یا رحمتہ للعالمین ﷺ شکریہ! بے حد شکریہ۔
یہ آس ..... زندگی کا مایہ ناز سرمایہ ہے۔
محبت رو رہی تھی، سسکیاں لے رہی تھی،
محبوب کا دلاسہ عین رحمت۔
رحمتِ دارین کا موجب۔
ان کے فراق میں جلنا محبت کا لبدی دستور
محبت نے کسی محبّ پہ آنچ تک نہ آنے دی۔
اے خسروِ خوبان! تیری محبت کے اسیر سدا رنجور رہتے ہیں،

مہجور رہتے ہیں، بے چین رہتے ہیں، بیقرار رہتے ہیں۔ تیری محبت کا گرما گرم جام پی کر دمادم سلگتے رہتے ہیں۔ کبھی نہیں بجھتے اور نہ ہی کسی طرح بجھ سکتے ہیں۔ سدا آنسو بہاتے اور جگر کے خون سے دل کی آبیاری کرتے رہتے ہیں۔ محبت کے بسمل کبھی جانبر نہیں ہوتے، سدا لوٹتے رہتے ہیں۔ الفت کے شعلے کبھی نہیں بجھتے، شرار متبسم رہتے ہیں۔ اور ان کے نشان کبھی نہیں مٹتے، رہتی دنیا تک قائم رہتے ہیں۔

محبت کی دنیا بنانے سے پہلے
محبت کے مالک تو رویا تو ہو گا

ازل سے لگی، ابد تک رہے گی۔

محبوب سے مراد ... محبوبِ ربِ کائنات ﷺ کی مقدس ذات ہے۔

محبوبِ ربِ کائنات ﷺ سے محبت، فطرتِ موجودات ہے۔ اسی محبوب ﷺ کی محبت سے وجودِ کائنات کی بقا ہے۔

محبوب ﷺ کی محبت وحدت پسند ہے، اپنی محبت میں کسی اور کو شریک نہیں گردانتی۔

محبوب ﷺ کی غیرت کو گوارا ہی نہیں کہ اس کی محبت میں ماسوا ہو۔ محبوب ﷺ کی غیرت کو یہ بھی گوارا نہیں کہ اس کی محبت فنا ہو۔ محبوب ﷺ کی محبت لازوال، غیر فانی، جاودانی ہے۔ ماشاء اللہ۔

محبت کی رقابت ماسوا کی ہر شے کو برباد کر دیتی ہے۔ اور اپنی بستی بنا کر بسا کرتی ہے۔ یہی اسکا ابدی دستور، یہی منشور۔

طریقت کی منزل کا یہ موڑ اہم موڑ ہے۔

کوئی صاحبِ علم و فضل اللہ رقیب اور حضور اقدس ﷺ رقیب کی تشریح فرما کر احسان فرمائے۔

یا رقیب کا میرے نزدیک یہ مطلب ہے کہ اپنے کسی رقیب کو اپنے دل میں آنے نہیں دیتا۔

محبت کو فنا نہیں۔

محبت کے سوا ہر شے فنا کی زد میں ہے اور فانی ہے۔

محبت محبوب کی عزت ہے

غیرت یہ کبھی گوارا نہیں کرتی کہ اس کی عزت فنا ہو۔

محبوب کی غیرت یہ کب گوارا کرتی ہے کہ اس کا محبّ اس کے سوا کسی اور طرف متوجہ ہو، یا کوئی اور اس کے محبّ کی طرف متوجہ ہو ..... اور یہ اس مضمون پہ ختم الکلام ہے۔

غیرت فطرت کی وہ قوت ہے جس پہ کوئی طاقت غالب نہیں آسکتی۔

سب سے بڑھ کر غیرت مند اللہ ہے پھر اللہ کے رسول ﷺ اور پھر مومن۔

ہر معشوق کو اپنے عاشق کا احساس ہوتا ہے اور کوئی معشوق اپنے عاشق کو کبھی کسی در پہ جانے نہیں دیتا۔ اگر یہ حضور اقدس ﷺ پہ عاشق ہوتے، تو غیرت مند ہوتے۔ کبھی در در نہ پھرتے اور نہ ہی ان کی یہ حالت ہوتی۔

محبت کی رقابت کے دو مقام ہوتے ہیں :

حسد اور شرک

محبت ان دونوں پہ حاوی۔

تیری محبت کی قسم! اے او میرے محبوب!

تیری محبت ہر محبت کو ختم کر دیتی ہے۔

جو شرک سے پاک ہوا، غیریت سے پاک ہوا۔

غیریت ..... عین شرک۔

محبت کسی کی بھی ہو، کسی اور کام کار ہنے نہیں دیتی، کچھ اور کرنے نہیں دیتی، اپنے ہی کام میں محو رکھتی ہے مبادا کوئی رقیب اس کے قریب جا پھٹکے اور وہ کسی اور خیال میں محو ہو جائے۔

اللہ اللہ کیا کرو ، محبت مت مانگا کرو۔

محبت کی تاب بھلا کون لا سکتا ہے؟ محبت ہر شے کو اجاڑ دیتی ہے، بے بس کر دیتی ہے، بے قرار کر دیتی ہے، اپنے سوا کسی کے بھی کام کار ہنے نہیں دیتی اور اپنے ہی رنگ میں رنگ کر ہر رنگ کو بے رنگ کر دیتی ہے۔

رقابت کبھی نظر انداز نہیں ہوتی، ہو سکتی ہی نہیں۔

جب تک دور نہیں ہوتی، کشمکش جاری رہتی ہے۔

محبت دنیا و عقبیٰ کی ہر طلب و تمنا کو رقابت کی تپش میں جلا کر بھسم کر دیتی ہے۔

محبت محبوب کے سوا کسی بھی خیال کو محبّ کے قریب تک پھٹکنے نہیں دیتی اور نہ ہی محبت کی غیرت یہ گوارا کر سکتی ہے کہ کوئی دوسرا محبّ محبوب کی محبت کا دم بھرے۔

محبت کا نغمہ گایا نہیں جاتا، سینے میں چھپایا جاتا ہے۔

محبت کا قصہ بھی کبھی کسی نے سنایا؟ محبت کی داستان محبّ و محبوب تک محدود ہوتی ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت کا دیوان، اے خسروِ خوباں، جانم فداہ! کسی بھی عنوان میں منصۂ شہود پہ ہو، گنگ ہوتا ہے۔ یہی اس کی عزت اور یہی اس کی آبرو۔

محبت کسی بھی انداز میں افشا نہیں ہوتی۔ دل کے پردوں میں مستور رہتی ہے اور گمنام۔

محبت ستر ہزار اجمالی پردوں میں مستور رہ کر
محبوب و محبّ میں جلوہ نما رہی، کبھی بے نقاب نہیں ہوئی۔
زندیقیت کے لبادہ میں محبوبیت بن کر رہی
اور کسی بھی انداز میں کبھی نہ پہچانی گئی۔
کہیں گھسیارہ بن کر آئی، کہیں بنجارہ۔
محبت کسی سے بھی ہو، واحد ہوتی ہے
محبت ..... صم بکم عمی

حق کے حبیب ﷺ کی محبت ـــ منفرد۔ اور یہ محبت اگرچہ ہزارہا پردوں میں مستور ہو، ہنوز افشا کا احتمال۔

اہلِ محبت نے محبان کی محبت کو کبھی افشا نہ کیا۔
محبت نے کبھی دل و جان کو بچا کر نہ رکھا،
محبوب ہی کے قدموں پہ نچھاور کر دیا۔

دل جب توحید کا پیمانہ بنا،
جانِ جاناں کی محبت کا پروانہ بنا۔
دل کہتا ہے یہ دل ان کی محبت کے معیار کے قابل نہیں، ناقص ہے،
کُوڑا ہے، کوڑے میں پھینک۔

جس کی محبت قبول ہو جائے دنیا بھر کا خوش نصیب ہوتا ہے اور پھر اُن کی!

○ حضرت عبداللہ بن مغفلؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! اللہ کی قسم، میں آپ سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا سوچ لو تم کیا کہہ رہے ہو؟ کہنے لگا اللہ کی قسم! میں آپ ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ اس نے یہ بات تین بار کہی تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر تو مجھ سے محبت کرتا ہے تو پھر فقر اوڑھنے کے لیے تیار ہو جا کیونکہ جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے، اس کی طرف فقر اس سے بھی زیادہ تیزی سے آتا ہے جتنی تیزی سے سیلاب اپنی منزل کی طرف بڑھتا ہے۔ (ترمذی شریف مترجم جلد دوم ص ۲۰۱، شمار ۳۵)

اللہ کا ذکر اور اللہ کے حبیب ﷺ کی محبت کسی اور کام کا رہنے نہیں دیتی۔ اینٹ سے اینٹ بجا کر جہاں چاہتی ہے، لے جاتی ہے۔ ہر رنگ کو مٹا کر بے رنگ کر دیتی ہے۔

محبت کے انداز تیرے اور میرے تخیلات سے بالاتر ہیں۔ محبت مان تان سب توڑ دیتی ہے اور محبوب اپنے محب کو کسی اور کے کام کا نہیں چھوڑتا۔ اور اس مقام پہ وہ ظاہر میں بیگانہ ہوتا ہے، باطن میں یگانہ۔ دیکھنے میں دیوانہ، حقیقت میں مستانہ۔
تیری محبت کے جلال نے کسی کو معاف نہ کیا۔

تیری محبت نے کسی کو بھی کسی کام کا نہ چھوڑا،
اپنے ہی کام میں محو و منہمک کیا۔
محبت کے جلال کی کون تاب لا سکتا ہے؟ ایسی تپش اللہ اللہ، ماسوا کو جلا کر کوئلہ اور کوئلہ سے راکھ بنا کر کوچۂ جاناں کا غبار بنا دیتی ہے اور اے جانِ من! جو جل کر راکھ ہو جائے، اسے اکسیر کہتے ہیں۔
یہ کوئی نئی بات نہیں، جب بھی کسی پہ کسی کی محبت غالب آئی، اسی طرح کرنے پہ مجبور ہوئی۔ اور تیری محبت، اے کون و مکاں کے مالک! اینٹ سے اینٹ بجا دیتی ہے۔ تیری محبت میں جلال ہی جلال اور ان ﷺ کی محبت میں جمال ہی جمال۔ اور جمال جلال پہ حاوی ہے۔ اگر جمال نہ ہوتا، ساری دنیا رل جاتی۔
اے میرے آقا ﷺ! آپ کے جمال ہی نے اجڑی ہوئی کائنات کو بسایا اور خالی پیمانوں کو لبریز کیا۔
تیری محبت کی تاثیر، اے او محبانِ جہاں! کائنات کو تسخیر کر لیتی ہے۔
میرے آقا روحی فداہ ﷺ!
آپ کے در کی گدائی
دو جہاں کی شاہی
میرے آقا روحی فداہ ﷺ! آپ کے در پہ گدائے بے نوا بن کر دُھونی رمائے رکھنا، ماسوا کو کسی خاطر میں نہ لانا، محبت کی وفا کی حد
اور یہی ..... ہم خاک نشینوں کا حجِ اکبر۔
جب بھی اللہ نے کسی بندے کو اپنے حبیب ﷺ کی محبت کا مژدۂ جانفزا سنایا،

محبت دین دنیا اور آخرت کی ہر شے ایک پگڑی میں لپیٹ کر بے تحاشا دوڑتی ہوئی آئی۔ نہ اِدھر دیکھا نہ اُدھر، اپنے محبوب کے قدموں پہ نچھاور ہو گئی۔

درِ جاناں پہ لٹ جانا
ماسوا کو کسی خاطر میں نہ لانا

محبت کا ازلی دستور ہے اور ابدی۔
محبوب قبول کرے نہ کرے،
محبّ کی چاہت میں کوئی فرق نہ آئے۔
اصطلاح میں اسے محبت کہتے ہیں۔

محبت کی ابتداء و انتہا
درِ جاناں پہ مر جانا
نہ کچھ کرنا نہ کچھ کہنا
مزاجِ یار میں رہنا

اِن کا در ہی اُن کا در ہے۔

محبت کسی کی بھی ہو، دلوں میں انقلاب برپا کر دیتی ہے۔ گرما گرما کر بے چین کر دیتی ہے۔ کسی اور کام کار ہنے نہیں دیتی۔

پھر اُن کی محبت کے تو کیا ہی کہنے! غیرت ماسوا کو قریب تک پھٹکنے نہیں دیتی۔ اپنی ہی ہستی کی بستی میں اپنا راج قائم رکھتی ہے۔ کسی غیر کو شریک ہونے نہیں دیتی اور ہر کسی سے بیگانہ کر دیتی ہے۔

کسی نے بھی محبت کا کوئی راز کبھی افشا نہ کیا۔ یہاں تک کہ راہ تک نہ بتائی کہ

کون کہاں رہتا ہے ؟

محبت کا جلال دیکھنے میں خوفناک ، حقیقتاً عین جمال

اس لیے اور صرف اس لیے کہ ہر کمینہ محبت کے دعوے کا دم نہ بھرے۔

محبت امرِ مخفی ہے، شہرت اس کی ضد۔

شہرت ..... شیطان کا مؤثر حربہ۔

ذلت گناہوں کا کفارہ اور شہرت میزان میں خسارہ ہے۔

ذلت پہ ملول مت ہو، خندہ پیشانی سے استقبال کر۔ بے شک ہر ذلت بے شمار گناہوں کا کفارہ ہے اور شہرت کا حساب کتاب ہوگا، بڑا اور کڑا۔

ذلت کی آغوش میں رحمت اور شہرت کے دوش پر زحمت ہوتی ہے۔

تشہیر ..... محبت کی ضد ہے

گمنامی ..... محبت کی آبرو۔

گمنامی ہی میں سب کام ہوتے ہیں۔

گمنامی میں نام گم ہوتا ہے اور گمنامی ہی میں تیرا نام اور تیرے کام ہوتے ہیں۔

اے ہم نشین! بے قدری پہ ملول مت ہو، پرواہ مت کر۔

اللہ کی قسم! زندگی کی کتاب میں بے قدری سے عین اگلا باب قدر کا شروع ہوتا ہے۔ بے قدری کے بعد قدر کا نزول ایک لدی اصول ہے۔

بے قدری کی وسعت اور شدت صاحبِ قدر کی عظمت اور بلندی کی آئینہ دار ہے۔ جو جتنا بے قدر ہوا، اتنا ہی صاحب قدر رہا۔

نبوت و رسالت کی پوری تاریخ قدر اور بے قدری ہی سے عبارت ہے۔ ہر

پیغمبر کی عظمت و عزیمت کا مقام اسی بے قدری سے متعین ہوا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کا مصر کے بازار میں بِکنا بے قدری کی ایک عجیب مثال ہے۔ اسی بے قدری کے زینے سے آپ مقامِ نبوت تک پہنچے اور یہیں سے تاجِ شاہی کے وارث بنے۔

آتشِ نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کے سر پر "خلیل اللہ" کا تاج پہنایا۔ حضرت موسیٰؑ نے شعیبؑ کے ریوڑ کی گلہ بانی سے "کلیم اللہ" کے منصبِ جلیل تک رسائی پائی۔

مکہ کی گلیاں اور دیواریں، شعبِ ابی طالب کے پتھر اور چٹانیں، وادیٔ طائف کے سنگریزے، غارِ ثور کی تاریکی اور تنہائی اگر بے قدری کی معراج تھی تو یہی بے قدری اس قدر کا دیباچہ بنی جس نے آپ ﷺ کو "صاحبِ معراج" اور "انبیا کا امام" بنایا۔

○ حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ترکِ دنیا حلال کو حرام بنانے اور مال کو ضائع کرنے کا نام نہیں بلکہ زہد یہ ہے کہ جو کچھ تیرے ہاتھوں میں ہے (یعنی مال و دولت) اس پر بھروسہ نہ کر بلکہ اس پر بھروسہ کر جو اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں میں ہے اور ترکِ دنیا یہ ہے کہ جب تجھ پہ کوئی مصیبت پڑے تو تو اس مصیبت میں ثواب کا طالب ہو اور یہ خواہش رکھ کہ یہ مصیبت باقی رہے اور ختم نہ ہو۔ (تاکہ اس کا ثواب حاصل ہو) (ترمذیؒ / ابن ماجہؒ)

حضرت آدمؑ صفی اللہ کی اولاد کی داستان صرف دو ہی ابواب پہ مشتمل ہے:

کردار اور ابتلا

کردار و ابتلا ہی تاریخ کے سنہری اوراق۔

کردار و ابتلا لازم و ملزوم۔

ابتلا نے کردار کو زندگی بخشی اور مستحکم کیا۔

جس معیار کا کردار، اسی معیار کی ابتلا۔

جس معیار کا معاون، اسی معیار کا مخالف۔

ابتلا کی داستان عجیب و غریب ہوتی ہے۔ کسی اور داستان میں کوئی کیف نہیں ہوتا، صرف ورق گردانی ہوتی ہے۔

اللہ، نازل فرماتے ہیں، میرے آقا و حی فداہ ﷺ عاطفت۔

چونکہ اللہ کی طرف سے ہوتی ہے،

قدم قدم پہ نصرت اور قدم قدم پہ رحمت ہوتی ہے۔

میرے آقا و حی فداہ ﷺ اپنا سمجھ کر قدم قدم پہ رہنمائی، حوصلہ افزائی اور دلربائی فرماتے ہیں۔ کسی بھی قدم پہ پھسلنے نہیں دیتے اور وکالت و کفالت کی حد کر دیتے ہیں۔

بلا کا وارد ہونا ..... انبیاء و صفی الرسل علیہم السلام کی سنت ہے۔

ابتلا مبتلا کو محض تکلیف ہی نہیں، رحمت کی موجب ہوتی ہے۔

○ حضرت سعدؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ کون لوگ سخت بلاؤں میں مبتلا ہوتے ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: انبیاء علیہم السلام۔ پھر وہ لوگ جو انبیاء علیہم السلام سے زیادہ مشابہ ہوں۔ اور پھر وہ لوگ جو انبیاء علیہم السلام

سے زیادہ مشابہ ہوں۔ پھر انسان جس قدر دین میں سخت ہوتا ہے، اسی قدر اس کی مصیبت سخت ہوتی ہے۔ اور جس قدر دین میں نرم ہوتا ہے، اسی قدر اس کی مصیبت ہلکی ہوتی ہے۔ پس ہمیشہ اسی طرح ہوتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ دین میں سخت انسان زمین پر چلتا ہے اس حال میں کہ گناہ سے پاک ہوتا ہے۔

(ترمذی، ابن ماجہ، دارمی، مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۷۵، شمار ۱۴۶۵)

○ حضرت شداد بن اوس صنابحیؓ کہتے ہیں کہ وہ دونوں ایک مریض کی عیادت کو گئے اور اس سے کہا تو نے کیونکر صبح کی۔ اس نے کہا اللہ کا شکر ہے میں نے نعمتِ الٰہی پہ صبح کی۔ انہوں نے کہا خوش ہو گناہوں کے دور ہونے اور خطاؤں کے معاف ہو جانے سے۔ اس لیے کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے یہ سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب میں اپنے مومن بندوں میں سے کسی کو بیماری میں مبتلا کرتا ہوں اور وہ اس ابتلا پر میری تعریف کرتا ہے تو وہ اپنے بستر علالت سے ایسا پاک و صاف اٹھتا ہے جیسے کہ اس کی ماں نے آج ہی اس کو جنا ہے اور کوئی گناہ اس کا باقی نہیں رہتا اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے اپنے بندے کو قید کیا اور مصیبت میں ڈالا اور اس کا امتحان کیا۔ پس اے فرشتو! تم اس کے نامۂ اعمال میں وہی عمل لکھو جو اس کی صحت کی حالت میں لکھتے تھے یعنی اعمالِ صالح! (مسند احمد بن حنبل / مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۷۷، شمار ۱۴۸۲)

○ عامر رامیؓ کہتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) جناب رسول اللہ ﷺ نے بیماریوں کا ذکر فرمایا اور اس سلسلہ میں کہا کہ "مومن جب کسی بیماری میں مبتلا ہوتا ہے اور پھر اللہ اسے صحت عطا فرماتا ہے تو یہ بیماری اس کے سابقہ گناہوں کا کفارہ ہوتی ہے اور آئندہ

کے لیے اس کو نصیحت و عبرت۔ اور منافق جب بیمار ہوتا ہے پھر اس کو صحت دی جاتی ہے تو وہ اس اونٹ کی مانند ہو جاتا ہے جس کو اس کے مالک نے باندھ دیا ہو اور پھر کھول دیا ہو، اونٹ کو اس کا سبب معلوم نہ ہو کہ کیوں اس کے مالک نے اس کو باندھا اور کیوں چھوڑ دیا۔

ایک شخص نے آپ ﷺ کا بیان سن کر کہا یا رسول اللہ ﷺ! بیماریاں کیا چیزیں ہیں؟ خدا کی قسم! میں تو کبھی بیمار نہیں ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا "ہماری جماعت میں سے اٹھ کھڑا ہو تو ہم میں سے نہیں ہے"۔

(ابو داؤد، مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۷۶ شمار ۱۴۷۳، ۱۴۷۴)

○ حضرت محمد بن خالد السلمیؒ اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ کے ہاں کسی بندہ کے لیے کوئی ایسا مرتبہ مقرر کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے اعمالِ صالحہ سے اس کو حاصل نہیں کر سکتا تو اللہ تعالیٰ اس کو جسمانی، مالی اور بال بچوں سے متعلق ابتلاء و مصیبت میں مبتلا کر دیتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کو اس پر صبر عطا کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اس کو اس مرتبہ پر پہنچا دیتا ہے جو اس کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔

(مسند احمد بن حنبل، ابو داؤد، مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۷۶، شمار ۱۴۷۱)

○ حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب قیامت کے دن ان لوگوں کو زیادہ ثواب دیا جائے گا جو دنیا میں مصیبت و بلا میں مبتلا رہے تھے تو وہ لوگ جو دنیا میں امن و عافیت سے رہے تھے اس کی آرزو کریں گے کہ کاش دنیا میں ان کے جسم کی کھال کو قینچیوں سے کاٹا جاتا اور آج ان کو بہت سا ثواب اس کے بدلہ میں ملتا۔

(ترمذی، مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۷۶ شمار ۱۴۷۳)

کربِ عظیم سے فضلِ عظیم کی امید۔

ابتلا کے بعد جب عطا کا باب کھلنے لگا، نامی گرامی مبتلائے ابتلا نے، بے ادبی سے نہیں، ابتلا کو زندگی کا گوہر سمجھتے ہوئے ابتلا ہی کی بقا مانگی۔

ابتلا کو عطائے جاوید سمجھ کر ملال نہیں، استقبال کیا۔

زندگی کی ہر شے اسی کے مطابق بدلی۔

رنگ بدلا، روپ بدلا، چال بدلی، ڈھال بدلی، سوچ بدلی، فکر بدلی، حرکات بدلیں، سکنات بدلیں گویا ساری زندگی کا منشور ہی بدل دیا۔

عطا و بلا میں کوئی تمیز نہ رہی۔

ستم ..... کرم اور ابتلا .... عطا نظر آنے لگی۔

یہ قید .... ہر قید سے نجات۔

یہ غم ..... ہر غم کا ازالہ

یہ درد ..... ہر درد کا درماں

ابتلا کے استقلال کا شکریہ۔

ابتلا نہ ہوتی، عطا بھی نہ ہوتی۔

ابتلا ہی نے بندوں کو مرنا جینا سکھلایا۔

جو جتنا ستایا گیا، اتنا ہی مامون پایا گیا۔

دنیاوی امن کی بڑی ہی باز پرس ہو گی۔

تیری رحمت کی ابتلا نے بندوں میں سے جس بھی بندے کو مبتلا کیا، دیکھا نہ گیا۔

رحمت کی آغوش میں ابتلا کا ورود اہلِ طریقت کے نزدیک عین رحمت ہوتا ہے۔

اس لیے کہ اللہ رحمٰن و رحیم اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ دونوں ساتھ ہوتے ہیں۔

ابتلا کے پہاڑ کو ریزہ ریزہ کر کے، ہوا میں اڑا کر، نشان تک باقی نہ رہنے دیا .... صرف یاد باقی رہی۔ ابتلا شرما کر کھسیانہ ہوئی۔

صدقات ذاتِ قدس الٰہیہ :

اللہ اپنی ذاتِ قدس کا صدقہ ہر وقت اپنی مخلوق پہ فرماتا رہتا ہے۔ اللہ کا بہترین صدقہ اپنے کسی بندے کو اپنے ذکر کی عنایت ہے۔ اللہ نے بندوں کو صدقات کی تاکید فرمائی۔ بندوں کا بہترین صدقہ بھوکے کو کھانا کھلانا ہے۔

اپنے حبیب اقدس ﷺ کے صدقے کو محبوب رکھتا ہے۔ کبھی رد نہیں فرماتا۔ اپنے حبیب اقدس ﷺ کے صدقے گنہگاروں کے گناہ بخش دیتا ہے، مکروبین کے کرب اور مغمومین کے غم زائل فرما دیتا ہے، مبتلائے ابتلا کو نجات بخش دیتا ہے، اجساد و قلوب کو شفا بخش دیتا ہے، دائمی شفا ..... حاجت روائی اور مشکل کشائی فرما کر اپنے حبیب اقدس ﷺ کے صدقے کی ناموس کا اکرام کرتا ہے۔ ماشاء اللہ!

اللہ نے جب بھی کسی محبّ پہ کسی بھی قسم کا کوئی عتاب نازل کرنا چاہا، میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی رحمت نے اسے گھیر لیا۔ اپنی محبت کے پاک پردوں میں مستور فرما کر اپنی کملی میں چھپا لیا۔ اوڑک اللہ کو درگزر پر مائل فرما ہی لیا۔ ماشاء اللہ!

ایسے دلربائے غمگسار پہ کوئی بل بل نہ جائے تو کیوں نہ جائے؟

ایسے ہادی کے قدموں پہ لُٹ لُٹ نہ جائے تو کیسے نہ جائے ؟
ایسے جود و سخا کے منبع پہ کوئی تن من قربان نہ کرے تو کیسے نہ کرے ؟
ایسے لجپال پہ کوئی دو جہاں نہ وارے تو اور کیا کرے ؟

کہاں وہ شہریار، کہاں یہ غریب الدیار
کہاں وہ سراپا عطا، کہاں یہ فقیرِ بے نوا
کہاں وہ تاجور، کہاں یہ بے پر

اللہ اللہ ماشاء اللہ !

اس کی محبت کی حمایت کا ناز نہ ہو تو پھر کس کا ہو ؟

ملامت محبت کا مقبول ترین مقام۔

ملامت جو کسی کو بھی پسند نہیں، محبت کی آبرو ہے۔

خطابات کی دنیا میں ملامت کو کوئی مقام حاصل نہیں لیکن محبت کی دنیا میں ایک ممتاز مقام رکھتی ہے۔

"ملامت ..... آدمیت کا وہ کمال ہے جسے کبھی زوال نہیں، ازل سے جاری ہوا، ابد تک جاری رہے گا"۔

اللہ کی راہ میں ذلت کی انتہا .... رحمت کی ابتداء۔

ملامت سے کچھ بھی نہیں بگڑتا،

رضا کو راضی کرنے کا ابدی معمول ہوتا ہے

بہتان ملامت کی شدید ترین قسم۔

اوڑک فاعل ہی کی طرف لوٹا۔

کسی نے کسی کو کیا کرتے دیکھا؟

صرف کسی سے کسی کا کہا ہوا سنا ہے! بہتان نہیں تو کیا ہے؟ بہتان کی کوئی تاب نہیں لا سکتا مگر فقیر۔

فقیر ملامت میں بھیگی ہوئی قباء کو پہن کر پھولے نہیں سماتا،

اور ہفت اقلیم کی شاہی کو بھی کسی خاطر میں نہیں لاتا۔

خرقۂ ملامت جود و کرم کی انتہا ماشاء لا قوۃ الا باللہ!

خرقۂ ملامت کی چمک کبھی ماند نہیں پڑتی۔ سو سو بار بھی دھوئیں، جوں کی توں۔

کسی تاجور سے میں کیا مانگتا ہوں

تیرے در کا گدا ہوں کرم مانگتا ہوں

ملامت ..... گدڑی میں لعل

ملامت کے بعد کرم وہ دستور ہے جو کبھی نہیں بدلا۔

ھم و حزن چیست؟

ھم و حزن ایک ربانی عنایت ہے، جملہ گناہوں کا کفارہ بن کر خزانۂ قدرت میں رحمت بن کر داخل ہو جاتی ہے پھر فضل و کرم کا باب کھلتا ہے۔

جب تک کوئی ھم و حزن کے دفتر میں سے نہیں گزرتا، فضل و کرم کا منتظر رہتا ہے۔ جب بھی کوئی فضل و کرم کے باب سے گزرا، ھم و حزن کے باب ہی میں سے گزر کر گزرا۔ گویا ھم و حزن (اللہ اللہ، ماشاء اللہ) فضل و کرم کے ورود کا اولین باب ہے۔

ھم و حزن کی کٹھالی میں جل کر ہی سونا کندن بنا۔

○ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص کہے :

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ	اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہر شے سے پہلے بھی
وَّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ	اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہر شے کے بعد
وَّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَبْقٰی	اور لا الہ الا اللہ ہی باقی رہے گا
وَ یَفْنٰی کُلُّ شَیْءٍ ط	اور ہر چیز فنا ہو جائے گی

تو اسے غم و حزن سے نجات مل جائے گی۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد، کتاب العمل بالسنۃ ج ۳، ص ۱۹۲)

اَللّٰھُمَّ اذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَ الْحُزْنَ ط

اے اللہ! دور کر دے مجھ سے فکر اور غم

صحاحِ ستّہ .... عین دین۔

دین سے انحراف کے باعث ھم و حزن۔

نفس کی گوشمالی ..... عمدہ ترین علاج۔

اس کی آغوش میں سراسر ہدایت، فضل، رحمت اور برکات کا نزول

کرب و غم زحمت نہیں، رحمت بن کر درجات کی بلندی کا انسب معمول۔

○

○ مومن کو ایک کانٹا وغیرہ بھی چبھے تو اللہ تعالیٰ اس کے عوض اس کا ایک درجہ بلند کر دیتا ہے اور اس کی ایک خطا معاف کر دیتا ہے۔ (عائشہؓ / موطا۔ ترمذی، اوسط، صغیر)

○

نفسِ مضمون اتنا کڑا تھا کہ کوئی اس پہ کاربند ہونے کا متحمل نہ ہو سکا البتہ جدوجہد جاری ہے۔

ہجرت .... اللہ کی راہ میں چلنے کا پیش خیمہ اور اس کا اجر اللہ ہی کے ذمے۔

ہجرت حضور اقدس ﷺ کی سنّت ہے۔

ہجرت مہاجر کو گناہوں سے پاک کر دیتی ہے۔

ہجرت شہادت کا اولین قدم ہے۔

ہجرت الی اللہ ہجرت کا بلند ترین مقام ہے۔

ہجرت الی اللہ چیست ؟ ترکِ معصیت۔

خواہشات کی قربانی سب سے بڑی قربانی ہے اور

مہاجر الی اللہ ہی خواہشات کو قربان کر سکتا ہے، دنیادار نہیں۔

تم کیا جانتے ہو ؟ ہجرت کیا ہوتی ہے ؟

ہجرت جان کے سوا ہر شے کی قربانی ہوتی ہے۔ مہاجر کے، ماشاء اللہ، ہر گناہ کا ازالہ بن جاتی ہے۔ اللہ اپنے فضل و کرم سے اسے گناہوں سے پاک فرما کر بخش دیتے ہیں۔

ہجرت مجسمۂ ہجر کی تفسیر ہوتی ہے۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ

تو ان کی دعا سن لی ان کے رب نے کہ

میں اکارت نہیں کرتا تم میں سے کام کرنے والے کی محنت کو۔

مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ

مرد ہو یا عورت - تم آپس میں ایک ہو -

فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

تو وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اور نکالے گئے اپنے گھروں سے

وَ اُوْذُوْا فِیْ سَبِيْلِیْ

اور ستائے گئے میری راہ میں

(مسلم، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما، کتاب العمل بالسنۃ جلد ۱، ص ۱۰۱۳)

اگرچہ اللہ کی دنیا وسیع و عریض ہے پھر بھی جب کسی بندے کا جینا تنگ ہو جاتا ہے، کوئی اور سبیل نظر نہیں آتی ..... ہجرت کرنے پہ مجبور ہو جاتا ہے اور یہ بندے بچارے کی زندگی میں انتہائی پریشانی کا عالم ہوتا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ ذوالجلال والاکرام نے کمال حکمت و قدرت سے اِس بندے کو ہجرت پہ ہجرت کی نعمت سے سرفراز فرمایا۔ بار بار فرما کر احسان کی حد کر دی اور مَیں ہر ہجرت پہ پھولے نہ سمایا۔

مخلوق نے میری ہجرت کی ملامت کی حد کر دی۔ میں نے الٰہی حکمت و قدرت کا بلند ترین اعزاز سمجھ کر شکر کیا۔

میں نے ہر ہجرت
اللہ کے لیے، اللہ کے ذکر کے لیے
دینِ اسلام کی تبلیغ کے لیے اور
اللہ کی مخلوق کی خدمت کے لیے کی۔
ہجرت گناہوں سے پاک کر دیتی ہے۔
ہجرت کی بے شمار برکات ہوتی ہیں۔
جو اللہ کے لیے اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے پر مجبور ہوتا ہے، اللہ اسے بخش دیتے ہیں۔ جو عقدے کبھی حل نہیں ہوتے، حل فرما دیتے ہیں۔ متوکل علی اللہ فرما کر توکلت علی اللہ ایسی روزی پہنچاتے ہیں جس کا کہ گمان تک نہ ہو۔
مہاجر الی اللہ خانہ بدوش ہوتا ہے۔ وطن، پڑوس، یار و اغیار سے بیگانہ۔ حکمت کی قدرت اور قدرت کی حکمت جہاں چاہتی ہے، لے جاتی ہے۔ کسی اور کی مرضی کبھی کرنے نہیں دیتی۔
اللہ کی راہ میں سفر کرنا اللہ کو پسند اور
میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سنّتِ مطہرہ ہے۔
سفر میں رحمت ہوتی ہے اور برکت۔
سفر کی کارگذاری ..... محیر العقول، معمہ کا حل اور
علم و حکمت کا مرقع
مسافر سب کے سب ہمسفر ہوتے ہیں۔ دور دراز سے جب آپس میں ملاقی ہوتے ہیں، کوئی نہ کوئی خوشخبری کا پیغام سناتے ہیں اور
بہترین پیغام و بہترین سبیل ذکر دوام۔ ماشاء اللہ!

اے او مسافر! بحر و بر کے کیل کانٹے تیری راہ کو روک نہ سکے یہاں تک کہ سمندر نے تیرا استقبال کیا اور تو دندناتا ہوا آگے ہی بڑھتا رہا۔ اسے انسانی معراج کہتے ہیں۔

کہیں بھی ہو، روح حاضر رہتی ہے۔

سفر کی صعوبت کسی مسافر سے پوچھ اور ہجرت کی برکات مہاجر سے۔

ہجرت اِس منزل کا منبع و ماخذ ہے۔

بندے کا جینا جب تنگ ہو جاتا ہے، مجبور ہو کر ہجرت کر جاتا ہے۔

اور وہ انتہائی مایوسی کا عالم ہوتا ہے ..... اور اے جانِ من!

بے دل مت ہو، ہجرت کے بعد نصرت فطرت کا اٹل قانون ہے۔

ہجرت کا انتہائی مقام دیارِ ہستی سے ہجرت ہے اور یہ مقام کہیں کسی کو نصیب ہوتا ہے، ہر کسی کو نہیں۔

ہجرت میں حکمت ہوتی ہے۔ کوئی بھی حرکت حکمت سے خالی نہیں۔ دیارِ ہستی کے مہاجر اپنی کوئی مرضی نہیں رکھتے، اللہ ہی کی مرضی اُن کی مرضی ہوتی ہے۔

ہجرت کی برکات .... یثرب سے مدینہ منورہ۔

میرے آقا میرے مولا، میرے دلبر، میرے جانی میری سرکار حضور اقدس و اکمل و اکرم و اجمل اطیب و اطہر طہ، یس، مزمل، مدثر، سرورِ کائنات، فخرِ موجودات، عروسِ مملکتِ رب العالمین، سید المرسلین، خاتم النبیین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، امام العاشقین، محبوب المشتاقین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے جب مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرمائی، گلستانِ مدینہ پہ بہارِ نو آئی۔

مدینہ افتخار و ناز میں اِترایا کہ اللہ نے اسے اپنے حبیب ﷺ کے قیام کے لیے منتخب فرمایا ..... گویا وہ مقام جو یثرب یعنی مقامِ زحمت تھا اب مدینہ، رحمتوں کا خزینہ بننے لگا۔ ایک گمنام مقام نے مقبولِ عام اور فیضِ دوام کے مقام کا رتبہ پایا۔ ایک معمولی بستی قیامت تک کے لیے مرکزِ رشد و ہدایت بنی۔ مدینہ خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا کیونکہ آج اسے اس ہستی کی قیامگاہ بننے کی سعادت نصیب ہونیوالی ہے جو وجہِ تخلیقِ کائنات اور فخرِ موجودات ہے ..... مدینہ اِس عزوافتخار پہ جتنا ناز کرتا، کم تھا .... کیونکہ آج اس کے مقدر کے اندھیرے چھٹنے کو تھے۔ اس کا گوشہ گوشہ نورِ نبوت سے منور ہونے کو تھا اور اس کا ذرہ ذرہ اہلِ دل کے لیے محترم بننے کو تھا۔ آج کا دن مدینہ کی تاریخ کا اہم ترین دن تھا کیونکہ آج اسے .... "ادب گاہیست زیرِ آسمان از عرش نازک تر" کا خلعت عطا ہو رہا تھا۔

دعائے خلیلؑ و نویدِ مسیحاؑ ﷺ کی تشریف آوری کی خوشخبری نے اہلِ مدینہ کے دلوں میں ایک عجیب اضطراب برپا کر دیا تھا .... مشتاقانِ جمال ہر صبح آپ کے استقبال کے لیے دور تک شہر سے باہر جاتے مگر ہر شام مایوس لوٹتے اور اس دن ان کا اضطراب دیدنی تھا جب ایک یہودی نے انہیں خوشخبری دی کہ او مسلمانو! وہ معزز مہمان جن کے استقبال کو تم روزانہ شہر سے باہر جایا کرتے ہو، آرہے ہیں .... وہ دیکھو ..... ان کی سواریوں کی گرد اڑتی نظر آرہی ہے۔ یہ سنتے ہی مدینہ میں ایک دھوم مچ گئی۔ رحمت کی گھٹائیں اُمڈ اُمڈ کر چھا گئیں اور تمام ادائیں سمٹ کر مدینہ میں آگئیں۔ منتظر نگاہوں اور بیتاب دلوں نے جب آپ ﷺ کے جمالِ جہاں تاب کا نظارا کیا تو بے ساختہ اھلا و سھلا مرحبا اور الحمدللہ کی صدائیں بلند ہوئیں۔ ہر کوئی

فرطِ مسرت سے جھوم اٹھا۔ اہلِ مدینہ کے لیے یہ روزِ سعید روزِ عید سے کم نہ تھا۔ فضا ننھی ننھی معصوم بچیوں کے اِن اشعار سے مترنم اور معمور تھی

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعٰى لِلّٰهِ دَاعِ

آج کا ہر لمحہ اتنا قیمتی، پُر عظمت، بابرکت تھا کہ اسے حاصلِ حیات کہا جاسکتا تھا ..... اِس انعام واکرام پہ زبانیں شکرِ الٰہی میں تر تھیں اور جبینیں بارگاہِ صمدی میں سجدہ ریز۔ کوئی تحریر اور کوئی تقریر اہلِ مدینہ کے ذوق و شوق، سوز و گداز اور عشق و رقّت کی صحیح تصویر پیش نہیں کر سکتی .... زبان اِس کیفیت کے بیان سے عاجز ہے اور قلم معذور!

اِس روح پرور استقبال کے منظر کا تصور کیا جائے تو اس امر کا اندازہ لگانا قطعاً مشکل نہیں کہ مدینہ کا ہر فرد سرورِ کائنات ﷺ کی میزبانی کے شرف کا کتنا تمنائی تھا چنانچہ سب نے اپنے اپنے گھروں کو سنوارا ..... اور خود دروازے پہ استقبال کے لیے دست بستہ آ کھڑے ہوئے .... حضرت ابو ایوب انصاریؓ نے بھی اپنی بیوی سے اپنے گھر کو سجانے کی فرمائش کی تو انہوں نے کہا، سبحان اللہ! کہاں رحمتہ للعالمین ﷺ کہاں ہم عاجز و مسکین! سرورِ کونین ﷺ کی آمد مبارک اور ہمارے گھر؟ ناممکن۔ پھر ہم کس آرزو پہ یہ جھونپڑا سجائیں؟ یہ سوچ کر ان کے دل بجھ گئے، ان کی دنیا اندھیروں میں ڈوب گئی، آرزوئیں سینے میں دم توڑنے لگیں۔ اے کاش! یہ شرف ہمیں نصیب ہوتا، یہ دولت ہمارے حصے میں آتی، یہ نعمتِ عظمیٰ ہمیں نصیب ہوتی!

ادھر ان کی حسرت اور بے قراری کا یہ عالم تھا، ادھر رحمتِ حق جوش میں

تھی۔ نبیٔ مکرّم رحمتِ مجسم ﷺ نے ناقہ کی نکیل اس کی گردن پہ پھینکتے ہوئے فرمایا ..... یہ اللہ کے حکم کی مامور ہے، اسے چھوڑ دو۔ جس گھر کے سامنے بیٹھے گی، وہیں ہمارا قیام ہوگا۔

ناقہ اٹھکھیلیاں کرتی ہوئی اسی ابو ایوبؓ کے دروازے پہ آکر رک گئی جسے اتنی عظیم سعادت سے بہرہ مندی کا گمان تک بھی نہ تھا۔

ان کا عجز و انکسار اللہ کو اس قدر پسند آیا کہ رحمت نے اسے اپنی آغوش میں لے لیا اور زیب و زینت اور آرائش و زیبائش سے بے نیاز ان کا معمولی سا جھونپڑا نہ صرف اس وقت آپ ﷺ کی قیامگاہ بلکہ مسجدِ نبوی ﷺ کی صورت میں ہمیشہ کے لیے چشمِ عالم میں باعثِ خیر و برکت اور قابلِ عزو احترام قرار پایا۔ مبارکاً مکرماً مشرفاً اور یہ سب ارادتِ ازلی ہی میں مقسوم و مرقوم تھا۔

مہمان نوازی سُنّتِ خیر الانام ﷺ

انکار مت کیا کرو

محروم مت رہا کرو

میرے آقا روحی فداہ ﷺ نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو فیاض کا لقب دیا۔

چند سنن ہنوز واجب الادا ہیں۔

معراج سنت ہے،

کوئی ماں کا لال اس سنت کو بھی ادا کرے۔

معراج النبی ﷺ

مبارکاً مکرماً مشرفاً

مومن کی پرواز کی کوئی حد نہیں، بلند و بالا۔

کسی کا اللہ کے لیے اللہ کی راہ میں تن، من، دھن، لٹا دینا بھی ایک امید افزا حد ہے۔

اعلیٰ ترین حد ..... ماسوا سے ہجرت

یہی مومن کی معراج، ماشاء اللہ۔

ردائے نبوت امتِ مرحومہ کا وہ پردہ ہے جو ہر شے کو چھپا لیتا ہے

ظاہر و باطن کو چھپانا پردہ پوشی کی حد

اور یہ عنایت اُن ہی کو ورثے میں ملی اور

حکمت بھی اُن ہی کے گھر میں اتری۔

مخلوق کی پردہ پوشی کا مرتبہ میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے بعد مولائے علی کرم اللہ وجہہ کو عنایت ہوا اور پھر فقر ہی کو ورثہ میں ملا۔

کر کے دیکھ لو ..... مخلوق کی پردہ پوشی احسانِ عظیم ہے۔

بندے، بندوں سے درگزر نہیں کرتے اور نہ ہی پردہ پوشی کرتے ہیں حالانکہ ان کا رب ان سے درگزر کرتا ہے اور سب کی پردہ پوشی کرتا ہے۔

○ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

"جو شخص کسی مسلمان میں کوئی عیب دیکھے اور پھر وہ اسے چھپائے تو اس کا ثواب اس شخص کے برابر ہوگا جس نے کہ زندہ دفن کی ہوئی لڑکی کو بچایا"۔

(احمدؒ، ترمذیؒ عن عقبہ بن عامرؓ)

قدرت کے باوجود معاف کر دینا حلم کی حد اور مخلوق کی پردہ پوشی آدمیت کے ادب کی حد ہے اور یہ میرے اللہ ہی کی صفات ہیں مخلوق اس پہ گزر نہیں رکھتی۔

الا ماشاء اللہ!

تین حکیم ہیں:

اللہ حکیم

قرآن حکیم

رسول اللہ ﷺ حکیم

سیدنا شاف (ﷺ)

روح و نفس کو شفا بخشنے والے

انسانی جسم الوجود میں جملہ امراض موجود رہتے ہیں

کبھی محجوب کبھی مستور کبھی ملفوف، نابود نہیں ہوتے۔

میرے اللہ رب العالمین کے فضلِ عظیم اور

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے جُود و کرم سے نابود ہوتے ہیں۔

ہر علت سے تیرے نام ہی کی بدولت شفا پائی۔

نظر کی شفا ..... اصل دوا

تیرے نام ہی سے ہر بے چین نے چین پایا۔

تیرا نام جب بھی کسی بے قرار نے لیا، قرار پایا

اور

تیرے نام ہی کی بدولت اسیروں کے زنجیر ٹوٹے۔

کوئی بھی مرض ایسا نہیں جس کا کوئی علاج نہ ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

ہر مرض کے لیے دعا بھی ہے، دوا بھی۔

شفا .... من اللہ تعالیٰ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ..... وسیلۂ شفائے امراض، ماشاء اللہ!

عجب حکمت ہے کتاب العمل بالسنۃ کا عامل اور محزون و مغموم؟

الٰہی قدرت و حکمت کی مخالفت کے باعث محزون و مغموم۔

کتاب العمل بالسنۃ میں ہر شے ہے۔

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حی یا قیوم یا ذاالجلال والاکرام یاذاالفضل العظیم! ہم گنہگاروں کو حکماء کے حوالے نہ کر، اپنی رحمت سے شفا بخش۔

ہر مرض سے شفا ..... تیری ہی طرف سے عطا۔

یا حلیم یا کریم اشفنا۔

دنیا بھر کے حکما چارہ سازی سے معذور۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی دعا ..... ہر مرض کی شفا۔

ہر مرض کی دوا ہے لیکن ہر دوا میں شفا نہیں۔

شفا میرے اللہ ہی کے بس میں ہے۔

دوا ایک حیلہ ہے، جناب رسول اللہ ﷺ شفا کا وسیلہ ہیں۔

یقین لا ..... یقین کر

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہر مرض و بلا و وبا پہ حاوی۔

○ سمیات کا تریاق

حضرت انسؓ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تو کھانا کھائے یا کوئی چیز پیے تو کہہ

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

خوب سمجھ لے اس کے ساتھ تجھے کوئی بیماری نہیں پہنچے گی خواہ اس میں زہر ہو۔

ف: سرطان سمیات ہے۔

اگر کوئی یہ پڑھ کر کھائے پیے، ہر لقمہ و گھونٹ نور بن کر شفا لائے۔

ہر انسان کے جسم میں کسی نہ کسی قسم کا کوئی نہ کوئی عارضہ موجود رہتا ہے اور حکمت پہ مبنی۔

ہر حکمت کا اللہ ہی حکیم ہے۔

اَللّٰهُمَّ یَا حَکِیْمُ تَحَکَّمْتَ بِالْحِکْمَةِ وَ الْحِکْمَةُ فِیْ حِکْمَةِ حِکْمَتِکَ یَا حَکِیْمُ ط

مخلوق کی شفا کے لیے جو بھی حیلہ کریں، اگرچہ گھانس پھونس یا راکھ ہی کی چٹکی ہو، شفا بخشا کرو۔

عِلّت سے شفا بھی تیرا ایک احسانِ عظیم ہے۔

میرے اللہ حکیم ہیں، میرے پاس رہتے ہیں، دم بھر کے لیے بھی دور نہیں ہوتے۔ ہر مرض کی دواء و شفاء میرے اللہ ہی کے پاس ہے۔

سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْم پڑھ کر شفا کی دعا مانگ۔ امید افزا علاج۔

کسی غیر کو حکیم کا شریک مت بنا۔ اللہ ہی کو اپنا حکیم ٹھہرا۔

حکیم بے چارہ ہر کسی کی کیا تشخیص کر سکتا ہے!

اللہ ہی عزیز الحکیم ہے مطمئن رہ!

اللہ ہی شفا بخشنے والا ہے۔

ظاہری و باطنی امراض سے شفاء:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

زہر کا تریاق:

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۔

ہر غم کا علاج ..... درود شریف

ہر بیماری کا علاج ..... الحمد شریف

آیتِ شفا میں شفا تلاش کر اور وہ سورۃ فاتحہ ہے۔

○ حضرت عبد الملک بن عمیرؒ بیان کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا فاتحہ الکتاب (یعنی سورہ الحمد) ہر بیماری سے شفا ہے۔

(سنن الدارمی / کتاب العمل بالسنۃ جلد ا ص ۸۲۵)

○ حضرت ابو ہریرہؓ اور ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سورۃ فاتحہ زہر سے شفا دینے والی چیز ہے۔

(کنز العمال، کتاب العمل بالسنۃ جلد ا ص ۸۲۶)

سورۃ فاتحہ .... جملہ امراض سے شفا اور زہر کا تریاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم فاتحہ میں شامل ہے۔

بیماری سے شفا :

○ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ وَ اللّٰہُ یَشْفِیْکَ مِنْ کُلِّ اِرْبٍ یُّؤْذِیْکَ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں بیمار تھا، میرے پاس جناب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے پھر فرمایا کیا میں تجھے ایسا دَم نہ کروں جو مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے سکھایا ہے؟ وہ یہ ہے بسم اللہ ..... الخ

اسے ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال الجزء الخامس ص ۱۹۴، شمار ۱۳۹۱۷)

ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَ رَحْمَۃٌ

یہ لکھ کر ناف پہ باندھیں، ناف کے لیے اکسیر۔

امید افزا عمل :

طٰہٰ یٰس لکھ کر ناف پر باندھ۔

دفعِ جنّات کے لیے :

(حضرت سلیمان علیہ السلام کا خط جو بلقیس کو بھیجا گیا)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَ اْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ (النمل: ۳۱)

باربار پڑھنا مستحسن۔

طب کی ابتدا ..... علق

طب کا عروج ..... کشف الورید

طب میں وبا و بلا کا کوئی علاج نہیں مگر

لِيْ خَمْسَةٌ اُطْفِيْ بِهَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَهْ

اَلْمُصْطَفٰى وَ الْمُرْتَضٰى وَ ابْنَاهُمَا وَ الْفَاطِمَهْ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ ط

علمِ طب	معدوم تھا	بقراط نے ایجاد کیا
	مردہ تھا	جالینوس نے زندہ کیا
	متفرق تھا	رازیؒ نے جمع کیا
	ناقص تھا	بو علی سیناؒ نے مکمل کیا

یہ طب ..... جس کا بانی بقراط تھا اور جس کی تکمیل بو علی سیناؒ نے کی، طب کی اولین، بنیادی اور اہم ترین قسم ہے کیونکہ اس میں انسانی بدن کی تشریح و توضیح کے علاوہ عوارض و امراض پہ مکمل بحث کی گئی ہے۔ اس میں تشخیص و تجویز کا عمل ہے جو ایک

باقاعدہ دستور کے تحت تواتر کے ساتھ چلتا ہے۔ یہی طب یونانی کہلائی اور اسی پہ اسلامی دور میں تحقیق و جستجو سے نئے آفاق ابھرے اور اس نے طبِ اسلامی کا نام پایا۔ یہی بنیاد تھی جس پر آج ایلوپیتھی اور سرجری کے بلند و بالا ایوان تعمیر ہوئے نظر آتے ہیں۔

طب کی دوسری قسم جو پہلی پر فوقیت رکھتی ہے طبِ نبوی ﷺ ہے جسے ہم اپنے آقا و مولا حضور اقدس و اکمل و اجمل و اطیب و اطہر روحی فداہ ﷺ کی ذاتِ گرامی سے منسوب کرتے ہیں۔ ہمارے حضور ﷺ تشریف لائے تو علم الایمان کے ساتھ ایک بہترین اور مکمل ترین علم الابدان بھی لائے۔ آپ ﷺ نہ صرف روحِ انسانی کے مصلح و معالج تھے۔ بدنی امراض کے بھی طبیب کامل و اکمل تھے۔

آپ ﷺ نے فرمایا

"علموں میں سے علم دو ہی ہیں علم الادیان اور علم الابدان"

قرآنِ حکیم تخلیقِ انسانی کے مختلف مدارج پر جس حکیمانہ انداز میں روشنی ڈالتا ہے وہ علمِ طب کا ایک اہم ترین باب ہے۔ حضور ﷺ نے حکمت کو مسلمانوں کی گم گشتہ متاع قرار دے کر اسے حاصل کرنے کی تاکید فرمائی، جس سے میدانِ عمل و تحقیق میں ایک ولولہ پیدا ہوا اور رازیؒ و بو علی سینا جیسے مفکرین نے ایک دینی فریضہ سمجھ کر اس فن کی خدمت کی جسے عالمِ انسانیت قیامت تک فراموش نہیں کر سکتا۔

یہ فن اپنی اصل کے اعتبار سے پیغمبری ہی کا ایک جزو ہے جس کا نقطۂ کمال حضور اقدس ﷺ کی ذاتِ اقدس ہے جہاں طب کے تمام مروجہ دستور اور قاعدے ختم ہو جاتے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ کا دستِ شفقت و رحمت اِس سے آگے تک

شفا تقسیم کرتا نظر آتا ہے۔

ایسے نسخے یا معالجات جو حضور اقدس ﷺ سے بالواسطہ یا بلاواسطہ روایت ہیں یا ایسے معالجات اور نسخے جو بعض صلحائے امت کو عالمِ کشف و رؤیا میں حضور ﷺ نے تعلیم فرمائے طبِّ نبوی ﷺ کے ضمن میں آتے ہیں۔ ہمارا ایمان ہے کہ آج کی طبِّ اسلامی حضور ﷺ ہی کی نظرِ کرم کا نتیجہ اور آپ ﷺ کی ہی رہینِ احسان ہے۔

"طب نبوت کا ایک حصہ ہے"

"طب ایک فن شریف ہے"

"طب مسلمانوں کی گم گشتہ متاع ہے"

چنانچہ "دارالاحسان" کے پیش نظر اسی طب کی ترویج و اشاعت اور اسی کی تنظیم و اصلاح ہے۔ ماشاء اللہ!

اللہ کا شکر و احسان ہے کہ اس نے ہماری اِس میراث یعنی طبِّ اسلامی کی خدمت کے لیے دارالحکمت المعروف دارالشفاء کو منتخب فرمایا۔

دارالحکمت ..... دینِ متین کا انسب شعار

قدیم دین اسلام اور

قدیم طب نبوی ﷺ ہے۔

اسلام سے بہتر کوئی دین نہیں اور طبِّ نبوی ﷺ سے بہتر کوئی طب نہیں۔ یہ دونوں، دین اور طب، صدیوں سے محنت کے متمنی ہیں۔ اگر طبِّ نبوی ﷺ پہ محنت کی جاتی یا اب بھی کی جائے، موجودہ بیرونی طب کو مات کر جائے۔ اگر ان کو فروغ دیا جائے اور ان پر محنت کی جائے تو دین میں معراج اور طبِّ نبوی ﷺ میں ہر بسمل کی مسیحائی ہے۔

زیتون کے فوائد :

○ حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ لوگو! زیتون کے مبارک درخت کو سدا استعمال میں لاتے رہو اور روغنِ زیتون کے ساتھ دوا کیا کرو کیونکہ وہ بواسیر کو بہت ہی فائدہ پہنچاتا ہے۔

○ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :

روغن زیتون کھایا کرو اور بدن پر ملا کرو۔ یہ ستر بیماریوں کو ٹھیک کرتا ہے جن میں سے ایک جذام ہے۔

○ ذہبیؒ طبِ نبوی ﷺ میں لکھتے ہیں کہ روغن زیتون کی جسم پر مالش کرنے سے بال اور تمام اعضاء قوی اور مضبوط ہو جاتے ہیں اور بڑھاپا دیر میں رخ کرتا ہے۔ اس کا شربت بھی سمی اور زہریلی چیزوں کو مفید پڑتا ہے۔

○ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا اے علیؓ! تم روغن زیتون کھایا بھی کرو اور بدن پر ملا بھی کرو کیونکہ جو شخص روغن زیتون کی مالش کرے گا، چالیس رات تک اس کے پاس شیطان نہ پھٹکے گا۔ یہ روایت تحفۃ اللبیب میں مذکور ہے۔

بعض فضلاء نے کہا ہے کہ یہ مفلس اور تنگدستوں کا تریاق ہے۔ "عرائس" میں لکھا ہے کہ ایک دن آدم علیہ السلام کو درد کی شکایت ہوئی۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام آپ علیہ السلام کے پاس زیتون کا درخت لائے اور فرمایا اس کا پھل لے کے نچوڑ کیونکہ اس میں ہر مرض کی دوا ہے سوائے موت کے۔

○ ابو نعیمؒ کی طب نبوی ﷺ میں لکھا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنے بعض پاکباز اور جانثار یارؓ کو بھی زیتون دے کر فرمایا کہ اس کا اکثر استعمال کیا کرو کیونکہ

یہ دل کو مضبوط، نفس کو پاک کرتا ہے اور سینہ کی طخاوت کو دور کرتا ہے۔

لوگوں نے دریافت کیا سینہ کی طخاوت کیا ہے ؟

فرمایا وہ آسمانی غبار جو دور سے معلوم ہوتا ہے۔

فالج کا ایک علاج :

اجزاء : دودھ

شہد

بادام روغن

ترکیب : ایک گلاس دودھ نیم گرم میں ایک چمچ شہد اور ایک چمچ بادام روغن ملا کر استعمال کریں، شفا کی امید ہے۔

بادام روغن انتڑیوں کے زنگ کا مایہ ناز علاج۔ اگر دودھ بھی ملا لیں تو سریع الاثر۔ اور شہد میں ملا کر سر لپا اکسیر۔

یہ تینوں اجزا .... حرمل

حنظل

ہیرا کسیس

حضرت لقمان علیہ السلام کی مجلس میں پیش ہوں۔ قبول فرما کر من و عن تصدیق فرمائیں۔

ذیابیطس کے لیے نافع اور مجرب ہیں۔

نسخہ جات ..... گوناگوں ایک سے ایک بہتر ،

طبی خواص کے لحاظ سے یہ نسخہ فوق الوری۔

وَ اَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَ نَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۙ
فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ؕ (النزعت: ۴۰، ۴۱)

"اور جو کوئی اپنے پروردگار کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرا اور اپنی خواہشات سے نفس کو روکا پس تحقیق اس کے رہنے کی جگہ جنت ہے"

ف: طب میں حنظل نفس کی عین مخالفت ہے۔ حنظل بے شمار امراض کا علاج اور مطب "دارالحکمت" کا معمول ہے۔ ماشاء اللہ!

سفوف حنظل، ایک سہل ترین نسخہ:

سفوف جڑ تمہ	۵ تولہ
قلمی شورہ	۵ تولہ
پھٹکری	۵ تولہ
نوشادر ڈنڈا	۵ تولہ

تمام ادویہ سفوف بنا کر بعد از غذا ایک ماشہ ہمراہ بد رقہ ترجیحاً مع ماء العسل۔ لہسن کی تین تریاں کوٹ کر ایک پاؤ دودھ میں پکائیں۔ پھر اس میں شہد ملائیں اور پی لیں۔

انسانی صحت کے لیے یہ قدرت کا ایک عظیم عطیہ ہے۔ یہ آنکھوں کا اَنجن اور دانتوں کا منجن ہے۔ معدہ کا تریاق ہے۔ دافعِ دردِ معدہ، قبض کشا اور دیدان (کرم شکم) کا قاتل ہے۔ ورم گردہ، درد گردہ اور گنٹھیا میں معروف اطبا کا معمول طب ہے۔ مدر حیض، پرسوتی عوراضات اور فسادِ خون میں مفید۔ خارش، برص، رسولی، ورم طحال،

جلودھر (استسقاء) ورم زوائد (اپنڈکس) میں کثیر النافع اکسیر ہے۔

مناسب بدرقہ کے ہمراہ ماء العسل کے اضافہ سے ایک ماشہ اس تریاق کو استعمال کر کے دیکھو۔ اللہ کے فضل و کرم سے شافی پاؤ گے۔ ماشاء اللہ!

O

پسندیدہ چیز کا استقبال ..... فطرت

ناپسندیدہ چیز اگرچہ عین حکمت پہ مبنی .....ناپسند

خربوزہ .....عام پسند، صرف لذت ہی لذت اور

حنظل بے شمار امراض کا تریاق۔

طب کا کمال ..... تانیسر (تانبے کا کشتہ)

O

طب ایک وسیع مضمون ہے اگرچہ ہزاروں سال سے ہر مرض پہ ہر کسی نے بہت کچھ کہا لیکن پھر بھی ایسے نادر نسخے لوگوں کے سینوں میں مکنون ہیں جو آج تک قلم کی نوک تک نہیں پہنچے مثلاً یہ کہ :

"بلڈ پریشر کے مریض صبح کے وقت نہار منہ لہسن کی گٹھی کی تین پوتھی (دانے یا تریاں) پانی کے ساتھ نگل لیں۔ اس کے بعد ایک گھنٹہ تک کوئی شے نہ کھائیں نہ پئیں۔ گھنٹہ گزرنے کے بعد جو چاہیں کھائیں"

O

کھمب کہیں کہیں جنگل میں ہوتی ہے، لذیذ ہوتی ہے۔
کئی امراض سے شفاء ہوتی ہے۔
حکماء اس کی تعریف کرتے نہیں تھکتے۔

O

طب کے مجدد نے کہا جب میں کسی مجلس میں خود حاضر نہ ہو سکوں، میری جگہ ہریڑ (ھلیلہ) کو زینت افروز کر لیا کرو۔

O

سونف	ایک حصہ
دھنیا	ایک حصہ
بڑی الائچی	ایک حصہ
مصری	دو حصے

مع چھلکے پیس کر سفوف بنالیں اور کھانے کے بعد بقدر ایک چھوٹی چمچی استعمال کریں۔
جملہ امراضِ معدہ اور تبخیر کے لیے اکسیر۔
حکمت کی یہ چٹکی مخلوق کے افادۂ عام کے لیے فی سبیل اللہ تقسیم ہے۔
یہ رمضان المبارک کی برکات کی ایک عنایت ہے۔
کوئی صاحب اسے ذریعۂ معاش نہ بنائیں۔

O

جملہ امراض کی ابتدا ..... قبض

قبض .....دل کو

دل .....دماغ کو اور

دماغ ..... جملہ اعصاب کو متاثر کرتا ہے۔

اسبغول دو چمچ رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ سے استعمال کریں۔

قبض کے لیے مفید۔

○

نسخہ مقوی دماغ :

یہ تینوں اجزا جوہر دماغ کو طاقت دیتے ہیں۔ دماغ سے بلغمی اور سوداوی مادے کو خارج کر کے دماغ کو قوت دیتے ہیں۔

مغز بادام ایک پاؤ

انجیر ایک پاؤ

منقی (بیج نکال کر) ایک پاؤ

تیاری : تمام ادویات کوٹ کر ملالیں۔

خوراک : دو تولہ صبح، ۲ تولہ شام ہمراہ دودھ

○

ھوالشافی

اجزاء : برگ سناء مکی

ہلیلہ کلاں (گٹھلی نکلا ہوا) ہم وزن

ترکیب : کوٹ چھان کر ملالیں

خوراک : ایک ماشہ رات کو دودھ کے ساتھ استعمال کریں

فوائد : جسم کے فضلاتِ ردی کو خارج کرتا ہے۔

صفرا کو ادرارِ بول سے خارج کرتا اور یرقان کو دور کرتا اور بلغم کو مسہل کے راستے نکالتا ہے اور اس کی مزید پیدائش کو روکتا ہے۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔ مقوی معدہ ہے اور پیٹ سے استسقاء کے پانی کو نکالتا ہے۔ مصفی خون ہے۔ مستورات کے امراض میں مفید ہے۔

O

دوائی برائے گردہ و پتھری گردہ

اجزاء :	نوشادر	ایک پاؤ
	پھٹکڑی سفید	ایک پاؤ
	قلمی شورہ	ایک پاؤ
	خرگوش گھریلو	ایک عدد

تیاری کا طریقہ :

پہلی تین اشیاء کو باریک پیس لیں۔ پھر چھلنی میں چھان لیں۔ خرگوش ذبح کر کے اس کا آنتا پیٹا نکال کر اس کی جگہ متذکرہ بالا پسی ہوئی اشیاء بھر کر سوئی دھاگہ سے سی دیں۔ ایک ہانڈی لے کر اس میں خرگوش کو رکھ دیں اوپر چپنی لگا کر مٹی سے گِل حکمت کر دیں۔ ایک من اُپلوں کی آنچ دیں۔ اگلے دن نکال کر باریک کوٹ لیں۔

استعمال : بقدر دو چاول دوائی کو مکھن یا بالائی میں رکھ کر نہار منہ استعمال کریں۔

غذا : جتنے دن دوائی استعمال کرنی ہو، ڈبل روٹی شوربہ کے ساتھ استعمال کریں۔

پرہیز : چاول، آلو، چقندر، چنے اور قابض اشیاء وغیرہ۔

O

مچھلی پانی میں رہتی ہے، تاثیر ..... گرم!

O

حضرت سیدنا یونس علیہ السلام ذکرِ الٰہی کے شائق تھے۔ آپ کی زندگی کے لیل و نہار کے اعمال کُل مخلوق کی تعداد کے برابر اٹھائے جاتے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

آپ کسی حکمت و قدرت کے تحت مچھلی کے پیٹ میں رکھے گئے۔ جب باہر آئے تو قریب کوئی سایہ نہ تھا۔ دفعتاً کدو کی ایک بیل اُگی اور آن کی آن میں آپ پر سایہ فگن ہوئی۔ ماشاء اللہ!

کدو کا یہ اعزاز بیلوں کی دنیا میں بازی لے گیا اور

میرے آقا روحی فداہ ﷺ نے بھی کدو ہی کو پسند فرمایا۔

ہم نے بھی ماشاء اللہ نہری کھتانوں میں کدوؤں کا باغ لگایا ہوا ہے۔ صرف خوشبو ہی نہیں، غذائیت کی نعمت سے بھرپور۔ ماشاء اللہ!

O

مرغوب اور پسندیدہ : حضور اقدس ﷺ کو کھانے میں "ڈبل روٹی" (خمیر والی روٹی) بہت مرغوب تھی۔

O

مکی کے پودے کی کیا میعاد ہوتی ہے اور کھجور کا پودا سالہاسال میں پروان چڑھتا ہے۔

کھجور عرب کی متاع ہے۔ میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبوب ترین غذا۔

امراض کا نشان تک نہیں ہوتا۔ سراسر قوت و شفا کا موجب۔

کھجور کی گٹھلی ..... لاعلاج امراض کی شفاء

بہترین کھجور عرب کی پیداوار ہے۔

O

تازہ پیاز وٹامن اے، بی اور سی کا مجموعہ ہے۔ کسی اور شے میں یہ تینوں وٹامن یکجا نہیں پائے جاتے۔

O

دل گاجر کا اور جگر مولی کا پانی پیتا ہے۔

O

جب بھی کسی درندو خزندو پرند کو قبض ہو جاتی ہے تو سبزی کے پتے کھانے لگ جاتا ہے۔ گویا سبزی کھانا ہی ہر مخلوق کی قبض کا فطری علاج ہے۔

O

جتنے حکماء ، اتنے معمولات۔

ہر حکیم کے مطب کا معمول ہوتا ہے، ایک کا دوسرے سے نہیں ملتا۔

ہمارے شیخ الشیوخ شاہ امیر الحسن صاحب سہارنپوریؒ کے مطلب کا معمول بارہ سنگا ..... اور دارالحکمت کے مطب کا معمول "سفوف حظل" ہے۔

O

مطب کے معمول میں برکت ہوتی ہے۔

طب ہماری طریقت کا ایک ضروری باب ہے۔

ہم نے اپنے اللہ سے یہ عہد کیا ہوا ہے کہ تیری مخلوق کو تیرا کنبہ سمجھ کر فی سبیل اللہ خدمت کریں گے اور کسی بھی خدمت کا کسی سے کوئی عوضانہ نہ لیں گے۔ماشاءاللہ۔

مطب کا معمول چند چیزیں ہوتی ہیں، عطاریات نہیں۔ اور ہمارے مطب کا معمول ۱۴۲، ۱۷۷ ہیں۔ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ۔

نسخہ ۱۴۲ اجزاء :

سہاگہ بریاں

حلتیت

زنجبیل ہم وزن

نمک سیاہ

ترکیب : تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سوہانجنے کے پانی میں کھرل کریں۔

خشک ہونے پر چنے کے دانے کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک : ایک گولی رات کو سوتے وقت بعد از غذا۔

صبح نہار منہ ایک گولی چائے کے ساتھ۔

فوائد : تمام بلغمی، ریاحی امراض کو ختم کرتا ہے۔

ستر باؤ چوراسی سول کہے دھنتر رہے نہ مول

نسخہ ۱۷۷ (سفوف حنظل)

اجزاء : تمہ کی جڑ کا باریک سفوف ۵ تولہ
قلمی شورہ ۵ تولہ
پھٹکری ۵ تولہ
نوشادر ۵ تولہ

ترکیب : تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

خوراک : ایک ماشہ بعد از غذا دونوں وقت ہمراہ پانی۔

فوائد : برائے امراض رحم، حیض کشا، مصفی خون۔ استسقاء کے لیے مفید ہے۔

○

تیز گرم پانی سے تادیر مسلسل غسل کرنے کے بعد کچھ دیر بستر پہ لیٹنا اعصاب کے کھچاؤ کا ایک امید افزا علاج۔

○

خدائی انتخابات

انبیاء علیہم السلام میں سے چار کو منتخب فرمایا :
سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام
سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام
سیدنا عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام
میرے آقا و حی فداہ سیدنا محمد ﷺ

ایک کو اپنا محبوب بنایا اور میرے آقا و حی فداہ ﷺ کو محبوبیت کے لیے چن لیا۔

O

ہزاروں شہروں میں سے چار کو منتخب فرمایا :

بیت المقدس

مکہ مکرمہ

مدینہ منورہ

مساجد العشائر

ایک کو حبیب الدیار کا شرف بخشا اور مدینہ منورہ کو چن لیا۔

O

صحائف و کتب میں سے چار کو منتخب فرمایا :

توریت

زبور

انجیل

قرآن عظیم

ایک کو نوع انسانی کے لیے دستور العمل بنایا اور قرآن عظیم کو چن لیا۔

O

مہینوں میں سے چار کو پسند فرمایا :

رجب المرجب

شعبان المعظم

رمضان المبارک

محرم الحرام

ایک کو نبیٔ رحمت کے لیے مختص فرمایا اور شعبان المعظم کو چن لیا۔

O

سینکڑوں ایام میں سے چار کو منتخب فرمایا:

یوم الفطر

یوم الضحیٰ

یوم عرفہ

یوم عاشورہ

ایک کو محبوب پر اتمامِ نعمت کے لیے پسند فرمایا اور عرفہ کو چن لیا۔

پرندوں میں سے چار کو پسند فرمایا:

فاختہ (خمرہ)

طوطا

مینا

کبوتر

ایک کو روضہ رسول ﷺ پر حاضری کا شرف بخشا اور کبوتر کو چن لیا۔

پھلوں میں سے چار کو منتخب فرمایا:

کھجور

زیتون

انار

انگور

ایک کو محبوب ﷺ کے دستر خوان کی زینت بنایا اور کھجور کو چن لیا۔

پھولوں میں سے چار کو منتخب فرمایا :

گلاب

چنبیلی

زعفران

موتیا

ایک کو بوئے محبوب ﷺ سے مہکایا اور گلاب کو چن لیا۔

O

اعمال تین ہیں :

۱۔ امر

۲۔ نہی

۳۔ یاد

اور حضور اقدس ﷺ کی محبت ان سب کی جان ہے۔

کلیات :

۱۔ امر پہ کمر باندھ

۲۔ نہی کا نام تک نہ لے

۳۔ یاد قائم الدائم رکھ، کبھی بھولنے مت دے۔

ناسوت و ملکوت و جبروت و لاہوت کے جملہ مقامات اِن تین ہی کے تابع ہیں۔

جب کوئی کسی "نہی" کو قطعی ترک کر دیتا ہے، نام تک رہنے نہیں دیتا، اس کی بجائے اللہ العلی العظیم اسے بہترین "امر" عنایت فرما دیتے ہیں۔

تیرے جسم الوجود کے اندر نو دروازے ہیں۔ مہاجر الی اللہ وہ ہے جس کے قلبوت کے سارے در اللہ ہی کے حکم کے تابع ہوں، کوئی بھی خود سر نہ ہو۔

جو بھی اس راہ میں چلا، منع کو منع کر کے ہی چلا، اور یہ باطن کی ابتداء ہے۔

تیرے جسم الوجود کے باہر نو دروازے شاہراہ عام کھلے رہتے ہیں۔ کسی کو بھی، جہاں سے کوئی چاہے، جانے کی کوئی ممانعت نہیں....

جب کہ اندر کے دروازے مخصوص ہوتے ہیں اور بند رہتے ہیں۔

جب تک باہر کے دروازے بند نہیں ہوتے، اندر کے کبھی نہیں کھلتے۔

اللہ رب العالمین کے فضل و احسان اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے جود و کرم اور کمال رحمت سے ہی انسانی جسم الوجود کے باہر کے دروازے بند اور اندر کے کھلتے ہیں، اپنی کسی کوشش سے نہیں۔

تاریخ نے اس کو مان لیا۔

باہر کے دروازوں سے نادم و بیزار ہو کر ہی اندر کے دروازے کھلتے ہیں۔

باہر کے دروازوں میں ہر قسم کے فتنات و فساد، خوف و غم اور یاس و حزن۔

اندر کے دروازوں میں راحت و سکون اور لا خوف علیہم و لا ھم یحزنون کا مژدۂ جانفزا ۔

تیرے فضل و رحمت سے ھم و حزن کے پردے چاک ہوئے،

کسی اور طرح ہو سکتے ہی نہیں۔

اندھیرا تھا، روشنی ہوئی۔

ھم و حزن زندگی کے دو مہلک صیاد ہیں، فضل و رحمت ان کو کھا جاتے ہیں۔

دنیا وحشت کی ایک وادی ہے۔ طویل و تاریک، سنسان و ویران، اداس و خاموش۔ کسی طرح ختم ہونے میں نہیں آتی۔

لیکن جب رحمت آجاتی ہے، آن کی آن میں وحشت مٹ جاتی ہے۔

ویرانی دور ہو جاتی ہے، دہشت کافور ہو جاتی ہے۔

بجھی بجھی صبح جو کبھی نہیں مسکراتی، مسکرانے لگتی ہے۔

لُٹی لُٹی شام جو کبھی نہیں نکھرتی، پیرہن بدلنے لگتی ہے۔

بگڑی بن جاتی ہے، اجڑی بس جاتی ہے۔

یاس و حزن کے سب جام گرا دیے جاتے ہیں اور

سب جام ایک ایک کر کے صبوحی سے لبریز کر دیے جاتے ہیں اور یہ سب میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کی سفارش و شفاعت سے ہوتا ہے۔

سیدنا جواد ﷺ

سیدنا کریم ﷺ

تیری کریمانہ نظر سے کیا سے کیا ہوا

الفاظ نہیں ملتے! ھم و غم رخصت ہوئے۔

صدق اللہ و صدق رسولہ النبی الکریم ﷺ

آنکھ ..... محوِ جمال

کان ..... اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی

ناک ..... دم کی گزرگاہ

زبان ..... گنگ

تن ..... گوشت، خون کا پنجر

صحیح استعمال سے ہی اندر کے دروازے کھلتے ہیں، کسی اور طرح کھل سکتے ہی نہیں۔

امر و نہی کی تعلیمات میں یہ بندہ اپنے نفس ہی کی طرف متوجہ ہے، کسی اور طرف نہیں۔

امر و نہی اسلام کا وہ حکم ہے جس کا کوئی بھی منکر نہیں، مطلق نہیں۔

جہاں تک ہو سکے اور کر سکے امر و نہی پہ کاربند ہو۔

امر و نہی پہ کاربند ہونا ..... عمّانِ فیضان

اور یہ عنایت میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سفارش پہ منحصر۔

زندگی امر و نہی پہ مشتمل ہے۔

ایک امر ہے ، ایک نہی۔

ہر امر میں نہی اور ہر نہی میں امر ہے۔

یاد امر ہے، غفلت نہی۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت کے خیال میں محو رہنا امر اور ماسوا میں مشغولیت نہی۔

یاد کسی کی بھی ہو، دل کو زندہ و قائم اور گرمائے رکھتی ہے۔ دم بھر کے لیے

بھی غافل ہونے نہیں دیتی۔

اللہ جب کسی خیال کو محو فرمالیتے ہیں پھر کوئی خیال اس میں نہیں آتا۔ ہمہ تن دمن محو ہو جاتا ہے اور یہی محویت کا کمال ہوتا ہے۔ اصطلاح میں اسے تام کہتے ہیں۔

عمدہ ترین فیض ..... ماسوا خیالات کا خاتمہ -

ہر معمہ کا حل۔ تیری ہی رحمت کا طلبگار۔

خیال، خیال میں محو ہوا .... اور محویت کسے کہتے ہیں ؟

محویت جس بھی حال میں ہو، محو رہتی ہے کبھی باطل نہیں ہوتی۔ یہی محویت کی شان اور یہی میرے آقا روحی فداہ ﷺ کا کمال ہے۔ شکریہ! لاتعداد بار شکریہ۔ بار بار شکریہ۔ انگنت بار شکریہ۔ تادوام قیام شکریہ!

میرے آقا، میرے مولا

میرے دلبر، میرے جانی روحی فداہ ﷺ

کے خیال میں محو رہنا ہی میرا امید افزا درود ہے۔

محویت میں اسے درودِ اکبر کے مترادف شمار کیا جاتا ہے۔

مرنے کے بعد کسی کے ساتھ کیا کچھ ہوگا؟ اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ البتہ تیرے ذکر کے سوا، اے میرے ربّ العالمین، تیری قسم! ہمیں کسی بھی شے سے مطلق دلچسپی نہیں۔

نہ کسی حور کی آرزو رکھتے ہیں نہ غلمان کی۔ نہ مشروبات کی نہ تفریحات کی۔ تیرے حبیب اور اپنے آقا روحی فداہ ﷺ کے خیال ہی کی لگن میں مگن ہیں۔ یہی ہماری دنیا و آخرت کا سرمایہ ہے۔ ماشاء اللہ!

جنت تو کسی نے دیکھی نہیں، وری الوری ہوتی ہو گی، کسی بھی شے کی کمی نہ ہو گی، لیکن کسی کا کسی کے خیال میں محو رہنا کسی بھی طرح جنت سے کم نہیں۔

دل اللہ کا گھر ہے۔ خیال نے دل کو مشغول کیا ہوا ہے۔ جب کوئی بھی خیال دل میں نہیں رہتا، اللہ رہتا ہے۔

جہاں کوئی بھی نہیں رہتا، اللہ کے حبیب ﷺ رہتے ہیں۔

O

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہر جمال کا منبع۔

اگر وہ نہ ہوتے، تیری دنیا میں کیا کیف ہوتا!

نہ کوئی ساز ہوتا، نہ آواز!

تیرے آنے ہی نے رنگ باندھا!

ظاہر ان ہی کے نور کا ظہور ہے،

باطن کے تمام مدارج الف تا ی ان ہی کے فیض سے جاری ہیں۔

جس نے جو دیکھا .... جب دیکھا .....

ردائے نبوت ہی میں سے جھانک کر دیکھا۔

بلاواسطہ تو کوئی سورج گرہن کو بھی دیکھنے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

اَللّٰہُ جَمِیْلٌ وَّ یُحِبُّ الْجَمَال

جمال کبھی بے قدر نہیں ہوتا اور ان کے جمال کا جمال ہر جمال کی جان۔

ماشاء اللہ!

زندگی بھر جمال کے جنون میں سرگرداں
حالانکہ جمال کا شہود پتے پتے میں موجود۔
دل کے پاک پردوں میں، سوالاکھ پردوں میں
تیرا جمال مستور و محجوب ہے۔ تیرا جمال ماسوا سے بیگانہ کر دیتا ہے۔
تیرا جمال دین، دنیا اور آخرت کے ہر درد کی دوا اور ہر عقدے کا حل ہے۔
تیرے جمال کا خمار خاکی، آبی، نوری اور ناری کو مسخر کر لیتا ہے۔
تیرا جلال شیاطین کو جلا دیتا ہے۔

O

تیرا ظاہری جمال ..... کتابُ المبین
اور باطنی .... کتابُ المکنون
ظاہر و باطن تیرے اپنے ہی اندر موجود۔
ساری دنیا ظاہر ہے، .... باطن دلوں میں مکنون۔
کتاب المبین
کتاب المکنون
کتاب اللہ دونوں کی تصدیق اور شاھد و مشہود۔
دلوں کی زندگی، کتاب المبین میں مکنون۔
باطن دل کا وہ نور ہے جو کسی بھی طرح اور کسی بھی انداز میں کبھی ظاہر نہیں ہوتا۔ دل ہی دل میں رہتا اور دل ہی کے اندر سمایا ہوتا ہے۔
اور دیکھنے والا کبھی نہیں بتاتا کہ اس نے دیکھا اور کیا دیکھا۔

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَ اَنَا سِرُّہٗ

انسان میرا بھید ہے اور میں اس کا بھید ہوں۔

باطن میں عابد و معبود اور محبّ و محبوب کی محبت کے مابین ایک بھید ہے۔

کسی بھید کا کھولنا صرف منع ہی نہیں واجب التعزیر ہوتا ہے۔

جب بھی کسی نے کسی بھید کو کھولا یا کھولنے کا قصد کیا یا امکانات ہوئے، محبت نے اپنے بھید کے افشاء کو گوارا نہ کیا۔

"باطن باطن" کہتے ہوئے تھکتے نہیں،

جانتے بھی ہو باطن کسے کہتے ہیں؟

باطن ..... جیسے میری ماں کی گھگھری .....

نہ کوئی کھول سکتا ہے نہ دکھا

اور یہ ختم الکلام ہے۔

سیدنا عَالِمُ ﷺ سے مراد ظاہر و باطن کے علم کا عالم

○ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے دو باتیں (یعنی دو قسم کے علم) یاد رکھی ہیں جن میں سے ایک (یعنی علمِ ظاہر کو) تو میں نے تمہارے درمیان پھیلا دیا ہے اور دوسرا (یعنی علمِ باطنی) اگر میں اس کو بیان کروں تو میرا یہ گلا کاٹ ڈالا جائے۔ (بخاریؒ)

"باطن باطن" کہتے ہو، جانتے بھی ہو باطن کسے کہتے ہیں؟

باطن ..... جیسے میری ماں کی گھگھری

نہ کوئی کھول سکتا ہے نہ دکھا۔

کھولنے والا تعزیر کا مرتکب۔

○ حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

باطن کا علم اللہ تعالیٰ کے رازوں میں سے ایک راز ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکموں میں سے ایک حکم ہے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جس کے دل میں چاہے، ڈال دے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ جلد ۱، ص ۱۵۴)

جس نے بھی کوئی شے پائی، کسی کو نہ بتائی اور نہ ہی کسی کی سمجھ میں آئی۔ اور یہ باطن کا اولین دستور ہے۔

یہ کہتے سنا معراج النبی ﷺ میں تین باتیں ہوئیں۔ فرمایا:

○ ایک کسی کو بھی نہیں بتانی۔

○ ایک خاص الخاص کو

○ ایک ہر کسی کو۔

بعض باتیں سن کر سنایا مت کرو۔

دیکھ کر کیا مت کرو

یہی طریقت کی محبت کا ادب ہے۔

مکشوفات و مراقبات باطنی علوم نہیں، روح کی صباحت کے انوارات ہوتے ہیں اور باطنی علم ہم جانتے نہیں!

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی انوارات و اسرارات کے سرچشمہ ہیں۔

ایک کشف ایک عنایت ہوتی ہے۔

ذکرِ الٰہی کا ورود اصطلاح میں کشف کہلاتا ہے۔

ذکر ..... جڑ

باقی ہر شے ..... پھل و پھول

کشفِ روح ..... معتبر

کشفِ خناس و نفس ..... غیر معتبر

روح امرِ ربی ہے، فریب و سراب سے مبرا۔ ماشاء اللہ۔

صحیح کشف وہ ہے جو قرآنِ کریم اور سنّتِ مطہرہ کی تصدیق و تائید کرے۔

قرآن و سنت کے عین مطابق جسے جو کشف منکشف ہوا،

قابلِ اتباع

تقویت الایمان کا موجب

عین حق

باقی ..... ہمزات الشیاطین کا سراب و فریب!

بڑے میاں!

ہم شریعت کے حکم کے تحت ہیں، ہماری ہر نقل و حرکت شریعت ہی کے تابع ہو۔

کشف و رٰی الورٰی ہیں، ہم نے زندگی کی ہر قسم کی زندگی کا حال سُنّت ہی کی کسوٹی پر پرکھنا ہے اور جو حال سُنّت پہ پورا نہیں اترتا، ہمارے نزدیک ناقابلِ تقلید ہے۔

O

خیالات کی پہچان

جو خیال قرآن کریم اور سنت مطہرہ کی تائید و تصدیق کرے... روح کا خیال۔

باقی سب خناس و ہمزات الشیاطین کے خیالات۔

خناس و ہمزاۃ الشیاطین ہی کے خیالات نے دنیا کو پریشان کیا ہوا ہے اور یہی خناس و ہمزاۃ الشیاطین کی منازل ہیں۔

الٰہی خیالات ..... اھلا و سھلا

قرآنِ عظیم اور سُنّتِ مطہرہ کی کماحقّہٗ تائید۔

قدر کی موافقت قادر کو پسند، اعتراض ..... ناپسند

باقی سب نفس و شیطان و ہمزات الشیاطین و خناس کے وساوس۔

جو خیال الٰہی خیال کے تابع نہیں، آوارہ ہے۔

خیال ایک مدت آوارہ بھٹکتا ہے۔ (عوام کے نزدیک) اخلاص کی برکت سے اور (خواص کے نزدیک) حضور اقدس ﷺ کی سفارش و شفاعت سے خیال کا رخ عرش کی طرف پھیر دیا جاتا ہے۔ عرش عظیم ہے، کریم ہے، مجید ہے، ترس فرما کر خیال کو نفس (سانس) کی طرف متوجہ کر دیتا ہے اور نفس (سانس) کا مسکن، تینوں کا مظہر، مومن کا قلب ہے۔

خیال کاشف الاسرار، بحر الانوار کا شناور، من کا ترجمان اور (قرآنِ عظیم، سابقہ الہامی کتب اور حدیثِ نبوی ﷺ کے سوا) علوم و فنون کی جملہ کتب کا مصنف ہے۔ ماشاء اللہ!

خیال روح کا سفیر

خیال خیال کا نصیحت کنندہ

خیال خیال کو گھیر گھیر کر شاہراہ پہ لانے والا

جہاں کسی کی بھی رسائی نہیں، وہاں تک پہنچنے والا

ایجادات کا موجد، بزمِ کونین کے نظم و ضبط کا ناظم

حجت کا پیشوا، دانش کا امام، حق کی حقیقت کا مظہر

خیال ہی خیال کے نقص کو دور کرتا ہے اور خیال ہی خیال کو مطمئن کرتا ہے۔

خیال لطافت کی انتہا، خیال باطل کی تردید کا قائد۔

خیال خیال سے بحث کرتا ہے۔

خیال خیال سے جھگڑتا اور خیال ہی خیال کو گمراہی سے نکال کر سیدھی راہ پہ لاتا اور خیال ہی ھادی سے ہدایت پا کر خیال کی اصلاح کرتا اور ظلمت سے نور کی طرف لاتا ہے۔

خیال حضور اقدس و اکمل و اکرم و اجمل، اطیب و اطہر، طہ، یس، مزمل مدثر ﷺ کے فیوض و برکات سے مستفیض ہوتا اور پھر خیال ہی سے مذکورہ صفات کا ظہور ہوتا ہے۔

خیال رموزِ حیات کا شناسا

نکتہ دان، نکتہ شناس

نکتہ سنج، نکتہ رس

اعمالِ حسنہ کا محور

اعمالِ سیئہ کے لیے سپر

خیال کی جد و جہد غیر منتہا، جولاں گاہ بیکراں اور رسائی ماوراء ہے۔ ماشاء اللہ!

خیال، اللہ اللہ! ملکوت و جبروت کا سیاح

لاھُوتی مقامات کا مفتاح

بالآخر اے جانِ من! اگر سمٹے تو نکتہ (نقطہ)

اگر پھیلے تو محیطِ ارض و سماء ہے۔

اس مضمون پہ یہ ختم الکلام ہے۔

خیال مرشد کے ارشاد کی تعمیل سے راشد، حضور اقدس روحی فداہ ﷺ کی محبت کے کرم سے منزہ۔ اور یہ ھادیٔ مطلق رب العالمین کی ہدایت کا قدیم دستور ہے جو کبھی نہیں بدلتا۔ ازل و ابد کے تمام فیوض اسی اصول کے تحت جاری ہیں۔

خیال جب تک مذکورہ فیضان سے فیضیاب ہو کر منزہ نہیں ہوتا، خناس کا شکار بنا رہتا ہے۔ خناس کا اولین حربہ خیال ہی کو ہم خیال بنانا ہے۔ خناس خیال ہی کو ہم خیال بنا کر مطلوبہ افعال سرزد کرواتا ہے۔

خیال ہی خیال کو خوش اور خیال ہی خیال کو پریشان کیا کرتا ہے۔

جو خیال کسی ایک خیال میں مدغم ہو کر متحد ہو جاتا ہے، کسی اور خیال کو کسی خاطر میں کبھی نہیں لاتا، ابدی راحت سے سرشار ہو جاتا ہے۔

خیال و گمان جب پاک ہو جاتے ہیں، متحد ہو جاتے ہیں۔ یک سو ہو جاتے ہیں، بلند ہو جاتے ہیں۔

خیالات کی بلندی انسانی معراج کی ابتداء اور

اسی پہ استقامت ..... انتہاء ماشاء اللہ!

قرآنِ کریم اور حدیثِ مطہرہ کے سوا ہر کتاب کی تصنیف و تالیف ... خیال ہی معرضِ وجود میں لایا اور یہ انسانی معراج نہیں تو کیا ہے؟

خیال جب ہر خیال سے بیزار ہو جاتا ہے، بیدار ہو جاتا ہے۔ ایک ہی میں مدغم ہو کر سرفراز ہو جاتا ہے۔

جملہ ایجادات خیال ہی کی مرہونِ منت ہیں۔

خیال وہ ہے جو اللہ کی کتاب اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سُنّت کی تصدیق کرے اور کسی بھی مذہب کا کوئی بھی دانشور اس کا منکر نہ ہو، باقی سب فانی۔

خیال جب روح سے متعارف ہوا، دین کا ترجمان بنا اور

نفس کا معاون ..... افسردہ و پژمردہ

خیال ہی کی بدولت مخمور و مسرور اور خیال ہی کے باعث پشیمان و پریشان۔

ذکر و فکر و گیان ..... انسانی عروج کی ابتداء

اسی پہ استقامت ..... انتہا

کسی کے کسی خیال میں محو رہنا ..... وصل کی ابتداء

اور محویت تام ..... انتہا۔

سچ ..... سچ ..... سچ

احد کی احدیت میں گم ہونے کا اصطلاحی نام محویت ہے۔

محویت احدیت ہی کے گرد گھوما کرتی ہے۔

محویت کا مرکز ..... احدیت

احد میں محو ہو کر محویت کہلائی۔

ذکر کا بلند ترین مقام ..... محویت۔

جب تو اللہ کا ذکر کرتا ہے، اللہ کی قسم! اللہ بھی تیرا کرتا ہے۔

کیا یہ کافی نہیں؟

اپنے ہی خیال سے پوچھ

کیا کبھی تیرا خیال بھی اللہ کے خیال میں محو ہوا؟

خیال کی یکسوئی میں اللہ ہوتا ہے۔

تیرا خیال یکسو نہیں، ہر سو ہے۔

یک سو ہو، اللہ حاظر و ناظر ہے۔

خیال جب اللہ معی کے خیال میں ڈوب جاتا ہے،

سرجیت ہو جاتا ہے۔

خیال جب ایک مرکز پہ متحد ہو جاتا ہے، خیالات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

جو خیال اللہ معی کے خیال کا معاون نہیں، ناقص ہے۔

تیرا خیال سو بہ سو ہے، ہائے ہائے! یکسو کر۔

خرد جب یکسو ہوئی، اپنی ادراکی فہمیت سے بالاتر ہو کر اپنی عظمت کو منکشف کرنے لگی۔ ماشاء اللہ!

ماسوا کو بقچی میں بند کر کے سر بمہر کر دیتی ہے۔ یہی انسانی معراج کا ابتدائی مقام ہوتا ہے۔

اتحاد بین المسلمین زندہ باد۔

و ما علینا الا البلاغ۔

تیرا خیال ہی میرے خیال کی رہنمائی کرتا ہے۔

ماشاء اللہ! الحمد للہ! خیال جب خیال سے متحد ہوا،

بلند ہوا، انسان کو عروج تک پہنچایا۔

ارے، ان کے خیال میں رہنا کوئی معمولی بات ہے؟ محمود نے ایاز سے پوچھا یہ سلطنت کس کی ہے؟ اس نے کہا آپ کی۔ پھر پوچھا یہ فوج و سپاہ کس کی ہے؟ اس نے پھر وہی جواب دیا پھر پوچھا "یہ سب کچھ کس کا ہے؟"

اس نے پھر وہی کہا۔ یہ سن کر محمود نے محبت بھری نگاہوں سے ایاز کی طرف دیکھا اور کہا یہ سب کچھ میرا ہے اور میں تیرا ہوں۔

حاکم کے حکم کی تعمیل کے ساتھ اگر غلام کے دل میں حاکم کی محبت بھی ہو تو ہر حاکم محمود اور ہر غلام ایاز ہے۔

محبّ کا محبوب کی محبت کے خیال میں گم ہونا، خیال کا مایہ ناز مقام ہے۔ ماشاء اللہ!

اسی پہ استقامت کی عنایت کا اصطلاحی نام فنا اور یہی بقا ہے۔

واللہ اعلم بالصواب۔

کسے فنا ہوئی؟ کسے بقا؟

ہر شے کو فنا ہے، محبت کو بقا۔

ہر شے فانی، محبت باقی۔

خیال جب خیال پہ چھا جاتا ہے، یکسو ہو جاتا ہے۔ کسی اور خیال کو قریب تک پھٹکنے نہیں دیتا۔ یہی لگن کی مگن اور یہی جذب ہے۔

جو خیال تیری محویت میں مخل ہو، شیطان ہے۔ اسے جلا اور جلا جلا کر راکھ بنا۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ قائد العرفان ہیں اور ان کی قیادت ہی کی بدولت جملہ ہمزات الشیاطین کے خیالات جلا کرتے ہیں۔

جو خیال میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت میں مخل ہوا، میرے اللہ نے اسے جلادیا۔ ایسے جلایا اور ایسے جلایا کہ نام و نشان تک نہ رہنے دیا حتی کہ راکھ تک کو اڑا کر نیست و نابود کر دیا۔

میرے اللہ عزوجل ذوالجلال والاکرام اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ جس بھی شے کو ایک بار جلا دیتے ہیں پھر کبھی موجود نہیں رہتی ..... نیست و نابود ہو جاتی ہے۔

اللہ رب العالمین کے ذکر اور

رحمتہ للعالمین ﷺ کی محبت کے سوا ہر خیال و گمان کو جلا جلا کر راکھ بنانا، غبار بنا کر کوچۂ جاناں کی جانب اڑانا ..... اکسیر

اور یہی فقیر کے مچ کی تفسیر۔

مچ! جل گیا کوڑا .....!

..... رہ گیا سچ

"اگر مگر" کو چولہے میں ساڑ۔

مچ کسی بھی چیز کو بچا کر نہیں رکھتا، جلا کر راکھ کر دیتا ہے۔ مچ کی جلی ہوئی راکھ کا ہر ذرہ اکسیر۔ جو شے اللہ کے نام پہ جلی، میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت میں جلی ..... اکسیر۔

تیرے مَچ شریف کی راکھ جن وانس کے لیے شفا کا موجب۔

اللہ تبارک و تعالی عزوجل و اعظم کے حضور میں حاضر رہنا، نہ کچھ سننا، نہ کچھ کہنا ..... مزاجِ یار میں رہنا ..... کا اصطلاحی نام خاموشی ہے۔ جو تن و من خاموش ہوا، حکمت کی برکات نے خوش آمدید کہا، کبھی واپس نہ لوٹایا۔ تیرے حضورِ باری میں ناامیدی کا نام تک نہیں ہوتا۔ بِن مانگے دی جاتی ہے، جھولی بھر دی جاتی ہے۔ سائل نہیں، کرم سائل کا منتظر رہتا ہے.... کوئی آئے تو مَیں اس کو دوں۔

مانگنے والی صرف دو ہی چیزیں ہیں!

تیرا ذکر اور

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت!

اس کے سوا کوئی بھی شے کوئی وقعت نہیں رکھتی، ہیچ و بیکار ہے۔ اور ان کو مانگ کر گویا ساری خدائی مانگ لی۔

تیرے ذکر کے سوا کوئی اور ذکر ..... حسرت ہی حسرت

کیوں کیا؟ کیوں کیا؟ کیوں کیا؟

کیوں ہوا؟ کیوں ہوا؟ کیوں ہوا؟

اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت کے سوا اور محبت .... ندامت ہی ندامت۔

کیوں کی؟ کیوں کی؟ کیوں کی؟

کیوں ہوئی؟ کیوں ہوئی؟ کیوں ہوئی؟

و ما علینا الا البلاغ۔

اللہ توکل کائنات کے بادشاہوں کے بادشاہوں کا بادشاہ ہے، کیا کیا مانگو گے؟

مانگنا ہی ہے تو اللہ کے حبیب ﷺ کی محبت مانگ۔

اِس سے اعلیٰ اور اَولیٰ کوئی شے نہیں۔

میرے پاس لینے اور دینے والی چیز محبت ہے، لے لو!

سُرورِ سرمدی

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کی محبت کے نشے کا بھرا ہوا جام ہوتا ہے۔

سُرورِ سرمدی کا کوئی نعم البدل نہیں ہوتا۔ ہفت اقلیم کی شاہی بھی نہیں۔

بکتا ہو تو ہر شے کو بیچ کر لے لیں۔

تاج و تخت تو ہوتے ہی کیا ہیں! جان تک دے کر لے لیں۔

جمال دکھا کر چل دیے

ہجر کا باب کھل گیا اور

یہ محبت کی اصل ہے۔

محبت جب بھی روئی، فراق میں روئی اور جی بھر کر روئی۔

محبوب کی بے رخی پر بسمل کی طرح لوٹی، پر اُف نہ کی۔

بے رخی کا احساس محبت کی ضد اور محبّ کی کمی ہے۔

جب تک یہ کمی دور نہیں ہوتی، کشمکش جاری رہتی ہے۔

محبت کا دعویٰ محبّ کا ہوتا ہے، محبوب کا نہیں۔ اگرچہ محبوب ہی کی محبت کی بدولت محبّ محبت کیا کرتا ہے۔

محبت کی ابتداء محبوب سے ہوئی، محبّ سے نہیں۔

محبوب ہی نے محبّ کو محبت پہ مجبور کیا

ادائے دلبرانہ سے مسرور کیا

رہ و رسم محبت سے آشنا

جامِ محبت سے مخمور کر کے مخلوق کی نظروں سے مستور کیا۔

محبت، محبوب و محبّ کے مابین وہ راز ہے جو کبھی بے نقاب نہیں ہوتا اور اسی راز کی بدولت دنیائے محبت آباد ہے۔ یہ ہستی کی مستی ہی میں سوز بن کر سلگی، جلی اور راکھ کا غبار بن کر کوئے جاناں میں اڑی۔

محبت جب بھی روئی، فراق میں روئی اور محبوب کی بے رخی پہ روئی۔ جی بھر کر روئی۔ ایسے روئی کہ رونے کی حد کر دی۔ و ما علینا الا البلاغ۔

محبت کا ناز محبوب سے کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ بے نیاز نہیں ہوتا۔ ہو سکتا ہی نہیں۔ استغنا کا لبادہ اوڑھ کر مطمئن ہو جاتا ہے اور یہ اس مضمون پر ختم الکلام ہے۔ ماشاء اللہ!

کسی کی بھی ہو

یاد اور محبت

زندگی کا محور ہے اور زندگی، محور ہی کے گرد گھوما کرتی ہے۔

یاد نے محبت کو جگایا

یاد اور محبت کا چولی دامن کا ساتھ ہے

یاد سے محبت اور محبت سے یاد قائم ہوتی ہے۔

یاد سدا جاری رہتی ہے اور محبت کو گرمائے رکھتی ہے۔

جہاں یاد نہیں، محبت بھی نہیں۔

تیری یاد جب کسی دل میں گھر کر لیتی ہے پھر کبھی اس سے دور نہیں ہوتی، ہمیشہ زندہ و قائم رہتی ہے۔

تیری یاد ہی نے کرم فرمایا اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت کو جگایا۔

محبت مہک ہے۔ محبت کا پیغام خاموش ہوتا ہے۔ دنیا بھر کو مہکا دیتا ہے۔ یار و اغیار برابر۔

مہک کا کوئی منکر نہیں۔ چنبیلی کی ایک کلی سارے گلستان کو مہکا دیتی ہے۔

میرے آقا! تیری یاد میرے دل کے چراغ کا تیل ہے۔

یہ دیا کبھی گل نہ ہو، سدا روشن رہے۔ یا حی یا قیوم۔ آمین

یاد ہی کی بدولت یاد ہوتی ہے۔

جو جسے چاہتا ہے، یاد کرتا ہے۔ اسی طرح محبت۔

یاد کو یاد اور محبت کو محبت

ازل و ابد کا وہ دستور ہے جو کبھی نہیں بدلا۔

تیری یاد ہی نے بندوں کو یاد فرمایا ہوا ہوتا ہے

ورنہ کوئی بندہ کیونکر تجھے یاد کر سکتا ہے؟

تیری محبت ہی کی مست لہریں بحرِ دل میں طغیانی لائی ہوئی ہوتی ہیں ورنہ ہم رذیل و ذلیل و کمین بندے کیونکر تجھ سے محبت رکھنے کی جرأت کر سکتے ہیں؟

تیرا خیال ہر خیال کو بھلا دیتا ہے
اسی طرح تیری یاد ہر یاد کو۔
تیری یاد ..... زندگی کی معراج
بندگی کا حاصل
شبنم کی کلی مسکرائی۔
یاد سے یاد زندہ۔ شاہد شہید کا مشہود۔
تیری یاد ہی نے تیری یاد کا شرف بخشا۔
تیری یاد ہی تو دل کی متاع ہے! تیری یاد ہی کی بدولت تیری یاد آئی۔ تیری یاد جب دل میں آئی، ہر شے مسکرائی۔ تیری یاد ہی نے زندگی کو بیدار کیا، جلا بخشی۔ مطمئن ہو کر مسرور ہوئی اور مخمور۔ تیری یاد ہی سے دل زندہ و تابندہ۔
غفلت .....ہم و حزن کا شکار۔
تیری یاد جس نے بھی کی، فیض بار ہوا۔ کبھی محروم نہ رہا۔ ناکارہ تھا، قدسی افکار کا کارندہ بنا۔
تیری یاد ہی کی بدولت نادار تاجدار بنے، آبدار بنے۔
شہ نشین ستارے بنے، سیارے بنے۔
تیری یاد ہی نے ہر یاد کو زندگی بخشی۔ کبھی محو ہونے نہ دیا۔
اول و آخر، ظاہر و باطن تیری یاد ہی کی داستان ہے۔
تیری یاد نے، اللہ اللہ، کیا کیا رنگ دکھلائے!
نیزے کی نوک پہ بسمل کی طرح لوٹایا، کانٹوں پہ گھسیٹا،
پھر بھی باز نہ آئی۔

جب حد سے گزرنے لگی ... دیکھا نہ گیا ... تھام لیا۔

یاد ایک عبادت ہے اور

وہ عبادت ناتمام ہے جس میں سُرور نہ ہو۔

وہ سُرور بے کیف ہے جس میں نور نہ ہو

وہ نور کیسا جس میں تابانی نہ ہو

وہ تابانی بے رنگ ہے جس میں شوق نہ ہو

وہ شوق بے لطف ہے جس میں ذوق نہ ہو

وہ ذوق بے ڈھنگ ہے جس میں علم نہ ہو

وہ علم بے سُود ہے جس پر عمل نہ ہو

وہ عمل بے کار ہے جس میں دوام نہ ہو

اور دوام کسی کامل کی راہنمائی سے ہی حاصل ہوا کرتا ہے۔

جس تن میں اور من میں میرے رب کا ڈیرا اور اللہ کے حبیب (ﷺ) کا بسیرا نہیں، ڈنگروں کا باڑا ہے۔

من میں تیرا ڈیرہ ہے، من ہی میں سجن کا بسیرا۔

انسانیت سے کسی نہ کسی انداز میں کوئی نہ کوئی نیکی ہوتی رہتی ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی محبت، اصل نیکی ہے۔

کسی محبت کا قبول ہونا بڑے ہی کرم کی موج ہوتی ہے۔

وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ (طٰہٰ: ۳۹)

اور میں نے (اے موسیٰؑ) ڈال دیا تمہارے اوپر اپنی طرف سے

ایک اثرِ محبت (تاکہ جو تمہیں دیکھے، پیار کرے)۔

ف : اسے محبت کہتے ہیں!

حق حق حق ھو ھو ھو

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ○

(سورۃ مریم: آیت ۹۶)

اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے، اللہ تعالیٰ ان کی محبت (مخلوقات کے دل میں) پیدا کر دے گا۔

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ (طٰہٰ: ۳۹)

ف : اللہ جب کسی سے محبت کرتا ہے، وہی اللہ سے محبت کرتا ہے۔

دنیائے محبت کی تمام تشریحات اس میں مضمر۔

الفت و محبت اللہ ہی کی طرف سے بندوں کو عنایت ہوتی ہے۔

محبت ہی نے محبت کی راہ بتائی ..... یہ شاہراہ ہے۔

محبت ہی نے اس راہ سے روکا۔ یہ شاہراہ عام نہیں، مخصوص ہے۔

اس راہ پہ چل کر شاہراہ گم نہ ہو۔ و ماعلینا الا البلاغ۔

محبت ہر راہ کی رہنما

ہر راہ رو کی منزل، ماشاء اللہ

مبارکاً مکرماً مشرفاً

محبت کی ابتداء محبوب سے ہوتی ہے۔

اللہ جب دیکھتا ہے کہ یہ بندہ مجھ سے محبت کرتا ہے تو اسے اپنے حبیب ﷺ کی محبت عنایت فرما دیتا ہے۔

اللہ فرماتے ہیں میرے حبیب ﷺ کی محبت ہی میری محبت ہے۔ جسے، جس قدر اور جتنی میرے حبیب ﷺ سے محبت ہو گی اسی قدر اور اتنا ہی وہ مجھے محبوب ہوگا۔ و ما علینا الا البلاغ۔

اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام نے
میرے آقا روحی فداہ ﷺ سے فرمایا:

جو تجھ سے ملا، وہ مجھ سے ملا۔

جو تجھ سے گیا، وہ مجھ سے گیا۔

جس نے تجھ کو دیکھا، اس نے مجھ کو دیکھا۔

پیارے کا نام اپنے نام سے پیارا ہوتا ہے۔ محبت کی ساری کتاب ورق ورق پڑھ، پیارے ہی کے پیار سے بھری ہوتی ہے۔

پیارے کا منکر ..... منکر

کوئی کچھ کہے حقیقت یہ ہے کہ ہر فعل کی ابتدا فاعل سے ہوتی ہے اور محبت کا فاعل محبّ نہیں، محبوب ہوتا ہے۔

محبت کی ابتدا محبوب سے ہوتی ہے۔

محبوب داستان محبت کی ابتدا ہی نہیں، انتہا بھی ہے۔

گویا محبت کی داستان محبوب کے گرد گھومتی ہے، وہی اس کا محور۔

وما علینا الا البلاغ۔

عبادات کا صحیح نمونہ اہلِ محبت ہی نے دیا

○ حضرت مسلمہ بن عمرؒ سے روایت ہے کہ حضرت عمیر بن ہانیؒ روزانہ بلاناغہ ہزار سجدہ نماز پڑھتے اور لاکھ بار تسبیح کرتے تھے۔ (ترمذی شریف جلد دوم)

حضرت عمیر بن ھانیؒ رضی اللہ عنہ روزانہ بلاناغہ ہزار سجدہ میں ایک لاکھ بار تسبیح پڑھتے اور اس معیار کو ابھی تک کوئی مات نہیں کر سکا۔

واللہ اعلم بالصواب!

محبت مانگ کر ہر شے مانگ لی، کوئی کسر باقی نہ رہی!

محبت کی وکالت میں جو بھی کسی سفر پہ گامزن ہوا،

محبت نے اسے کبھی رد نہ کیا۔

تیری خاموش محبت کی ادا، اے خسروِ خوباں!

دو جہان کے ہر دل کو موہ لیتی ہے۔

تیری محبت میں جو بھی ڈوبا، تر گیا۔

تیرے محبوب ﷺ کو محبوب رکھنے والا کسی میدان میں کبھی نہ ہرا۔

محبت کا منکر بازی ہار جاتا ہے۔

تخلیق : سب سے پہلے اللہ رب العالمین نے محبت کو پیدا کیا۔

خالق نے خلق کو پیدا کر کے محبت کی بنیاد رکھی۔ کمال محبت کی۔

کچھ مت بن ..... مٹی کا پُتلا ہے، مٹی بن۔

ہر قسم کے پھول و پھل مٹی ہی سے پیدا ہو کر اگتے اور پروان چڑھتے ہیں۔

مٹی تخلیق کا کمال

ربوبیت کی مظہر

نبوت کی پیکر

فقر کا لباس

امارت کی راس

مقبولِ بارگاہ، راندۂ درگاہ

رنگ مٹی، نیرنگ مٹی، پھول مٹی، پھل مٹی، شجر مٹی، حجر مٹی، انسان مٹی، حیوان مٹی، شاہ مٹی، گدا مٹی، اقرار (ایمان) مٹی، انکار (کفر) مٹی۔

الف کا اظہار مٹی ..... اسرار مٹی

حسن کا راز مٹی ..... ناز مٹی

عشق کا عنوان مٹی ..... داستان مٹی

بشر کا منبع مٹی ..... مرجع مٹی

حیات کا آغاز مٹی ..... انجام مٹی

مٹی خالق کی پہچان، خلق کی جان۔

خالقیت نے اپنے ظہور کے لیے مٹی ہی کو پسند فرمایا پھر مٹی کو اشرف المخلوقات کے لقب سے ملقب فرمایا۔ خالق کے کرم سے مکرم بنی اور اس کی عظمت سے معظم۔

مٹی کا اکرام خالق کا اکرام اور تضحیک خالق کی تضحیک ہے۔

پھر یہی مٹی خالق کا اقرار کر کے احسن تقویم کہلائی

انکار کر کے اسفل السافلین

اس کی ہو کر خلافت کی سزاوار
ہٹ کر وقود النار
خالق کا اظہار مٹی سے ہوا۔

کنت کنزا مخفیا فاردت ان اعرف فخلقت الانسان
(میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا۔ پس میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں تو میں نے انسان تخلیق کیا)

اقرار مٹی سے ہوا (منهم المؤمنون)
انکار بھی مٹی سے ہوا (منهم الفاسقون)

مٹی کے رنگ :

- عزوۂ بدر میں حضور اقدس ﷺ نے جو مٹی کفار کی طرف پھینکی، قرآنی آیت وَ مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَ لٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی سے حیاتِ جاوداں پا گئی۔
- مولائے علی کرم اللہ وجہہ کو خاک آلود دیکھ کر نبوت کے لبوں سے نکلے ہوئے لقب "بو تراب" نے مٹی کی شان ہمیشہ کے لیے بلند کر دی۔

بچپن کا وظیفہ :

وَ مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَ لٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی (الانفال: ۱۸)
اور نہیں پھینکی تھی وہ (خاک کی مٹھی) آپ (ﷺ) نے جب کہ پھینکی تھی آپ (ﷺ) نے بلکہ اللہ (تبارک و تعالیٰ) نے پھینکی تھی۔

O

اِذْ قَالَ رَبُّکَ لِلْمَلٰٓئِکَۃِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِیْنٍ O
فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَ نَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَہٗ سٰجِدِیْنَ O

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۝ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (سورۃ ص آیت ۷۱ تا ۷۴)

جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں مٹی سے انسان بنانے والا ہوں۔ جب اس کو درست کر لوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا تو تمام فرشتوں نے سجدہ کیا مگر شیطان اکڑ بیٹھا اور کافروں میں ہو گیا۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (بنی اسرائیل: ۷۰)

اور البتہ تحقیق عزت دی ہم نے بنی آدم کو!

ف: اس سے بڑھ کر اور کیا کمال ہے؟

آدم ..... مسجودِ ملائکہ

اور عظمت کسے کہتے ہیں؟

آدم ..... تخلیق کا شاہکار۔

آدم نہ ہوتا تو کچھ بھی نہ ہوتا

آدم ہی کی بدولت کائنات معرضِ وجود میں آئی۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (بنی اسرائیل: ۷۰)

اور ہم نے اولاد آدم کو عزت بخشی۔

بندہ بنا کر اِکرام کی حد کر دی! یہی بندوں کی شاہی ہے۔

کرامت ہی کے بل بوتے پہ یہ سلسلے بنتے اور چلتے ہیں اور ہمارے پاس کوئی بھی کرامت نہیں، صرف یہ لقد کرمنا بنی ادم۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سنت مطہرہ کی اتباع ..... عین کرامت۔

انسان ..... عین الوجود

و السَّببِ فی کُلِّ موجود

انسان ہی انسانی صفات کا مظہر۔

انسان عین الوجود ..... تبلی ہیں کائنات ہستی کی آنکھ کی

والسبب فی کل موجود .... اور سبب ہیں ہر موجود کا

دیکھنا ہی انسان کو دیکھنا

اپنی صورت پہ بنا کر کاریگری کی حد مکادی۔

تجھے اپنی صورت پہ پیدا کیا، ہر شے تیرے لیے بنائی۔ کمال نہیں تو کیا ہے؟

غفلت نے اس عنایت کو محجوب کیا ہوا ہے۔

آدمی سے آدمی کو پیدا کیا۔

آدمی ہی نے آدمی کو اللہ کا تعارف کرایا۔

آدمی نہ ہوتا تو کچھ بھی نہ ہوتا۔

آدم کا منکر شیطان۔

اللہ خالق الباری نے جب حضرت آدم صفی اللہ (صلوۃ اللہ علی آدم) میں اپنی روح پھونکی۔

فرمایا: اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ

کہا: قَالُوْا بَلٰی

اسی دن سے ارواح مطہر بن کر اپنے عہد و پیمان کی پاسبان رہیں۔ حال کی مستی نے قال کو زندہ رکھا۔

کان صوتِ سرمدی کی آواز سنتے ہیں۔
ہر شے ذکر کرتی ہے،
پتا پتا، ذرہ ذرہ ذکر میں مصروف۔
"کان بند کر
باجہ نہیں بج رہا تو کیا ہے؟"
"یہ صوتِ سرمدی ہے۔"
تیرا قول الست بربکم اور اقرار قالوا بلیٰ۔

اپنے قول و اقرار کو مان۔ سچے دل سے تسلیم کر۔ ہر وقت پیش نظر رکھ۔ کبھی لو جھل مت ہونے دے۔ ربوبیت کا انکار مت کر۔ کسی بھی انداز میں مت کر۔ ربوبیت کا انکار کفر نہیں تو کیا ہے؟

قالو بلیٰ کی یہ آواز تیرے قول و قرار کی امین ہو۔ تیرے کانوں کو یہ آواز کیوں سنائی نہیں دیتی؟ کہیں ..... بہرے تو نہیں؟

سننے والو! یہی تو ایک آواز تھی ....! جو یہی نہ سنی پھر کیا سنا؟ تیرے کانوں تک پہنچنے والی پہلی آواز قالوا بلیٰ سنتے ہی روح نے لبیک کہا اور آج تک اسی آواز کے ذوق میں مست ہے اگرچہ تم اس سے بے خبر ہو۔

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں)
سب نے جواب دیا بَلیٰ
کیوں نہیں (تو ہی ہمارا رب ہے)

میاں بولے :

میں نے اپنے رب کو اپنا رب مان لیا۔ تو میرا رب ہے، یارب!

اللہ کرے اسی طرح ہم بھی مانیں۔

اپنے دل کو مطمئن کر کہ اللہ میرا رب ہے۔

تیرا دل سے ایک بار یہ کہنا کہ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْءًا

تیرے ایمان کی جان ہے۔

سیرت تو دور کی بات ہے، ہم میں ہے ہی نہیں، البتہ اللہ کی پیدا کردہ ایک صورت ہے۔

اے او انمول ہیرے! اقرار تیری زندگی کی بندگی تھی جو بھول گیا۔ ایسا بھولا کہ بھول ہی گیا۔ ہر مخلوق کو شاہد بنا کر قالوا بلیٰ کا اقرار کیا۔

یاد نہیں تو یاد کر۔

جب تک اسے تسلیم نہیں کر لیتا اگرچہ روز روز اور ہر روز سو بار بھی کہا جائے، کم ہے۔

قالوا بلیٰ کے اقرار کو مان

اور حبیبِ اقدس ﷺ کی محبت پہ دنیائے دوں کی ہر محبت قربان کر

اور ہر سبیل اِس ہی سے بلوغ المرام ہے۔

بندے کو دیکھ کر ہی اللہ کی یاد آئی

کیا کچھ کیا ، کیا کچھ بنایا

اور آنکھ ہی نے سب کچھ دکھایا۔

اللہ رب العالمین نے آدمؑ کو پیدا کر کے حکمت کی حد کر دی! جو سارے جہان میں ہے وہ سب ایک انسان میں ہے۔ آدمؑ کو اپنے ہاتھ سے بنایا اور اپنی صورت پہ بنایا۔ اللہ نے آدمؑ کی تخلیق کی اور آدم نے آدم کی تعمیر۔

آدم کو خلیفہ بنایا خلیفہ بمنزلہ اصل کے ہوتا ہے۔

خلیفہ میں تین باتوں کا ہونا ضروری ہے: علم، مقام اور اختیار۔

جسے علم و مقام و اختیار حاصل نہیں، وہ خلیفہ کیسا؟

اللہ کو دیکھنا ہے تو بندے کو دیکھ، اللہ نے بندے کو اپنی صورت پہ پیدا کیا۔

ذات جب صفات کا مظاہرہ کرنے لگی، شاھد و مشہود کی مظہر بنی۔

جس نے بھی کسی کو دیکھا، تیرے ذکر ہی کی بدولت دیکھا

اور خَلق ہی میں دیکھا

گوناگوں خَلق ..... خالق کی مظہر

ہر موجود کا شہود وجود ہی کے لیے ہے اور انسان عین الوجود ہے۔

الانسان عین الوجود

و السبب فی کل موجود

اور عرفان کسے کہتے ہیں؟

لا الٰہ نے نادجایا

لا الٰہ ہی نے الااللہ کو بتایا

انسان عین الوجود

و السبب فی کل موجود

O

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَ اَنَا سِرُّہٗ

انسان عین الوجود

و السبب فی کل موجود

انسان ہی نور مبین کا مظہر۔

الانسان سری و انا سرہ

بندہ بڑی چیز ہے،

بندہ نورِ مبین کا مظہر۔

مومن کی شان

O حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے کعبہ کی طرف دیکھا تو فرمایا:

"بلا شبہ تمہیں اللہ تعالیٰ نے شرف بخشا اور تجھے تکریم اور تعظیم بخشی ہے مگر مومن کی حرمت تم سے زیادہ ہے" (مجمع الزوائد جلد اول ص ۸۱)

O جناب رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

"مومن حرمت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک کعبہ سے بڑھ کر ہے۔"

(نوادر الاصول ص ۱۶ فی مرتبہ روح المؤمن مرتبہ مدینہ منورہ)

O حضرت عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن سے بڑھ کر اور کوئی شے مکرم نہیں!

(طبرانی / مجمع الزوائد جلد ۱ ص ۸۱)

○ حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ نے مکہ مکرمہ فتح کیا تو اس کی طرف چہرۂ انور کر کے فرمایا کہ (اے مکہ!) تو محترم ہے اور تیری حرمت کس قدر بلند ہے اور تیری خوشبو کس قدر پاکیزہ ہے مگر اللہ تعالیٰ کے ہاں تجھ سے زیادہ محترم مومن ہے۔ (طبرانی / مجمع الزوائد جلد ا ص ۸۱)

○ حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کی کہ اے اللہ! تو نے اولادِ آدم کو دنیا بخشی ہے وہ اس میں کھاتے پیتے ہیں اور لباس پہنتے ہیں اور ہم تیری تسبیح بیان کرتے ہیں۔ نہ ہم کھاتے ہیں اور نہ ہم دنیا میں اس طرح کھیلتے ہیں جس طرح وہ کھیلتے ہیں لہذا آپ آخرت کو ہمارے لیے مختص فرما دیجیے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں نے جسے اپنے ہاتھ سے بنایا ہے ان کے صالحین کو ان کی طرح نہیں کروں گا جنہیں میں نے کہا (کن) تم ہو جاؤ تو وہ ہو گئے (یعنی فرشتے) (طبرانی / مجمع الزوائد جلد ا ص ۸۱)

○ حضرت عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا "اللہ کے نزدیک قیامت کے دن بنی آدم سے بڑھ کر کوئی مکرم نہیں ہو گا"۔ آپ ﷺ سے دریافت کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ! ملائکہ بھی نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا "ملائکہ بھی نہیں۔ ملائکہ تو شمس و قمر کی طرح مجبور ہیں"۔

○ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرا مومن بندہ میرے نزدیک بعض فرشتوں سے بھی محبوب ہے۔

(طبرانی / مجمع الزوائد و منبع الفوائد جلد ا ص ۸۲)

اور یہ روایت ابن ماجہ میں بھی ہے جس کے الفاظ ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا مومن اللہ تعالیٰ کے نزدیک بعض فرشتوں سے بھی زیادہ مکرم و محترم ہے۔

○ حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا بیشک اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے مومن بندے کی موت پر زیادہ بخیل ہیں تم میں سے کسی ایک کے اپنے پسندیدہ مال کی نسبت، حتیٰ کہ اس کی روح اس کے بستر پر قبض کرتے ہیں۔ (بزار / مجمع الزوائد جلد ا ص ۸۲)

○ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا مومن کی ہوا سے بہتر کوئی ہوا نہیں۔ اس کی ہوا آفاق میں پائی جاتی ہے۔ اور اس کی ہوا اس کا عمل ہے۔

(کنز العمال جلد ا ص ۱۶۵)

○ حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا مومن کی فراست سے بچو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

(ترمذی / مقاصد الحسنۃ ص ۱۹)

○ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا اے کعبہ! تیری خوشبو کس قدر پاکیزہ ہے اور اے حجرِ اسود تیرا کس قدر عظیم حق ہے۔ اللہ کی قسم! ایک مسلمان کا حق تم دونوں سے زیادہ ہے۔ (کنز العمال جلد ا ص ۱۶۴)

مومن کی فراست ..... اللہ کا نور

عزیمت ..... جبل طور

استقامت ..... غیر محصور

مومن کو کبھی کوئی دھوکا نہیں دے سکتا۔ کبھی بھی نہیں! اس کے عزم کی راہیں اللہ کی تجلی سے منور ..... اور اس کی استقامت پہاڑ کی طرح غیر متزلزل ہے۔ وقتی طوفان پہاڑ کی سطح کو گرد آلود تو کر سکتے ہیں، جھکا نہیں سکتے! اللہ کی رحمت کی بارش اس گرد کو دھو ڈالتی ہے، تو پہاڑ کے حسن میں اور نکھار آجاتا ہے۔

قرآن کریم کا حکم اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سُنّتِ مطہرہ جب پوری طرح نافذ العمل ہو جاتی ہے، کایا پلٹ دیتی ہے۔ قرآن کریم اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سُنّتِ مطرہ زندگی کا وہ منشور ہے جو کسی اور منشور کو قائم رہنے نہیں دیتا۔ اس منشور کو نافذ العمل کر کے ہی مومن کہلاتا ہے۔

قرآن کریم کا منشور ..... زندہ باد

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سُنّتِ مطہرہ پائندہ باد۔

کان ..... صوت سرمدی کے سُرور سے مسرور

ناک..... دَم کی زندگی کا پاسبان و ہوشیار

من کی محویت ..... وریٰ الوریٰ اور

تن ..... سر بسجدہ

یہ تھا ہماری زندگی کا منشور۔

تو نے اپنی صورت پہ بنا کر اکرام کی حد کر دی۔

سیرت اُن ﷺ کی ہے، اسکو اپنا۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ نے آدم زاد کو ہزارہا برس گزرنے کے بعد سیرت کا ایک نمونہ پیش کیا جو ہر نمونے کو مات کر گیا۔ اپنانا ہی ہے تو اس نمونے کو اپنا اور اس نمونے میں اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا کے سوا کچھ بھی نہیں ہوتا۔

اللہ اللہ ربی لا اشرک بہ شیا کا یہ مطلب ہے کہ اللہ میرا رب ہے اور میں کسی بھی شے کو کبھی اس کا شریک نہیں ٹھہراتا۔

شے میں ہر قسم کی ہر مخلوق شامل ہے یہاں تک کہ بلاو وبا اور غم و حزن۔

پیام شفاء :

عہد الست کا امین بن۔

اسی ذوق و شوق اور جذب و مستی کے عالم میں سرشار ہو کر نگار خانۂ دہر میں "قالوا بلیٰ" کے اقرار کا عملی نمونہ پیش کر! کامران ..... ماشاء اللہ۔

زبان سے اقرار تو ہو چکا، دل سے تصدیق کر

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئاً ۰

وَ اذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلاً ط (المزمل-۸)

اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرتے رہو اور سب سے منقطع ہو کر اسی کی طرف متوجہ رہو۔

رجوع الی اللہ ..... ایمان کی روح

روح سے تعاون کرنا ہی اللہ کی طرف رجوع ہے۔

تو اپنے رب کی طرف رجوع کر۔

یہی میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سُنّتِ مطہرہ ہے۔

توبہ بندگی کا مایہ ناز مقام ہے۔

توبہ کا مفہوم یہ ہے کہ بندے کا ہر طرف و جانب سے منہ موڑ کر اپنے خالق و مالک کی طرف متوجہ ہونا اور ہر اس شے سے جو اللہ و رسول اللہ ﷺ کو ناپسند ہے، کُلیتاً باز رہنا۔

وَ یَہْدِیْ اِلَیْہِ مَنْ یُّنِیْبُ ط (الشوریٰ-۱۳)

اور جو اس کی طرف رجوع کر لے، وہ اسے اپنی طرف راستہ دکھا دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ ؕ

بندہ کیونکر تیری طرف رجوع کر سکتا ہے جب تک تو بندے کی طرف متوجہ نہ ہو۔

وَ ھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ ؕ (الحدید۔٤)

اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے خواہ تم کہیں بھی ہو۔

حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے میرے پروردگار! کیا تو نزدیک ہے کہ میں تیرے ساتھ سرگوشی کروں یا تو دور ہے کہ میں تجھ کو پکاروں؟ میں تیری آواز کی آہٹ محسوس کرتا ہوں اور میں تجھے دیکھ نہیں رہا کہ تو کہاں ہے؟

تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں تیرے پیچھے ہوں، میں تیرے آگے ہوں اور میں تیرے دائیں ہوں اور بائیں ہوں۔

اے موسیٰ! میں اپنے بندے کے ساتھ اس وقت ہم مجلس ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور میں اس کے پاس ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔

(منتخب کنز العمال ہامش مسند امام احمد بن حنبل جلد ا ص ۳۳۱)

ہر نماز کے بعد چلتے پھرتے اِس امر کو مد نظر رکھنا کہ میرا اللہ میرے ساتھ ہے۔

اوپر اللہ تعالیٰ جَلَّ جلالہٗ

سامنے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ

دائیں شیخ المشائخ حضرت سیدنا عبد القادر جیلانی محبوب سبحانیؓ

بائیں شخنا او شیو خنا

دل میں ذکر اللہ

پھر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ زبان اللہ کی زبان، یہ آنکھ اللہ کی آنکھ، یہ کان اللہ کے کان، یہ ہاتھ اللہ کے ہاتھ اور ارادہ اللہ کا ارادہ ہوتا ہے اور یہی کن فیکون کا مقام ہے۔

آپ کی آنکھیں، کان، ناک، زبان، ہاتھ اور پاؤں ہر وقت ہر حال میں اللہ اور اللہ کے حبیب اقدس ﷺ کے حکم کے تابع فرمان ہوں۔ نہ نافرمان ہوں نہ سرکش۔ پھر یہ آنکھیں، کان، ناک، زبان، ہاتھ اور پاؤں اللہ کے ہیں۔

اور اللہ کی بصارت و سماعت گرفت و استقامت انسانی فہم و ادراک سے کہیں بالاتر ہوتی ہے۔

○ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

جس نے میرے دوست سے عداوت کی تو میں اس کے ساتھ جنگ کا اعلان کروں گا اور مجھے اپنے بندے کا مجھ سے قرب حاصل کرنا کسی اور ذریعہ سے اتنا محبوب نہیں جتنا اس سے جو میں نے اس پر فرض کیا ہے اور میرا بندہ ہمیشگی کے نوافل سے میرے قریب تر ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو میں اس کا وہ کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی وہ آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا وہ ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا وہ پیر ہو جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اور اگر وہ مجھ سے (کسی

چیز کا) سوال کرتا ہے تو میں اس کو ضرور دیتا ہوں اور اگر (کسی چیز سے) پناہ مانگتا ہے تو میں اس کو پناہ دیتا ہوں اور مجھ کو کسی چیز سے، جس کا میں کرنے والا ہوں اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا کہ نفسِ مومن (کے معاملہ) میں ہوتا ہے کہ وہ موت کو برا سمجھتا ہے اور میں اس کی برائی کو برا سمجھتا ہوں۔ (بخاری شریف جلد سوم ص ۳۲۵، شمار ۱۴۱۸)

○ حضرت عمرؓ مسجدِ نبوی ﷺ میں کھڑے خطبہ جمعہ دے رہے تھے کہ دفعتاً خاموش ہو گئے پھر یکایک بلند آواز میں فرمایا:

یا ساریۃ الجبل

چنانچہ اس آواز کو سنتے ہی لشکرِ اسلام نے اپنی پشتوں کو پہاڑ کی جانب سے بڑھنے والے خطرے سے محفوظ کر لیا۔

عمرؓ نے اللہ کی آنکھوں سے دیکھا اور ساریہؓ نے اللہ کے کانوں سے سنا۔ ان آنکھوں اور کانوں سے جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اوپر بیان فرمایا ہے۔ عمرؓ کی آواز اللہ کی آواز بن کر گونجی کہ سینکڑوں میل دور لڑنے والے سپاہیوں نے اسے سنا اور اس پر عمل کیا۔

اللہ کرے ہمیں بھی ایسی ہی آنکھیں اور ایسے ہی کان نصیب ہوں۔ آمین!

وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ۝ (سورۃ ق:۱۶)

اور ہم انسان کی رگ گردن سے بھی اس کے زیادہ قریب ہیں۔

وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ (البقرۃ:۱۸۶)

اور اے محبوب ﷺ! جب میرے بندے آپ سے میری بابت پوچھیں تو (فرما دیجئے کہ اللہ کہتا ہے کہ) میں قریب ہوں۔

اللہ معی :

معیت کا ظہور ماسوا سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

حکیم کا کوئی بھی کام حکمت سے خالی نہیں۔ کیا تیرے لیے یہ کافی نہیں کہ حکمت و قدرت والا تیرے ساتھ ہے اور قوی العزیز؟

اللہ تعالیٰ جب کسی انسان پہ معیت کی حقیقت منکشف فرماتے ہیں، زندگی کروٹ بدلنے لگتی ہے۔ اٹھ، بیدار ہو، اللہ تیرے ساتھ ہے گویا ساری خدائی ساتھ ہے۔

زندگی جب اللہ معی کو ازبر کر کے نافذ العمل ہو جاتی ہے، قوی العزیز کی مظہر بن جاتی ہے یا مظہر العجائب و الغرائب۔

خطرات و تفکرات مٹتے مٹتے یکسر مٹ جاتے ہیں۔

اللہ معی اور اللہ معی کے محبوب ﷺ کے خیال میں محو و منہمک رہنا، نہ کچھ سننا نہ کچھ کہنا اور جس بھی حال میں رکھے راضی رہنا نَحْنُ اَقْرَبُ کی ایک تشریح اور فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْد کی عملی تفسیر ہے۔

فعال لما یرید

جو اللہ چاہتا ہے، کرتا ہے۔

جو ہوتا ہے میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے سامنے ہوتا ہے۔

پھر کوئی بات نہیں۔

جو ہو، ہوئے جانے دو۔

ھادی ہمارے ساتھ ہے ، مہدی ہمارے ساتھ ہے،

وکیل ساتھ ہے، کفیل ساتھ ہے اور کافی ہے

جو کسی بھی حال میں کبھی توحید پہ اعتراض نہیں کرتا، موحد ہے۔

موحد کو اعلیٰ درجے کا توکل اور متوکل کو اعلیٰ درجے کا ایمان ہوتا ہے اور یہ سب عنایات فضلِ ربانی اور حضور اقدس و اکرم، اکمل و اجمل، اطیب و اطہر روحی فداہ ﷺ ہی کے جود و کرم سے عنایت ہوتی ہیں۔

قریب تر ہو کر ہی بندہ اللہ کے فضل و کرم اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سفارش و شفاعت کا امیدوار رہنا۔

موحد، توحید کے حضور میں صرف تین بار بولا:

جو کیا اللہ نے کیا

جو کرتا ہے اللہ کرتا ہے

جو کرے گا اللہ کرے گا

اس مقام پہ، کوئی میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کے جود و کرم سے قائم رہ سکتا ہے، کسی اور طرح نہیں۔

زندگی جب وحدانیت کو ازبر کر لیتی ہے، رضا و قضا سے بالا ہو جاتی ہے۔ نہ رضا و قضا پہ دسترس رکھتی ہے نہ عطا و بلا پہ۔ ہر شے کو اللہ ہی کی عنایت سمجھ کر شکر کرتی ہے "اگر مگر" نہیں۔ اور کسی بھی شے کو اپنی طرف منسوب نہیں کرتی۔ زندگی جب یہ مان لیتی ہے کہ اس کے ساتھ جو کچھ بھی ہوا، ہو رہا ہے یا ہو گا، اللہ ہی کی طرف سے ہے، عین حکمت پہ مبنی ہے اور اسی میں اس کی بھلائی ہے... مطمئن ہو جاتی ہے۔ کسی کا اس مقام پہ کھڑا، ثابت قدم رہنا، کبھی نہ پھسلنا، کبھی نہ گرنا ..... توحید الی اللہ کا اعلیٰ ترین مقام ہے۔

کسی کا یہ کہنا کہ وہ کسی بھی طرح کبھی توحید پہ اعتراض نہیں کرتا، زبانی ہے ..... عمل کرتے نہیں دیکھا۔

سینکڑوں برس گزرے اس مقام کی خبر کتاب میں تو ہے حال میں نہیں۔

ہو گی ضرور مگر دیکھی نہیں۔

کائنات خدائی نظام کے تحت رواں دواں ہے۔

مخالفت ..... پریشان کن

موافقت ..... سراپا اطمینان

عافیتِ الٰہی ..... رحمت

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی عاطفت ..... رحمتہ للعالمین

قدر کی موافقت قادر کو پسند، اعتراض ....ناپسند۔

اعتراض، موافقت کی برکات کو کھا جاتا ہے۔

موافقت ..... الحمد للہ

اعتراض ..... استغفر اللہ

○ حضرت سعدؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ انسان کی نیک بختی یہ ہے کہ جو کچھ اللہ نے اس کے لیے مقدر کر دیا ہے وہ اس پر راضی رہے اور آدمی کی بدبختی یہ ہے کہ وہ اللہ سے خیر اور بھلائی کو مانگنا چھوڑ دے اور انسان کی بدبختی یہ ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے جو کچھ اس کے مقدر میں لکھا ہے وہ اس سے ناراض اور ناخوش ہو۔ (احمد۔ ترمذی)

○ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں میں ایک روز حضور اقدس ﷺ کے پیچھے سوار تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا لڑکے! اللہ کے احکام امر و نہی کو محفوظ رکھ، اللہ تعالیٰ تجھ کو اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ اور تو اللہ کے حق کو محفوظ رکھ تو تو اللہ کو اپنے سامنے پائے گا۔ جب تو سوال کا ارادہ کرے تو اللہ سے سوال کر اور جب تو مدد چاہے تو اللہ سے مدد چاہ اور یہ بات یاد رکھ کہ ساری مخلوق اگر جمع ہو کر تجھ کو کچھ نفع پہنچانا چاہے تو ہرگز تجھ کو نفع نہ پہنچا سکے گی مگر اتنا جتنا کہ اللہ نے تیرے مقدر میں لکھ دیا ہے۔ قلم اٹھا کر رکھ دیے گئے اور صحیفے خشک ہو گئے۔ (احمدؒ۔ ترمذیؒ)

○ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے مخلوقات کی تقدیروں کو لکھا ہے جب کہ اس کا عرش (تخت) پانی پر تھا۔ (مسلمؒ)

○ حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ ہر چیز تقدیر پر موقوف ہے یہاں تک کہ نادانی اور دانائی۔ (مسلمؒ)

○ حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے (عالم ارواح میں) اپنے رب کے سامنے جھگڑا چھیڑا اور حضرت آدمؑ نے حضرت موسیٰؑ پر غلبہ حاصل کر لیا۔ حضرت موسیٰؑ نے (حضرت آدمؑ سے) کہا تم وہی آدمؑ ہو جن کو اللہ نے اپنے ہاتھ سے بنایا تھا، اپنی روح تمہارے اندر پھونکی تھی، ملائکہ سے تم کو سجدہ کرایا تھا اور جنت میں تم کو رکھا تھا پھر تم نے اپنے گناہوں کی بدولت لوگوں کو زمین پر اتار دیا۔

حضرت آدمؑ نے کہا تم وہی موسیٰؑ ہو جن کو اللہ نے اپنی رسالت کا منصب

دے کر برگزیدہ کیا تھا اپنے کلام سے نوازا تھا اور تم کو (وہ) تختیاں دی تھیں جن میں ہر چیز کا بیان تھا پھر تم کو اللہ نے سرگوشی کی عزت بخشی تھی پس تم نے تورات کو میرے پیدا ہونے سے کتنی مدت پہلے لکھا ہوا پایا تھا؟

حضرت موسیٰؑ نے کہا تمہارے پیدا ہونے سے چالیس سال پہلے لکھی گئی تھی۔

حضرت آدمؑ نے پوچھا کیا تم نے تورات میں یہ الفاظ بھی دیکھے تھے "وَعَصٰی اٰدَم" یعنی آدمؑ نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور وہ بہک گیا۔

حضرت موسیٰؑ نے کہا ہاں (یہ الفاظ تورات میں موجود تھے)

حضرت آدمؑ نے کہا پھر تم مجھ کو ایسی بات پر کیوں ملامت کرتے ہو جس کے کرنے پر میں اللہ کے لکھنے پر مجبور تھا اور اللہ نے میرے پیدا کرنے سے چالیس سال پہلے اس کو لکھ دیا تھا۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اس طرح حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غلبہ حاصل کر لیا۔ (مسلمؒ)

جو کچھ ہم کر رہے ہیں اور جو کچھ بھی ہمارے ساتھ ہو رہا ہے اللہ نے دنیا کو پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس پہلے کا لکھا ہوا ہے۔

○ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

"جو کچھ تجھ کو پیش آنے والا ہے قلم (اس کو لکھ کر) خشک ہو چکا۔" (بخاریؒ)

نیز فرمایا:

○ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا۔ پھر اس پر اپنا نور ڈالا۔ پس جس پر اصل نور کی روشنی پڑی اس کو راہِ ہدایت نصیب ہوئی اور جس کو وہ روشنی نہ پہنچی

وہ گمراہ ہوا۔ اسی بنا پر میں یہ کہتا ہوں کہ (سب کچھ لکھنے کے بعد) قلم خدا کے علم پر خشک ہو گیا۔ (احمدؒ / ترمذیؒ)

دعا کرنا

کرتے ہی رہنا

منت و آہ و زاری کرنا

بندگی کی فطرت ہے

ویسے جو کچھ قدر پہ مقدور ہوتا ہے ہو کر رہتا ہے۔

نئی کوئی بھی چیز نہیں، سب کی سب ازلی

ارادتِ الٰہیہ پہ موقوف

ہر شے لکھی ہوئی اور قلم خشک

یارب ذالجلال والاکرام! کوئی تیرے ازلی فیصلوں کو کیونکر

تبدیل کر سکتا ہے؟

دعا عجز کا مقام ہے۔

ہم سارا دن اس لیے دعائیں مانگتے ہیں کہ ہمیں ہمارے اللہ عزوجل ذوالجلال والاکرام نے دعا کا حکم دیا ہے اور قبولیت کا وعدہ کر کے حوصلہ افزائی بھی فرمائی ہے۔

حکم ادعونی

وعدہ استجب لکم

ورنہ کسی چیز کا ہونا نہ ہونا ازلی ہے قسیم ازل کی رضا پہ موقوف ہے۔

دیوانوں کی دنیا میں عام مشہور ہے کہ جب قلم خشک ہو چکنے لگی اور بچی ہوئی

سیاہی ڈوھلنے لگے تو قسام ازل کے نوری فرشتے ملتجی ہوئے اور دیوانوں نے جھرمٹ ڈال دیا نہ ڈوہلو نہ ڈوہلو نہ ڈوہلو۔

تیری مخلوق میں کچھ بندے تجھ پہ ایسا بھی ناز کرنے والے ہوں گے جو تیری رحمت کو تیری لکھی ہوئی اقلام تبدیل کرنے پہ مجبور کر دیں گے۔

دیوانگی کا فتویٰ مرفوع القلم اور زندگی کی زندہ آواز ہوتا ہے۔

اے بادشاہوں کے بادشاہ! اگر ایسا نہ ہوتا تیری مخلوق کی دعا و التجا کس کام آتی اور تو قادر مطلق کیونکر کہلاتا؟ قدرت ہوتی مگر محدود۔

لغت میں قادر وہ ہے جو جب چاہے جیسا چاہے .... کرے

کسی کی کوئی روک اسے کبھی روک نہ سکے۔

دریا کو خشک کر دے، اجاڑ کو گلستان

بادشاہ کو گداگر، گداگر کو بادشاہ

واللہ اعلم بالصواب۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ..... مجھ سے مانگ، میں دوں گا۔

دعا کر، میں قبول کروں گا۔

یقیناً اللہ کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

حضور اقدس واجمل ﷺ نے فرمایا

"تقدیر کو کوئی چیز نہیں بدل سکتی مگر دعا"

تیرے حکم و ارادہ ہی کے تحت ارض و سماء کی ہر شے نقل و حرکت پہ گامزن ہے۔ یا حی یا قیوم!

کسی کی بھی کوئی تدبیر تیری تقدیر کو کیسے ٹال سکتی ہے مگر دعا اور صرف دعا۔
بعض مسلسل دعائیں اللہ تعالیٰ کی رحمت کو قبولیت پہ مجبور کر دیتی ہیں۔

یا مجیب الدعوات یا ارحم الرحمین

میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا۔

○ حضرت ابو درداؓ سے روایت ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ ﷺ نے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے رات میں تین گھڑیاں ہوتی ہیں۔

پہلی گھڑی میں ذکر (کا دروازہ) کھولتا ہے اس وقت اس کو کوئی نہیں دیکھ سکتا۔ جو چاہتا ہے، مٹا دیتا ہے اور جو چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے۔

دوسری گھڑی عدن کی بہشت میں نزول فرماتا ہے اور وہ ایسا گھر ہے جس کو آنکھ نے نہیں دیکھا اور نہ ہی کسی دل میں اس کا خیال آیا ہے اور وہ اللہ کا مسکن ہے جس میں اس کے سوا آدم کی اولاد میں سے صرف نبی، صدیق اور شہید ہی ٹھہریں گے۔

پھر فرماتا ہے اے عدن کی بہشت! خوشی ہے تیرے رہنے والوں کے لیے۔

تیسری گھڑی آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے اس کے ساتھ جبریل امینؑ اور اس کے خاص فرشتے ہوتے ہیں۔ آسمان دنیا کانپتا ہے اللہ فرماتا ہے قائم رہ میری عزت کے طفیل۔

پھر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر جھانکتا ہے اور فرماتا ہے

کوئی معافی مانگے تو میں اسے معاف کروں

کوئی دعا کرے میں قبول کروں

یہ سلسلہ نماز فجر تک رہتا ہے اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ نے قران الفجر کو مشہود فرمایا ہے کیونکہ اس کو اللہ تعالیٰ بھی سنتا ہے اور دن رات کے فرشتے بھی سنتے ہیں۔ (کتاب العمل بالسنۃ جلد ا ص ۱۰۴۱۔۱۰۴۲)

اللہ تبارک و تعالیٰ کا آسمان دنیا کی طرف نزول فرمانا

○ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جب رات کی پہلی تہائی گزر جاتی ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ نچلے آسمان پر ہر رات نازل ہو کر فرماتے ہیں۔

"میں بادشاہ ہوں، میں ہی بادشاہ ہوں۔ کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے، میں اس کی دعا قبول کروں؟

ہے کوئی سوال کرنے والا کہ میں اس کو عطا کروں؟ اور ہے کوئی مغفرت مانگنے والا کہ میں اس کی مغفرت کروں؟"

صبح کے روشن ہونے تک اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام اسی طرح فرماتے رہتے ہیں۔ (صحیح مسلم / کتاب العمل بالسنۃ جلد ا ص ۱۰۳۸)

جو کچھ بھی ہوتا ہے رات ہی کے پردوں میں ہوتا ہے

حظیرہ القدس ..... رات کی مجلس کا حاصل۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کا آسمان دنیا کی طرف نزول فرمانا:

(اور یہ ہر روز ہوتا ہے پھر مانتے کیوں نہیں؟)

فرمایا:

○ ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اسے دوں؟

کوئی دعا کرنے والا ہے کہ اس کی دعا قبول کی جائے؟

ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ اسے بخش دیا جائے؟ (مسلمؒ)

○ کون مجھ سے دعا کرتا ہے کہ میں قبول کروں؟

کون مجھ سے سوال کرتا ہے کہ میں اس کو دوں ؟
کون قرض دیتا ہے اس کو جو کبھی فقیر نہ ہوگا
نہ کسی پر ظلم کرے گا ؟ (مسلمؒ)

○ ہے کوئی پکارنے والا، اس کی دعا منظور ہو ؟
ہے کوئی سوالی کہ اس کو دیا جائے ؟
ہے کوئی مصیبت زدہ ؟ اس کی تکلیف دور کروں ؟
میرے بندے میرے سوا کسی سے نہیں مانگتے
کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے میں اس کو دوں ؟
کون ہے جو مجھے پکارے میں اس کی پکار کو قبول کروں ؟
کون ہے جو مجھ سے معافی مانگے میں اس کو معاف کروں ؟ (کتاب التوحید)

○ کون بندہ میرے بندوں میں سے ہے جو مجھے پکارے میں اس کی دعا قبول کروں ؟
کوئی ہے جس نے اپنی جان پر ظلم کیا ہو، مجھے پکارے، میں اس کا گناہ معاف کروں ؟
کوئی رزق کا بھوکا ہے میں اس کو روزی دوں ؟
کوئی مظلوم ہے جو مجھ کو پکارے تو میں اس کی امداد کروں ؟
کوئی مجرم ہو تو میں اس کی گردن آزاد کروں ؟ (مجمع الزوائد)

○

حظیرۃ القدس

○ اللہ بادشاہ ہے اللہ ہی بادشاہ ہے

کون ہے جو مجھ سے دعا کرے میں اس کی دعا قبول کروں ؟

کون ہے جو مجھ سے مانگے میں اس کو دوں ؟

کون ہے جو مجھ سے بخشش چاہے میں اسے بخش دوں ؟ (مسلمؒ شریف)

حظیرۃ القدس

یہ کسی نہ کسی مقام پہ ہر وقت جلوہ افروز رہتا ہے۔

○ ”میں بادشاہ ہوں میں ہی بادشاہ ہوں۔

کوئی ہے جو مجھ سے سوال کرے میں اس کو دوں ؟

کوئی ہے جو مجھے پکارے میں اس کی پکار قبول کروں ؟

کوئی ہے جو مجھ سے معافی مانگے ، میں اس کو بخش دوں ؟“

○ میں بادشاہ ہوں .... میں بادشاہ ہوں

کوئی ہے جو مجھ سے سوال کرے میں اس کو دوں ؟

کوئی ہے جو مجھے پکارے میں اس کی پکار قبول کروں ؟

کوئی ہے جو مجھ سے مانگے میں اس کو بخش دوں ؟

کوئی مجھ سے سوال کرے ، میں اس کو دوں ؟ (کتاب التوحید)

○ ہے کوئی جو قرض دے اس کو جو بھوکا اور فقیر نہیں اور نہ ظالم ہے ؟
کون ہے جو گناہوں کی معافی مانگے تو میں اس کو معاف کر دوں ؟
ہے کوئی جو توبہ کرے میں اس کی توبہ قبول کروں ؟

(کتاب التوحید)

○ کوئی مظلوم ہے جو مجھے یاد کرے اس کی امداد فرمادوں ؟
کوئی امداد طلب کرنے والا ہے جو مجھے پکارے تو میں اس کی امداد کروں ؟

(مجمع الزوائد)

○ کون ہے جو مغفرت مانگے ؟ کون ہے جو توبہ کرے ؟
کون ہے جو کچھ مانگے ؟ کون ہے جو دعا کرے ؟

(مسلمؒ)

○ میں ہی بادشاہ ہوں۔ میں بادشاہ ہوں
کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے میں اس کی دعا قبول کروں ؟
ہے کوئی جو مجھ سے سوال کرے میں اسکا سوال پورا کروں ؟
ہے کوئی مغفرت مانگنے والا (اپنے گناہوں سے) کہ میں اس کی مغفرت کروں ؟

(مسلمؒ / ترمذیؒ)

شانِ الوھیت :

○ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ ط

کوئی معبود نہیں مگر اللہ۔ اور اللہ بہت بڑا ہے۔

وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

اور کوئی طاقت اور کوئی تدبیر کارگر نہیں ہو سکتی مگر اللہ کی مدد سے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بھی رُوئے زمین پہ یہ کہے لا الہ الا .... الخ

تو اس کے سارے گناہ دور ہو جاتے ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (جامع ترمذی / کتاب العمل بالسنۃ جلد ا ص ۹۱۴)

○ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضور اقدس ﷺ نے جس کو اللہ کی طرف کوئی سخت حاجت ہو تو وہ پورا وضو کرے اور دو رکعتیں پڑھے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ اور آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں فاتحہ اور اٰمن الرسول آخر تک۔ پھر تشہد اور سلام کے بعد یہ دعا مانگے تو اس کی حاجت پوری ہو گی۔

اَللّٰھُمَّ یَا مُؤْنِسَ کُلِّ وَحِیْدٍ وَّ یَا صَاحِبَ کُلِّ فَرِیْدٍ وَّ یَا قَرِیْبًا غَیْرَ بَعِیْدٍ وَّ یَا شَاھِدًا غَیْرَ غَائِبٍ وَ یَا غَالِبًا غَیْرَ مَغْلُوْبٍ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ وَ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَ خَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَ جَلَّتْ مِنْہُ الْقُلُوْبُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَّ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ ○

اے اللہ! اے ہر اکیلے کے مونس اور ہر یگانہ کے یار اور اے نزدیک جو دور نہیں اور اے حاضر جو غائب نہیں اور اے غالب جو مغلوب نہیں، میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے نام سے اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑا مہربان ہے تھامنے والا زندہ ہے قائم رکھنے والا جسے نہ اونگھ آوے نہ نیند (نیند سے پاک ہے) اور میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے نام سے اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑا مہربان ہے تھامنے والا زندہ ہے قائم جس کے آگے منہ جھک گئے اور آوازیں پست ہو گئیں اور دل ڈر گئے یہ کہ رحمت بھیجے تو محمد (ﷺ) پر اور میرا کام تو آسان کر دے اور میری حاجت کو پورا کر دے۔

(غنیۃ الطالبین / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۲۴۴۔۲۴۵)

O

طریقت الاسلام کی نوبہ نو منازل کی ہزارہا صفحات پر مشتمل دستاویزات کی ایک انتہائی جامع تلخیص :

سلوک الی اللہ کی منازل کے چار بنیادی اصول اور چار ہی مستقل مقامات ہیں جو کبھی نہیں بدلتے :

اصول : ۱۔توبۃ النصوح

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ

"اے ایمان والو! تم اللہ کے آگے سچی توبہ کرو" (التحریم:۸)

۲۔الاستقامت الاعمال :

فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ (ھود:۱۱۲)

"تو آپ جیسا کہ آپ کو حکم ہوا ہے، مستقیم رہیے!"

۳۔ ترکِ تام:

وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَ اهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا (المزمل:۱۰)

"اور یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں اس پر صبر کیجیے اور اچھے انداز میں ان سے الگ رہیے۔"

٤۔ ذکرِ دوام

اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ قِیَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰی جُنُوْبِهِمْ (العمران:۱۹۱)

"اور وہ لوگ اللہ کی یاد کرتے ہیں کھڑے بھی، بیٹھے بھی، لیٹے بھی!"

وَاذْکُرِاسْمَ رَبِّکَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ط (المزمل:۸)

"اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہو!"

مقامات :

۱۔ مراقبۂ معیت:

وَ هُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ (الحدید:٤)

"اور وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے خواہ تم لوگ کہیں بھی ہو!"

۲۔ مراقبہ عندالموت:

کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ۝ وَّ یَبْقٰی وَجْهُ رَبِّکَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۝

(الرحمن:۲۸)

"ہر شے فانی ہے اور آپ کے پروردگار کی عظمت واحسان والی ذات باقی رہے گی"

۳۔ مراقبہ توحید فی الافعال:

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝ (البروج:۱۶)

"وہ جو چاہے سب کچھ کر گزرتا ہے!"

٤۔ مراقبہ توحید فی الصفات:

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (النور:۳۵)

"اللہ تعالیٰ نور ہے آسمانوں کا اور زمین کا!"

O

اکرامِ عام

ترکِ تام

ذکرِ دوام

اللہ کو سجدہ

محمد ﷺ کو سلام تا دوامِ قیام

بلوغ الی المرام

اور یہی ہے و اذکر اسم ربک و تبتل الیہ تبتیلا

کا پیغام ماشاء اللہ!

ہم یہاں کیا لینے آئے ہیں؟

اوئے سن! یہ بندگی کا مقام ہے شعبدہ بازی کا نہیں اور بندگی "نفیٔ تام" اور "اتباعِ دوام" کا اصطلاحی نام ہے۔

ہم یہاں سجدہ کرنے آئے ہیں اور بس!

کسی اور کی تو مجھے خبر نہیں، یہ منزل کسی بھی مفاد کی بناء پہ نہیں
صرف اور صرف ادب و محبت ہی پہ مبنی ہے۔
نہ کسی سے کچھ لینے آئے ہیں نہ دینے۔
صرف سجدہ کرنے آئے ہیں بادشاہوں کے بادشاہ کو راضی کرنے آئے ہیں
..... کوئی اور مطلب لے کر نہیں آئے۔
سجدہ میں صرف سجدہ ہوتا ہے
ہستی کی کرامت کا کوئی مظاہرہ نہیں ہوتا۔
تم کیا کہتے ہو اور کیا چاہتے ہو؟
صرف ایک سجدہ کی تمنا ہے۔
سجدہ پہ سجدہ تو تم روز کیے جاتے ہو! مزید کون سا سجدہ کرنا چاہتے ہو؟
میرے آقا روحی فداہ ﷺ یہ سجدے تو میری عادت ہیں میں انہیں عبادت نہیں سمجھتا کیونکہ یہ مجھے مطمئن نہیں کرتے البتہ جب سر تیری معیت کے حضور سجدہ ریز ہو، سجدہ ہے ایسا سجدہ جو ماسوا سے کُلیتاً بے نیاز اور دل کو مطمئن و مسرور کر دیتا ہے اور خودی کی بے خودی کا عارف! ماشاء اللہ۔
عبدیت کے دو ہی تو گوہر ہیں:
اللہ رب العالمین کو سجدہ اور
میرے آقا روحی فداہ ﷺ رحمتہ للعالمین پہ سلام
تو اپنے دل کی دنیا کے دفتر میں صرف دو ہی حرف لکھ:
اللہ کو سجدہ اور
محمد ﷺ کو سلام تا دوامِ قیام۔

سجدہ میں لین دین کی کتاب نہیں ہوتی
یہ مستغنی عنِ العبادات و عبارات ہوتا ہے اور اُمّی بن کر ہوتا ہے
جو بھی رب کو رب مان کر سجدہ ریز ہوا سجدہ نے اسے قبول کیا۔

○

○ تمہیں یہ علم نہیں کہ مومن کا سجدہ مقامِ سجدہ کو سات تہوں تک پاک کر دیتا ہے! (عائشہؓ / اوسط)

سجدہ اللہ ہی کے لیے ہے کسی بھی دوسرے کو ہرگز جائز نہیں۔
اگر بندے کا بندے کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو حسین علیہ السلام، علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کو اور علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ محمد رسول اللہ ﷺ کو ضرور سجدہ کرتے۔

شریعت
طریقت
حقیقت اور
معرفت کا مفہوم اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ط

○

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ط
کوئی دوسرا ہے ہی نہیں جو کوئی قدرت رکھتا ہو!
مان کر دیکھ ..... وہی اول وہی آخر، وہی ظاہر وہی باطن!
اس نے جو چاہا کیا
بتلانا مطلوب تھا، بتا دیا۔

وَ اَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَ اَبْكٰى ۝ (النجم:٤٤)

اور یہ کہ وہی ہنساتا ہے اور وہی رلاتا ہے

یہاں کوئی بھی کسی کا کچھ نہیں لگتا آپ ہی آپ ہیں۔

کبھی رلاتے ہیں کبھی ہنساتے۔

نہ کوئی نمرود ہے نہ فرعون۔ اپنی ہی کھیل کے کھلاڑی ہیں۔

بت گر بھی وہ، بت شکن بھی

وہی اول وہی آخر

وہی ظاہر وہی باطن

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

نہ کوئی عدالت ہے نہ وکالت .....

آپے آپ ہیں۔

آپ کھلاوے آپ پلاوے

آپ سلاوے آپ جگاوے

اپنی حمد ..... آپ سناوے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَ لَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ

اندر باہر

حاضر و ناظر

کرتے کراتے آپ ہیں،

منسوب غیر کی طرف۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وہی اول ہے وہی آخر
وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ ج وہی ظاہر ہے وہی مخفی
وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ O اور وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے۔ (الحدید: ۳)

O حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ فرمایا جناب رسول اللہ ﷺ نے کہ اللہ عزوجل ذوالجلال والاکرام فرماتا ہے جو شخص ایک نیکی کرتا ہے میں اس کو دس نیکیوں کا ثواب عطا کرتا ہوں بلکہ اس سے بھی زیادہ اور جو شخص ایک برائی کرتا ہے اس کو ایک ہی برائی کی سزا ملتی ہے یا میں اس کو بھی معاف کر دیتا ہوں اور جو شخص میری طرف ایک بالشت بڑھتا ہے (میری طاعت میں) اس کی طرف میں ایک گز بڑھتا ہوں اس کی جانب دونوں ہاتھوں کو پھیلانے کے برابر اور جو شخص آتا ہے آہستہ آہستہ چل کر میں آتا ہوں اس کی طرف دوڑ کر اور جو شخص ملے گا مجھ سے مقدار زمین کے گناہ لے کر اس طرح کہ میرے ساتھ شریک نہ کرتا ہو کسی کو، میں اس سے ملوں گا اتنی ہی بخشش لے کر۔ (مسلمؒ)

جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک کے) ظلم سے مخلوط نہیں کیا ان کے لیے امن (اور جمعیتِ خاطر) ہے اور وہی ہدایت پانے والے ہیں۔ (الانعام: ۸۲)

شرک مت کر

کچھ بنے نہ بنے، کچھ ملے نہ ملے،

اللہ رب العالمین کی ذات و صفات میں کسی کو شریک مت ٹھہرا

اور کسی بھی انداز میں کبھی مت ٹھہرا۔

ہر حال میں اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ط

کے ہار کو زیبِ گلو کیے رکھنا شرک سے اجتناب کی ایک عمدہ ترین سبیل ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ

بے شک اللہ تعالیٰ اس بات کو نہ بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے۔

وَ یَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ ج

اور اس کے سوا جتنے دوسرے گناہ ہیں جس کے لیے چاہیں گے بخش دیں گے

وَ مَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ فَقَدِ افْتَرٰٓی اِثْمًا عَظِیْمًا ○

اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراتا ہے یقیناً

وہ بڑے جرم کا مرتکب ہوا۔ (النساء: ۴۸)

○ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے آدم کے بیٹے! جب تک تو مجھ سے دعا کرتا رہے گا اور مجھ سے امید رکھے گا میں تجھے بخشوں گا خواہ تو نے کتنا ہی برا کام کیا ہو اور مجھے اس کی پرواہ نہیں۔

اے آدم کے بیٹے! اگر تیرے گناہ آسمان تک بھی پہنچ جائیں پھر تو مجھ سے معافی مانگے اور بخشش چاہے تو میں تجھ کو بخش دوں گا اور مجھے اس کی پرواہ نہ ہوگی۔

اے آدم کے بیٹے! اگر تو مجھ سے اس حال میں ملے کہ تیرے گناہوں سے زمین بھری ہوئی ہو اور تو میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو تو میں تیرے پاس زمین بھری ہوئی بخشش لے کر آؤں گا۔ (ترمذی / مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۹۳ شمار ۲۲۱۳)

○ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے اس بات کو جان لیا کہ میں گناہوں سے بخشنے کی پوری قدرت رکھتا ہوں تو میں اس کو بخش دوں گا جب تک کہ وہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے۔ (شرح السنۃ / مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۹۳، شمار ۲۲۱۵)

○ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کے برابر کسی کو نہ مانتا ہو یعنی شرک نہ کرتا ہو، اگر اس کے اوپر پہاڑ کے برابر بھی گناہ ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو بخش دے گا۔

(بیہقی / مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۹۷ شمار ۲۲۳۹)

○ حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے گناہوں کو بخشتا ہے جب تک کہ بندے اور رحمت حق کے درمیان پردہ حائل نہ ہو۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! پردہ کیا ہے؟

فرمایا کہ آدمی شرک کی حالت میں مرے۔

(احمد۔ بیہقی / مشکوۃ شریف جلد اول ص ۲۹۶ شمار ۲۲۳۷)

○ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے آدم کے بیٹے! جب تک تو مجھ کو پکارتا رہے گا اور مجھ پر امید رکھے گا اگرچہ تیرے گناہ کیسے ہوں، میں تجھے معاف کرتا رہوں گا اور اگرچہ تو تمام زمین کو گناہوں سے بھر لائے ..... میں تجھے زمین بھر کی بخشش عطا فرماؤں گا جب تک تو نے شرک نہ کیا ہو۔ اور اگر تیرے گناہ آسمان کی چھت تک پہنچ جائیں پھر تو نے مجھ سے معافی مانگ لی، میں تجھے معاف کردوں گا۔ (مجمع الزوائد و منبع الفوائد، جلد دہم، ص ۲۱۶)

○ حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا حضرت جبریل علیہ السلام نے آکر مجھے یہ خوشخبری سنائی کہ جو شخص اس حال میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کیا تو وہ بہشت میں داخل ہوگا۔ میں نے عرض کیا اگرچہ اس نے زنا کیا ہو؟ اور اگرچہ چوری کی ہو؟ فرمایا: ہاں۔

(ترمذی شریف جلد اول ص ۱۰۳، شمار ۵۰۴)

○ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے یہ آیت پڑھی

هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ (المدثر:٥٦)

ترجمہ: وہی ہے مالک تقویٰ کا اور وہی ہے مالک بخشش کا

اور پھر فرمایا کہ تمہارے پروردگار نے فرمایا ہے کہ میں اس قابل ہوں کہ لوگ میرے ساتھ کسی کو شریک کرنے سے بچیں پس جو شخص اس سے بچتا ہے میں اس قابل ہوں کہ اس کو بخش دوں۔

(ترمذی۔ابن ماجہ، داری، مشکوۃ شریف جلد اول ص ۳۹۵ شمار ۲۲۲۷)

وَ اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَ هُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ○ (لقمان:١٣)

اور اس وقت کو یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ بیٹا اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا، شرک تو بڑا (بھاری) ظلم ہے!

جملہ تعلیمات و تشریحات کا خلاصہ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ؕ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ؕ

اللہ کو سجدہ اور

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کو سلام

سجدہ میں ..... یا حی یا قیوم

سلام میں.... سیدنا کریم ﷺ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ط

اللہ میرا رب ہے

میرے آقا روحی فداہ ﷺ میرے شاہد ہیں

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

دو باتیں اللہ کو بے حد پسند ہیں :

ایک : بندے کا صدقِ دل سے اپنے تئیں عَبْدٌ مُذْنِبٌ ذَلِیْلٌ کہنا

دوسری : بندے کا یہ کہنا : اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ د

ترجمہ : گواہی دیتا ہوں میں کہ کوئی معبود نہیں مگر اللہ اور گواہی دیتا ہوں میں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

○ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ میری امت میں سے ایک ایسے شخص کو الگ کرے گا جس پر اس کے گناہوں سے بھرے ننانوے دفتر کھول دیے جائیں گے اور ہر ایک کی لمبائی حد نظر تک ہو گی۔

پھر اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کیا تو ان میں سے کسی کا انکار کرتا ہے اور کیا میرے مقرر کیے ہوئے نگرانوں (یعنی اعمال لکھنے والے فرشتوں) نے تجھ پر کوئی ظلم کیا ہے ؟ وہ عرض کرے گا نہیں (انہوں نے وہی لکھا ہے جو میں نے کیا) پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تیرے پاس کوئی عذر ہے ؟ وہ کہے گا نہیں اے میرے رب!

تب پروردگارِ عالم فرمائے گا ہاں ہمارے پاس تیری ایک نیکی لکھی ہوئی ہے جس کی وجہ

سے آج تیرے اوپر کوئی ظلم نہ ہو گا اس وقت ایک پرچہ کاغذ نکالا جائے گا جس پر اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ لکھا ہو گا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ اس سے فرمائے گا اپنی میزان کے پاس آکر کھڑا ہو۔ وہ عرض کرے گا اے پروردگار! ننانوے دفتروں کے مقابلہ میں جو گناہوں سے پُر ہیں، اِس ایک پرچہ کی کیا حقیقت ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے اوپر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کے بعد وہ پرچہ میزان کے ایک پلڑے میں اور دوسرے تمام دفتر دوسرے پلڑے میں رکھے جائیں گے تو یہ پرچے والا پلڑا دفتروں والے پلڑے سے بھاری ہو گا اور وہ سب مل کر بھی اس کے مقابلے میں ہلکے ہوں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کے نام کے مقابلے میں کوئی چیز گراں نہیں ہو سکتی۔

(جامع ترمذی جلد ۲، ص ۸۸، مستدرک حاکم جلد ۱ ص ۶، کتاب العمل بالسنۃ جلد ۱ ص ۹۱۵، ۹۱۶)

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○ (یس: ۸۲)

جسم الوجود کی ہڈیوں

گوشت اور خون میں لپٹا ہوا امر، امرِ الٰہی، امرِ ربی

امرِ ربانی، امرِ سبحانی، امرِ صمدانی، امرِ مجدانی

امرِ احسانی، امرِ حقانی، امرِ عظیم، امرِ کریم

اسی امر سے ہر امر وارد وجود اور یہی ..... ہر امر کی جان۔

○

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحم کرنیوالا اور مہربان ہے،



اِنَّمَآ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ ۝ (یٰس: ۸۲)

ہر کسی کو بتا رہا اور سنا رہا ہے

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ (الاحزاب:٥٦)

بلا تعداد و شمار لکھو کہ ہا بار بھی کہیں تو حق

تیرے امر ہی نے میرے سوئے ہوئے بخت کو جگایا اور فرمایا قل :

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ (الاحزاب:٥٦)

امر جب ہڈی، گوشت اور خون میں متحد و متصل و مربوط ہو کر اپنے کرتب کا مظاہرہ کرنے لگتا ہے ،

قرآنِ کریم اور سنّتِ مطہرہ کا مظہر ہوتا ہے۔

روح و نفس جب آپس میں ملاقی ہو کر متحد و مربوط ہوتے ہیں الٰہی فرمان کی پذیرائی کا ظہور ہوتا ہے۔

صَلٰوةٌ تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

فرمان : ان الله و ملئكته يصلون على النبى ط يايها الذين امنوا صلوا عليه وسلموا تسليما ○ (الاحزاب:٥٦)

تعمیل : اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ط

ذکرِ الٰہی اور صلوٰۃ و سلام کی یہ آواز

دم بدم گونج رہی ہے اور دھوم مچا رہی ہے

تو کیوں نہیں سنتا؟

الٰہی عمل کا نور ..... مخمور و مسرور

الٰہی عمل کے نور کی برکت سے ہر عمل قائم الدائم

الٰہی عمل :اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ (الاحزاب:٥٦)

منبع البرکات سات ہیں :

اَللّٰهُمَّ صَلِّ

وَسَلِّمْ

وَ بَارِكْ

عَلَى النَّبِيِّ

الْكَرِيْمِ

يَا حَيُّ

يَا قَيُّوْمُ

امید افزا عمل وزادِ راہ :

صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ط

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط ..... جلال

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ ..... جمال

(سورۃ الاحزاب :٥٦)

جلال و جمال و کمال کا مظہر

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ (سورۃ الاحزاب: ۵۶)

ام العمل

○

تکتے تکتے تھکتے تھکتے، اوڑک میخانے ہی کا قصد کیا
بھولا ہوا سبق یاد آیا، اور میخانے ہی کی طرف لوٹا

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○

(سورۃ الاحزاب: ۵۶)

یہ آیہ کریمہ مومن کے ایمان کی جان ہے۔
بارہا لکھ چکے اور لکھتے ہی رہیں گے!

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○

(سورۃ الاحزاب: ۵۶)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ط

اللہ میرا واحد ہے
محمد ﷺ میرا شاہد ہے
وچ قبر دے مٹی ہونا
مرنا مینوں یاد اے

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کل کائنات کے امام ہیں۔

سیدنا اِمَامُ ﷺ

مومن بن بھی ..... صفات سے متصف نہ ہو تو کہنا!

سارا قرآن ایمان ہی کی شان میں اترا۔

بلٰی بلٰی بلٰی

ایمان نے جب بھی پکارا ..... موجود پایا

ایسا ایمان پیدا کر۔

ہر شے کا دارومدار ایمان پہ منحصر ہوتا ہے جس مرتبے کا ایمان ہوتا ہے اسی مرتبے کی عنایت۔

حضرت ابراہیم خلیل اللہ ؑ کو اعلیٰ درجے کا ایمان تھا آگ گلزار بن گئی۔

اپنا ایمان پیش کر

تیرے لیے تیرا ہی ایمان نافع ہے اور اللہ بندے کے ایمان ہی کے یقین کو دیکھتا ہے۔

تیرا ایمان ناقص ہے۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ؑ کا سا ایمان پیدا کر ..... آگ گلزار بن جائے۔ جب تک تو ایسا ایمان پیش نہیں کرتا تیری کوئی بھی جدوجہد کیا رنگ لا سکتی ہے؟ رحمت و برکات کا نزول تیرے ایمان ہی پہ منحصر ہے۔

ایمان امام کام کا منتظر ہے امام ہی نے ایمان کی تصدیق کی جس بھی مقام پہ وارد ہوا حد کر دی۔ خزاں رسیدہ پہ بہار بن کر چھایا، کلی مسکرائی، غنچے چٹکے، پھول کھلے۔

تیرے ایمان کا بوستان سدا بہار ہے کبھی خزاں رسیدہ نہ ہو آمین!

تیرے ایمان کا گلستان خزاں رسیدہ ہو سکتا ہی نہیں بہار پہ بہار میرے ایمان کی وہ دلیل ہے جو کبھی افسردہ نہیں ہوتی۔

جب تک کسی کے ایمان کا امام نہیں ہوتا، تشنۂ تکمیل۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی کائنات کے کل مسلمین و مومنین کے ایمان کے امام ہیں۔ سیدنا امام ﷺ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہی میرے ایمان کے امام ہیں۔ ان ہی کی اقتداء میں میرا ایمان پایۂ تکمیل کی منازل طے کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہے۔

ماضی میں تو سبھی کچھ تھے ،

حال کا ایمان قبول فرما۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ایمان ناقص تھا، درود و سلام کی مداومت سے اکمل بنا۔

○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلَوَاتِکَ شَیْءٌ ط

اے اللہ درود بھیج حضرت محمد ﷺ پر یہاں تک کہ کچھ باقی نہ رہے تیرے درودوں میں سے۔

وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ شَیْءٌ ط

اور برکت دے حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کو یہاں تک کہ کچھ باقی نہ رہے تیری برکتوں میں سے

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِکَ شَیْءٌ ○

اور سلام بھیج حضرت محمد ﷺ پر یہاں تک کہ کچھ باقی نہ رہے تیرے سلام میں سے۔

حضرت سیدنا ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ کچھ صحابہ اکرمؓ جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں ایک آدمی کو لے کر حاضر ہوئے تو انہوں نے اس آدمی کے خلاف گواہی دی کہ اس نے اونٹنی چوری کی۔ پس اس گواہی کی بنا پر جناب رسول اللہ ﷺ نے (سزا کا) حکم دیا پس وہ آدمی بھاگ نکلا یہ کہتے ہوئے اللھم صل علی محمد ..... الخ پس بھول گیا اونٹ (ان کو) پس (مدعی نے) عرض کیا یا رسول اللہ! یہ آدمی بری ہوا میری چوری کرنے سے۔ پس فرمایا جناب رسول اللہ ﷺ نے کہ اس آدمی کو کون میرے پاس لائے گا تو ستر (۷۰) آدمی اہل مسجد میں سے دوڑے پس اس کو جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لایا گیا پس فرمایا جناب رسول اللہ ﷺ نے، اے جوان! تم نے ابھی کیا کہا اس حال میں کہ تو لوٹ کر جا رہا تھا؟ تو اس آدمی نے جو (درود شریف) پڑھا تھا وہ بتایا اس پر جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسی لیے میں نے فرشتوں کو دیکھا کہ وہ مدینہ منورہ کے محلوں میں اس حال میں چلتے تھے کہ محلوں کو بھر دیتے تھے (اتنی کثیر تعداد کے ساتھ) کہ قریب تھا کہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہو جاتے۔

پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا (اس سے) کہ تو ضرور ضرور پل صراط پر سے گزرے گا اس حال میں کہ تیرا چہرہ زیادہ روشن (یعنی سفید) ہو گا چودھویں رات کے چاند سے۔ (کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ جلد اول ص ۶۷۶)

ان اللہ و ملئکتہ یصلون علی النبی ط یایھا الذین امنوا صلوا علیہ و سلموا تسلیما ٥ (الاحزاب:٥٦)

ترجمہ : بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی کریم (ﷺ) پہ درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی ان پہ درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو!

○ فرمایا جناب رسول اللہ ﷺ نے کہ جو شخص اس طرح کہے :

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ ط

"اللہ جزا دے ہماری طرف سے حضرت محمد ﷺ کو جس جزا کے وہ مستحق ہیں"

تو اس کا ثواب ستر فرشتوں کو ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا یعنی وہ ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے لکھتے تھک جائیں گے۔ (طبرانی فی الکبیر والاوسط)

ایک معزز خاتون باقاعدگی سے درود شریف پڑھنے میں مشغول رہتیں۔ ایک روز رکشا پر سوار ہو کر بیٹھنے لگیں تو سامنے فضا میں سے گلاب کے پھول کا ایک غنچہ ان کے دامن میں گرا اور آن کی آن میں کھل کر پھول بنا۔ ماشاء اللہ!

کسی بھی شے کی پرواہ مت کر

اِلّا ذِکرُ اللّٰہ وَ صَلٰوۃً تَدُوْمُ بِدَوَامِکَ ماشاء اللہ!

یہ زندگی اللہ العلی العظیم تبارک و تعالیٰ کی امانت ہے۔ اس میں خیانت مت کر۔ یہ زندگی اللہ عزوجل ذوالجلال والاکرام کے لیے وقف و مخصوص ہے۔ ماسوا میں مشغول مت ہو۔

اللہ ہی کے ذکرِ دوام و

صَلٰوۃً تَدُوْمُ بِدَوَامِکَ ہی میں منہمک رہ۔

کسی کی کوئی بھی دلیل اس میں کبھی حائل نہ ہو اور کبھی باطل نہ ہو۔

روح و نفس کا باہمی اتحاد و ارتباط و اتصال جذب و سلوک کی ابتدا اور اسی پہ استقامت انتہا ہے۔

جب روح نے اعضا کی طاعت کو تسلیم کر لیا دوری دور ہوئی ماشاء اللہ!

روح کی تصدیق گویا قرآنِ کریم اور سُنّتِ مطہرہ کی تصدیق ہے۔

خناس و شیطان تیرے وہ ازلی دشمن ہیں جو کبھی دوست نہیں ہو سکتے

خناس کی اتباع ظلمت

روح کی اتباع نور

ظلمت سے دور ہو اور نور سے معمور

نور کے ورود سے ظلمت کافور! ماشاء اللہ۔

یہ دنیا ہے یہ دین ہے

ایک کو اپنا

دنیا سے دین کو افضل جان

یہ نفس ہے یہ روح ہے

ایک کی اتباع کر

نفس مذموم، روح مستحسن

یہ رب العالمین کا خیال ہے

ذکر و طاعت میں ہمہ تن و من و محو و منہمک رہ

یہ رحمتہ للعالمین ﷺ کی محبت کا خیال ہے

محبت کے آداب اپنا، کسی اور کو شریک مت بنا۔

محبت مانگ کر گویا ہر شے مانگ لی

باقی سب فانی اور لایعنی و ما علینا الا البلاغ

اقلیم قلوبت فی جسم الوجود

یہ اللہ ہے

یہ رب ہے

یہ یاحی یاقیوم ہے

یہ میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی رحمت ہے

یہ نفس ہے یہ شیطان ہے یہ خناس ہے

نفس و شیطان و خناس تینوں یکجان ہو کر رہتے ہیں

لیکن محکوم بن کر رہتے ہیں اور کسی بھی حرکت پہ کوئی قدرت نہیں رکھتے۔

نوری ہمزاد ..... ذکرِ الٰہی اور سنّتِ مطہرہ کے معاون

صَلٰوۃٌ تَدُوْمُ بِدَوَامِکَ یَا مَشْکُوْرُ الْعَالَمِیْنَ ○

ناری ہمزاد .....اعدائے رب العالمین

رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ ○

وَ اَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ○

یہ سب اعدائے رب العالمین ہیں اور میرے نفس کے مشیر۔

نفس مغلوب، اس کے حمایتی بھی مغلوب، روح کی اتباع پہ مجبور۔

ذکرِ دوام کے نور ہی کی برکت سے نفس ہار کر ہتھیار پھینک دیتا ہے

کسی اور طرح کبھی نہیں واللہ باللہ تاللہ ماشاء اللہ!

تجھے مارنا نہیں.....مار سکتا بھی نہیں ..... پاک کرنا مقصود ہے۔

نہ تیغ سے نہ تلوار سے
جب بھی عدو کو مارا
ذکر کی جھنکار سے

○

طاھر

طیب

مبارک

جو طاہر ہے، وہی طیب اور وہی مبارک

طاھر

طیب

مبارک

کلمات طیبات کے جوہر کا گوہر قوی العزیز

لا فنا له

ابدا ابدا

لا زوال له

کوئی کیا جانے کہ

کلمات التامات الطیبات و المبارکات

کے جوہر کا گوہر کیا ہے!

ذات قدس کے جوہر کا گوہر میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سنت مطہرہ کا نور

ہے۔

کلماتِ طیبات کا جوہر نماز

سدا قائم الدائم فیض بار

تیری نماز کی ہستی میں مستی طاری رہے

اور یہ تیری (اصل) نماز ہے۔

ان ﷺ کی بولی میں بولنا جواہرات کو ترازو میں تولنا

میرے آقا روحی فداہ ﷺ!

تیری بولی جس بھی زبان میں ہو، یکساں تاثیر رکھتی ہے۔

شان ..... خسروانہ

انداز..... دلبرانہ

ان کے عمل کی اقتدا کتاب اللہ کی اقتدا

گوھر درخشاں

جس نے بھی پایا انہی کی بدولت پایا

تیری رحمت کی آغوش میں صحراؤں میں بھٹکتے ہوئے

آہوؤں تک نے امان پائی۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سُنّتِ مطہرہ کے عمل کا جلال ارض و سما پہ چھایا رہتا ہے۔ ہمزات الشیاطین و جنات بے بس و بیکس ہو کر اتباع پہ مجبور ہو کر، دونوں ہاتھ کھڑے کر کے "توبہ توبہ" کرنے لگتے ہیں۔

سُنّتِ مطہرہ کے عمل کا نور

قوی العزیز

قاضی الامور

میسور الامور

شافی الصدور

وساوس ..... محصور

مجاہد کی ہر شے اللہ ہی کے حوالے ہوتی ہے

"اگر مگر" کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی اور

روح و نفس کی جنگ کے قائد

میرے آقا روحی فداہ ﷺ

قائد العرفان ہوتے ہیں۔

روح ..... اللہ کا ذاتی نور امرِ ربی

اور ..... نفس سے بیزار

جسم الوجود کی ہر شے ہر کسی کی یکساں ہوتی ہے۔

نفس امرِ عزازیل ہے۔ کسی کا بھی ہو سرکش ہوتا ہے۔

جب کسی وجود میں نحن اقرب جلوہ نمائی فرماتا ہے،

نفس و شیطان و خناس ذلیل ہو کر محکوم ہو کر مجبور ہو کر

اور مطیع ہو کر سرکشی سے باز رہتے ہیں۔

نفس ازل سے سرکش ہے۔

"سرکش کو مطیع کرنا" میرے اللہ رب العالمین اور
میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے فضل و کرم ہی کی عنایت ہوتی ہے۔
انتہا درجے کی عنایت۔

نَحْنُ اَقْرَبْ

جو تم کہتے ہو، مانتے نہیں۔

قالوا بلیٰ کو مان

نحن اقرب کو پہچان

نحن اقرب کا ادب: منہیات سے دور
مامورات سے معمور

جو عام ظاہری باتوں کا پابند نہیں ہو سکتا
باطن کا کیونکر ہو سکتا ہے؟
کون سی ایسی بھلائی ہے جو تم جانتے نہیں؟
کون سی ایسی برائی ہے جو جانتے نہیں؟
بھلائی اور برائی کی ہر شے ہر کسی کو معلوم ہے
کرتے نہیں اور کوئی نہیں کرتا
ہر کسی کو کہتے ہو، خود نہیں کرتے
جو ظاہر کو نہیں سمجھتا، باطن کو کیونکر سمجھ سکتا ہے؟
ظاہر و باطن کا ایک ہی پردہ ہوتا ہے۔
ظاہر، باطن میں اور باطن، ظاہر میں اس طرح پوشیدہ ہے
جیسے گنے میں گڑ یا دودھ میں گھی۔

ظاہر کو پاکر ہی باطن کا عارف بنا

کائنات ظاہر و باطن کی حقیقت کی ترجمان

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ مَا بَیْنَهُمَا وَ مَا تَحْتَ الثَّرٰی O (طٰہٰ:٦)

اول، آخر، ظاہر، باطن ..... ایک

کوئی شک نہیں

جو ظاہر ہے وہی باطن۔

ظاہر کو دیکھنا ہی باطن کا قرار۔

وہی اول ہے وہی آخر۔

علم ایک وجود ہے

عمل ایک وجود ہے

جب دونوں وجود باہم متحد و متصل و مربوط ہوئے

معیت کا ظہور وارد وجود ہوا

معیت تام، معصیت تمام! ماشاء اللہ!

معیت کا نشہ محویت کی اصل ہے۔ ایک بار چڑھ کر کبھی نہیں اترتا

قبر میں بھی نہیں!

ہر وہ قول و فعل جسے کرنے کے بعد تیری روح تجھ کو ملامت کرے،

معصیت ہے۔

"نحن اقرب" معصیت کے پردوں میں مستور ہے
یہ پردے کون چاک کرے؟ عقل یا شوق؟
عقل تدبیر بتا کر خاموش ہو گئی
جب شوق نے عقل کو عاجز، تدبیر کو ناکام اور حیلہ کو ناتمام ہوتے دیکھا،
نام و نمود کا پیراہن چاک کر ڈالا۔
ہر پہچان سے بے پہچان ہو کر ایک انگڑائی لی، جسم کو جھنجھوڑا اسمِ اعظم کا زرہ بکتر پہن کر ہر خوف سے بے خوف اور ہر پرواہ سے لاپرواہ ہو کر، ہست و بود کی ہستی کو مٹا کر اور ہستی کی جلی ہوئی راکھ کو ہوا میں اڑا کر دیوانہ وار دھن میں اترا۔
کسی محجوب کو شوق ہی مکشوف کر سکتا ہے کوئی دیگر حیلہ نہیں۔
سبحان اللہ! یہ توفیق اللہ نے شوق ہی کو بخشی ہے ماشاء اللہ!
شوق کی پرواز بلند و بالا
عرشِ عظیم شوق کی زد میں ہے
جہاں کوئی نہیں پہنچ سکتا شوق پہنچا ..... جیسے بھی پہنچا، ضرور پہنچا!
جس محجوب کو کوئی مکشوف نہ کر سکا، شوق نے کیا
شوق اسرار و رموز کا راز داں
شوق جنون ہے، کسی کے بھی روکے کبھی نہیں رکتا۔ شوق جہاں جانا چاہتا ہے، جا کر رہتا ہے۔ جسے ملنا چاہتا ہے، مل کر رہتا ہے۔ جو کرنا چاہتا ہے ضرور کرتا ہے، کبھی باز نہیں رہتا۔ کوئی بھی رکاوٹ شوق کی راہ کو کبھی روک نہ سکی۔ شوق کے حضور میں دیر کوئی معنی نہیں رکھتی اگرچہ پہلے ہی قدم پہ بال سپید ہوں۔ اور یہ بزمِ کائنات شوق ہی کے دم سے رواں دواں ہے۔ شوق زندگی کی جان ہے۔

خاک فنا ہے

شوق کو بقا ہے

شوق کے شرارے زیرِ خاک بھی خاک نہیں ہوتے

ہمیشہ انگاروں کی طرح دہکتے اور عنبر کی طرح مہکتے رہتے ہیں۔

جوں جوں پردے چاک ہوتے جاتے ہیں "اقربیت" کا اظہار ظہور پذیر ہونے لگتا ہے۔

فاعلم ثم فاعلم "نحن اقرب" کے پردے میں

حضور اقدس ﷺ کا نورِ پُر انوار مستور ہے

واللہ اعلم بالصواب۔

تیری ہستی ..... کائنات کی ہستی کا وجود

شاہد و مشہود اور

ہستی کی مستی وراء الورا ..... ہر کوئی پا نہیں سکتا۔

جس نے جو بھی دیکھا

تیری ہستی ہی کے ظہور میں دیکھا

نحن اقرب عام ہے۔ایک قول ہے

نحن اقرب کا ظہور وریٰ الوریٰ ۔

یہ کل کائنات کے مالک ہیں اور یہ حبیب ﷺ ،

خود ہی فرمایئے مالک و محبوب میں کیا کچھ نہیں ہوتا !

نحن اقرب: قربان جاؤں اس جوان کے جس نے نحن اقرب کے گھنڈ کو اتارا اور اس کے بھی قربان جائیں جس نے کہ ساری عمر اسی جدوجہد میں گزاری۔

کھوج میں دیوانہ جب پا لے تو مستانہ
کسی کو آتے ہی دن کسی کو جاتے دن

البتہ جب بھی کسی کو اسے اتارنے کی توفیق ملی، حیات و ممات کی قید و قیود سے بالا ہو کر ملی۔

نحن اقرب کا جو حال سُنّتِ مطہرہ پر پورا نہیں اترتا غیر معتبر ہے۔

یہ سب کچھ اللہ ہی کے دین کی دعوۃ و تبلیغ کے لیے ہوتا ہے
جسے دین کی تقویت نہیں پہنچتی اہلِ فن کے نزدیک عقیم ہے ،
سقیم ہے۔

نحن اقرب کے خیال میں ہمہ تن و من کُلیتاً خاموش رہنا اور خاموشی پہ ثابت قدم رہنا ایک مایہ ناز حال اور سلوک کی تمام منازل اس قول ہی پہ ثابت قدم رہنے کی پابند ہیں۔

سُننِ مطہرہ .... سیرتِ طیّبہ کا مرقع
سننِ مطہرہ ہی عِلْمًا نَافِعًا اور عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ۔
کون سی وہ حکمت ہے جو قرآنِ حکیم میں نہیں
کون سی وہ نعمت ہے جو سنّتِ مطہرہ کی اتباع میں نہیں اور
کون سا وہ میوہ ہے جو تیرے اِس باغ میں نہیں !

بڑے میاں!

کھا کر ہی میوہ کی لذت و قوت محسوس ہو سکتی ہے۔

علم دستر خوان پہ چنے ہوئے کھانے کی مانند ہیں۔

جب تک کھایا نہیں جاتا، کوئی قوت حاصل نہیں ہو سکتی!

O

بعض باتیں ایسی ہوتی ہیں جو اللہ کو بے حد ناپسند ہوتی ہیں اور وہ دنیا جہان کی باتوں کو مات کر دیتی ہیں۔

ایسی قیمتی باتیں قرآنِ عظیم اور سنّتِ مطہرہ کی ترجمان ہوتی ہیں اور دنیائے دوں کے شاہی خزانے مل کر بھی ان کی قیمت ادا نہیں کر سکتے۔

بہترین بات وہ ہے جو اللہ اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ کو پسند ہے۔

خود پسند وہ ہے جو اپنے سوا کسی اور کو کبھی پسند نہ کرے۔

پسند وہ ہے جو اللہ کو پسند ہو

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کو پسند اور فطرت کو پسند ہو۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی پسند ترین سُنّتِ مؤکدہ .... سادگی

والدین نے اولاد کی زندگی آزمائش میں ڈال دی، جہیز کو ایک طوق بنا کر لڑکے لڑکی کے گلے میں لٹکا دیا جاتا ہے یہاں تک کہ ان کی عمر کا بہترین حصہ جہیز ہی کی کشمکش میں گزر جاتا ہے۔ بچے شادی کے قابل ہوتے ہیں لیکن والدین اولاد کے احساسات کی پرواہ کرنے کی بجائے رشتے اور جہیز کی نذر کر دیتے ہیں۔

بہترین رشتہ قرابت دار کا رشتہ اور بہترین جہیز میرے آقا روحی فداء ﷺ کی بیٹی سیدۃ النساء حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جہیز تھا۔

ایک مایہ ناز جہیز ماشاء اللہ!

کسی سے بھی پوچھنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ تیرا اپنا ضمیر مطمئن تو میرا اللہ مطمئن۔ میرے آقا روحی فداہ ﷺ مطمئن اور ہر کوئی مطمئن۔

سُنّتِ مؤکدہ کی خلاف ورزی میں کسی کے بھی حکم کو کبھی نہیں ماننا۔

داڑھی سُنّتِ مؤکدہ ہے .....

حضرت یعقوب علیہ السلام جب بیمار ہوئے۔ ڈاچی کا دودھ پینا چھوڑ دیا۔ چوہے ان کی بگڑی ہوئی امت ہے آج بھی اپنے نبیؑ کی اِس سنت کی اتباع میں ڈاچی کے دودھ کے نزدیک تک نہیں پھٹکتے۔ و ما علینا الا البلاغ

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سُنّتِ مطہرہ و مؤکدہ تجھے نہ معلوم کیوں پسند نہیں۔ کبھی منڈوا لیتے ہو کبھی ترشوا، دونوں غلط۔

داڑھی انبیائے کرام علیہم السلام کی سُنّتِ مؤکدہ ہے مت منڈوایا کرو۔

کبھی منڈوا لیتے ہو کبھی ترشوا، کبھی صفاچٹ۔ یہ خصلت کیسی؟

کٹائی اسلامی لباس نہیں، نصاریٰ کا امتیازی نشان ہے۔

داڑھی سُنّتِ مؤکدہ ہے اور مسلمان کی امتیازی شان۔

میرے بیٹوں نے بھی یہ تہیہ کیا ہوا ہے کہ فیشن کسی کا بھی ہے، اپنانا ہے لیکن سُنّت کی اتباع کبھی نہیں کرنی۔

چوہے ڈاچی کا دودھ نہیں پیتے۔ حضرت یعقوبؑ کسی مرض میں مبتلا ہوئے، انہوں نے ڈاچی کے دودھ کو اپنے اوپر حرام فرمایا۔ چوہے بنی اسرائیل کی بگڑی ہوئی امت ہیں اور چوہے ہو کر بھی اپنے نبیؑ کا اتنا احترام کرتے ہیں کہ جو چیز ان کی نبیؑ نے اپنے اوپر حرام کی تھی اسے کبھی استعمال نہیں کرتے۔ و ما علینا الا البلاغ۔

مومن کے لیے یہ غیرت کا مقام ہے کہ اپنے نبیؐ کی اتباع میں ایک چوہابازی لے گیا۔

سُنّتِ مطہرہ کی اتباع میں کسی کا ہر نظر سے گرنا آدمیت وانسانیت وبشریت کا اعلیٰ ترین مقام ہوتا ہے۔

○

وقت کی نزاکت کو ازبر کر
جو کرنا ہے، ابھی کر
جو بننا ہے، ابھی بن
ساز تیار ہیں جو بجانا ہے، ابھی بجا۔
یا رحمتہ للعالمین ﷺ!
رحمت نچھاور فرما!
یا حی یا قیوم یا ذاالجلال والاکرام آمین!
ساز کے بغیر تو نبہ کیسے بج سکتا ہے!
ساز تیار ہے، پھر آواز کیوں نہیں آتی؟
تاریں ڈھیلی ہیں ..... کسی ہوئی نہیں۔
ان تاروں کو کون کسے گا؟
ہے کوئی اور جو کس سکتا ہے؟
تیری تاریں ہیں اور تیرے ہی تو نبے
تو ہی ان کو کسے!

بجانی ہے تو انہی کی بین بجا
تیرے منہ میں انہی کی بین ہو
ان کی بین کبھی بند نہیں ہوتی
تا حشر جاری رہتی ہے
جس نے بھی اس بین کو بجایا
کیسے کیسے راگ اِس بین سے نکلے!

یہ راگ بقا کا مظہر! بقا جسے بھی نصیب ہوئی، اِس راگ ہی کی بدولت ہوئی۔ اِس راگ کو بجانا ہی تو مقصود تھا! اس راگ کو نہ بجاتے کسی کی بھی کوئی زندگی نہ ہوتی نہ کوئی شے ہوتی نہ شعور۔ نہ مَے کے ساتھ رند آتے نہ صبوحی کے ساتھ جام۔ علم و حکمت کی سارنگی میں کیا ساز بجتے! مردنی چھائی ہوتی۔ اسکی بدولت ہی زندگی کو شعور ملا، کروٹ بدلی۔ اٹھ بیٹھی اور نت نئے راگ الاپنے لگی۔

دین کی کتاب لکھنا باقیات الصالحات میں شمار ہوتا ہے۔

کتاب اپنے ہمراہ ایک شخصیت لایا کرتی ہے اور شخصیت ہی کتاب کی امین ہوتی ہے۔

اپنی قلم سے اپنے دل میں لکھ
میرے آقا روحی فداہ ﷺ کو شاہد بنا کر لکھ اور اللہ رب ذوالجلال والاکرام کو حاضر و ناظر جان کر لکھ۔ پھر جو کچھ بھی کوئی لکھے لوحِ جبیں کی تحریر ہوتی ہے۔

مولانا جامیؒ

حضور اقدس ﷺ کی محبت کے شیدائی تھے۔ جس انداز سے آپ کا نام و کلام زندہ ہے کسی اور کا نہیں۔ حضور اقدس ﷺ کی محبت میں سرشار ہو کر جو کلام لکھا جاتا

ہے اثر رکھتا ہے باقی رہتا ہے، مقبولِ عام ہوتا ہے اور مقبول الاسلام۔ ماشاء اللہ!

اللہ کا نام تو ہے ہی بلند

اللہ کے حبیب ﷺ کے نام کو بلند کر

جس نے بھی اللہ کے حبیب ﷺ کے نام کو بلند کیا، بلند ہوا۔

مصنف چلا جاتا ہے، تصنیف چھوڑ جاتا ہے۔

بہترین تصنیف وہ ہے جو قرآن و سنت کی تائید کرے اور قرآن و سنت اس کی تصدیق کرے۔ تیرا کوئی کلام اور تیری کوئی تحریر دین کے کسی کلام اور کسی تحریر کے کبھی خلاف نہ ہو۔ تیرا کلام محبت کا ایک پیغام لائے اور جو دل ایک دوسرے سے متنفر و بیزار ہو کر منہ موڑ بیٹھے ہیں انہیں پھر سے ملائے۔

دین پہ کتابیں لکھی گئیں، لکھی جا رہی ہیں اور لکھی جائیں گی لیکن کسی کو بھی اپنی تالیف پہ عمل کی توفیق نہ ہوئی نہ مؤلف کو نہ کسی اور کو۔

اگر ہم اپنے علم پہ عمل کرتے زیادہ نہ سہی کسی ایک ہی خصلت کو قطعی طور پہ اپناتے، ہماری حالت بدل جاتی اور ضرور بدل جاتی۔ خصائلِ نبوت اپنے عامل کو عمل کے نور کی برکت سے منور فرماتے اور ضرور فرماتے۔ و ما علینا الا البلاغ۔

ہم کسی شخصیت کو نہیں اللہ کے دین اسلام کی ایک جامع و مستند کتاب "کتاب العمل بالسنۃ" کو پیش کرتے ہیں اس میں کوئی نقص نہیں، کوئی کمی نہیں اور کسی کو بھی اختلاف نہیں۔

بار بار لکھنا، لکھتے ہی رہنا اور خوشخط لکھنا بھی ایک امید افزاء عبادت ہے۔

کتاب العمل بالسنۃ کا سرورق خوش نصیب خطاط یادش بخیر رئیس القلم حافظ محمد یوسف سدیدی مرحوم نے تین ماہ میں تیار کیا ..... ہر دیکھنے والا لٹو ہوا۔

یہ کتاب کتاب العمل بالسنتہ المعروف بہ ترتیب شریف حضور اقدس واکمل، اکرم واجمل، اطیب واطہر روحی فداہ ﷺ کی تعلیمات کی امین ہے۔ اس کی تالیف میں ایک پوری زندگی شب و روز مصروف عمل رہی۔

جس انداز سے یہ کلام لکھوایا جارہا ہے۔

زمان اسے بدل نہ سکے، حوادثِ دہر اسے مٹا نہ سکے۔

اس کی کوئی لڑی ٹوٹ نہ سکے اور ہر مضمون کا انوکھا باب بنے!

کتاب لکھنا ایک عمل ہے،

لکھی ہوئی کتاب پر عمل کرنا عزیمۃ الرشد۔

مؤلف کو اپنی تالیف پہ عمل کرنا ضروری ہوتا ہے یا اللہ اس کتاب کے مؤلف کو اپنی اس تالیف پہ عمل کی توفیق بخش یا حی یا قیوم! آمین۔ جو کچھ اِس میں لکھا گیا ہے اس پہ پورے عمل کی توفیق بخش آمین! سو فیصد عمل کی توفیق بخش۔ آمین!

کہنے کے بعد کرنے کا پابند ہو

جو کہو، وہی کرو۔

یہی تیرے علم و عمل کی داستان ہو

شاہد بھی ہو، مشہود بھی۔

جب بھی علم آیا، عمل ساتھ لایا۔

عمل کے بنا علم سجتا نہیں۔

مقبول ترین عمل: کتاب العمل بالسنتہ

مؤلف ایک حسرت لے کر قبر میں داخل ہوا کرتا ہے کہ اس نے اپنی تالیف پہ عمل کیوں نہ کیا؟ اور یہی حسرت قیامت تک اس کے گلے کا ہار بنی رہتی ہے۔

یااللہ! ہم اِس حسرت کو مٹا کر تیری دنیا سے رخصت ہوں۔

یہ کتاب دریا نہیں بحر ہے۔ بحرِ بیکراں اور اسے عبور کرنا انسانی استطاعت سے بعید ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی توفیق و قدرت سے ہی اسے عبور کیا جا سکتا ہے، انسانی قوت سے نہیں۔

یہ کتاب اپنے اور آپ کے پڑھنے کے لیے لکھی گئی ہے، بیچنے کے لیے نہیں۔ جس کے حضور میں بکنا تھا بک چکی۔

یااللہ یارب ذوالجلال والاکرام! تیرے حبیب اقدس ﷺ کی "کتاب العمل بالسنۃ" ہماری زندگی کا مقبول الاسلام نصاب ہے اس پہ عمل کی توفیق بخش اور فیضیاب فرما۔ آمین۔

کتاب العمل بالسنۃ کا ہر عمل ایک گوہر ہے۔ ماشاء اللہ!

اِس کا عامل کبھی فارغ نہیں ہوتا، ہمہ وقت مصروف۔

کتاب العمل بالسنۃ کے کسی بھی عمل میں رجعت نہیں ہوتی۔

نظام الحیوٰۃ ..... تیرا دستور العمل

کبھی فارغ نہیں ہوتا۔

کتاب العمل بالسنۃ المعروف ترتیب شریف

مکشوفاتِ منازل احسان اور

مقالاتِ حکمت

ہماری طریقت کا مستند نصاب ہے اس سے باہر

ہم نے کچھ نہیں کرنا

اِس پہ اکتفا اور استقامت عین کامیابی ہے۔

اللہ ہی نہیں ..... اللہ کی کل مخلوق میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے ارشادات سنتی اور اکرام کرتی ہے۔

کتاب العمل بالسنتہ ... عین سنّتِ مطہرہ

کتاب العمل بالسنتہ ... رسالت مآب ﷺ کی تعلیمات کے عمل کا نور۔

کتاب العمل بالسنتہ اسلام کی وہ مایہ ناز کتاب ہے جو ورق ورق احیائے دین کی ترجمان اور تاریخ میں پہلی مرتبہ وجود میں آئی۔

کتاب العمل بالسنتہ نافذ العمل کی افتتاح مبارک ہو۔

تیری توفیق ہی کی بدولت یہ افتتاح ہوئی۔ وما توفیقی الا باللہ۔

مَیں ان ہاتھوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن سے یہ کتاب العمل بالسنتہ لکھی گئی۔

کتاب العمل بالسنتہ المعروف بہ ترتیب شریف ہماری زندگی کی جدوجہد نہیں عنایتِ الٰہیہ ہے۔ ماشاء اللہ!

ہمیں ہمارے اللہ تبارک و تعالی عزوجل ذوالجلال والاکرام ذوالفضل العظیم نے اپنی منزل کے انتخاب کی سعادت بخشی۔

اللہ ہی نے ہمیں اس انتخاب کو کتاب کی صورت میں شائع کرنے کی توفیق عنایت فرمائی اور پھر اللہ ہی نے اپنے خاص لطف و کرم و احسان سے ہم گنہگاروں کو اس منزل پہ گامزن ہونے کی توفیق عنایت فرمائی۔ گویا یہ ساری جدوجہد اللہ ہی کی طرف سے اور اللہ ہی کے لیے ہے۔

اللہ کی قسم! اللہ کے سوا کوئی اور غرض و غایت مطلق نہیں۔

واللہ باللہ تاللہ۔ ماشاء اللہ!

کتاب اطمینان کی راہ بتاتی ہے۔

عمل اطمینان سکھاتا ہے۔

پیچیدہ مسائل کو حل کرتا ہے۔

سب سے بہتر صبح کسی نے کس عمل سے کی؟

کتاب العمل بالسنۃ سے۔

ارض و سماء کی ہر شے جو بھی اس میں ہے تیرے امر کی محتاج۔ جب تک کسی کام کو کرنے کا امر نہیں ملتا، کبھی نہیں ہوتا۔ جب ہوتا ہے دَم بھر میں ہو جاتا ہے۔

ہم ایسا کہنے سے بھلا کبھی باز آسکتے ہیں؟

تیرے حکم کے بغیر پتہ تک نہیں ہلتا نہ ہی کوئی ذرہ ایک جگہ سے اڑ کر کسی دوسری جگہ جاسکتا ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ سفارش کرتے ہیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ اِذن فرماتے ہیں۔

تیری کارسازی ہی کی بدولت تیرے اذن کی توفیق ملی۔

تیرے اذن کے بغیر پتا تک نہیں ہل سکتا، نہ ہی کوئی ذرہ۔

لا حول و لا قوۃ الا باللہ۔

تشخیصِ منزل

منزل قائد کی اقتداء میں طے ہوتی ہے۔ ماسوا کو قریب تک پھٹکنے نہیں دیتی اور میرے آقا روحی فداہ ﷺ اِس منزل کے قائد العرفان ہیں۔ ماشاء اللہ!

جو حکم ملتا ہے، کرتے ہیں نہیں ملتا، نہیں کرتے
اپنی کوئی مرضی نہیں رکھتے۔
کتاب العمل بالسنۃ کی اتباع
اسی میں جلال ہے، اسی میں جمال
اور کمال کسے کہتے ہیں؟
کتاب العمل بالسنۃ کی اقتدا ..... عین جمال
(یعنی اللہ کی وہ حمد و ثنا جو اللہ کو بے حد پسند ہے)
میرے آقا روحی فداہ ﷺ ہر جمال کے مظہر۔
حضور اقدس ﷺ ارشاد فرما رہے ہیں
مومن پڑھ رہے ہیں، اور جمال کسے کہتے ہیں؟
در بغلِ تو نسخۂ مایۂ یُحیِ العظام!
قرآن کریم ہی نسخۂ یُحیِ العظام ہے۔
دین نہایت سادہ اور عام فہم ہے۔
کتاب العمل بالسنۃ کی اتباع : مایہ نازِ دین
نسخۂ مایۂ یُحیِ العظام کی تشریح
کسی ایک امر و نہی پہ کاربند رہنا دین کی عزت بھی ہے اور عظمت بھی۔ دین نے جب بھی کسی کو قبول کیا، برکات عود کر آئیں۔ بوند بوند کر کے یہ کاسہ لبریز ہونے لگا۔ جام پہ جام بھرنے لگے۔ یہی استقامت کا راز

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ ط

اوامر و نواہی ..... دینیات کی ہفت ہیکل۔

جس نے اِس کلام کو زندہ کیا،

زندہ رہا۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی کلام و عمل ہر کسی کے کلام و عمل سے افضل و اعلیٰ اور مقبول الی اللہ۔ کوئی بھی اس کا ہمسر نہیں۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی کلام کا ہر لفظ، حرف، نقطہ، زیر، زبر، پیش، جزم، شد اور مد ..... ہر کلام کی ابتداء۔

صحاحِ ستہ ..... عین قرآنِ عظیم کی تشریح،

ہدایت و فضل و رحمت و برکات کی امین۔

(اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ) اَسْئَلُکَ تَمَامَ الْعَافِیَۃِ وَ اَسْئَلُکَ الشُّکْرَ عَلَی الْعَافِیَۃِ ط (کتاب العمل بالسنتہ جلد٤، ص١٣٩)

فاعلم ثم اعلم

مایہ ناز عمل ..... کتاب العمل بالسنتہ

مستند عمل چنا ہوا ہوتا ہے۔

ہر عمل پہ چھا جاتا ہے۔

ناقص تعلیم ناقص حال کی حامل ہوتی ہے

یہ تعلیم انؐ کی ہے، کامل و اکمل۔

اِس میں نقص کا کوئی امکان ہی نہیں۔

اس کا عامل کامل ہے اور یہ شرف کسی اور عمل کے عامل کو ہرگز حاصل نہیں۔

ایک آدمی ایک کتاب پڑھ کر کسی عمل کے لیے تیار ہوا، ناکام ہوا۔ صرف کتاب پڑھ کر عمل نہیں ہو سکتا۔ ہر عمل کے لیے عامل لازم و ملزوم۔

عامل کا پڑھایا ہوا عمل چالیس روزہ نہیں، ابدی ہوتا ہے۔

اپنے عمل کے مطابق کامل۔

سنّتِ مطہرہ کا ایک عمل، عمل کے اعتبار سے کامل گردانا جاتا ہے۔

کتاب العمل بالسنته، سنّتِ مطہرہ کے اعمال پہ مشتمل مقبول الاسلام مستند عملی نصاب۔

بڑے سے بڑا مجاہدہ کسی چھوٹی سے چھوٹی سنت کی برابری نہیں کر سکتا۔

بڑی سے بڑی قربانی کے رد کا امکان،

سنت کی اتباع کا رد غیر امکانی۔

اللہ کے حبیب ﷺ کی سنت اللہ کی قسم اللہ کو بے حد پسند۔

میرے آقا و مولا حضور اقدس ﷺ کی اتباع کا عمل اللہ کو اس قدر پسند ہے اور ایسا پسند ہے کہ کبھی رد نہیں فرماتے، من و عن قبول فرما لیتے ہیں اگرچہ ایک اعتبار سے ناقص ہی کیوں نہ ہو۔

کتاب العمل بالسنته دنیائے اسلام کی مستند قائم الدائم کتاب ہے۔

ہر ملک و ملت کے لیے مقبول العمل۔

ہر فرقے کے لیے یکساں مفید۔

کوئی بھی منکر نہیں۔

کتاب العمل بالسنتہ کا عمل ..... قوی العمل

یہ عمل "اُحید" ہے۔

کسی اور عمل کو اپنے عمل میں شریک ہونے نہیں دیتا، نہ ہی کسی اور عمل کی حاجت۔ کتاب العمل بالسنۃ بضمہ کافی۔

کتاب العمل بالسنۃ ذکرِ رسول ﷺ کی مستند محفل اور عین ذکرِ الٰہی۔

جملہ فیوض و برکات کا منبع ماشاء اللہ!

O

تم میرے آقا روحی فداہ ﷺ کو "روحی فداہ" کہتے تو ہو، مانتے نہیں۔ اگر مان لیتے تو طریقت کی تمام ادائیں سمٹ کر تجھ میں سما جاتیں۔

طریقت، طریقِ نبوت اور طریقِ نبوت دین کی دعوت و تبلیغ ہے۔

طریقِ نبوت کی اتباع ہی سنت کی صحیح اتباع ہے۔

سنت کی اتباع کر۔

تبلیغ سنتِ مؤکدہ، نبوت کی شاہکار، ملی تعمیر کی معمار، دین کی احیاء، فرضِ کفایہ اور امتِ محمدیہ ﷺ کی امتیازی شان ہے۔

بندگی کے تین اجزاء ہیں:

۱۔ ذکرِ الٰہی

۲۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت و اتباع

۳۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت اور اس کے ساتھ حسنِ سلوک۔

ان تینوں اجزا میں تیسرا جزو اہم ہے کہ اس میں کافی تگ و دو، محنت اور قربانی کرنی پڑتی ہے۔ مخلوق اللہ تبارک و تعالیٰ کا کنبہ ہے اور یہ دستور ہے کہ کسی کے کنبے کے

ساتھ احسان و شفقت کا برتاؤ کیا جائے تو صاحبِ کنبہ خوش ہو کر محسن کا ضرور شکریہ ادا کرتا ہے۔ نیز حتی الامکان اسے بہتر صلہ عطا کرتا ہے۔ یہ بات غور کرنے سے عیاں ہے کہ ..... خدمتِ خلق کا سب سے روشن پہلو یہ ہے کہ اسے ظلمت سے نکال کر روشنی و ہدایت کی طرف لایا جائے اور اصطلاحِ دین میں اسے تبلیغ کہتے ہیں۔

حضور اقدس ﷺ نے اپنی زندگی میں تبلیغ دین کا کام سب سے زیادہ سرانجام دیا۔ آپ ﷺ نے ہر موقع پر نورِ ہدایت کی کرنیں بکھیریں۔ اس وقت کے لوگ اپنی جہالت میں انتہا کو پہنچ چکے تھے۔ معاشرہ پورے کا پورا بگڑ چکا تھا۔ آپ ﷺ نے نہایت جانفشانی سے تبلیغ کر کے انہیں راہِ راست دکھایا۔ اس مقدس کام میں آپ ﷺ کو مشکلات و مصائب کے پہاڑوں کو کاٹنا پڑا۔ لہولہان ہونا پڑا۔ سنگ باری برداشت کرنا پڑی۔ طعن و تشنیع اور دشنام طرازی کے تیر سہنا پڑے۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ کو قتل تک کرنے کے منصوبے بنائے گئے۔ آپ ﷺ کو ان کور باطن انسانوں کے ظلم و ستم کے باعث ہجرت کرنا پڑی یعنی گھر چھوڑا، وطن چھوڑا۔ وطن کے ہر آرام، ہر سہولت کو خیرباد کہا۔ مقصد صرف یہ تھا کہ تبلیغ کا کام مکمل ہو سکے۔ آپ ﷺ نے مدینہ منورہ کا قصد فرمایا تو صرف اس لیے کہ وہاں بیٹھ کر اس کام کی تکمیل کی جا سکے جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو مامور کیا تھا کہ دنیا کے گوشے گوشے میں پیغامِ حق پہنچایا جائے۔ راہِ ہدایت سے بھٹکی ہوئی انسانیت کو اللہ تبارک و تعالیٰ کے دینِ متین کے لیے بیدار و تیار کیا جائے کہ یہی دین سرمدی ہے اور اسی میں انسانیت کی نجات ہے چنانچہ حضور اقدس ﷺ اور آپ کی مقدس جماعت کی چلائی ہوئی تحریک قیامت تک اس پاکیزہ مشن کے لیے ہمیشہ رواں دواں رہے گی اور زوروں سے جاری رہے گی۔ انشاء اللہ تعالی العزیز۔

اللہ تبارک و تعالی کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ

ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام کی نبوت و رسالت کا مقصد ،

سنت مؤکدہ، اور ہماری زندگی کا واحد اور وہ نصب العین ہے جسے کہ ہم نے کسی بھی حال میں کبھی ترک نہیں کرنا اور نہ ہی کبھی تبدیل کرنا ہے۔

ذکرِ الٰہی

اور سنّتِ مطہرہ کے عین مطابق عملی نمونے کا اصطلاحی نام ..... اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ۔

امت کے ہر فرد پر ہر وقت لاگو۔

آخری امت کے

آخری نبی (ﷺ) کے

آخری حج مبارک کے آخری خطبہ مبارک کا

آخری پیغام :

اللہ کے دین کی دعوت و تبلیغ۔

نبوت کا ظاہری کام احکام پہنچانا ہے۔

تبلیغ اللہ کا ابدی حکم اور رسول اللہ ﷺ کا الوداعی پیغام ہے۔

کوئی اِس حکم کی خلاف ورزی کا متحمل ہو سکتا ہے ؟ ہرگز نہیں۔

اس حکم کی تعمیل دنیا و آخرت میں بہترین کامیابی کا واحد ذریعہ ہے۔

حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام سے لے کر آج تک احیائے علوم کا
تذکرہ، تبلیغ ہی کا تذکرہ ہے۔
تبلیغ اللہ کا امرِ کن فیکون ہے۔
کائنات عالم کی ہر شے تبلیغ کی حامی و ناصر۔ اور کوئی بھی شے اس سے منحرف نہیں۔

تبلیغ جب عہد و پیمان سے آراستہ ہو کر میدان عمل میں آتی ہے، قدسی مخلوق اس کا استقبال کرتی ہے۔

مرحباً مکرماً مشرفاً کے فلک شگاف نعروں سے جھوم جھوم جاتی ہے۔

ملائکہ دم بدم کامیابی کی دعائیں کرتے اور ہر قسم کی خدمات کے لیے ہمہ وقت حاضر رہتے۔ ہر معاملہ کو اللہ کا معاملہ سمجھ کر اور اللہ ہی کے حوالے کر کے کسی بھی قسم کا تردد کیے بغیر اللہ کے کاموں میں مصروف ہو جاتے تو اللہ کی قدرت و حکمت ان سب پہ چھا جاتی۔

زندگی بولی : یہ فنا کا مقام ہے

عزم بولا : تیرا ذکر،
تیرے دینِ اسلام کی دعوت و تبلیغ
اور تیری مخلوق عام کی خدمت

میرا ابدی شعار ہے۔ اِن تینوں کے سوا، میں نے کوئی بھی شے اس دنیا میں رہنے نہیں دینی، فنا کر دینی ہے۔ جو بھی شے میری اس راہ میں رکاوٹ بنے، نیست و نابود کر دینی ہے۔

یہ امرِ کُن کی وہ کلام ہے جو کبھی نہیں ٹلتی، ابدی بقا پاتی ہے۔

بڑے میاں! کیا کہتے ہو ..... ہم نے کوئی بھی شے بچا کر نہیں رکھنی، داؤ ہی پہ لگا دینی ہے یہاں تک کہ جان بھی اور جہان بھی۔

اللہ کا کوئی منکر نہیں یہاں تک کہ شیطان بھی نہیں،

ہر منکر اللہ کے دین کا منکر ہے، اللہ کے رسول ﷺ کا منکر ہے۔

اللہ ہمیں اپنے دین اسلام اور اپنے حبیب اقدس (ﷺ) حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی شان و سیرت کو بلند کرنے کے لیے اپنے ملک میں تبلیغ کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین!

اِس فانی، ناپائیدار اور چند روز کی مہمان دنیا کی بہترین تجارت

دین اسلام کی دعوت و تبلیغ۔

ہماری تدبیر دین کے فروغ کے لیے ہو .....

پھر ہمارا جینا فطرت کے عین مطابق اور مقبول الاسلام۔

ہمارا طرزِ حیات میرے آقا روحی فداہ ﷺ کی سنّتِ مطہرہ کے مطابق ہو۔

یہی راہ شاہراہ .....اس کے علاوہ ہر راہ .... کراہ۔

اے ہم نشیں! کیا میں تجھے خبر نہ دوں کہ نیکی کیا ہے؟

ہر وہ چیز جو نافع الخلائق ہو اور ضمیر تصدیق کرے، نیکی ہے۔

بہترین نیکی تیرا اللہ کی راہ میں نکلنا ہے ..... اگرچہ کتنی ہی قلیل مدت کے لیے ہو۔

○ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

"کسی بندے کا صبح کو یا شام کو اللہ کی راہ میں جانا دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہے۔"

○ نیز فرمایا:

"جس بندے کے پاؤں اللہ کی راہ میں گرد آلود ہو جائیں، انہیں دوزخ کی آگ نہیں چھوئے گی"۔

اللہ کی راہ میں نکلنے سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

اللہ کے پیارے رسول ﷺ کا پیغام اللہ کی مخلوق تک پہنچانے کا اصطلاحی نام اللہ کی راہ میں نکلنا ہے۔

میرے آقا روحی فداہ ﷺ کا الوداعی پیغام بلغوا عنی و لوایۃ آپ کے ہر امتی پہ لاگو ہے۔ مبلغ جب اللہ کے لیے اللہ کی راہ میں نکلتا ہے، فتنات تبلیغ کے جلال کی تاب نہ لاتے ہوئے جل کر راکھ ہو جاتے ہیں اور جمال ہر مخلوق کو، نوری ہو یا ناری خاکی ہو یا آبی، مسخر کر لیتا ہے۔

مبلغ وہ ہے جس کی آنکھ، کان، زبان، ہاتھ اور پاؤں خود سر نہ ہوں، اللہ کے حکم کے تابع ہوں۔ جو اپنی راہ سے کبھی نہ ہٹے، کبھی نہ رکے، کبھی نہ تھکے۔ ہر وقت، ہر حال میں اپنا کام پورے عزم بالجزم سے جاری رکھے۔

حجۃ الوداع کا الوداعی پیغام ..... بلغوا عنی و لوایۃ ط

اشاعت .....بلغوا عنی و لوایۃ کا مفہوم

قرآنِ کریم اور سنّتِ مطہرہ ہی ہماری تبلیغ ہے۔

مقالاتِ حکمت ہماری طریقت کی روح، نصاب میں شامل اور نافذ العمل ہیں۔ اس سے باہر نہ ہم جانتے ہیں نہ ہی کسی اور کے کہنے پہ کچھ کرتے ہیں البتہ ہر کسی کو مانتے ہیں۔ اگر کسی کے بھی نزدیک کوئی بات غلط ہو، قرآنِ کریم اور سنّتِ مطہرہ کے منافی ہو تردید فرما کر احسان فرمائیں،

آپ تبلیغ کے لیے آئے ہو،

کتاب العمل بالسنۃ کے مطابق خود عمل کیا کرو اور لوگوں کو تلقین کیا کرو۔

"مکشوفات منازلِ احسان" کے مطابق پڑھا کرو اور لوگوں کو سنایا کرو۔

"عارفانہ کلام" سے باز رہا کرو۔ میری یا کسی اور کی بزرگی مت گھوٹا کرو۔

سیدھے سادھے احکام بتایا کرو۔

جس تبلیغ و تلقین پہ ہر کوئی پورا نہیں اتر سکتا، ہوتے ہوتے مٹتے مٹتے ناکامی کا موجب بن جاتی ہے۔

تقریر سادہ، عام فہم اور امر و نہی اور یاد ہی پر مشتمل ہو۔

مجمع میں سوچ کر بولا کرو۔

دین کی تائید میں جو چاہو، کہا کرو، بالخصوص اوامر و نواہی پہ ہی زور دیا کرو۔

دین کا ہوکا دیا کرو۔ مقفّٰی بیان سے اِعراض کیا کرو کہ یہ عام فہم سے بالا ہوتا ہے۔

یہ کیا علم اور کیسی عقل ہے جو کسی کو رب سے دور اور عقل سے بیگانہ کر دے؟

- "عوام کو ان کی عقل کے مطابق مسائل بتاؤ۔ کیا تمہیں پسند ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تکذیب کی جائے؟" (علیؓ / بخاری)
- جب تم لوگوں کے سامنے ایسی گفتگو کرو گے جو ان کی عقل کی رسائی سے باہر ہو تو وہ کچھ لوگوں کے لیے فتنہ بن جائے گی۔ (ابن مسعودؓ / مسلم)

☆

بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃ ایک سہل ترین بات تھی،
تاویلات میں الجھا کر ہر مشکل سے مشکل بنادی۔
آنے والے، آئندہ تبلیغ پر جانے سے باز رہے۔
ایسے خصائل کے وہ متحمل ہی نہیں پھر کیسے جائیں؟
کوئی ایک سادی بات بتا، دوسری کا انتظار کر۔
رفتہ رفتہ بتا، ایک ہی بار نہیں۔ یہ تبلیغ ہے۔
ہر ضروری امر پہ کاربند، غیر ضروری سے پرہیز
وہ خاموش تبلیغ ہے جس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا۔

تبلیغ ... بچوں کا مکتب
جوانوں کا کرتب
مَردوں کا مقصد اور
رِندوں کا مشرب ہے۔

مطمئن رہ ..... اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ اللہ کے حبیب میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے الوداعی اور قیامت تک قائم ودائم اور زندۂ جاوید پیغام کا اصطلاحی نام ہے،

منکر ..... بے نیلِ مرام۔

اللہ کا رسول اللہ کی ساری خدائی کو پیغام سنانے آتا ہے، مخصوص بندوں کو نہیں۔ دین کی دعوت و تبلیغ اللہ کی ساری مخلوق کے لیے ہوتی ہے، کسی خاص گروہ کے لیے نہیں۔

سب نبی اسلام ہی کی تبلیغ کرتے رہے

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَ مَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَ لَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ۝ وَ مَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ (الشوریٰ: ۱۳، ۱۴)

اس نے تمہارے لیے دین کا وہی راستہ مقرر کیا جس (کے اختیار کرنے) کا نوحؑ کو حکم دیا تھا اور جس کی (اے محمد ﷺ) ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی ہے اور جس کا ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو حکم دیا تھا۔ (وہ یہ) کہ دین کو قائم رکھنا اور اس میں پھوٹ نہ ڈالنا۔ جس چیز کی طرف آپ مشرکوں کو بلاتے ہیں وہ انہیں بہت دشوار گزرتی ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی بارگاہ کا برگزیدہ کر لیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرے اسے اپنی طرف راستہ دکھا دیتا ہے۔ اور یہ لوگ جو الگ الگ ہوئے ہیں تو علم (حق) آچکنے کے بعد آپس کی ضد سے (ہوئے ہیں)۔

دین اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی طرف سے ہے اور ساری خدائی کے لیے ایک اور قیامت تک کے لیے ہے اور دین میں کوئی کمی نہیں، ہر لحاظ و اعتبار سے کامل و اکمل ہے، کیا یہ دین کافی نہیں؟

کمی کو پورا کرنے کے لیے کامل کی ضرورت ہوتی ہے اور اکمل کسی کامل کی آمد کا محتاج نہیں ہوتا۔

دین ... قرآن عظیم اور سنّتِ مطہرہ ہے،

قرآنِ کریم اور سنّتِ مطہرہ پہ متحد ہو۔

دلربائے من! قربانت شوم! بحث ہمیشہ ناقص چیز میں کی جاتی ہے اور نقص دور کرنے کے لیے کی جاتی ہے۔ ہمارا دین اسلام ہر لحاظ سے کلیتاً کامل و اکمل ہے اور اکمل میں کسی بھی بحث کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی، ہو ہی نہیں سکتی۔ دین کا دارومدار محبت و خیر خواہی پہ موقوف ہوتا ہے اور بحث نفاق کی جڑ ہے۔ کر کے دیکھ لو، بحث سے نفاق کے سوا کوئی اور شے کبھی حاصل نہیں ہوتی۔

جسے تو دینِ متین کہتا ہے اسی میں تجھے بات بات پہ اختلاف ہے اور سب اختلافات ہمارے اپنے ہی پیدا کردہ ہیں۔

فرقہ، فرق سے ہے اور ہر فرق کے موجد ..... ہم

اگر ہم فرق نہ کرتے، کبھی فرقوں میں نہ بٹتے۔

سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط تھامے رکھتے اور ہمیشہ دنیا میں کامیاب ہوتے۔

یہ سب میرے آقا روحی فداہ ﷺ کے امتی ہیں۔

میں ان سے، وہ مجھ سے محبت کرتے ہیں۔

وہ کریں نہ کریں، میں ضرور کرتا ہوں۔

بہتر (۷۲) فرقوں میں تو پہلے ہی بٹ چکے، اور اضافہ مت کر۔

یہ سادہ مسلمان ہیں، ان بے چاروں کو سادہ ہی رہنے دو۔

بین الاقوامی مبلغ کا بہترین اخلاق:

ہر مسلمان بھائی کو اپنے سے بہتر جانے۔

مذاہب سے بالا ہو کر تبلیغ کر۔

مذہب میں..... اختلاف : دین میں ..... وحدت

اختلاف ..... موجبِ فساد : وحدت میں محبت

اتحاد.....بینُ المذاہب نہیں ، بینُ المسلمین ہوتا ہے۔

و ما علینا الا البلاغ۔

جب سے تو نے اپنی طرف سے رائے دینا شروع کی ہے، اختلافات شروع ہوئے ورنہ اسلام ایک تھا، ایک ہی رہتا، کبھی فرقوں میں نہ بٹتا۔

کیا تیرے لیے تیرے نبی اکرم واجمل ﷺ کا فرمان کافی نہیں ؟

تو نے اتحاد کی بنیادیں ہلا دیں۔ معمولی باتوں کے اختلاف نے ملت کا شیرازہ بکھیر دیا اور مستحکم دین کی بنیادیں ہلا دیں۔

تو حضور اقدس و اکمل جناب رسول اکرم و اجمل و اطیب و اطہر ﷺ کے مقدس و متبرک کامل و اکمل فرمان ہی پہ اکتفا کر اور اس بات کو دل سے مان کہ تیری بھلائی، تیری کامیابی اور تیری نجات بس آپ ہی کے فرمان کی اتباع میں ہے، اپنی طرف سے کچھ مت کہہ۔ جو کچھ کہہ حضور اقدس ﷺ کے فرمان کی تائید میں کہہ۔ جو انہوں نے فرمایا وہی کہہ۔ وہی شاہراہ اور وہی صراط مستقیم ہے۔

اللہ کے بندو اللہ سے ڈرو

فرقوں میں مٹ جاؤ

ایک دوسرے کے معاون ہو

اتحاد کو پارہ پارہ مت کرو

یہ ہے سُبل السلام

اللہ کے دین اسلام کی تبلیغ

مخالفت ..... بے نیلِ مرام۔

تبلیغ نبوت کا الوداعی پیغام تھا، اگر اس پیغام کو مضبوطی سے پکڑا جاتا، اس پر جُہد کیا جاتا تو مسلمان کو آج یہ دن اور ایسے دن دیکھنے نصیب نہ ہوتے۔

جو اپنے حقیقی دوست کو دوست نہیں رکھتا اسے کوئی دوست نہیں رکھتا۔ جو اس کا وفادار نہیں، اس کا بھی کوئی وفادار نہیں۔

ہر کس و ناکس کو دوستی کا شرف سمجھنے والے غافل! اس دنیا میں کوئی کسی کا دوست نہیں۔ اسکی تلاش کر جس کی دوستی سچی ہو، سُچی ہو اور اُچی ہو اور ایسے دوست کا ملنا آسان نہیں۔

اے مسلمان! اے میری جان!

ایسا دوست اللہ رب العالمین کے حبیب ﷺ کے علاوہ اور کون ہو سکتا ہے؟

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ حُبَّکَ وَ حُبَّ حَبِیۡبِکَ ﷺ آمین!

محبت دلکش الفاظ، خوشنما تراکیب اور حسن بیان کی محتاج نہیں، جذبے کی طلبگار ہے۔ جذبہ صادق ہو تو کلام کی سادگی یا ادنیٰ فروگزاشتیں بھی ایک حسن بن جاتی ہیں۔

محبت فطرت ہے جو طرزِ ادا اور حسنِ زبان و بیان کی محتاج نہیں۔ محبت قلب و نظر کے پیغامات کی امین اور قلبی واردات کی ترجمان ہوتی ہے۔ اس کا اظہار جس بھی

انداز سے ہو، لائقِ التفات ہوتا ہے۔

خدام و متوسلین سے پیار آقا کے جذبہ محبت کو بیدار کرنے کا بہترین وسیلہ ہے۔

اولاد سے پیار والدین کی محبت کے حصول کا عمدہ اور مؤثر ترین ذریعہ ہے بعینہٖ اگر چاہتے ہو کہ اللہ رب العالمین کی رحمت جوش میں آجائے تو اس کی مخلوق سے محبت کرو۔ مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور اللہ اپنی مخلوق پہ ماں سے بھی سو گنا زیادہ مہربان ہے۔

اور اگر حضور اقدس ﷺ کی محبت کے طلبگار ہو تو آپ ﷺ کی محبوب چیز کو محبوب رکھو اور آپ ﷺ کی محبوب ترین چیز آپ ﷺ کی امت ہے۔

یہ اندازہ لگانا ذرا بھی مشکل نہیں کہ وہ امت حضور اقدس ﷺ کو کس قدر محبوب ہوگی جس کی خاطر حضور ﷺ اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، سوتے جاگتے غرض ہر لحہ متفکر اور ہر لحظہ بے چین رہتے۔ جس کے لیے راتوں کے طویل قیام اور سجود میں حضور ﷺ کے اشک بہتے رہتے۔ غارِ حرا کا ہر مقدس پتھر، ریگستانِ عرب کا ہر ذرہ اور معراج کی نورانی شب کا ہر لحہ امت سے حضور ﷺ کی محبت و الفت کا گواہ ہے اور پھر وصالِ مبارک کے وقت حضرت اویس قرنیؓ تک امت کی مغفرت کے لیے دعا کی وصیت اور قیامت کو یَارَبِّ هَبْ لِیْ اُمَّتِیْ کی دعا امت سے حضور ﷺ کی محبت اور شفقت و رحمت کی غماز ہے۔

اس امت کی خیر خواہی، ہمدردی اور اس سے محبت و الفت و شفقت و رحمت کا سلوک یقیناً حضور ﷺ کی نگاہِ التفات کے حصول کا مؤثر ترین ذریعہ ہے اور اس سے زیادہ ناگوار اور ناپسندیدہ عمل اور کوئی نہیں ہو سکتا کہ اتحاد و اتفاق کی بجائے امت کو